TIGHT BINDING BOOK

UNIVERSAL
LIBRARY

OU_222151

UNIVERSAL
LIBRARY

891.4391 OSMANIA UNIVERSITY LIBRARY

Call No. ۸۹۱٫۴۳۹۱ Accession No. ۱۳۲۸۸

Author خ ب ۔ جرأت حیدر 13288

Title خاک پر سے باشیں

This book should be returned on or before the date last marked below.

سولہ۱۶ دلکش نتیجہ خیز قصوں کا تازہ مجموعہ

خاکِ پروانہ

از

عدیم المثال فسانہ نگار منشی پریم چند جی

اقبال بکڈپو بنگلور سٹی

سول ایجنسی

اہلوالیہ بکڈپو

قرول باغ، نئی دھلی ۵

الکلام پریس بنگلور سٹی

فہرست

نمبر شمار	مضمون	صفحہ
۱	خاکِ پروانہ	۶
۲	نادان دوست	۲۰
۳	نغمۂ روح	۲۸
۴	ستیاگرہ	۳۳
۵	مرزا آتشین	۵۲
۶	بڑے بابو	۶۶
۷	عجیب ہولی	۸۱
۸	دعوت	۸۹
۹	فکرِ دُنیا	۱۰۵
۱۰	خُودی	۱۱۵
۱۱	مُستعار گھڑی	۱۲۲
۱۲	تالیف	۱۳۵
۱۳	کپتان	۱۰
۱۴	ملاپ	۱۶۲
۱۵	علیحدگی	۱۸۱
۱۶	تحریک	۲۱۱

منشی پریم چند صاحب میدانِ قصہ گوئی کے مشہور شہسواروں میں۔ اصلی نام دھنپت رائے[ع] ہے۔ آپ کے والد منشی عجائب لال بنارس کے قریب موضع پانڈے پور کے رہنے والے تھے۔ فارسی کی تعلیم تقریباً سات آٹھ برس حاصل کرکے انگریزی شروع کی اور بنارس کالجیئٹ سکول میں داخل ہوئے۔ جہاں سے انٹرنس کا امتحان پاس کیا۔ سات برس کی عمر میں ماں کا اور پندرہ برس کی عمر میں باپ کا سایہ سر سے اٹھ گیا۔ شروع میں آپ نے صیغۂ تعلیم میں ملازمت کر لی تھی۔ مگر درس تدریس کا سلسلہ اس کے بعد بھی جاری رہا۔ آپ کی ادبی زندگی ۱۹۰۱ء میں شروع ہوتی ہے۔ جب سے آپ نے "زمانہ" میں مضامین لکھنا شروع کئے۔ ۱۹۰۲ء میں ایک ہندی ناول "پریما" لکھا جو انڈین پریس الٰہ آباد سے شائع ہوا۔ ۱۹۱۲ء میں "جلوۂ ایثار" اور ۱۹۱۸ء میں "بازارِ حسن" ہر دو حصہ تصنیف کئے۔ مثل اُردو کے آپ کو ہندی میں بھی کمال حاصل ہے۔ چنانچہ "سیوا سدن" "پریم آشرم" "رنگ بھومی" اور "کایا کلپ" آپ کے مشہور ناول ہیں جن کے اُردو ترجمے بھی شائع ہو چکے ہیں۔

رنگ بھومی علی الخصوص ایک نہایت دلکش ناول ہے۔ آپ کا تاریخی ڈرامہ کربلا رسالہ زمانہ میں باقساط لگاتار رہا۔ منشی صاحب موصوف چھوٹے چھوٹے قصے لکھنے میں ید طولےٰ رکھتے ہیں۔ اور حق یہ ہے کہ آپ کے اس قسم کے افسانے اس زمانہ کے کثیر التعداد نام نہاد ناولوں کے ساتھ وہی نسبت رکھتے ہیں۔ جو سچے نگینوں کو جھوٹے پتھروں کے ساتھ ہوتی ہے۔

آپ کو دیگر ناول نگاروں پر یہ فوقیت حاصل ہے کہ آپ نے دیہات کے ہو بہو نقشے

ع پریم چند کے لقب سے مشہور ہیں۔ ۱۸۸۰ء ولادت ہے

اور یہاں کے کسانوں کے سچے نقشے واقعات نہایت عمدہ طریق سے اپنے ناولوں میں بیان کئے ہیں۔ آپ کبھی مبالغے کو اپنی تصانیف میں پاس نہیں آنے دیتے اور نہ کبھی حق اور سچائی سے انحراف کرتے ہیں۔ آپ کی عبارت میں بے حد آمد اور زور معلوم ہوتا ہے۔ لطیف استعارات اور تشبیہوں سے عبارت کی خوبی اور بڑھ جاتی ہے۔ جیسا کہ اوپر لکھا گیا آپ کو اردو ہندی دونوں زبانوں پر عبور حاصل ہے اور ساتھ ہی اس کے جذبات و نفسیات انسانی کے بھی پورے ماہر ہیں۔ آپ کے کلام میں کہیں کہیں ظرافت اور کہیں درد وہی رنگ کھاتا ہے جیسے کہ دھوپ اور چھاؤں۔ آپ کے کیرکٹر نہایت مخصوص جیتی جاگتی تصویریں ہوتی ہیں۔ آپ کا ناول بازارِ حسن جو دو جلدوں میں ہے۔ ایک طویل کتاب ہے مگر دلچسپی کم نہیں ہے۔ اگر آپ کے اس قسم کے ادبی اشغال جاری رہے تو کچھ عرصہ میں آپ بڑی ترقی حاصل کریں گے۔ تھوڑے عرصہ سے بوجہ اردو کی ناقدری کے آپ ہندی کی طرف زیادہ توجہ فرما رہے ہیں۔ آپ کے خیالات سوشل اور پولیٹیکل معاملات میں بہت اعلیٰ و ارفع ہیں۔ آپ کے مضامین ہندو مسلم اتحاد اور دور جدید جو "زمانہ" میں نکلتے تھے۔ خاص طور پر پڑھنے کے قابل ہیں۔ آپ کی تصانیف علاوہ کتب مذکورہ بالا کے پریم پچیسی حصہ اول و دوم اور پریم بتیسی حصہ اول و دوم چھوٹے چھوٹے قصوں کا مجموعہ ہیں۔ خواب و خیال ابھی حال میں پنجاب میں شائع ہوا اور فردوسِ خیال انڈین پریس شائع کر چکا ہے۔ (ماخوذ) .

تصنیفات مشہور فسانہ نگار منشی پریم چند صاحب بی اے

منشی صاحب کے افسانے اور ناول ہمیشہ اصلاح اخلاق پر مبنی ہوتے ہیں۔ ان کا مقصد شریفانہ جذبات کا برانگیختہ کرنا ہوتا ہے۔ ان کتابوں میں فطرت کے دقیق مطالعہ نازک ترین [illegible] احساسات کا بیان ہے۔ زندگی کے معموں کو [illegible] سے سلجھایا ہے۔ یہ مشہور ہے کہ منشی صاحب کی تصنیف آپ پڑھیں [illegible] بیانی اور سحر نگاری کے قائل نہ ہو جائیں۔ پڑھ کر دیکھئے!

پریم پچیسی حصہ اول (کہانیاں) عہ
" " حصہ دوم " " ۱۲/
پریم بتیسی حصہ اول " " عہ
" " حصہ دوم " "
[illegible]
[illegible]
[illegible]

پریم چالیسی حصہ دوم (کہانیاں) [illegible]
چوگان ہستی حصہ اول ناول
" " " دوم "
گوشۂ عافیت حصہ اول ناول
" " " دوم "
[illegible] تصنیف عبرت خیز ناول
رام چرچا باتصویر (داستان)
زادِ خیال (کہانیاں) عہ جلوۂ ایثار (ناول)

پریم چالیسی حصہ اول (کہانیاں) تازہ طبع ہے ۱۲/ پردۂ مجاز (ناول حصہ اول) عہ

تصنیفات بابو تیرتھ رام صاحب فیروزپوری مشہور ناول نویس

سنبلستان (کہانیاں) عہ فسانۂ بنگال (کہانیاں) ۸/
مصنوعی انسان " " ۱۲/ نقلی نواب (قابل دید ناول) [illegible]

خاکِ پروانہ

(۱)

آہ! بدقسمت میں! میرے شامتِ اعمال نے آج یہ دن دکھائے کہ ذلت بھی میرے اوپر ہنستی ہے اور یہ سب میں نے اپنے ہاتھوں کیا۔ شیطان کے سر الزام کیوں دوں، اپنی قسمت کو کیوں صلواتیں سناؤں۔ شُدنی کو کیوں روؤں۔ جو کچھ کیا میں نے دیدہ و دانستہ کیا۔ ابھی ایک سال گزرا جب میں خوش نصیب تھا۔ اقبال میرا خادم اور ثروت میری کنیز تھی۔ دنیا کی نعمتیں میرے روبرو دست بستہ حاضر تھیں۔ لیکن آج رسوائی اور نکبت اور شرمندگی میرے حالِ زار پر افسوس کرتی ہے۔ میں عالی خاندان تھا۔ اعلیٰ درجہ کا تعلیم یافتہ۔ فارسی کا مُلّا۔ سنسکرت کا پنڈت۔ انگریزی کا گریجویٹ۔ اپنے منہ میاں مٹھو کیا بنوں۔ لیکن حُسنِ ظاہر سے بھی مجھے قابلِ رشک حصہ ملا تھا۔ غرض ایک انسان کو خوشی کے ساتھ زندگی بسر کرنے کے لیے جتنے برکات کی ضرورت ہو سکتی ہے وہ سب مجھے حاصل تھیں۔ صحت کا یہ حال کہ مجھے کبھی سر درد کی بھی شکایت نہیں ہوئی۔ فطرت کی سیر دریا کی دلفریبیاں۔ کہسار کے نظارے۔ ان شادمانیوں کا ذکر ہی تکلیف دہ ہے۔ کیا عیش

اور مسرت کی زندگی تھی!

آہ! یہاں تک تو اپنا دردِ دل سنا سکتا ہوں لیکن اس کے آگے پھر مہرِ خاموشی لگی ہوئی ہے۔ ایک عصمت مآب، وفاشعار اور شوہر پرست بیوی اور دو خوبصورت گلاب کے پھول سے بچے انسان کے لئے جن خوشیوں آرزوؤں، حوصلوں اور دلفریبیوں کے مخزن ہو سکتے ہیں۔ ان کا ذکر تحصیل ہے۔ میں اس قابل نہیں کہ اس پاکیزہ صفت خاتون کا نام زبان پر لاؤں۔ میں اس قابل نہیں کہ اپنے تئیں اُن لڑکوں کا باپ کہہ سکوں۔ مگر وائے نصیب! میں نے اُن بہشتی نعمتوں کی قدر نہ کی جس عورت نے میرے حکم اور اپنی خواہش میں کبھی امتیاز نہ کیا۔ جو باوجود میری لاابالیوں کے کبھی حرفِ شکایت زبان پر نہیں لائی۔ جس کا غصہ کبھی آنکھوں سے آگے نہ بڑھنے پایا۔ غصہ کیا تھا کہ ابر کی برکھا تھی۔ دو چار ہلکی ہلکی بوندیں گریں اور پھر آسمان صاف ہو گیا۔ اپنے نشۂ دیوانگی میں میں نے اس دیوی کی قدر نہ کی۔ میں نے اُسے جلایا۔ رُلایا۔ تڑپایا۔ میں نے اس کے ساتھ دغا کی۔ آہ! جب میں دو دو بجے رات کو گھر لوٹتا تھا تو مجھے کیسے کیسے بہانے سوچنے پڑتے تھے۔ نت نئے حیلے گھڑتا تھا۔ شاید طالب علمی کے زمانہ میں جب بینڈ کی دلفریبیاں مدرسہ جانے کی اجازت نہ دیتی تھیں۔ اس وقت بھی ذہن اتنا رسا نہ تھا اور کیا اس عفت کی دیوی کو میری باتوں پر یقین آتا تھا۔ وہ بھولی تھی۔ مگر ایسی سادہ لوح نہ تھی۔ میری پُرخمار آنکھیں اور میرے جھوٹے جذبات اور میرے مصنوعی اظہارِ محبت کا راز کیا اس سے پوشیدہ رہ سکتا تھا۔ لیکن اس کے رگ رگ میں شرافت بھری ہوئی تھی۔ کوئی کمینہ خیال اس کی زبان پر نہیں آ سکتا تھا۔ وہ ان باتوں کا ذکر کر کے یا اپنے شکوک کا علانیہ اظہار کر کے ہمارے پاکیزہ تعلقات میں کشیدگی یا بدمزگی پیدا کرنا حد درجہ

نامناسب سمجھتی تھی مجھے اُس کے خیالات اس کی پیشانی پر لکھے ہوئے معلوم ہوتے تھے۔ البتہ دوسری لڑکیوں کے مقابلہ میں اُسے جلنا اور رونا زیادہ پسند تھا شاید وہ سمجھتی تھی کہ میرا نشہ خود بخود اتر جائے گا۔ کاش اس شرافت کے بدلے اسے کچھ کم ظرفی اور اوچھے پن میں دخل ہوتا۔ کاش وہ اپنے حقوق کو اپنے ہاتھ میں رکھنا جانتی کاش وہ اتنی غریب اور بے عذر نہ ہوتی۔ کاش وہ اپنے اندرونی جذبات کو چھپانے میں اتنی مشاق نہ ہوتی۔ کاش وہ اتنی مکار نہ ہوتی۔ لیکن میری مکاری اور اس کی مکاری میں کتنا تفاوت تھا۔ میری مکاری حرامکاری تھی۔ اس کی مکاری نفس کشی اور قربانی تھی۔

ایک روز میں اپنے کام سے فرصت پاکر شام کے وقت تفریح کے لئے آنند باغ کا میں جا پہنچا اور سنگ مرمر کے حوض پر بیٹھ کر مچھلیوں کی خوش فعلیوں کا تماشا دیکھنے لگا۔ دفعتہً نگاہ اٹھی تو میں نے ایک عورت کو بیلے کی جھاڑیاں میں پھول چنتے دیکھا۔ اس کے کپڑے میلے تھے۔ اور بجز عالم شباب کی تازگی اور غرور کے اس چہرے میں کوئی خاص صفت نہ تھی۔ اس نے میری طرف آنکھیں اٹھائیں اور پھر اپنے پھول چننے میں مصروف ہو گئی۔ گویا اس نے کچھ دیکھا ہی نہیں۔ اس کے اس انداز نے خواہ وہ سادگی ہی کیوں نہ ہو میری آتش شوق کو تیز کیا۔ میرے لئے یہ ایک نئی بات تھی کہ کوئی عورت یوں دیکھے گویا اُس نے نہیں دیکھا۔ میں اٹھا اور آہستہ آہستہ کبھی زمین اور کبھی آسمان کی طرف تاکتے ہوئے بیلے کی جھاڑیوں کے پاس جاکر خود بھی پھول چننے لگا۔ اس جسارت کا نتیجہ یہ ہوا کہ وہ مالن کی لڑکی وہاں سے تیزی کے ساتھ باغ کے دوسرے حصے میں چلی گئی۔

اُس دن سے معلوم نہیں وہ کونسی کشش تھی جو مجھے روز شام کے وقت آنند باغ کی طرف کھینچ لے جاتی۔ یہ محبت ہرگز نہیں تھی۔ اگر مجھے اس وقت خدانخواستہ اس دوشیزہ کی بابت کوئی المناک خبر ملتی تو شاید میری آنکھوں سے آنسو بھی نہ نکلتے جو کیا تھیں لینے کا تو ذکر ہی فضول ہے بس روز جاتا اور نئے نئے روپ بھر کر جاتا لیکن جس قدرت نے مجھے اچھے خط وخال دیئے تھے اسی نے مجھے چرب زبانی سے محروم رکھا تھا بس روز جاتا اور روز لوٹ آتا منزل عشق میں ایک قدم بھی طے نہ ہوتا تھا۔ ہاں اتنا البتہ ہو گیا کہ اسے پہلی سی جھجک نہ رہی۔

آخر اس خاموشانہ پابیسی کو سرسبز نہ ہوتے دیکھ کر میں نے ایک نئی تدبیر سوچی۔ ایک روز میں اپنے ساتھ اپنے شریر بل ڈاگ ٹامی کو بھی لیتا گیا۔ جب شام ہو گئی اور وہ عارتگر صبر وشکیب پھولوں سے دامن بھر کر اپنے مکان کی طرف چلی۔ تو میں نے اپنے بل ڈاگ کو آہستہ سے اشارہ کر دیا۔ بل ڈاگ اس کی طرف باز کی طرح جھپٹا۔ پھول متی نے ایک چیخ ماری۔ دو چار قدم دوڑی۔ اور تب زمین پر گر پڑی اب میں چھڑی ہاتھوں میں ہلاتا ابل ڈاگ کی طرف خشمناک نگاہوں سے دیکھتا اور ہائیں ہائیں، ہائیں چلاتا ہوا دوڑا۔ اور اسے زور سے دو تین ڈنڈے لگائے، پھر میں نے بکھرے ہوئے پھولوں کو سمیٹا اور سہمی ہوئی عورت کا ہاتھ پکڑ کر اسے بٹھا دیا۔ اور بہت ندامت آمیز اور افسوسناک انداز سے بولا "یہ کتنا بڑا بدمعاش ہے۔ اب اسے اپنے ساتھ کبھی نہ لاؤں گا۔ تمہیں اس نے کاٹ تو نہیں لیا۔

پھول متی نے چادر سے سر کو ڈھلکتے ہوئے کہا۔ تم نہ آجاتے تو وہ مجھے نوچ ڈالتا۔ میرے تو جیسے من من بھر کے پیر ہو گئے تھے۔ میرا کلیجہ ابھی تک دھڑک

رہا ہے۔

یہ نشانہ تیر بہدف ثابت ہوا۔ خموشی کی مہر ٹوٹ گئی۔ حرف و شکایت کا سلسلہ قائم ہوا۔ باندھ میں ایک شگاف ہو جانے کی دیر تھی۔ پھر تو نفس کی لہروں نے خود بخود عمل کرنا شروع کیا۔ میں نے جیسے جیسے جال پھیلائے، جیسے جیسے سوانگ رچے وہ رنگین طبع اصحاب خوب جانتے ہیں۔ اور یہ سب کیوں؟ محبت سے نہیں۔ صرف ذرا دیر دل کو خوش کرنے کے لئے۔ صرف اُس کے گداز جسم اور بھولے پن پر ریجھ کر۔ یوں میں بہت ادنیٰ مذاق کا انسان نہیں ہوں شکل و شباہت میں پھول متی کا اِندو سے مقابلہ نہ تھا وہ حُسن کے سانچے میں ڈھلی ہوئی تھی۔ شعراء نے حُسن کے جو معیار قائم کر رکھے ہیں وہ سب وہاں نظر آتے تھے۔ لیکن نہیں معلوم کیوں میں نے پھول متی کی گھسی ہوئی آنکھوں اور پھولے ہوئے رخساروں اور موٹے موٹے ہونٹوں کی طرف اپنے دل کا زیادہ کھنچاؤ دیکھا۔ آمدو رفت زیادہ ہوئی اور مہینہ بھر بھی گزرنے نہ پایا تھا کہ میں اُن کا بندہ محبت میں بن بیٹھا۔ مجھے اب گھر کی سادہ زندگی میں کوئی لطف نہیں آتا تھا۔ لیکن دل جوں جوں گھر سے بیزار ہوتا تھا توں توں میں بیوی کی ظاہر داری خاطر داری زیادہ کرتا تھا۔ میں اس کی فرمائشوں کا منتظر رہتا اور کبھی اس کا دل دکھانے والا کلمہ میری زبان پر نہ آتا شاید میں اپنی اندرونی بے التفاتی کو ظاہر داری کے پردہ میں چھپانا چاہتا تھا۔

رفتہ رفتہ دل کی یہ کیفیت بھی متغیر ہوئی۔ اور بیوی کی طرف سے افسردگی اور بے تعلقی کا اظہار ہونے لگا۔ گھر میں کپڑے نہیں ہیں۔ لیکن مجھے دریافت حال کی توفیق نہ ہوتی۔ حق یہ ہے کہ مجھے اب اس کی خاطر داری کرتے ہوئے ایک خوف سا معلوم ہوتا تھا کہ کہیں اس کی خاموشی کی دیوار منہدم نہ ہو جائے۔ اور اس کے اندرونی جذبات

زبان پر نہ آجائیں۔ یہاں تک کہ میں نے صریح خانگی ضروریات کی طرف سے بھی آنکھیں بند کر لیں۔

اب میرا دل اور جان اور مال و زر سب پھول منی کے لئے وقف تھا۔ میں خود کبھی زرگر کی دکان پر نہ گیا تھا۔ لیکن آج کل کوئی مجھے پہر رات گئے ایک مشہور سنار کے مکان پر بیٹھا ہوا دیکھ سکتا تھا۔ بزاز کی دوکان بھی میرے لئے دلچسپی کا باعث بن گئی۔

(۲)

ایک روز شام کے وقت اپنے حسب معمول میں آنند باٹیکا میں محو سیر تھا۔ اور پھول منی سولہوں سنگار کئے میرے سنہرے اور روپہلے تحائف سے لدی ہوئی ایک ریشمی ساری زیب تن کئے باغ کے روشوں میں پھول توڑ رہی تھی۔ بلکہ یوں کہو کہ اپنی چٹکیوں میں میرے دل کو مسل رہی تھی۔ اس کی چھوٹی چھوٹی آنکھیں اس وقت نشۂ حسن سے پھیل گئی تھیں۔ اور اُن میں شوخی و تبسم کی جھلک نظر آتی تھی۔

دفعتہً مہاراجہ صاحب بھی اپنے چند احباب کے ساتھ موٹر پر سوار آ پہنچے۔ میں انھیں دیکھتے ہی پیشوائی کے لئے دوڑا۔ اور آداب بجا لایا۔ غریب پھول منی مہاراجہ صاحب کو پہچانتی تھی لیکن اسے بجز ایک گھنے کنج کے اور کوئی چھپنے کی جگہ نہ مل سکی مہاراجہ صاحب پہنچے تو موٹر کی طرف لیکن میری نحوست اور شومی تقدیر انھیں اسی روش پر لے چلی جدھر پھول منی چھپی ہوئی تھر تھر کانپ رہی تھی۔

مہاراجہ صاحب نے اس کی طرف تعجب سے دیکھا۔ اور بولے یہ کون عورت ہے؟ سب لوگ میری طرف پرسوال نگاہوں سے تاکنے لگے اور مجھے بھی اس وقت یہی مناسب معلوم ہوا کہ اس کا جواب میں ہی دوں۔ ورنہ پھول منی نہ جانے کیا آفت ڈھائے ایک

انداز لاپروائی سے بولا۔" اسی باغ کے مالی کی لڑکی ہے۔ یہاں پھول توڑنے آئی ہوگی۔"

پھول متی شرم اور خوف کے مارے زمین میں دھنسی جاتی تھی۔ مہاراجہ صاحب اسے سر سے پاؤں تک بغور دیکھا۔ اور تب شبہ آمیز انداز سے میری طرف دیکھ کر بولے یہ مالی کی لڑکی ہے ؟

میں اس کا کیا جواب دیتا۔ اسی اثنا میں کمبخت دُرجن مالی بھی اپنی پھٹی ہوئی پاگ سنبھالتا ہاتھ میں کدال لئے دوڑتا ہوا آیا۔ اور سر کو گھٹنوں سے ملا کر تعظیم بجا لایا مہاراج نے ذرا تیز لہجہ میں پوچھا۔ یہ تیری لڑکی ہے ؟

مالی کے ہوش اُڑ گئے۔ کانپتا ہوا بولا حجور۔

مہاراج۔ تیری تنخواہ کیا ہے ؟

دُرجن۔ حجور پانچ روپے۔

مہاراج۔ یہ لڑکی کنواری ہے یا بیاہی ؟

دُرجن۔ حجور ابھی کنواری ہے۔

مہاراج نے خشمناک ہو کر کہا، یا تو تو چوری کرتا ہے یا ڈاکہ مارتا ہے۔ ورنہ یہ کبھی نہیں ہو سکتا کہ تیری لڑکی امیر زادی بن کر رہ سکے۔ تجھے اسی وقت اس کا جواب دینا ہوگا ورنہ میں تجھے پولیس کے سپرد کر دوں گا۔ ایسے چال چلن کے آدمی کو میں اپنے یہاں نہیں رکھ سکتا۔

مالی کی تو سٹی بند ھ گئی۔ اور میری یہ حالت تھی کہ کاٹو تو بدن میں لہو نہیں۔ دنیا نظروں میں تاریک معلوم ہوتی تھی۔ میں سمجھ گیا کہ آج میری شامت سر پر سوار ہے۔ وہ مجھے بیچ د

بن سے اکھاڑ کر تب دم لے گی۔ مہاراجہ صاحب نے مالی کو زور سے ڈانٹ کر پوچھا تو خاموش کیوں ہے۔ بولتا کیوں نہیں؟

دُرجن پھوٹ پھوٹ رونے لگا۔ جب ذرا آواز سنبھلی تو بولا۔ ہجور۔ باپ دادے سے سرکار کا نمک کھاتا ہوں۔ اب میرے بڑھاپے پر دیا کیجیے۔ یہ سب میرے کھوٹے نصیبوں کا کھیل ہے۔ دھرماوتار! اس چھوکری نے میری ناک کٹوا دی۔ کل کا نام مٹا دیا۔ اب میں کہیں مُنہ دکھانے کے لائک نہیں ہوں۔ اس کو سب طرح سمجھا بجھا کر ہار گئے ہجور لیکن میری باتوں کو سنتی ہی نہیں تو کیا کروں۔ ہجور ماں باپ ہیں۔ آپ سے کیا پردہ کریں۔ اسے اب امیروں کے ساتھ رہنا اچھا لگتا ہے۔ اور آج کل کے رئیسوں اور امیروں کا کیا کروں۔ دین بندھو سب جانتے ہیں۔

مہاراجہ صاحب نے ذرا دیر غور کر کے پوچھا کیا اس کا کسی سرکاری ملازم سے تعلق ہے۔

دُرجن نے سر جھکا کر کہا۔ ہجور

مہاراجہ صاحب۔ وہ کون آدمی ہے۔ تمہیں اسے بتلانا ہوگا۔

دُرجن۔ مہاراج جب پوچھیں گے بتا دوں گا۔ سانچ کو آنچ کیا۔

میں نے تو سمجھا تھا کہ شاید اسی وقت سارا راز طشت از بام ہوا جاتا ہے۔ لیکن مہاراجہ صاحب نے اپنے دربار کے کسی ملازم کی عزت کو اس طرح مٹی میں ملانا مناسب نہیں سمجھا۔ وہ وہاں سے ٹہلتے ہوئے حوض کے پاس آئے اور تھوڑی دیر کے بعد مجھے ساتھ لیے ہوئے موٹر پر بیٹھ کر محل کی طرف چلے۔

(۳)

اس منحوس واقعہ کے ایک ہفتہ کے بعد ایک روز میں دربار سے لوٹا تو مجھے اپنے گھر میں سے ایک بوڑھی عورت باہر نکلتی ہوئی دکھائی دی۔ اُسے دیکھ کر میں کھٹکا۔ اُس کے چہرہ پر وہ بناوٹی بھولا پن تھا جو کٹنیوں کے چہرہ کی نمایاں صفت ہے۔ میں نے اُسے ڈانٹ کر پوچھا۔ تو کون ہے۔ یہاں کیوں آئی تھی؟

بڑھیا نے دونوں ہاتھ اُٹھا کر میری بلائیں لیں اور بولی بیٹا ناراض نہ ہو غریب بھکارنی ہوں۔ مالکن کا سہاگ بھرپور ہے۔ اُسے جیسا سنتی تھی ویسا ہی پایا۔

یہ کہہ کر اس نے تیزی سے قدم اُٹھائے اور باہر چلی گئی۔ میرے غصّہ کی حرارت بڑھی۔ میں نے گھر میں جا کر پوچھا یہ کون عورت آئی تھی؟

میری بیوی نے سر جھکائے ہوئے آہستہ سے جواب دیا۔ کیا جانوں۔ کوئی بھکارنی تھی۔

میں نے کہا بھکارنیوں کی صورت ایسی نہیں ہوا کرتی۔ یہ تو مجھے کٹنی سی نظر آتی تھی۔ صاف صاف بتلاؤ اس کے یہاں آنے کا کیا مطلب تھا؟

لیکن بجائے اس کے کہ ان شبہہ آمیز باتوں کو سُن کر میری بیوی غرور سے سر اُٹھائے اور میری طرف حقارت آمیز نگاہوں سے دیکھ کر اپنی صاف دلی کا ثبوت دے۔ اُس نے سر جھکائے ہوئے جواب دیا میں اس کے پیٹ میں تھوڑے ہی بیٹھی تھی بھیک مانگنے آئی تھی بھیک دے دی۔ کسی کے دل کا حال کوئی کیا جانے؟

اس کے لہجہ اور انداز سے مترشح ہوتا تھا کہ وہ جتنا زبان سے کہتی ہے اس سے بہت زیادہ اس کے دل میں ہے۔ افترا پردازی میں وہ ابھی بالکل نومشق تھی۔ ورنہ تریاچرتر کی مہارت کسے سکتی ہے۔ میں دیکھ رہا تھا کہ اس کے ہاتھ پاؤں تھرتھرا رہے ہیں۔

میں نے جھپٹ کر اس کا ہاتھ پکڑا۔ اور اس کے سر کو اوپر اٹھا کر نہایت متین غصہ سے بولا۔ اندو تم جانتی ہو کہ مجھے تمہارا کتنا اعتبار ہے لیکن اگر تم نے ابھی وقت سارا واقعہ بےکم وکاست نہ بیان کیا تو میں نہیں کہہ سکتا کہ اس کا نتیجہ کیا ہوگا۔ تمہارا انداز بتاتا ہے کہ کچھ نہ کچھ دال میں کالا ضرور ہے۔ یہ خوب سمجھ رکھو کہ میں اپنی عزت کو تمہاری اور اپنی جانوں سے زیادہ عزیز سمجھتا ہوں۔ میرے لئے یہ ڈوب مرنے کی جگہ ہے کہ میں اپنی بیوی سے اس قسم کی باتیں کروں۔ اس کی جانب سے میرے دل میں بدگمانی پیدا ہو مجھے اب زیادہ صبر کی گنجائش نہیں ہے۔ بولو کیا بات تھی ؟

اندومتی میرے پیروں پر گر پڑی، اور رو کر بولی۔ میرا قصور معاف کرو۔

میں نے گرج کر کہا وہ کونسا قصور ہے۔

اندومتی نے سنبھل کر جواب دیا۔ تم اپنے دل میں اس وقت جو خیال کر رہے ہو اسے ایک لمحہ کے لئے بھی وہاں مت رہنے دو۔ ورنہ سمجھ لو کہ آج ہی اس زندگی کا خاتمہ ہے۔ مجھے نہیں معلوم تھا کہ تم میری طرف سے ایسے خیال رکھتے ہو۔ میرا پرماتما جانتا ہے کہ تم نے میرے اوپر جو ظلم کئے ہیں انہیں میں نے کس طرح برداشت کیا ہے اور اب بھی سب کچھ جھیلنے کے لئے تیار ہوں۔ میرا سر تمہارے پیروں پر ہے۔ جس طرح رکھو گے رہوں گی لیکن مجھے آج معلوم ہوا کہ تم جیسے خود ہو ویسا ہی دوسروں کو سمجھتے ہو۔ مجھ سے خطا ضرور ہوئی ہے، لیکن اس خطا کی یہ سزا نہیں کہ تم مجھ پر ایسے شک کرو۔ میں نے اس عورت کی باتوں میں آکر اس سے اپنے گھر کا سارا کچا چٹھا بیان کر دیا۔ میں سمجھتی تھی کہ مجھے ایسا نہیں کرنا چاہئے لیکن کچھ تو اس عورت کی ہمدردی۔ اور کچھ میرے اندر سلگتی ہوئی آگ نے مجھ سے یہ حماقت کروائی۔ اور اس کے لئے تم جو سزا دو وہ میرے سر اور آنکھوں پر ہے۔

میرا غصہ ذرا دھیما ہوا۔ بولا تم نے اس سے کیا کہا؟

اندومتی نے جواب دیا۔ گھر کا جو کچھ حال ہے۔ تمہاری بیوفائی۔ تمہاری لاپروائی۔ تمہارا گھر کی ضروریات کی فکر نہ رکھنا اپنی بیوقوفی کو کیا کہوں میں نے اس سے یہاں تک کہہ دیا کہ ادھر تین مہینہ سے انہوں نے گھر کے لئے کچھ خرچ بھی نہیں دیا اور اس کا وبال میرے زیوروں پر پڑا۔ تمہیں شاید معلوم نہیں کہ ان تین مہینوں میں میرے ساڑھے چار سو روپے کے زیور بک گئے۔ نہ معلوم کیوں میں اس سے یہ سب کچھ کہہ گئی جب انسان کا دل جلتا ہے۔ تو زبان تک آنچ آ ہی جاتی ہے مگر مجھ سے جو کچھ خطا ہوئی اس سے کہیں کہیں سخت سزا تم نے مجھے دی۔ میرا بیان لینے کا بھی یہی منشا ہوا تھا۔ تمہارے دل کی کیفیت مجھے معلوم ہو گئی۔ تمہارا دل میری طرف سے صاف نہیں ہے تمہیں مجھ پر وشواس نہیں رہا ورنہ ایک بھکارنی عورت کے گھر سے نکلنے پر تمہیں ایسے شبہ کیوں ہوتے۔

میں سر پر ہاتھ رکھ کر بیٹھ گیا۔ معلوم ہو گیا کہ تباہی کے سامان پورے ہوئے جاتے ہیں۔

(۴)

دوسرے دن میں جوں ہی دفتر پہنچا چوبدار نے آکر کہا مہاراجہ صاحب نے آپ کو یاد کیا ہے۔ میں تو اپنی قسمت کا فیصلہ پہلے ہی سے کئے بیٹھا تھا۔ میں خوب سمجھ گیا تھا کہ وہ بڑھیا خفیہ پولیس کی کوئی مخبر ہے۔ جو میرے خانگی حالات کی تحقیقات کے لئے تعینات ہوئی ہو گی کل ہی اُس کی رپورٹ آئی ہو گی اور آج میری طلبی ہے۔ خوف سے سہما ہوا۔ لیکن دل کو بزور سنبھالے ہوئے کہ جو کچھ سر پر پڑے گی دیکھا جائے گا۔ ابھی سے کیوں جان دوں، میں مہاراجہ کی خدمت میں باریاب ہوا۔ وہ اسوقت اپنے پوجا کے کمرے میں تنہا بیٹھے ہوئے تھے۔ کاغذوں کا ایک دفتر اِدھر اُدھر پھیلا ہوا تھا۔ اور وہ خود

خود کسی خیال میں محو تھے۔ مجھے دیکھتے ہی وہ میری طرف مخاطب ہوئے، ان کے چہرہ پر ناراضگی کے آثار نظر آئے۔ بولے کنور شیام سنگھ! مجھے بہت افسوس ہے کہ تمہاری بابت مجھے جو باتیں معلوم ہوئی ہیں وُہ مجھے اس امر پر مجبور کرتی ہیں کہ تمہارے ساتھ سختی کا برتاؤ کیا جائے۔ تم میرے پرانے وثیقہ دار ہو۔ اور تمہیں یہ اعزاز کئی پشتوں سے حاصل ہے۔ تمہارے بزرگوں نے ہمارے خاندان کی جانبازانہ خدمات کی ہیں۔ اور انہیں کے صلہ میں یہ وثیقہ عطا ہوا تھا لیکن تم نے اپنی حرکات سے اپنے تئیں اس عنایت کا مستحق نہیں رکھا تمہیں اس لئے وثیقہ ملتا تھا کہ تم اپنے خاندان کی پرورش کرو اپنے لڑکوں کو اس قابل بناؤ کہ وہ راج کی کچھ خدمت کر سکیں انہیں اخلاقی اور جسمانی تعلیم دو تا کہ تمہارے وجود سے دنیا کی بھلائی ہو۔ نہ کہ اس لئے کہ تم اس روپیہ کو بیہودہ عیش پرستی اور حرامکاری میں صرف کرو۔ مجھے یہ بہت شاق گزرتا ہے کہ تم نے اب اپنے اہل وعیال کی پرورش سے بھی اپنے تئیں سبکدوش کر لیا ہے۔ اگر تمہارا یہی وطیرہ رہا تو یقیناً وثیقہ داروں کا ایک پرانا خاندان مٹ جائے گا۔ اس لئے آج سے ہم نے تمہارا نام وثیقہ داروں کی فہرست سے خارج کر دیا۔ اور تمہارے بجائے تمہاری بیوی کا نام درج کیا گیا۔ وہ اپنے لڑکوں کی پرورش و پرداخت کی ذمہ دار ہے۔ تمہارا نام ریاست کے بالیوں کی فہرست میں لکھا جائے۔ تم نے اپنے کو اسی نوازش کا اہل ثابت کیا ہے۔ اور مجھے اُمید ہے کہ یہ تبادلہ تمہیں ناگوار نہ ہوگا۔ بس جاؤ اور ممکن ہو تو اپنے فعلوں پر پچھتاؤ۔

(۵)

مجھے کچھ عرض معروض کرنے کی جرأت نہ ہوئی۔ میں نے بہت استقلال کے ساتھ اپنی قسمت کا فیصلہ سُنا۔ اور گھر کی طرف چلا لیکن دو ہی چار قدم چلا تھا کہ معاً خیال آیا کس کے گھر چلے

ہو؟ تمہارا گھر اب کہاں ہے۔ میں اُلٹے قدم لوٹا۔ جس گھر کا میں بادشاہ تھا وہاں دوسروں کا دستِ نگر بن کر مجھ سے نہیں رہا جائے گا۔ اور رہا بھی جائے تو مجھے نہیں رہنا چاہئے۔ میرے اعمال ناشائستہ ضرور تھے لیکن میرا اخلاقی احساس اس قدر زائل نہیں ہوا تھا۔ میں نے مصمم ارادہ کر لیا کہ اس وقت اس شہر سے بھاگ جانا مناسب ہے۔ ورنہ بات پھیلتے ہی ہمدردوں اور بدخواہوں کا ایک جمگھٹ اظہار حال کے لئے آجائے گا۔ دوسروں کی خشک ہمدردیاں سہنی پڑیں گی جن کے پردے میں خوشی جھلکتی ہوگی۔ ایک بار صرف ایک بار مجھے پھول متی کا خیال آیا اس کے کارن یہ سب درگت ہو رہی ہے۔ اس سے تو مل ہی لوں۔ مگر دل نے روکا۔ کیا ایک صاحب ثروت رئیس کی جو عزت ہوتی تھی وہ مجھے اب حاصل ہو سکتی ہے؟ ہرگز نہیں۔ بازارِ حُسن میں وفا اور محبت سے مال و زر زیادہ گراں بہا جنس ہے۔ ممکن ہے اس وقت مجھ پر ترس کھا کر یا ایک عارضی جوش میں پھول متی میرے ساتھ چلنے پر آمادہ ہو جائے لیکن اُسے لے کر کہاں جاؤں گا۔ پاؤں میں بیڑیاں ڈال کر چلنا تو اور بھی مشکل ہے۔ اس طرح سوچ بچار کر میں نے بمبئی کی راہ لی اور اب دو سال سے ایک مل میں ملازم ہوں۔ تنخواہ صرف اتنی ہے کہ قالب اور رُوح میں مغارقت نہ ہونے پائے لیکن ایشور کا شکر کرتا ہوں اور اسی کو غنیمت سمجھتا ہوں۔ میں ایک دفعہ پوشیدہ طور پر وطن گیا تھا۔ پھول متی نے ایک دوسرے رئیس سے حُسن کا سودا کر لیا ہے۔ لیکن میری بیوی نے اپنے حُسن انتظام سے گھر کی حالت خوب سنبھالی ہے۔ میں نے اپنے مکان کو رات کے وقت مشتاق نگاہوں سے دیکھا۔ دروازہ پر دو لالٹین روشن تھی۔ اور بچے اِدھر اُدھر کھیل رہے تھے۔ صفائی اور سلیقہ کا جلوہ نظر آتا تھا۔ مجھے بعض اخباروں کے دیکھنے سے معلوم ہُوا کہ مہینوں تک میرے پتہ نشان کے متعلق اخباروں میں اشتہار شائع ہوتے

رہے۔ لیکن اب یہ صورت لے کر میں پھر وہاں کیا جاؤں گا۔ اور یہ روئے سیاہ کس کو دکھاؤنگا۔ اب تو مجھے اسی خستہ حالی میں زندگی کے دن کاٹنے ہیں۔ روکر یا ہنس کر یہ اختیار رہے۔ میں اپنے حرکات پر اب بہت نادم ہوں۔ افسوس میں نے اُن نعمتوں کی قدر نہ کی۔ انہیں لات سے ٹھوکر ماری۔ یہ اسی کی سزا ہے کہ آج مجھے یہ دن دیکھنا پڑتا ہے۔ میں وہ پروانہ ہوں جس کی خاک بھی بادِ صبا کے جھوکوں سے نہ بچی۔

نادان دوست

(۱)

کیشو کے گھر میں کارنس کے اوپر ایک چڑیا نے انڈے دیئے تھے۔ کیشو اور اس کی بہن شیاما، دونوں بڑے غور سے چڑیا کو وہاں آتے جاتے دیکھا کرتے۔ سویرے دونوں آنکھیں ملتے کارنس کے سامنے پہنچ جاتے۔ اور چڑا اور چڑیا دونوں کو وہاں بیٹھا پاتے۔ اُن کو دیکھنے میں دونوں بچوں کو نہ معلوم کیا مزہ ملتا تھا۔ دودھ اور جلیبی کی سُدھ بھی نہ رہتی تھی۔ دونوں کے دل میں طرح طرح کے سوال اُٹھتے۔ انڈے کتنے بڑے ہوں گے؟ کس رنگ کے ہوں گے؟ کتنے ہوں گے۔ کیا کھاتے ہوں گے۔ اُن میں سے بچے کس طرح نکل آئیں گے۔ بچوں کے پَر کیسے نکلیں گے۔ گھونسلا کیسا ہے۔ لیکن اِن باتوں کا جواب دینے والا کوئی نہ تھا۔ نہ امّاں کو گھر کے کام دھندوں سے فرصت تھی۔ نہ بابوجی کو پڑھنے لکھنے سے، دونوں بچے آپس ہی میں سوال جواب کرکے اپنے دل کو تسلی دے لیا کرتے تھے۔

شیاما کہتی "کیوں بھیا! بچے نکل کر پھُر سے اُڑ جائیں گے؟"

کیشو۔ عالمانہ غرور سے کہتا "نہیں ری پگلی۔ پہلے پر نکلیں گے۔ بغیر پروں کے بچارے کیسے اُڑیں گے"

شیاما۔ بچوں کو کیا کھلائے گی بچاری؟"

کیشو اس پیچیدہ سوال کا جواب کچھ نہ دے سکتا تھا۔

اس طرح تین چار دن گذر گئے۔ دونوں بچوں کی خواہش تحقیق دن بدن بڑھتی جاتی تھی۔ انڈوں کو دیکھنے کے لئے وہ بیتاب ہو اٹھتے تھے۔ انہوں نے قیاس کیا۔

"اب ضرور بچے نکل آئے ہوں گے۔" بچوں کے چارے کا سوال اب ان کے سامنے آ کھڑا ہوا۔ چڑیا بچاری اتنا دانہ کہاں پائے گی کہ سارے بچوں کا پیٹ بھرے۔ غریب بچے بھوک کے مارے چوں چوں کر کے مر جائیں گے۔

اس مصیبت کا اندازہ کر کے دونوں گھبرا اٹھے۔ دونوں نے فیصلہ کیا کہ کارنس پر تھوڑا سا دانہ رکھ دیا جائے۔ شیاما خوش ہو کر بولی "تب تو چڑیوں کو چارے کے لئے کہیں اڑنا نہ جانا پڑے گا؟

کیشو۔ "نہیں۔ تب کیوں جائیں گی۔"

شیاما۔ "کیوں بھیا! بچوں کو دھوپ نہ لگتی ہوگی؟"

کیشو کا دھیان اس تکلیف کی طرف نہ گیا تھا۔ بولا "ضرور تکلیف ہو رہی ہوگی؟ کیا پیاس کے مارے تڑپتے ہوں گے اوپر سایہ بھی تو کوئی نہیں۔

آخر یہی فیصلہ ہوا۔ کہ گھونسلے کے اوپر کپڑے کی چھت بنا دینی چاہئے۔ پانی کی پیالی اور تھوڑے سے چاول رکھ دینے کی تجویز بھی منظور ہو گئی۔

دونوں بچے بڑے شوق سے کام کرنے لگے۔ شیاما ماتا کی آنکھ بچا کر مٹکے سے چاول نکال لائی۔ کیشو نے پتھر کی پیالی کا تیل چپکے سے زمین پر گرا دیا۔ اور اسے خوب صاف کر کے اس میں پانی بھرا۔

اب چاندنی کے لئے کپڑا کہاں سے آئے۔ پھر اوپر بغیر چھڑیوں کے کپڑا ٹھہرے گا

کیسے اور چھڑیاں کھڑی ہوگی کیسے ؟

کیشو بڑی دیر تک اسی اُدھیڑبن میں رہا۔ آخر کار اُس نے یہ مشکل بھی حل کر لی۔

شیاما سے بولا "جا کر کوڑا پھینکنے والی ٹوکری اُٹھا لاؤ۔ اماں جی کو مت دکھانا۔"

شیاما۔ "وہ تو بیچ سے پھٹی ہوئی ہے۔ اس میں سے دھوپ نہ جائے گی؟"

کیشو نے جھنجلا کر کہا "تو ٹوکری تو لا۔ میں اس کا سوراخ بند کرنے کی کوئی حکمت نکالوں گا۔"

شیاما دوڑ کر ٹوکری اُٹھا لائی۔ کیشو نے اس کے سوراخ میں تھوڑا سا کاغذ ٹھونس دیا اور تب ٹوکری کو ایک ٹہنی سے ٹکا کر بولا:-

"دیکھو! ایسے ہی گھونسلے پر اس کی آڑ کر دوں گا۔ تب کیسے دھوپ جائے گی؟"

شیاما نے دل میں سوچا "بھیا کتنے چالاک ہیں!"

(۳)

گرمی کے دن تھے۔ بابوجی دفتر گئے ہوئے تھے۔ ماں دونوں بچوں کو کمرے میں سلا کر خود سو گئی تھی۔ لیکن بچوں کی آنکھوں میں آج نیند کہاں! اماں جی کو بہلانے کے لئے دونوں دم روکے آنکھیں بند کئے موقعہ کا انتظار کر رہے تھے۔ جوں ہی معلوم ہوا کہ اماں جی اچھی طرح سو گئیں۔ دونوں چپکے سے اُٹھے اور بہت آہستہ سے دروازے کی چٹکنی کھول کر باہر نکل آئے۔ انڈوں کی حفاظت کی تیاریاں ہونے لگیں۔

کیشو کمرے سے ایک سٹول اُٹھا لایا۔ لیکن جب اُس سے کام نہ چلا تو نہانے کی چوکی لا کر سٹول کے نیچے رکھی اور ڈرتے ڈرتے سٹول پر چڑھا۔

شیاما دونوں ہاتھوں سے سٹول پکڑے ہوئے تھی۔ سٹول چاروں ٹانگیں برابر نہ ہونے

کے باعث جس طرف زیادہ دباؤ پاتا تھا ذرا سا بل جاتا تھا۔ اس وقت کیشو کو کس قدر تکلیف برداشت کرنی پڑتی تھی۔ یہ اسی کا دل جانتا تھا۔ دونوں ہاتھوں سے کارنس پکڑ لیتا اور شیاما کو دبی آواز سے ڈانٹتا "اچھی طرح پکڑ۔ ورنہ اُتر کر بہت ماروں گا" مگر بیچاری شیاما کا دل تو اُوپر کارنس پر تھا۔ بار بار اُس کا دھیان اُدھر چلا جاتا اور ہاتھ ڈھیلے پڑ جاتے۔

کیشو نے جونہی کارنس پر ہاتھ رکھا دونوں چڑیاں اُڑ گئیں۔ کیشو نے دیکھا کہ کارنس پر تھوڑے تنکے بچھے ہوئے ہیں۔ اور اس پر تین انڈے پڑے ہیں۔ جیسے گھونسلے اس نے درختوں پر دیکھے تھے۔ ایسا کوئی گھونسلا نہیں ہے۔

شیاما نے نیچے سے پوچھا "کے بچے ہیں بھیا"

کیشو "تین انڈے ہیں ابھی بچے نہیں نکلے"

شیاما "ذرا ہمیں دکھا دو بھیا کتنے بڑے ہیں؟"

کیشو "دکھا دوں گا۔ پہلے ذرا چیتھڑے لے آ۔ نیچے بچھا دوں۔ بیچارے انڈے تنکوں پر پڑے ہیں"

شیاما دوڑ کر اپنی پُرانی دھوتی پھاڑ کر ایک ٹکڑا لائی کیشو نے جھک کر کپڑا لے لیا اس کے کئی تہ کر کے اس نے ایک گدی بنائی اور اُسے تنکوں پر بچھا کر تینوں انڈے آہستہ سے اس پر رکھ دیئے۔

شیاما نے پھر کہا "ہم کو بھی دکھا دو بھیا؟"

کیشو "دکھا دوں گا پہلے ذرا وہ ٹوکری تو دیدو اُوپر سایہ کر دوں"

شیاما نے ٹوکری نیچے سے تھما دی۔ اور بولی "اب تم اُتر آؤ میں بھی تو دیکھوں"

کیشو نے ٹوکری کو ایک ٹہنی سے ٹکا کر کہا "جا! دانہ اور پانی کی پیالی لے آ۔ میں اُتر آؤں تو تجھے دکھاؤں گا۔"

شیاما، پیالی اور چاول بھی لائی۔

کیشو نے ٹوکری کے نیچے دونوں چیزیں رکھ دیں اور آہستہ سے اُتر آیا۔

شیاما نے گڑگڑا کر کہا "اب ہم کو بھی چڑھا دو۔ بھیا"

کیشو۔ "تو گر پڑے گی۔"

شیاما۔ "نہ گروں گی بھیا۔ تم نیچے سے پکڑے رہنا۔"

کیشو۔ "نہ بھیا۔ کہیں تو گر گرا پڑے۔ تو اماں جی میری چٹنی ہی کر ڈالیں۔ کہیں کہ تو نے ہی چڑھایا تھا۔ کیا کرے گی دیکھ کر؟ اب انڈے بڑے آرام سے ہیں جب بچے نکلیں گے تو ان کو پالیں گے۔"

دونوں پرندے بار بار کارنس پر آتے تھے اور بغیر بیٹھے ہی اُڑ جاتے تھے کیشو نے سوچا ہم لوگوں کے ڈر سے نہیں بیٹھتے۔ سٹول اُٹھا کر کمرے میں رکھ آیا۔ چوکی جہاں کی تھی وہاں رکھ دی۔"

شیاما نے آنکھوں میں آنسو بھر کر کہا۔ تم نے مجھے نہیں دکھایا۔ میں اماں جی سے کہہ دوں گی۔"

کیشو۔ "اماں جی سے کہے گی تو بہت ماروں گا۔ کہے دیتا ہوں۔"

شیاما "تو تم نے مجھے دکھایا کیوں نہیں"؟

کیشو "اور گر پڑتی۔ تو۔ چار سر نہ ہو جاتے؟

شیاما "ہو جاتے ہو جاتے دیکھ لینا۔ میں کہہ دوں گی۔"

اتنے میں کوٹھری کا دروازہ کھلا۔ اور ماتا نے دھوپ سے آنکھیں کو بچاتے ہوئے کہا: "تم دونوں باہر کب نکل آئے؟ میں نے کہا تھا کہ دوپہر کو نہ نکلنا! کس نے کواڑ کھولا"

کواڑ کیشو نے کھولا تھا۔ لیکن شیاما نے ماتا سے یہ بات نہیں کہی۔ اُسے خوف ہوا کہ بھیا پٹ جائیں گے۔ کیشو دل میں کانپ رہا تھا کہ کہیں شیاما کہہ نہ دے۔ انڈے نہ دکھائے تھے۔ اس سے اب اس کو شیاما پر اعتبار نہ تھا۔ شیاما صرف محبت کے مارے چپ تھی۔ یا اس قصور میں حصہ دار ہونے کی وجہ سے۔ اس کا فیصلہ نہیں کیا جا سکتا۔ شاید دونوں ہی باتیں تھیں۔

ماتا نے دونوں کو ڈانٹ ڈپٹ کر پھر کمرے میں بند کر دیا۔ اور آپ آہستہ آہستہ انہیں پنکھا جھلنے لگی۔ ابھی صرف دو بجے تھے۔ باہر تیز لو چل رہی تھی۔ اب دونوں بچوں کو نیند آ گئی تھی۔

(۳)

چار بجے یکایک شیاما کی نیند کھلی۔ کواڑ کھلے ہوئے تھے۔ وہ دوڑی ہوئی کارنس کے پاس آئی۔ اور اوپر کی طرف تاکنے لگی۔ ٹوکری کا پتہ نہ تھا۔ اتفاقاً اس کی نگاہ نیچے گئی اور وہ اُلٹے پاؤں دوڑتی ہوئی کمرے میں جاکر زور سے بولی۔

"بھیا! انڈے تو نیچے پڑے ہیں بچے اُڑ گئے!"

کیشو گھبرا کر اُٹھا اور دوڑا ہوا باہر آیا تو کیا دیکھتا ہے کہ تینوں انڈے نیچے ٹوٹے پڑے ہیں اور ان سے کوئی چونے کی سی چیز باہر نکل آئی ہے پانی کی پیالی بھی ایک طرف ٹوٹی پڑی ہے!

اس کے چہرے کا رنگ اُڑ گیا۔ سہمی ہوئی آنکھوں سے زمین کی طرف

دیکھنے لگا۔

شیاما نے پوچھا "بچے کہاں اُڑ گئے بھیا!

کیشو نے افسوسناک لہجہ میں کہا "انڈے تو پھوٹ گئے"

"اور بچے کہاں گئے؟"

کیشو "تیرے سر میں۔ دیکھتی نہیں ہے انڈوں میں سے اُجلا اُجلا پانی نکل آیا ہے۔

وہی تو دو چار دن میں بچے بن جاتے!"

ماتا نے سوٹی ہاتھ میں لئے ہوئے پوچھا "تم دونوں وہاں دھوپ میں کیا کر رہے ہو"

شیاما نے کہا "اماں جی چڑیا کے انڈے ٹوٹے پڑے ہیں"

ماتا نے آکر ٹوٹے ہوئے انڈوں کو دیکھا۔ اور غصہ سے بولی "تم لوگوں نے انڈوں کو چھوا ہوگا؟"

اب تو شیاما کو بھیا پر ذرا بھی ترس نہ آیا۔ اسی نے شاید انڈوں کو اس طرح رکھ دیا۔ کہ وہ نیچے گر پڑے۔ اس کی اسے سزا ملنی چاہیئے۔ بولی۔

"انہوں نے انڈوں کو چھیڑا تھا اماں جی"

ماتا نے کیشو سے پوچھا "کیوں رے؟" کیشو بھیگی بلی بنا کھڑا رہا۔

ماتا "تو وہاں پہنچا کیسے؟"

شیاما۔ "چوکی پر سٹول رکھ کر چڑھے تھے اماں جی"

کیشو "تو سٹول تھامے نہیں کھڑی تھی؟"

شیاما۔ "تم ہی نے تو کہا تھا"

ماتا۔ "تو اتنا بڑا ہوا، تجھے ابھی اتنا بھی نہیں معلوم۔ کہ چھونے سے چڑیوں کے انڈے گندے ہو جاتے ہیں۔ چڑیا پھر انہیں نہیں سیتی۔"

شیاما نے ڈرتے ڈرتے پوچھا "تو کیا چڑیا نے انڈے گرا دئے ہیں۔ اماں جی؟"

ماتا "اور کیا کرتی۔ کیشو کے سر اس کا پاپ پڑے گا۔ ہا! ہا! ہا تین جانیں لے لیں۔ دشٹ نے"

کیشو روئی صورت بنا کر بولا۔

"میں نے تو صرف انڈوں کو گدی پر رکھ دیا تھا اماں جی!"

ماتا کو ہنسی آ گئی۔

مگر کیشو کو کئی دنوں تک اپنی غلطی پر افسوس ہوتا رہا۔ انڈوں کی حفاظت کرنے کے زعم میں اس نے ان کا ستیا ناس کر ڈالا۔ اسے یاد کر کے وہ کبھی کبھی رو پڑتا تھا۔

دونوں چڑیاں وہاں پھر نہ دکھائی دیں۔

نغمۂ روح

(۱)

آدھی رات، ندی کا کنارا، آسمان کے ستارے ساکن تھے۔ ندی کے ستارے لہروں کے ساتھ رواں، ایک نغمۂ فردوس کی دلکش، روح پرور، مستانہ صدائیں، اس خاموش اور تاریک منظر پر اس طرح چھا رہی تھیں جیسے دل پر اُمیدیں چھائی رہتی ہیں۔ یا چہرہ پر غم۔

رانی متورما نے آج گردو کیشالی تھی، سارے دن دان اور برت میں مصروف رہنے کے بعد میٹھی نیند کی گود میں سو رہی تھی۔ دفعتہً آنکھیں کھلیں، اور یہ دلکش صدائیں کانوں میں پہنچیں، بیقرار ہو گئی، جیسے پروانہ شمع کو دیکھ کر صبر کی تاب نہ رہی۔ جیسے چیونٹی شکر کی بو پاتے ہی بیتاب ہو جاتی ہے، اٹھی اور دربانوں، چوکیداروں کی نگاہیں بچاتی ہوئی راج محل سے باہر نکل آئی، جیسے نالۂ درد سن کر آنکھوں سے آنسو نکل آتے ہیں۔

ساحل پر خاردار جھاڑیاں تھیں، اونچے کوکگار تھے، خوفناک جانور تھے۔ اُن کی ہیبتناک صدائیں تھیں، لاشیں تھیں، اور اُن سے زیادہ ان کا خیال تھا، منورما نازونزاکت کی پتلی تھی، پر نغمہ شیریں کی کشش اُسے ایک عالم محویت میں کھینچے لئے جاتی تھی۔ خطروں سے بے خبر۔

وہ گھنٹوں سرگرم رفتار رہی۔ یہاں تک کہ ندی راستہ میں حائل ہو گئی۔

(۲)

منورما نے بے بسی کے ساتھ ادھر اُدھر نظریں دوڑائیں۔ کنارے پر ایک کشتی نظر آئی، مانجھی سے بولی "میں اس پار جاؤں گی، اس دلکش راگ نے مجھے بیتاب کر دیا ہے"

مانجھی۔ رات کو ناؤ نہیں کھول سکتا، ہوا تیز ہے۔ لہریں ڈراونی، جان جوکھم ہے۔

منورما۔ میں رانی منورما ہوں، ناؤ کھول دے، منہ مانگی مزدوری دوں گی۔

مانجھی۔ تب تو ناؤ کسی طرح نہیں کھول سکتا۔ رانیوں کا اس ندی میں گزارہ نہیں۔

منورما۔ چودھری تیرے پاؤں پڑتی ہوں جلد ناؤ کھول دے۔ میری روح اس طرف کھنچی چلی جاتی ہے۔

مانجھی۔ کیا انعام ملے گا؟

منورما۔ جو تو مانگے۔

مانجھی۔ آپ ہی کہہ دیں۔ میں گنوار کیا جانوں رانیوں سے کیا چیز مانگنی چاہئے، کہیں کوئی ایسی چیز نہ مانگ بیٹھوں جو آپ کی شان کے خلاف ہو۔

منورما۔ میرا یہ ہار نہایت بیش قیمت ہے، میں اس کھیوے میں دیتی ہوں۔

منورما نے گلے سے ہار نکالا۔ اس کی ضیا سے مانجھی کا چہرہ روشن ہو گیا، تند اور کرخت۔ جس پر ایک مدت دراز کی سیاہی نے جھریاں ڈال دی تھیں۔

دفعتہً منورما کو ایسا معلوم ہوا کہ نغمہ کی صدا قریب تر ہو گئی۔ شاید کوئی عارف اپنی خودمستی کے عروج میں اس ساحل پر بیٹھا ہوا فضاء تاریک کو مترنم کر رہا ہے۔ رانی کا سینہ اچھلنے لگا۔ آہ کتنا دلسوز نغمہ تھا۔ اس نے بے صبر ہو کر کہا "مانجھی اب دیر نہ کر، ناؤ کھول

میں ایک لمحہ بھی صبر نہیں کرسکتی۔

مانجھی ۔ اس ہار کو لے کر میں کیا کروں گا ؟

منورما ۔ سچے موتی ہیں ۔

مانجھی ۔ اور بھی مصیبت، مانجھن گلے میں ڈال کر پڑوسیوں کو دکھائے گی، وہ سب ڈاہ سے جلیں گی، اُسے گالیاں دیں گی۔ کوئی چور دیکھے گا تو اس کی چھاتی پر سانپ لوٹنے لگے گا۔ میری سنسان جھونپڑی میں دن دہاڑے ڈاکہ پڑجائے گا۔ لوگ چوری کا اپرادھ لگائیں گے نہیں مجھے یہ ہار نہیں چاہیئے۔

منورما۔ تو جو کچھ مانگ وہی دونگی، لیکن دیر نہ کر مجھے اب صبر نہیں ہے۔ انتظار کی مطلق تاب نہیں، اس راگ کی ایک ایک تان میری روح کو تڑپائے دیتی ہے۔

مانجھی ۔ اس سے اچھی کوئی چیز دیجیئے۔

منورما ۔ آہ ظالم تو مجھے باتوں میں لگائے رکھنا چاہتا ہے، میں جو دیتی ہوں وہ لیتا نہیں آپ کچھ مانگتا نہیں۔ تجھے کیا معلوم میرے دل کی اس وقت کیا حالت ہو رہی ہے میں اس روحانی نعمت پر اپنا سب کچھ قربان کرسکتی ہوں۔

مانجھی ۔ اور کیا دیجیئے گا۔

منورما ۔ میرے پاس اس سے بیش قیمت کوئی چیز نہیں ہے۔ لیکن تو ابھی ناؤ کھولدے، تو وعدہ کرتی ہوں تجھے اپنا محل دے دوں گی جسے دیکھنے کے لئے شاید کبھی تو بھی گیا ہو، خالص سنگِ مرمر ہے، ہندوستان میں اس کا ثانی نہیں۔ اب ایک لمحہ کی بھی دیر نہ کرو۔

مانجھی ۔ دھنس لکھا اس محل میں رہ کر مجھے کیا آرام ملے گا۔ اُلٹے میرے بھائی بند دشمن

ہو جائیں گے۔ اس ناؤ پر اندھیری رات میں کبھی ڈر نہیں لگتا۔ آندھی چلتی رہتی ہے۔ اور میں اس پر پڑا رہتا ہوں۔ لیکن وہ محل تو دن ہی کو پھاڑ کھائے گا۔ میرے گھر کے آدمی تو اس کے ایک کونے میں سما جائیں گے، اور آدمی کہاں سے لاؤں گا، میرے نوکر چاکر کہاں؟ اتنا مال اسباب کہاں؟ اس کی صفائی اور مرمت کہاں سے کراؤں گا۔ اس کی پھلواریاں سوکھ جائیں گی، اس کی کیاریوں میں گیدڑ بولیں گے اور اٹاریوں پر کبوتر اور ابابیلیں گھونسلے بنائیں گی۔

سورما دفعتۃً ایک عالم مستی میں اچھل پڑی۔ اُسے معلوم ہوا کہ نغمہ قریب آ گیا ہے۔ اس کی نزاکت اور لطافت زیادہ روشن ہو گئی تھی، جیسے بتی اُکسا دینے سے چراغ زیادہ روشن ہو جاتا ہے۔ پہلے دلکش تھا تو اب ولولہ خیز ہو گیا تھا۔ سورما نے بیتاب ہو کر کہا "آہ! تو پھر تو اپنی زبان سے کیوں کچھ نہیں مانگتا، اُف کتنا معرفت انگیز راگ ہے۔ کتنا وجد میں لانے والا۔ میں اب مطلق صبر نہیں کر سکتی۔ پانی نشیب میں جانے کے لئے جتنا بے قرار ہوتا ہے۔ سانس ہوا کے لئے جتنی بیقرار ہوتی ہے۔ بو اُڑ جانے کے لئے جتنی بیقرار ہوتی ہے، میں اس نغمہ کے لئے اتنی ہی بے قرار ہوں، اس نغمہ میں کوئل کی سی مستی ہے پپیہے کا درد ہے، شیاما کا گداز ہے۔ اس میں آبشاروں کا زیر ہے۔ طوفان کا بم ہے۔ اس میں وہ سب کچھ ہے جس سے معرفت بیدار ہوتی ہے جس سے رُوح وجد کرتی ہے جس سے قلب مرتعش ہوتا ہے۔ مانجھی اب ایک چھن کی دیر بھی میرے لئے عذاب موت ہے۔ جلد ناؤ کھول جس پھول کی یہ مہک ہے جس چراغ کی روشنی ہے اس تک مجھے پہنچا دے میں دیکھ نہیں سکتی اس نغمہ کا خالق کہیں قریب ہی بیٹھا ہوا ہے۔ بہت قریب۔"

مانجھی۔ آپ کا محل میرے کام کا نہیں ہے۔ میری جھونپڑی اس سے کہیں زیادہ سہاونی ہے۔

منورما ۔ ہائے تو اب تجھے کیا دوں ۔ یہ نغمہ نہیں ہے ۔ یہ اس فضاء وسیع کی نزہت ہے، یہ سارے پھولوں کی روح ہے، ساری شیرینیوں کا عطر ہے، ساری حلاوتوں کا ساری کیفیتوں کا خلاصہ ہے، ناؤ کھول، میں جب تک جیوں گی تیری خدمت کروں گی۔ تیرے لئے پانی بھروں گی، تیرے جھونپڑے کی خاک روبی کروں گی، ہاں میں تیری راہ کے کنکر چنوں گی، تیرے جھونپڑے کو پھولوں سے سجاؤں گی تیری، مانجھن کے پیر ملوں گی، پیارے مانجھی اگر تیرے پاس سو جانیں ہوتیں تو میں اس نغمہ کے نذر کرتی، ایشور کے لئے اب مجھے مایوس نہ کر، میرے صبر کا آخری قطرہ خشک ہو گیا اب اس اشتیاق میں شعلہ کی سوزش اور جلن ہے۔ اب یہ سر تیرے قدموں پر ہے۔

یہ کہتے کہتے منورما ایک جنون وجد کی حالت میں مانجھی کے قریب جا کر اس کے پیروں پر گر پڑی۔ اُسے معلوم ہوا گویا وہ نغمہ روح پرور کسی شمع روشن کی طرح نور برساتا ہوا میری طرف چلا آتا ہے، اس کے روئیں کھڑے ہو گئے، وہ مست ہو کر جھومنے لگی، ایسا معلوم ہوا کہ میں اُڑی جاتی ہوں، اُسے اپنے پہلو میں ستارے جھلملاتے ہوئے دکھائی دیئے۔ اس پر ایک بے خودی کا سرور چھا گیا اور تب وہی مستانہ نغمہ، وہی دلکش راگ اس کے منہ سے نکلنے لگا وہی آب حیات کی بوندیں اس کے لبوں سے ٹپکنے لگیں۔ وہ خود اس نغمہ کا منبع تھی، ندی پار سے آنیوالی روح پرور صدائیں اسی کے منہ سے نکل رہی تھیں

منورما کا چہرہ چاند کی طرح روشن ہو گیا تھا اور آنکھوں سے پریم کی شعاعیں نکل رہی تھیں۔

ستیاگرہ

ہزایکسیلینسی وائسرائے بنارس آ رہے تھے۔ سرکاری اہلکار کیا چھوٹے بڑے سبھی ان کے خیر مقدم کی تیاری کر رہے تھے۔ ادھر کانگریس نے شہر میں ہڑتال کرنے کی منادی کر دی تھی جس سے اہلکاروں میں بڑی ہل چل تھی۔ ایک طرف سڑکوں پر جھنڈیاں لگائی جا رہی تھیں صفائی ہو رہی تھی۔ بڑی بڑی شاندار محرابیں بنائی جا رہی تھیں، دفاتر کی آرائشیں ہو رہی تھی، پنڈال بن رہا تھا اور دوسری طرف فوج و پولیس کے سپاہی سنگینیں چڑھائے شہر کی گلیوں اور سڑکوں پر قواعد کرتے پھرتے تھے۔ حکام کی سر توڑ کوشش تھی کہ ہڑتال نہ ہونے پاوے مگر کانگریس والوں کو ضد تھی کہ ہڑتال ہو اور ضرور ہو۔ اگر حکام کو حیوانی طاقت پر ناز ہے تو ہمیں روحانی قوت کا بھروسہ ہے اس بار دونوں کی آزمائش ہو جائے کہ میدان کس کے ہاتھ رہتا ہے۔

مجسٹریٹ گھوڑے پر سوار ہو کر صبح سے شام تک دوکانداروں کو دھمکیاں دیتا پھرتا کہ ایک ایک کو جیل بھجوا دوں گا، بیگ کروا دوں گا، [illegible] دوں گا۔ دوکاندار ہاتھ جوڑ کر کہتے کہ حضور بادشاہ ہیں جو چاہیں کر سکتے ہیں۔ مگر ہم کیا کریں؟ کانگریس والے ہمیں جیتا چھوڑیں گے۔ ہماری دوکانوں پر دھرنا دیں گے۔ ہمارے اوپر بال بڑھا دیں گے۔ کنویں میں گر پڑیں گے، فاقے کریں گے۔ کون جانے دو چار جان ہی دے دیں تو ہمارے منہ پر ہمیشہ کے لئے کالک لگ جائے گی۔ حضور انہیں کانگریس والوں کو سمجھا دیں تو ہمارے اوپر بڑا

احسان ہو۔ ہڑتال نہ کرنے سے ہمارا کچھ نقصان تھوڑا ہی ہے۔ ملک کے بڑے بڑے آدمی آویں گے، ہماری دوکانیں کھلی رہیں گی تو ایک کے دو ملیں گے، مہنگے سودے بیچیں گے۔ مگر کریں کیا ان شیطانوں سے کوئی بس نہیں چلتا۔"

رائے ہرنندن سہائے، راجہ لال چند اور خان بہادر مولوی محمود علی تو حکام سے بھی زیادہ بے چین تھے، مجسٹریٹ کے ساتھ اور تنہا بھی بڑی کوشش کرتے تھے۔ اپنے مکانوں پہ بلا کر دکانداروں کو سمجھاتے، منت سماجت کرتے، آنکھیں دکھلاتے، یکے بگھی والوں کو دھمکاتے، مزدوروں کی خوشامد کرتے۔ مگر کانگریس کے مٹھی بھر آدمیوں کا کچھ ایسا رعب چھایا ہوا تھا کہ کنجڑا ن نے بھی بے خوفی سے کہہ دیا کہ حضور چاہے مار ڈالو مگر دکان تو نہ کھلے گی۔ ناک نہ کٹواؤنگی۔" سب سے بڑا اندیشہ یہ تھا کہ پنڈال بنانے والے مزدور، بڑھئی، لوہار وغیرہ کام نہ چھوڑ دیں ورنہ غضب ہی ہو جائے گا۔ رائے صاحب نے کہا: "حضور دوسرے شہروں سے دکاندار بلوا دیں اور ایک بازار علیحدہ کھولیں۔"

خانصاحب نے فرمایا: "وقت اتنا کم رہ گیا ہے کہ دوسرا بازار تیار نہیں ہو سکتا حضور کانگریس والوں کو گرفتار کر لیں، یا ان کی جائداد ضبط کر لیں پھر دیکھئے کیسے قابو میں نہیں آتے۔"

راجہ صاحب بولے: "اس داروگیر سے تو لوگ اور جھلائیں گے۔ کانگریس والوں سے حضور کہیں کہ تم ہڑتال بند کرو تو سب کو سرکاری ملازمت دے دی جائیگی۔ ان میں زیادہ تر بیکار لوگ بھرے پڑے ہیں۔ لالچ دکھانے سے خوش ہو جائیں گے۔" مگر مجسٹریٹ کو کوئی رائے پسند نہ آئی یہاں تک کہ وائسرائے کے آنے میں تین روز رہ گئے۔

آخر راجہ صاحب کو ایک تدبیر سوجھی کہ کیوں نہ ہم لوگ بھی روحانی طاقت سے کام لیں؟ آخر کانگریس والے مذہب اور روحانی طاقت ہی کے نام پر تو یہ طومار باندھتے ہیں ہم لوگ بھی انہیں کی تقلید کریں، شیر کو اسکی ماند میں پچھاڑیں۔ کوئی آدمی پیدا کرنا چاہئے۔ جو فاقے کرے کہ دکانیں نہ کھلیں تو جان دے دوں گا۔ یہ ضروری ہے کہ وہ برہمن ہو اور ایسا کہ جس کو شہر کے لوگ مانتے ہوں اور اُس کی عزت کرتے ہوں یہ بات دیگر رفقاء کے بھی دلنشین ہو گئی۔ وہ اچھل پڑے۔ رائیصاحب نے کہا کہ بس اب میدان مار لیا۔ اچھا، ایسا کون پنڈت ہے؟ پنڈت گردھر شرما؟

راجہ۔ جی نہیں اسے کون مانتا ہے؟ صرف اخبارات میں لکھا کرتا ہے۔ شہر کے لوگ اسے کیا جانیں۔

رائیصاحب۔ دمڑی اوجھا تو ہے اسی ڈھنگ کا؟

راجہ۔ جی نہیں۔ کالج کے طلباء کے سوا اُسے اور کون جانتا ہے؟

رائیصاحب۔ پنڈت موٹے رام شاستری؟

راجہ۔ بس بس، آپ نے خوب سوچا۔ بیشک وہ اس ڈھنگ کا۔ اسی کو بلانا چاہیئے۔ عالم ہے۔ دھرم کرم سے رہتا ہے۔ ہوشیار بھی ہے۔ وہ اگر ہاتھ میں آجائے تو بازی ہماری ہے۔

رائیصاحب نے فوراً پنڈت موٹے رام کے گھر پر پیغام بھیجا۔ اس وقت شاستری جی پوجا کر رہے تھے۔ انھوں نے یہ پیغام پاتے ہی جلد پوجا ختم کی اور چل دیئے۔

"راجہ صاحب نے بلایا ہے دھنیہ بھاگ!" اہلیہ سے بولے "آج چندرما ن کچھ بلوان معلوم ہوتا ہے۔ کپڑے لاؤ دیکھوں کیوں بلایا ہے"

اہلیہ نے کہا۔ کھانا تیار ہے، کھاتے جاؤ۔ نہ جانے کب لوٹنے کا موقع ملے۔

مگر شاستری جی نے آدمی کو اتنی دیر کھڑا رکھنا مناسب نہ سمجھا۔ جاڑے کے دن تھے۔ سبز بانات کی اچکن پہنی جس پر سُرخ سنجاف تھی۔ گلے میں ایک زری کا دوپٹہ ڈالا سر پر بنارسی صافہ باندھا۔ سُرخ چوڑے کنارے کی ریشمی دھوتی پہنی اور کھڑاؤں پر چلے اُن کے چہرے پر رونق برستی تھی۔ دور ہی سے معلوم ہوتا تھا کہ کوئی مہاتما آرہے ہیں۔ راستے میں جو ملتا سر جھکاتا۔ کتنے ہی دکانداروں نے کھڑے ہو کر پالاگن کیا آج کاشی کا نام انہیں کی دولت چل رہا ہے۔ ورنہ اور کون ہے؟ کتنے منکسر مزاج ہیں! لڑکوں سے ہنس کر باتیں کرتے ہیں۔ اس ٹھاٹھ سے پنڈت جی راجہ صاحب کے مکان پر پہنچے۔ تینوں دوستوں نے کھڑے ہو کر ان کی تعظیم کی" خان صاحب بولے" کہئے پنڈت جی مزاج تو اچھے ہیں۔ واللہ آپ نمائش میں رکھنے کے قابل آدمی ہیں۔ آپ کا وزن تو دس من سے کم نہ ہوگا"

رائے صاحب۔ ایک من علم کے لئے دس من عقل چاہیئے۔ اسی قاعدہ سے ایک من عقل کے لئے دس من کا جسم ضروری ہے ورنہ اس کا بوجھ کون اُٹھائے؟

راجہ صاحب۔" آپ لوگ اس کا مطلب نہیں سمجھتے۔ عقل ایک قسم کا نزلہ ہے جب دماغ میں نہیں سماتی تو جسم میں آجاتی ہے۔

خان صاحب۔ میں نے تو بزرگوں کی زبانی سُنا ہے کہ موٹے آدمی عقل کے دشمن ہوتے ہیں"

رائے صاحب۔" آپ کا حساب کمزور تھا۔ ورنہ آپ کی سمجھ میں اتنی بات ضرور آجاتی کہ جب عقل اور جسم میں ایک اور دس کی نسبت ہے تو جتنا ہی موٹا آدمی ہوگا اتنا ہی

اس کی عقل کا وزن بھی زیادہ ہوگا۔

راجہ صاحب۔ اس سے ثابت ہوا کہ جتنا ہی موٹا آدمی اتنی ہی موٹی اس کی عقل۔

موٹے رام۔ جب موٹی عقل کی بدولت راج دربار میں پوچھ ہوتی ہے تو مجھے پتلی عقل لے کر کیا کرنا چاہیے؟

ہنسی مذاق کے بعد راجہ صاحب نے پنڈت جی کے سامنے موجودہ مسئلہ پیش کیا اور اس کے حل کی جو تدبیر سوچی تھی وہ بھی ظاہر کی۔ بولے "بس یہ سمجھ لیجیے کہ اس سال ریاست کا مستقبل پورے طور پر آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ شاید کسی آدمی کو اپنی تقدیر کے فیصلہ کا ایسا اہم موقع نہ ملا ہوگا۔ ہڑتال نہ ہوئی تو اور تو کچھ نہیں کہہ سکتے، مگر عمر بھر کسی کے دروازے جانے کی ضرورت نہ ہوگی۔ بس ایسا کوئی برت ٹھانیے کہ شہر والے تھرا اٹھیں۔ کانگریس والوں نے مذہب کی آڑ لے کر اتنی طاقت بڑھائی ہے۔ بس ایسی کوئی ترکیب نکالیے کہ عوام کے مذہبی جذبات کو ٹھیس لگے۔"

موٹے رام نے متانت سے جواب دیا۔ "یہ تو کوئی ایسا کٹھن کام نہیں ہے۔ میں تو ایسے ایسے اپائے کر سکتا ہوں کہ آسمان سے پانی برسا دوں، مری (ہیضہ) کو بھی دور کر دوں، اناج کا بھاؤ گھٹا بڑھا دوں۔ پھر کانگریس والوں کو ہرا دیا تو کوئی بڑی بات نہیں ہے۔ انگریزی پڑھے لکھے لوگ سمجھتے ہیں کہ جو کام ہم کر سکتے ہیں وہ کوئی نہیں کر سکتا۔ مگر گپت (پوشیدہ) ودیاؤں کا انہیں گیان (علم) ہی نہیں۔"

راجہ صاحب۔ "تب تو جناب یہ کہنا چاہیے کہ آپ دوسرے خدا ہیں۔ ہمیں کیا معلوم تھا کہ آپ میں یہ قدرت ہے۔ ورنہ اتنے دنوں تک کیوں پریشان ہوتے؟"

موٹے رام۔ صاحب میں چھپے دھن کا پتہ لگا سکتا ہوں۔ پتروں (آباؤ اجداد) کو بلا سکتا ہوں۔

صرف گن کا گاہک چاہیئے۔ سنسار میں گنوانوں کی کمی نہیں ہے۔ گن کے پارکھیوں کی کمی ہے۔ گن نا ہر انو گن گاہک ہر انو ہے۔"

راجہ۔ بھلا اس انوشٹھان کے لئے آپ کو کیا بھینٹ کرنا ہوگا۔

موٹے رام "آپ کی مرضی ہو"

راجہ۔ کچھ تبلا سکتے ہیں کہ یہ کونسا انوشٹھان ہوگا۔

موٹے رام۔ بلا بھوجن کے برت کے ساتھ منتروں کا جاپ ہوگا۔ سارے شہر میں ہلچل نہ مچا دوں تو موٹے رام نام نہیں۔"

راجہ۔ تو پھر کب سے۔

موٹے رام۔ آج ہی ہو سکتا ہے۔ ہاں پہلے دیوتاؤں کے "آواہن" (بلانا) کے لئے کچھ روپے دلا دیجئے۔"

روپیوں کی کمی ہی کیا تھی۔ پنڈت جی کو روپے مل گئے اور وہ خوش خوش گھر گئے بیوی سے سارا حال کہا۔ اس نے متفکرانہ لہجے میں کہا تم نے ناحق یہ روگ اپنے سر لیا۔ بھوک نہ سہہ سکے تو؟ سارے شہر میں بدنامی ہو جائے گی۔ لوگ ہنسی اڑائیں گے۔ روپے لوٹا دو۔"

موٹے رام نے تشفی دیتے ہوئے کہا۔ بھوک کیسے برداشت ہوگی؟ میں ایسا مورکھ تھوڑا ہی ہوں کہ یوں ہی جا بیٹھوں گا۔ پہلے میرے کھانے کا بندوبست کرو۔ امرتیاں اور لڈو منگاؤ۔ پیٹ بھر کھاؤں۔ پھر آدھ سیر ملائی کھاؤں گا۔ اس کے اوپر آدھ سیر بادام کی تہ جماؤں گا۔ بچی کھچی کسر ملائی (واسئے دہی سے پوری) کر دوں گا۔ پھر دیکھوں گا کہ بھوک کیونکر پاس پھٹکتی ہے۔ تین دن تک تو سانس ہی نہ لی جاوے گی، بھوک کو کون چلا دنے اتنے

میں تو سارے شہر میں کھلبلی مچ جاویگی بھاگ کا سورج اودے (طلوع) ہُوا ہے۔ اس وقت آگا پیچھا کرنے سے پچھتانا پڑے گا۔ بازار نہ بند ہُوا تو سمجھ لو کہ مالا مال ہو جاؤں گا نہیں تو یہاں گا نٹھ سے کیا جاتا ہے؟ سو روپے تو ہاتھ لگ گئے؟

ادھر تو کھانے کا بندوبست ہوا ادھر پنڈت موٹے رام نے منادی کرادی کہ شام کے وقت ٹاؤن ہال کے میدان میں موٹے رام ملک کے سیاسی مسئلہ پر لیکچر دیں گے۔ پس لوگ ضرور آویں۔ پنڈت جی ہمیشہ سیاسی اُمور سے علیحدہ رہتے تھے۔ آج وہ انہیں اُمور کے متعلق کچھ کہیں گے۔ سننا چاہیئے۔ لوگوں کو شوق ہُوا۔ پنڈت جی گھر سے بخوبی تیار ہو کر پہنچے۔ پیٹ اتنا بھرا ہُوا تھا کہ چلنا مشکل تھا۔ جیونہی یہ وہاں پہنچے حاضرین نے کھڑے ہو کر انہیں مودبانہ ڈنڈوت پرنام کیا۔

موٹے رام بولے "شہر والو، کاروباری لوگو، سیٹھو اور مہاجنو! میں نے سُنا ہے کہ تم لوگوں نے کانگریس والوں کے کہنے میں آکر بڑے لاٹ صاحب کے یہاں آنے کے موقع پر ہڑتال کرنے کا ارادہ کر لیا ہے۔ یہ کتنی بڑی نمک حرامی ہے۔ وہ چاہیں تو آج لوگوں کو توپ کے منہ پر اڑا دیں۔ سارے شہر کو کھدوا ڈالیں۔ راجہ ہیں ہنسی ٹھٹھا نہیں۔ وہ طرح دیئے جاتے ہیں۔ تمہاری غریبی پر دیا کرتے ہیں۔ اور تم گدوں کی طرح ہتیا کے بل پر کھیت چرنے کو تیار ہو۔ لاٹ صاحب چاہیں تو آج ریل بند کر دیں۔ ڈاک بند کر دیں، مال کا آنا جانا بند کر دیں۔ تب تم اؤ کیا کرو گے؟ تم ان سے بھاگ کر کہاں جا سکتے ہو؟ ہے کہیں ٹھکانا؟ اس لئے جب اسی دیش میں اور انہیں کے ماتحت رہنا ہے۔ تو اتنا جھگڑا کیوں مچاتے ہو؟ یاد رکھو تمہاری جان اُن کی مٹھی میں ہے۔ طاعون کے کیڑے پھیلا دیں تو سارے شہر میں تہلکہ مچ جاوے۔ تم

جھاڑو سے آندھی کو روکنے چلے ہو؟ خبردار جو کسی نے بازار بند کیا! نہیں تو کہے دیتا ہوں کہ نہیں دانہ پانی بنا پران دے دوں گا۔

ایک آدمی نے سوال کیا "مہاراج آپ کے پران نکلتے نکلتے مہینہ بھر سے کم نہ لگیگا۔ تین دن میں کیا ہوگا؟"

موٹے رام نے گرج کر کہا "پران بدن میں نہیں رہتا۔ برھمانڈ میں رہتا ہے۔ میں چاہوں تو یوگ کے ایکھی پران چھوڑ سکتا ہوں۔ میں نے تمہیں چتاونی دیدی۔ اب تم جانو تمہارا کام۔ میرا کہنا مانوگے تو تمہارا کلیان ہوگا۔ نہ مانوگے تو ہتیا لگے گی۔ دنیا میں کبھی منہ نہ دکھا سکو گے۔ بس یہ لو میں آسن جماتا ہوں۔"

(۳)

شہر میں یہ خبر پھیلی تو لوگوں کے ہوش اڑ گئے۔ حکام کی اس نئی چال نے ان کو متحیر سا کر دیا۔ کارکنان کانگریس تو سبھی کہتے تھے کہ یہ سب ڈھکوسلا ہے۔ سرکاری بدخواہوں نے کچھ دے دلا کر یہ سوانگ کھڑا کیا ہے۔ جب اور کوئی بس نہ چلا - فوج، پولیس، قانون سبھی تدبیروں سے ہار گئے تو یہ نئی حکمت نکالی ہے۔ یہ اور کچھ نہیں سیاست کا دیوالہ ہے۔ ورنہ پنڈت جی ایسے کہاں کے ملکی خادم تھے جو ملک کی حالت سے غمگین ہو کر برت ٹھانتے۔ انہیں لوگوں کو مرنے دو۔ دو دن میں بدل جائیں گے۔ اس نئی چال کی بسم اللہ ہی سے کاٹ دینی چاہئے۔ کہیں یہ چال چل گئی تو سمجھ لو کہ حکام کے ہاتھ میں ایک نیا ہتھیار آ جائے گا اور وہ ہمیشہ اس کا استعمال کریں گے۔ عام لوگ اتنے سمجھدار تو ہیں نہیں کہ ان چالوں کو سمجھیں۔ گیدڑ بھبکی میں آ جائیں گے۔

لیکن شہر کے بنئے مہاجن جو مذہبی معاملات میں عموماً قدامت پسند ہوتے ہیں ایسے گھبرا گئے

کہ ان پر ان باتوں کا کچھ اثر ہی نہ ہوتا تھا۔ وہ کہتے تھے۔ صاحب! آپ لوگوں کے کہنے سے سرکار سے بُرے بنے۔ نقصان اُٹھانے کو تیار ہوئے۔ کاروبار ترک کیا کتنوں کے دیوالے نکل گئے۔ افسروں کو منہ دکھانے کے لائق نہیں رہے۔ پہلے جہاں جاتے تھے حکام لوگ "آئیے سیٹھ جی" کہہ کر عزت بخشتے تھے اب ریل گاڑیوں میں دھکے کھا لیتے ہیں مگر کوئی نہیں سنتا۔ آمدنی چاہے کچھ ہو یا نہ ہو، بہیوں کا وزن دیکھ کر ٹیکس بڑھا دیا جاتا ہے۔ یہ سب سہا اور سہیں گے۔ مگر دھرم کے معاملے میں ہم آپ لوگوں کا کہنا نہیں مان سکتے۔ جب ایک دو دان کہیں اور دھرم کرم والا برہمن ہمارے لئے بے دانہ پانی چھوڑ رہا ہے تب ہم کیونکر بھوجن کریں، اور پیر پھیلا کر سوئیں؟ کہیں مر گیا، تو بھگوان کے سامنے کیا جواب دیں گے؟

خلاصہ یہ کہ کانگریس والوں کی ایک نہ چلی۔ بیوپاریوں کا ایک وفد نو بجے رات کو پنڈت جی کی خدمت میں حاضر ہوا۔ پنڈت جی نے آج کھانا خوب ڈٹ کر کھایا تھا لیکن اس طرح کھانا ان کے لئے کوئی غیر معمولی بات نہ تھی۔ مہینے میں عموماً بیس روز وہ ضرور مدعو ہوتے تھے اور دعوتوں میں شکم سیر ہو کر کھانا بالکل قدرتی بات ہے۔ اپنے ساتھیوں کی دیکھا دیکھی لاگ ڈانٹ کے دھیان میں یا مالک کے انکسار آمیز اصرار سے اور سب سے زیادہ اشیائے خوردنی کی عمدگی کے سبب کھانا حد سے زیادہ ہو ہی جاتا ہے۔ پنڈت جی کی قوت ہاضمہ ایسے امتحانوں میں پاس ہو چکی تھی۔ لیکن اس وقت کھانے کا وقت آ جانے سے اُن کی نیت کچھ ڈانواں ڈول ہو رہی تھی۔ یہ بات نہیں کہ وہ بھوک سے بے قرار تھے لیکن کھانے کا وقت آ جانے پر اگر پیٹ خوب بھرا ہوا نہ ہو تب بھی تھوڑی ہو تو من میں ہر ایک طرح کی کھانے کی خواہش پیدا ہونے لگتی ہے۔ شاستری جی کی

اس وقت یہی حالت ہو رہی تھی۔ جی چاہتا تھا کسی خوانچہ والے کو بلا کر کچھ لے لیتے مگر حکام نے ان کی جسمانی حفاظت کے لئے وہاں کئی سپاہیوں کو تعینات کر دیا تھا۔ وہ سب ہٹنے کا نام ہی نہ لیتے تھے۔ پنڈت جی کی بڑی عقل اس وقت یہی مسئلہ حل کر رہی تھی کہ ان شیطانوں کو کیسے ٹالوں؟ خواہ مخواہ ان پاجیوں کو یہاں کھڑا کر دیا۔ میں کوئی قیدی تو ہوں نہیں کہ بھاگ جاؤں گا۔

حکام نے شاید یہ انتظام اس لئے کر رکھا تھا کہ کانگریس والے جبراً پنڈت جی کو وہاں سے بھگانے کی کوشش نہ کر سکیں۔ کون جانے کیا چال چلیں؟ کہیں کسی سکتے ہی کو ان پر چھوڑیں یا دور سے پتھر پھینکنے لگیں۔ ایسے نامناسب اور ہتک آمیز سلوکوں سے پنڈت جی کی حفاظت کرنا حکام کا فرض تھا۔

وہ ابھی اسی فکر میں تھے کہ بیوپاریوں کا وفد آ پہنچا۔ پنڈت جی کہنی کے بل لیٹے ہوئے تھے، سنبھل کر بیٹھ گئے۔ پیشوان وفد نے ان کے قدم چھو کر کہا۔ مہاراج ہمارے اوپر آپ نے کیوں کوپ (غصہ) کیا ہے؟ آپ کا جو حکم ہو وہ ہمارے سر آنکھوں پر! آپ اٹھئے کھانا پینا شروع کیجئے۔ ہمیں نہیں معلوم تھا کہ آپ سچ مچ یہ برت ٹھاننے والے ہیں۔ نہیں تو ہم پہلے ہی آپ سے بنتی (عرض) کرتے۔ اب کرپا کیجیے۔ دس بجنے کا وقت ہے ہم آپ کی بات کبھی نہ ٹالیں گے۔"

"یہ کانگریس والے تمہیں ملیامیٹ کر کے چھوڑیں گے۔ آپ تو ڈوبتے ہی ہیں تمہیں بھی اپنے ساتھ لے ڈوبیں گے۔ بازار بند رہے گا تو اس سے تمہارا گھاٹا ہوگا سرکار کو کیا؟ تم نوکری چھوڑ دو گے تو آپ بھوکوں مرو گے، سرکار کو کیا، نہ جانے ان سبھوں کو کیا سنک سوار ہو گئی ہے۔ اپنی ناک کٹا کر دوسروں کا اسگن مناتے ہیں۔ تم

ان بڑے لوگوں کے بہکانے میں نہ آؤ۔ کیوں دوکانیں کھلی رکھو گے؟

سیٹھ "مہاراج جب تک شہر بھر کے آدمیوں کی پنچایت نہ ہو جائے تب تک ہم اس کا بیمہ کیسے لے سکتے ہیں؟ کانگریس والوں نے کہیں لوٹ مچا دی تو کون ہماری مدد کرے گا؟ آپ اُٹھئے بھوجن کیجئے۔ ہم کل پنچائت کر کے آپ کی خدمت میں جیسا کچھ ہوگا عرض کریں گے۔

موٹے رام " تو پھر پنچائت کر کے آنا؟"

ڈیپوٹیشن جب مایوس ہو کر لوٹنے لگا تو پنڈت جی نے کہا۔ کسی کے پاس سنگھی تو نہیں ہے؟ ایک شخص نے ڈبیا نکال کر دی۔

(۴)

لوگوں کے چلے جانے پر موٹے رام نے پولیس والوں سے پوچھا۔ تم یہاں کیوں کھڑے ہو؟ سپاہیوں نے کہا "صاحب کا حکم ہے۔ ہم کیا کریں؟"

موٹے رام "یہاں سے چلے جاؤ"

سپاہی "آپ کے کہنے سے چلے جائیں؟ کل نوکری چھوٹ جائے گی تو آپ کھانے کو دیں گے؟

موٹے رام "ہم کہتے ہیں چلے جاؤ نہیں تو ہمیں یہاں سے چلے جائیں گے۔ ہم کوئی قیدی نہیں ہیں جو تم گھیرے کھڑے ہو"

سپاہی "چلے کہاں جائیے گا۔ مجال ہے"؟

موٹے رام " مجال کیوں نہیں ہے بے؟ کوئی جرم کیا ہے؟"

سپاہی "اچھا جاؤ، تو دیکھیں"

پنڈت جی اپنے برہمی رعب میں آکر اٹھے اور ایک سپاہی کو اتنے زور سے دھکا دیا کہ وہ کئی قدم پر جا گرا۔

دوسرے سپاہیوں کی ہمت چھوٹ گئی۔ پنڈت جی کو ان سبھوں نے محض موٹا سمجھ لیا تھا، ان کی طاقت دیکھی تو چپکے سے چل دیئے۔

موٹے رام اب لگے ادھر ادھر نگاہیں دوڑانے کہ کوئی خوانچہ والا نظر آجائے تو اس سے کچھ لیں۔ مگر فوراً خیال آگیا کہ اس نے کسی سے کہہ دیا؟ تو لوگ تالیاں بجانے لگیں گے۔ نہیں، ایسی ہوشیاری سے کام کرنا چاہیئے کہ کسی کو کانوں کان خبر نہ ہو۔ ایسے سنکٹھ (تکلیف) کے موقعوں ہی پر تو بدھی کے بل کا پتہ چلتا ہے۔ ایک لمحہ میں انھوں نے اس مسئلہ کو حل کر لیا۔

اتفاقاً اسی وقت ایک خوانچہ والا جاتا دکھائی دیا۔ گیارہ بج چکے تھے۔ چاروں طرف سناٹا چھا گیا تھا۔ پنڈت جی نے آواز دی۔ خوانچے والے۔ او خوانچے والے؟

خوانچہ والا "کہیئے کیا دوں؟ بھوک لگ آئی نہ؟ اپاس چھوڑنا سادھوؤں کا کام ہے، ہمارا آپ کا کام نہیں۔"

موٹے رام۔ ابے کیا بکتا ہے؟ یہاں کیا کسی سادھو سے کم ہیں؟ چاہیں تو مہینوں پڑے رہیں اور بھوک پیاس نہ لگے۔ تجھے تو صرف اس لیے بلایا ہے کہ ذرا اپنی کپی (چراغ) مجھے دے دے۔ دیکھوں تو وہاں کیا چیز گر پڑی ہے۔ مجھے ڈر ہے کہ کہیں سانپ نہ ہو۔

خوانچے والے نے چراغ اتار کر دے دیا۔ پنڈت جی اسے لے کر ادھر ادھر زمین پر کچھ کھوجنے لگے کہ اتنے میں چراغ ان کے ہاتھ سے چھوٹ کر گر پڑا اور بجھ گیا۔ پنڈت جی نے اسے ایک ٹھوکر اور لگائی کہ بچا کھچا تیل بھی بہ جائے۔

خوانچہ والا (چراغ بلا کر) "مہاراج اس میں تو ذرا بھی تیل نہیں بچا۔ اب تک چار پیسے کا سودا بیچا۔ آپ نے یہ کھڑاگ بڑھا دیا۔"

موٹے رام "بھیا، ہاتھ ہی تو ہے، چھوٹ پڑا تو اب کیا ہاتھ ہی کاٹ ڈالوں۔ یہ لو پیسے جا کر کہیں سے تیل بھرا لو۔"

خوانچہ والا (پیسے لے کر) تو اب تیل بھرا کر یہاں تھوڑے آؤں گا۔"

موٹے رام "خوانچہ رکھے جاؤ، لپک کر تھوڑا تیل لے لو۔ نہیں مجھے سانپ کاٹ لے تو تمہیں ہتیا لگے گی۔ کوئی جانور ہے ضرور دیکھو وہ رینگتا ہے۔ غائب ہو گیا۔ دوڑو جاؤ پٹھے، تیل لیتے آؤ میں تمہارا خوانچہ دیکھتا رہوں گا۔ ڈرتے ہو تو اپنے روپے پیسے لیتے جاؤ۔"

خوانچہ والا بڑے کشمکش و پیچ میں پڑا۔ خوانچہ سے پیسے نکالتا ہے۔ تو خوف ہے کہ پنڈت جی اپنے دل میں برا مانیں، سوچیں کہ مجھے بے ایمان سمجھ رہا ہے چھوڑ کر جاتا ہے تو کون جانے ان کی نیت کیا ہو۔ آخر اس نے طے کیا کہ خوانچہ یہیں چھوڑ دوں، جو کچھ تقدیر میں ہوگا وہ ہوگا وہ ادھر بازار کی طرف چلا ادھر پنڈت جی نے خوانچہ پر نگاہ دوڑائی۔ مٹھائی بہت کم بچ رہی تھی۔ پانچ چھ چیزیں تھیں مگر کسی میں سے دو ایک سے زیادہ نکالنے کی گنجائش نہ تھی۔ بھنڈا پھوٹ جانے کا خدشہ تھا۔ پنڈت جی نے سوچا۔ گناہ اتنے سے کیا ہوگا ؟ صرف بھوک اور تیز ہو جائے گی ؟ شیر کے منہ میں خون لگ جائیگا۔ گناہ بے لذت ہے۔ اپنی جگہ پر آ بیٹھے لیکن دم بھر بعد پیاس نے پھر زور کیا۔ سوچے کہ کچھ تو ڈھارس ہو ہی جائیگی۔ کھانا کتنا ہی کم ہو پھر بھی کھانا ہی ہے۔ اٹھے اور مٹھائی نکالی مگر پہلا ہی لڈو منہ میں رکھا تھا کہ دیکھا خوانچہ والا

کپتی جلائے قدم بڑھاتا ہوا چلا آرہا ہے۔ اس کے پہنچنے کے قبل مٹھائی کا ختم ہونا ضروری تھا۔ ایک ساتھ دو چیزیں منہ میں رکھیں۔ ابھی چبا ہی رہے تھے کہ وہ شیطان دس قدم اور آگے بڑھ آیا۔ ایک ساتھ چار چیزیں منہ میں ڈالیں اور ادھ کچلی ہی نگل گئے ابھی چھ اور تھیں اور خوانچہ والا پھاٹک تک آچکا تھا۔ سب کی سب مٹھائی منہ میں ڈال لی۔ اب نہ نگلتے بنتا ہے نہ اُگلتے اور وہ شیطان موٹر کی طرح کپتی چمکاتا چلا ہی آتا ہے۔ جب وہ بالکل سامنے آگیا تو پنڈت جی نے جلدی سے ساری مٹھائی نگل لی۔ مگر آخر آدمی ہی تھے کوئی مگر گھڑیال تو تھے نہیں۔ آنکھوں میں پانی بھر آیا۔ گلا پھنس گیا۔ بدن کے رونگٹے کھڑے ہو گئے۔ زور سے کھانسنے لگے۔ خوانچہ والے نے تیل کی کپی بڑھاتے ہوئے کہا۔ یہ لیجیے دیکھ لیجیے۔ چلے تو ہیں آپ اُپاس (فاقہ) کرنے مگر جان کا اتنا ڈر رہے آپ کو کیا پروا اجان بھی نکل جائیگی۔ تو سرکار بال بچوں کی پروستی (پرورش) کرے گی۔

پنڈت جی کو غصہ تو ایسا آیا کہ اس پاجی کو کھوٹی کھری سنا دیں مگر گلے سے آواز نہ نکلی۔ کپتی چپکے سے لے لی اور جھوٹ موٹ ادھر اُدھر دیکھ کر لوٹا دی۔

خوانچہ والا " آپ کو کیا پڑی تھی جو چلے سرکار کا پچھ (طرفداری) کرنے؟ کہیں کل دن بھر پنچائت ہوگی تب رات تک جاکر کچھ طے ہوگا۔ تب تک تو آپ کی آنکھوں میں تتلیاں اڑنے لگیں گی۔ یہ کہہ کر وہ چلا گیا اور پنڈت جی بھی تھوڑی دیر تک کھانسنے کے بعد سو رہے۔

(۵)

دوسرے دن سویرے ہی سے بیوپاریوں نے صلاح مشورہ شروع کیا۔ ادھر کانگرس والوں میں بھی کھلبلی مچی۔ امن سبھا کے عہدہ داروں نے بھی کان کھڑے کئے یہ تو ان بھولے بھالے نبیوں کو دھوکا دینے کی اچھی ترکیب ہاتھ آئی۔ پنڈت سماج نے الگ ایک سبھا کی اور اس میں یہ طے کیا

کہ پنڈت موٹے رام کو سیاسی معاملات میں پڑنے کا کوئی اختیار نہیں ہے، ہمارا ان معاملات سے کیا تعلق؟ غرض سارا دن اسی بحث مباحثے میں گزر گیا۔ اور کسی نے پنڈت جی کی خبر نہ لی۔ لوگ علانیہ کہتے تھے کہ پنڈت جی نے ایک ہزار روپے سرکار سے لیکر یہ نوشتھان کیا ہے۔ بیچارے پنڈت جی نے رات لوٹ کر کاٹی مگر اٹھے تو بدن مردہ سا معلوم ہوتا تھا کھڑے ہوتے تھے تو آنکھیں تلملانے لگتی تھیں، سر میں چکر آجاتا تھا۔ پیٹ میں جیسے کوئی بیٹھا ہوا کرید رہا ہو۔ سڑک کی طرف آنکھیں لگی ہوئی تھیں کہ لوگ منانے تو نہیں آرہے ہیں۔ پوجا پاٹ کا وقت اسی انتظار میں گزر گیا۔ اس وقت پوجا کے بعد روز ناشتہ کیا کرتے تھے، آج ابھی منہ میں پانی بھی نہ گیا تھا۔ نہ جانے وہ شبھ گھڑی کب آوے گی۔ پھر پنڈتائن پر غصہ آنے لگا۔ آپ تو رات کو بھر پیٹ کھا کر سوئی ہوئی ہوگی، اس وقت بھی جل پان (ناشتہ) کر ہی چکی ہونگی۔ مگر ادھر بھول کر بھی نہ جھانکا، کہ مرے یا جیئے ہیں۔ کچھ بات کرنے ہی کے بہانے سے کیا تھوڑا سا موہن بھوگ بنا کر نہ لا سکتی تھی؟ مگر کسے اتنی فکر ہے؟ روپیہ لے کر رکھ لیئے، پھر جو کچھ ملے گا اُسے بھی لے کر رکھ لے گی۔ مجھے اچھا اُلو بنایا۔

قصہ کوتاہ پنڈت جی نے تمام دن انتظار کیا مگر کوئی منانے والا نظر نہ آیا۔ لوگوں کے دل میں جو شبہ پیدا ہوا تھا کہ پنڈت جی نے کچھ لے دے کر یہ سوانگ بھرا ہے محض اپنی خود غرضی کے سبب سے ڈھکوسلا کھڑا کیا ہے وہی اُن کو منانے میں عارض ہوتا تھا۔

(۶)

رات کے نو بج گئے تھے سیٹھ بھوندومل نے جو بیوپاری سماج کے پیشوا تھے، تیقّن آمیز لہجہ میں کہا۔ مان لیا کہ پنڈت جی نے کسی لالچ ہی سے یہ برت کیا ہے مگر اس سے وہ تکلیف تو کم نہیں ہو سکتی جو دانہ پانی کے ہر جاندار کو ہوتی ہے۔ یہ دھرم کے خلاف ہے۔

کہ ایک برہمن ہمارے اوپر دانہ پانی چھوڑ دے اور ہم پیٹ بھر بھر کر چین کی نیند سوئیں۔ اگر انہوں نے دھرم کے خلاف کام کیا ہے تو اس کا ڈنڈ انہیں بھوگنا پڑے گا۔ ہم کیوں اپنے فرض سے منہ موڑیں؟

کانگریس کے سکریٹری نے دبے ہوئے لہجہ میں کہا "مجھے تو جو کچھ کہنا تھا وہ کہہ چکا۔ آپ لوگ سماج کے پیشوا ہیں، جو فیصلہ کریں منظور ہے چلئے میں بھی آپ کے ساتھ چلا چلوں گا۔ دھرم کا کچھ حصہ مجھے بھی مل جائے گا۔ مگر ایک عرض سن لیجئے۔ آپ لوگ پہلے مجھے وہاں جانے دیجئے۔ میں تنہائی میں ان سے دس منٹ باتیں کرنا چاہتا ہوں۔ آپ لوگ پھاٹک پر کھڑے رہئے گا۔ جب میں وہاں سے لوٹ آؤں تو پھر جائیے گا۔"

اس میں کسی کو کیا اعتراض ہو سکتا تھا۔ عرض قبول ہوئی۔

سکریٹری صاحب پولیس کے محکمہ میں بہت روز رہ چکے تھے۔ انسانی کمزوریوں سے واقف تھے۔ وہ سیدھے بازار گئے اور پانچ روپے کی مٹھائی خریدی۔ اس میں اندازے سے زیادہ خوشبو ڈالنے کا بندوبست کیا، نقرئی ورق لگوائے اور ایک دونے میں لئے ہوئے برہمن دیوتا کی پوجا کرنے چلے۔ ایک مٹی کی صراحی میں ٹھنڈا پانی لیا اور اس میں کیوڑا ملایا۔ دونوں ہی چیزوں سے تیز خوشبو اڑ رہی تھی۔ خوشبو میں کتنی محرک قوت ہے اسے کون نہیں جانتا۔ اس سے بلا بھوک کے بھوک لگتی ہے۔ پھر بھوکے آدمی کی تو بات ہی کیا ہے؟

پنڈت جی اس وقت بدحواس زمین پر پڑے تھے۔ رات کو کچھ نہیں ملا۔ دس پانچ چھوٹی چھوٹی مٹھائیوں کا کیا شمار؟ دوپہر کو کچھ نہیں ملا اور اس وقت بھی کھانے کا وقت گذر چکا تھا۔ بھوک میں اب امید کی بیتابی نہیں، مایوسی کا سکون تھا۔ سارے اعضا سست پڑ گئے تھے یہاں تک کہ آنکھیں بھی نہ کھلتی تھیں۔ انہیں کھولنے کی بار بار کوشش کرتے تھے

خود بخود بند ہو جاتیں۔ ہونٹ خشک ہو گئے تھے۔ زندگی کی کوئی علامت تھی تو بس ان کا آہستہ آہستہ کراہنا۔ ایسی سخت مصیبت ان پر کبھی نہ پڑی تھی۔ بدہضمی کی شکایت تو انہیں مہینے میں دو چار بار ہو جاتی تھی جسے وہ ہڑ وغیرہ کی پھنکیوں سے دور کر لیا کرتے تھے مگر بدہضمی میں ایسا کبھی نہ ہوا تھا کہ انکھوں نے نذرانہ ترک کر دی ہو۔ اہلیان شہر کو، امن سبھا کو، کمہار کو، ایشور کو، کانگرس کو، دھرانی اہلیہ کو بھی کو کوس چکے تھے۔ کسی سے کوئی نہ تھی۔ اب اتنی سکت بھی نہ رہی تھی کہ خود کھڑے ہو کر بازار جا سکیں۔ یقین ہو گیا کہ آج راستہ کو جان ضرور نکل جائے گی۔ زندگی کا دھاگا کوئی رسی تو ہے نہیں کہ چاہے جتنے جھٹکے دو، ٹوٹنے کا نام نہ لے۔

سیکرٹری نے پکارا "شاستری جی!"

موٹے رام نے بڑے بڑے آنکھیں کھول دیں۔ اُن میں درد و غم بھرا ہوا تھا جیسے کسی لڑکے کے ہاتھ سے کوا مٹھائی لے گیا ہو۔

سیکرٹری نے دونے کی مٹھائی سامنے رکھ دی اور صراحی پر ٹی کا آبخورا رکھ دیا۔ اس کام سے فارغ ہو کر بولے "یہاں کب تک پڑے رہیے گا؟"

خوشبو نے پنڈت جی کے حواس پر امرت کا کام کیا۔ پنڈت جی اٹھ بیٹھے اور بولے "دیکھو کب تک فیصلہ ہوتا ہے۔"

سکریٹری۔ یہاں کچھ فیصلہ وغیرہ نہ ہوگا۔ آج دن بھر پنچایت ہوئی کچھ طے نہ ہوا۔ کل کہیں شام کو لاٹ صاحب آویں گے اس وقت تک تو نہ جانے آپ کی کیا حالت ہو گی۔ آپ کا چہرہ بالکل زرد پڑ گیا ہے۔"

موٹے رام۔ نہیں مرنا بدا ہو گا تو کون ٹال سکتا ہے؟ اس دونے میں قلاقند ہے کیا؟

سکریٹری۔ ہاں طرح طرح کی مٹھائیاں ہیں۔ ایک رشتہ دار کے یہاں باین بھیجنے کو خاص طور پر تیار کرائی ہیں۔"

موٹے رام۔ "جبھی ان میں اتنی خوشبو ہے۔ دونا کھولئے تو۔"

سکریٹری نے مسکرا کر دونا کھولدیا تو پنڈت جی آنکھوں سے مٹھائیاں کھانے لگے اندھا آنکھیں پاکر بھی دنیا کو ایسی حرص انگیز نگاہوں سے نہ دیکھے گا۔ منہ میں پانی بھر آیا سکریٹری نے کہا

"آپ کا برت نہ ہوتا تو دو چار مٹھائیاں آپ کو چکھاتا۔ پانچ روپے سیر کے دام دیئے ہیں۔"

موٹے رام "تب تو بہت ہی بڑھیا ہونگی۔ میں نے بہت دن ہوئے قلاقند نہیں کھائی۔"

سکریٹری۔ "آپ نے بھی تو بیٹھے بٹھائے جھنجھٹ مول لے لیا۔ جان ہی نہ رہے گی تو روپیہ کس کام آوے گا؟"

موٹے رام "کیا کروں؟ پھنس گیا۔ میں اتنی مٹھائیوں کا جل پان کر جاتا تھا۔ ذرا ان مٹھائیوں کو ٹٹول کر، بھولا کی دوکان کی ہوں گی؟"

سکریٹری "چکھئے دو چار"

موٹے رام کیا چکھوں دھرم سنکٹ میں پڑا ہوں۔"

سکریٹری۔ "اجی چکھئے بھی اس وقت جو آنند ملے گا وہ لاکھ روپیے میں بھی نہیں مل سکتا۔ کوئی کسی سے کہنے جاتا ہے کیا؟"

موٹے رام "مجھے ڈر کس کا ہے؟ میں یہاں دانہ پانی بنا مر رہا ہوں اور کسی کو پروا ہی

نہیں ہے تو پھر مجھے کیا ڈر؟ یا تو ادھر دونا بڑھاؤ۔ جاؤ سب سے کہہ دینا کہ شاستری جی نے برت توڑ دیا۔ بھاڑ میں جائے بازار اور بیوپار! یہاں کسی کی پرواہ نہیں۔ جب کسی میں دھرم نہیں رہا تو پیسے ہی دھرم کا بیڑا اٹھاتے ہیں اٹھایا ہے۔

یہ کہہ کر پنڈت جی نے دونا اپنی طرف کھینچ لیا اور لگے جھپٹ جھپٹ کر ہاتھ مارنے یہاں تک کہ ایک لمحہ میں لڈو اور دونا ختم ہو گیا۔ بہت لوگ تو چبوترے پر کھڑے تھے سیکرٹری نے جا کر تھال اور دونا دکھایا۔ آپ لوگوں کو شاباش رکھوانا پڑے گا نہ خوشامد کرنی پڑے گی میں نے ساری مشکلیں حل کر دیں۔ یہ کانگریس کا اقبال ہے۔"

چاندنی چھٹکی ہوئی تھی۔ لوگوں نے آ کر دیکھا کہ پنڈت جی مٹھائی ٹھکانے لگانے میں ویسے ہی محو ہیں جیسے کوئی پیاسا آدمی پانی پر گرا ہو!

قاضی مدد نے کہا "پنڈت جی! کیسے ان چھوٹا ہوا! ہم لوگ تو آپ ہی کے بھروسے تھے آپ نے کیوں جلدی کی؟ ابھی ترکیب بتانے کو آپ کا برت کبھی نہ ٹوٹتا اور کام بھی پورا ہو جاتا۔"

موٹے رام "میرا کام پورا ہو گیا۔ سورگ کا آنند ہے جو حلق کے تھپیڑوں سے نہیں مل سکتا ۔۔۔ اگر کچھ شردھا اعتقاد ہو تو اسی دکان کی اتنی مٹھائی اور منگوا دو۔"[1]

---

[1] ہم یہ کہنا بھول گئے کہ سیکرٹری صاحب کو میدان میں آتے وقت پولیس کے سپاہی کو سمجھا بجھا دینے پڑے تھے۔ یہ خلاف قاعدہ تھا لیکن سیکرٹری نے اس بات پر ڈرامہ سے سمجھا دیا تھا۔

مزارِ آتشیں

(۱)

اہلِ کمال کی صحبت میں بُرے بھی بھلے ہوجاتے ہیں۔ مگر پاگ کی بدنصیبی تھی کہ اس پر اس کا اُلٹا اثر ہوا۔ اُسے گانجہ چرس اور بھنگ کی چاٹ پڑ گئی اور کاہلی تو اس کا لازمی نتیجہ تھی۔ بنگ و دو اور تگ و تازہ میں یہ لطف کہاں! کسی برگد کے سائے میں دھونی لگی ہوئی، ایک جٹا دھاری مہاتما رونق افروز ہیں۔ عقیدتمندوں کا ایک حلقہ مؤدب بیٹھا ہوا ہے۔ اور چرس کے دم لگ رہے ہیں۔ چلم بھرنا پاگ کا کام تھا۔ عقیدت مندوں کو ثواب کے لئے پرلوک کا انتظار کرنا پڑتا تھا۔ لیکن پاگ کی تقدیر اپنے ہاتھ میں تھی۔ چلم پر پہلا حق اسی کا ہوتا تھا۔ آہ! مہاتماؤں کی ان صحبتوں میں اسے کتنا روحانی سرور حاصل ہوتا تھا۔ اس پر بیخودی طاری ہوجاتی تھی۔ وہ کسی دوسری منور اور مرصع دنیا میں پہنچ جاتا تھا۔ اس لئے جب اس کی بیوی رکمنی رات کے دس بج جانے پر اُسے بلانے آتی تو پاگ کو حقیقت تلخ کا تجربہ ہوتا۔ دنیا اُسے ایک پُرخار جنگل سی نظر آتی۔ بالخصوص جب گھر آنے پر اُسے معلوم ہوتا کہ چولھا نہیں جلا اور چنے چبینے کی فکر کرنا ہے۔ وہ ذات کا بھر تھا۔ گاؤں کی چوکیداری اس کی ملکیت تھی۔ دو روپے اور کچھ آنے تنخواہ کے ملتے تھے۔ وردی اور صافہ مفت تھا۔

ہفتے میں ایک دن تھانے جاتا ، وہاں حکام کے دروازوں پر جھاڑو لگاتا ۔ اصطبل صاف کرتا اسی قبیل کے اور دوسرے کام کرتا جو بہ ضرورت کئے جاتے تھے ، کیونکہ سرکشی مالی اور جسمانی دونوں ہی پہلوؤں سے مہنگی پڑتی تھی ۔ آنسو یوں سمجھتے تھے کہ چوکیداری میں اگر کوئی کام تھا تو اتنا ہی ، اور چار دن کے لئے دو روپے کئی آنے کم نہ تھے ۔ پھر گاؤں میں اگر بڑے آدمیوں پر نہیں تو رذیلوں پر رُعب تھا ۔ تنخواہ پنشن تھی ، اور جب سے مہاتماؤں کی صحبت شروع ہوئی پیاگ کے صرفِ خاص کی مد میں آگئی اور معاش کا مسئلہ روز بروز تشویشناک صورت اختیار کرنے لگا ۔ ان صوفیانہ چرچوں کے قبل دونوں گاؤں میں مزدوری کرتے تھے ۔ رُکمن لکڑیاں توڑ کر بازار لے جاتی ۔ پیاگ کبھی آرا کشی کرتا کبھی ہل جوتتا ۔ اُسے کسی کام سے عار نہ تھا ۔ ہنس مکھ ، زندہ دل نیک نیت اور محنتی آدمی تھا ۔ اور ایسا آدمی کبھی بھوکوں نہیں مرتا ۔ پھر خدمتگزار ایسا کہ کسی کام کے لئے نہیں نہ کرتا ، کسی نے کچھ کہا اور وہ اچھا بھیا کہہ کر دوڑا ۔ اس لئے گاؤں میں اس کا رسوخ اور وقار کافی تھا ۔ اس کی بدولت صوفیانہ مجلسوں کے باوجود دو تین سال تک اس کی آرام سے بسر ہوئی ۔ دونوں وقت کا تو ذکر ہی کیا جب مہتو کو یہ بات حاصل نہ تھی جس کے دروازے پر چھ بیل بندھے نظر آتے تھے تو پیاگ کی کیا ہستی تھی ۔ ہاں ایک وقت کی دال روٹی میں کلام نہ تھا مگر یہ مسئلہ روز بروز دشوار تر ہوتا جاتا تھا ۔ اس پر مزید یہ کہ رُکمن بھی اب کسی وجہ سے اتنی وفاکیش ، اتنی جاں سپار اتنی جفاکش نہ تھی ۔ اس کی قوت اطاعت اور ایمان میں حیرت انگیز تغیر ہوتا جاتا تھا ۔ پیاگ کسی ایسے سخی کی تلاش میں تھا جو اُسے فکرِ معاش سے آزاد کر دے اور وُہ بے غل و غش سرورِ روحانی سے بہرہ اندوز ہو ۔ ایک دن رُکمنی بازار سے لکڑیاں بیچ کر لوٹی تو پیاگ نے

کہا "لاکچھ پیسے مجھے دیدے، دم لگا آؤں" رکمنی نے منہ پھیر کر کہا "دم لگانے کا شوق ہے تو کام کیوں نہیں کرتے، کیا آج کل کوئی بابا نہیں ہیں؟

پیاگ: "بھلا چاہتی ہے تو پیسے دیدے۔ نہیں اس طرح تنگ کریگی تو ایک دن میں کہیں نکل جاؤں گا۔ تب روئے گی"

رکمنی نے انگوٹھا دکھا کر کہا "روئے میری بلا۔ تم نکل جاؤگے تو میں بھوکوں نہ مر جاؤں گی اب بھی چھاتی پھاڑ کر کماتی ہوں تب بھی چھاتی پھاڑ کر کماؤں گی"

پیاگ "تو یہی پھیسلا ہے"

رکمنی "ہاں ہاں کہہ تو دیا میرے پاس پیسے نہیں ہیں۔ تمہارا جو جی چاہے کرو"

پیاگ "گہنے بنوانے کے لئے پیسے ہیں۔ اور میں پیسے مانگتا ہوں تو یوں جواب دیتی ہے"

رکمنی نے تنا کر کہا "گہنے بنواتی ہوں تو تمہاری چھاتی کیوں پھٹتی ہے۔ تم نے ایک پیتل کا چھلا بھی تو نہیں دیا۔

پیاگ اس دن گھر نہ آیا۔ رات کے نو بج گئے تب رکمنی نے کھانا پی کر کواڑ بند کر لئے۔ سمجھی کہیں گاؤں میں چھپا بیٹھا ہوگا۔ سمجھتا ہوگا۔ مجھے منانے آئیگی۔ میری بلا جائے۔ دوسرے دن بھی پیاگ نہ آیا۔ تب رکمنی کو اندیشہ ہوا۔ گاؤں بھر دیکھ آئی کسی اڈے پر پتہ نہ ملا۔ اس دن اس نے رسوئی نہیں بنائی۔ رات کو لیٹی بھی تو بہت دیر تک آنکھیں نہ لگیں۔ خوف ہو رہا تھا پیاگ سچ مچ تو سادھو نہیں ہو گیا۔ اس نے سوچا سویرے چل کر پتا پتا چھان ڈالوں گی۔ کسی سادھو سنت کے پاس بیٹھا ہوگا۔ سویرے وہ چلنے کی تیاری کر رہی تھی کہ تیاگ آتا ہوا دکھائی دیا۔ مگر اکیلا نہ تھا۔ اس کے پیچھے

پیچھے ایک عورت تھی، اس کی چھینٹ کی نئی ساری، رنگی ہوئی چادر، اور شرمیلی چال دیکھ کر رکمنی کا کلیجہ دھک سے ہو گیا، وہ ایک لمحے تک مفلوج سی کھڑی رہی۔ تب اس نے بڑھ کر نئی سوت کو ہاتھوں سے سنبھال لیا اور اُسے اس طرح آہستہ آہستہ گھر کے اندر لے چلی جیسے کوئی مریض علاج سے مایوس ہو کر زہر کا گھونٹ حلق کے اندر لے جائے۔ جب محلے کی عورتوں کا ہجوم کم ہوا تو رکمنی نے پیاگ سے پوچھا۔ "اسے کہاں سے لائے؟" پیاگ نے ہنس کر کہا۔ "گھر سے بھاگی جاتی تھی مجھے راستے میں مل گئی ساتھ لے آیا۔ گھر کا کام دھندا کرے گی پڑی رہے گی۔"

رکمنی۔ "معلوم ہوتا ہے مجھ سے تمہارا جی بھر گیا۔"

پیاگ "دت پگلی! اسے تیری سیوا ٹہل کرنے کو لایا ہوں۔"

رکمنی نے تیکھی نظروں سے دیکھ کر کہا "نئی کے آگے پرانی کو کون پوچھتا ہے۔"

پیاگ "چل من جس سے ملے وہی نئی ہے۔ جس سے من نہ ملے وہ پرانی ہے۔ لا کچھ پیسے ہوں تو دیدے۔ تین دن سے دم نہیں لگائی۔ پیر سیدھے نہیں پڑتے۔ ہاں دیکھ دو چار دن اس بیچاری کو کھلا پلا دے۔ پھر تو آپ ہی کام کرنے لگے گی۔"

رکمنی نے سمو چار روپیہ لاکر پیاگ کو دے دیا۔ دوسری بار کہنے کی ضرورت نہ پڑی۔

(۳)

پیاگ میں اور چاہے کوئی ناوہ ہو یا نہ ہو مگر یہ تسلیم کرنا پڑے گا کہ وہ سیاست کے ابتدائی اصولوں سے واقف تھا۔ اس نے افتراق کی پالیسی پر عمل کرنے کا تہیہ کر لیا تھا۔ ایک مہینے تک کسی قسم کی پریشانی نہ ہوئی۔ رکمنی بے عذر ہو گئی تھی۔ بڑے سویرے اٹھتی اور کبھی لکڑیاں توڑ کر کبھی چارا کاٹ کر کبھی اپلے پاتھ کر بازار چلی جاتی۔ وہاں جو کچھ ملتا۔

اس کا نصف تو پیاگ کے مٹھے چڑھتا اور نصف میں گھر کا کام چلتا۔ وہ سوت کو کوئی کام نہ کرنے دیتی۔ پڑوسیوں سے کہتی "بہن سوت ہے تو کیا ہے تو اپنی بہن یا۔ دو چار مہینے بھی آرام سے نہ رہے گی تو کیا یاد کرے گی۔ میں تو کام کرنے کو ہوں ہی۔" گاؤں بھر میں اس کی وضعداری کا چرچا ہونے لگا۔ مگر صحبت یافتہ گھاگ۔ پیاگ سب کچھ سمجھتا تھا اور اپنی پالیسی کی کامیابی پر خوش ہوتا تھا۔

ایک دن نئی بہو نے کہا "دیدی اب تو گھر میں بیٹھے بیٹھے جی اُکتا ہے۔ مجھے بھی کوئی کام دلا دو۔"

رکمنی۔ کیا میرے منہ میں کالک پتوانے پر لگی ہوئی ہے۔ بھیتر کا کام کئے جا۔ باہر کیواسطے تو میں ہوں ہی۔"

بہو کا نام سلیا تھا۔ اس وقت تو سلیا نے کچھ جواب نہ دیا لیکن یہ لونڈیوں کی زندگی اس کے لئے نا قابل برداشت ہو رہی تھی۔ "دن بھر گھر کا کام کروں کوئی نہیں پوچھتا وہ باہر سے چار پیسے لاتی ہے تو مالکن بنی ہوئی ہے۔ اب میں بھی مزدوری کروں گی۔ اور اس کا گھمنڈ توڑ دوں گی۔" پیاگ پیسے کا یار ہے۔ یہ حقیقت اس پر رفتہ رفتہ واضح طور پر آشکارا ہو گئی۔ جب رکمنی چارہ لے کر بازار چلی گئی تو گھر کی بنی لگا کی گاؤں میں اپنا تعارف کرنے چلی گاؤں میں بامہن ٹھاکر کا ستھ بنئے سبھی تھے۔ ان سب گھروں میں سلیا کی آؤ بھگت ہوئی۔ کسی نے چاول دیا کسی نے کچھ۔ دوسرے دن سے سلیا پسائی کرنے لگی اس نے دائرہ عمل میں قدم رکھا۔ پھر رات ہی سے چکی کی آواز آنے لگی۔

پیاگ نے پوچھا "آج سلیا بڑے سویرے سے پیسنے لگی۔"

رکمنی۔ "پیسنے کو کیا تھا۔ میں تو بازار سے آٹا لائی ہوں۔ جا کر دیکھتی ہوں نا۔"

رکمنی نے بروٹھے میں جاکر دیکھا تو سلیا ایک ٹوکری میں دس پندرہ سیر گیہوں رکھے پیس رہی تھی۔ رکمنی نے جاکر اس کا ہاتھ پکڑ لیا اور گیہوں کی ٹوکری اٹھاکر بولی۔ "تجھ سے پیسنے کو کس نے کہا ہے؟ کس کا گیہوں پیس رہی ہے؟"

سلیا نے بیباکانہ انداز سے کہا "تم جاکر آرام سے سوتیں کیوں نہیں۔ میں پیستی ہوں تو تمہارا کیا بگڑتا ہے۔ چکی کی گھمر گھمر بھی نہیں سہی جاتی۔ لاؤ ٹوکری دیدو۔ بیٹھے بیٹھے کب تک کھاؤں گی۔ دو مہینے تو ہو گئے۔"

رکمنی۔ "میں نے تجھ سے کچھ نہیں کہا۔"

سلیا۔ "تم کہو چاہے نہ کہو۔ اپنا دھرم بھی تو کچھ ہے۔"

رکمنی "تو ابھی یہاں کے آدمیوں کو نہیں جانتی۔ آٹا پیاتے تو سب کو اچھا لگتا ہے، پیسے دیتے وقت البتہ روتے ہیں۔ کس کا گیہوں ہے میں سویرے اس کے گھر پہنچا آؤں گی۔"

سلیا نے رکمنی کے ہاتھ سے ٹوکری چھین لی اور بولی "پیسے کیوں نہ دیں گے کچھ بیگار کرتی ہوں۔" رکمنی۔ "تو نہ مانے گی۔"

سلیا۔ نہیں "تمہاری لونڈی بن کر نہ رہوں گی۔"

پیاگ یہ تکرار سن کر آپہنچا اور رکمنی سے بولا کام کرتی ہے تو کرنے دے اب کیا جنم بھر پاہنی رہے گی ہو تو گئے دو مہینے۔

رکمنی۔ "تم کیا جانو تاک تو میری کٹے گی۔"

سلیا۔ "تو کیا کوئی بیٹھے بیٹھے کھلا دیتا ہے۔ چوکا برتن جھاڑو دینا کوٹنا یہ کون کرتا ہے۔ پانی کھینچتے کھینچتے میرے ہاتھوں میں گھٹے پڑ گئے۔ مجھ سے اب یہ تمہارا کام نہ

نہ ہوگا۔

پیاگ۔ تو ہی بجار جایا کر، گھر کا کام رہنے دے رکمنی کرے گی۔

رکمنی۔ ایسی بات منہ سے نکالتے لاج نہیں آتی۔ تین دن کی بہو یا بجار میں گھومے گی تو سنسار کیا کہے گا۔

سلیا۔ سنسار کیا کہے گا کیا کوئی عیب کرنے جاتی ہوں۔

سلیا کی ڈگری ہوگئی۔ عنانِ حکومت رکمنی کے ہاتھ سے نکل گئی۔ سلیا کی عملداری ہوئی۔ جوان عورت تھی۔ گیہوں بیس کر اٹھی تو اور عورتوں کے ساتھ گھاس چھیلنے چلی گئی اور اتنی گھاس چھیلی کہ سب دنگ رہ گئیں۔ گٹھا اٹھائے نہ اٹھتا تھا۔ جو مرد اس کام میں بہت مشاق تھے۔ ان سے بھی اس نے بازی مار لی۔ یہ گٹھا ۱۲ کو بکا۔ سلیا نے آٹا، چاول، دال، تیل، نمک، ترکاری، مسالا سب کچھ لیا۔ پھر بھی اس کے پاس ۴ بچ رہے۔ رکمنی نے سمجھ رکھا تھا کہ سلیا بازار سے دو چار آنے پیسے لے کر لوٹے گی تو اسے ڈانٹوں گی اور دوسرے دن سے پھر بازار جانے لگوں گی۔ مگر یہ سامان دیکھے تو اس کی آنکھیں کھل گئیں۔

پیاگ کھانے بیٹھا تو مسالے دار ترکاری سے لب بند ہو رہے تھے۔ مہینوں سے ایسی لذیذ چیز میسر ہوئی تھی۔ بہت خوش ہوا۔ کھانا کھا کر باہر جانے لگا تو سلیا بروٹھے میں کھڑی تھی۔ بولا آج کتنے پیسے ملے۔

سلیا۔ بارہ آنے ملے تھے۔

پیاگ۔ سب خرچ کر ڈالے۔ کچھ بچے ہوں تو مجھے دیدے۔

سلیا نے بچے ہوئے چار آنے نکال کر دیدیئے۔ پیاگ پیسے کھنکھناتا ہوا بولا

"تو نے تو آج مالامال کر دیا، رکمنی تو اتنے پیسے کبھی نہ دیتی تھی۔"

سلیا۔ "مجھے بٹور کر رکھنا تھوڑا ہے، پیسے کھانے پینے کے لئے ہیں کا ڑکر رکھنے کے لئے؟"

پیاگ۔ "اب تو ہی بجار جایا کر۔ رکمنی گھر کا کام کرے گی اور دیکھ میں یہیں لیٹوں گا، جرا چلی آنا۔ تجھ سے کچھ باتیں کرنی ہیں۔"

(۳)

رکمنی اور سلیا میں اب معرکۂ کارزار گرم ہو گیا۔ سلیا برسرِ اختیار رہنے کے لئے روز بروز زیادہ محنت کرتی۔ پہر رات سے گیہوں پیستی۔ پھر گھاس لاتی اور بازار جاتی وہاں سے لوٹ کر جو گھنٹے آدھ گھنٹہ وقت بچتا اسے بھی بیکار نہ کھوتی۔ سن کاتتی، رسی بٹتی۔ رکمنی اس کے انتظام میں نقص نکالا کرتی اور جب موقع ملتا گوبر بٹور کر اپلے پاتھتی اور گاؤں ہی میں اپلے بیچ کر پیسے لاتی۔ پیاگ کے دونوں ہاتھوں میں لڈو تھے دونوں بیویاں اسے زیادہ سے زیادہ پیسے دیتیں اور اس کی خوشنودیٔ مزاج کا بیشتر حصہ اپنے تصرف میں کرنے کی کوشش کرتی رہتیں۔ مگر سلیا نے کچھ ایسا آسن جما لیا تھا کہ کسی طرح ہٹائے نہ ہٹتی تھی۔ یہاں تک کہ ایک دن میں دونوں میں اعلانِ جنگ ہو گیا۔ سلیا گھاس لے کر آئی تو پسینے میں تر تھی۔ پھاگن کا مہینہ تھا دھوپ تیز تھی۔ اس نے سوچا نہا کر تب بازار جاؤں۔ گھاس دروازے پر رکھ کر وہ تالاب نہانے چلی گئی۔ رکمنی نے تھوڑی سی گھاس نکال کر پڑوسن کے گھر میں چھپا دی اور گٹھے کو ڈھیلا کر کے رکھ دیا۔ سلیا نہا کر لوٹی تو گھاس کم معلوم ہوئی۔ رکمنی سے پوچھا۔ اس نے لاعلمی جتائی۔ سلیا نے گالیاں دینا شروع کیں جس نے میری گھاس چھوئی ہو۔ اس کے بدن

میں کیڑے پڑیں، اس کے باپ اور بھائی مر جائیں، اس کی آنکھیں پھوٹ جائیں۔

رکمنی کچھ دیر تک ضبط کئے بیٹھی رہی مگر آخر خون میں اُبال آ ہی گیا۔ جھلا کر اُٹھی اور سلیا کے دو تین طمانچے لگا دیئے۔ سلیا ڈاڑھیں مار مار کر رونے لگی، سارا محلہ جمع ہو گیا۔ سلیا نے اپنے حُسنِ خدمات سے گاؤں والوں میں حسد کی آگ مشتعل کر دی تھی۔ وہ سب سے زیادہ گھاس کیوں چھیلتی ہے؟ سب سے زیادہ لکڑیاں کیوں توڑ لاتی ہے؟ اتنے سویرے کیوں اُٹھتی ہے، اتنے پیسے کیوں لاتی ہے، اِن وجوہ نے اسے پڑوسیوں کی ہمدردی سے محروم کر دیا تھا۔ سب اسی کو بُرا بھلا کہنے لگیں۔ مٹھی بھر گھاس کے لیئے اتنا ادھم مچا ڈالا۔ اتنی گھاس تو آدمی جھاڑ کر پھینک دیتا ہے۔ پھر تمہیں سوچنا چاہیئے تھا کہ اگر کسی نے لے لی ہے تو گاؤں گھر ہی کا ہو گا۔ باہر کا کوئی چور تو آیا نہیں تم نے اتنی گالیاں کس کو دیں، پڑوسیوں کو ہی تو۔

اُس دن پیاگ تھانے گیا تھا۔ شام کو لوٹا تو تھکا ہوا تھا۔ آتے ہی آتے سلیا سے بولا "لا کچھ پیسے دے تو دم لگا آؤں" سلیا اسے دیکھتے ہی بہ آواز بلند رونے لگی۔

پیاگ: کیا ہوا کیا؟ کیوں روتی ہے۔ کہیں گمی تو نہیں ہو گئی۔ نہیر سے تو کوئی آدمی نہیں آیا؟

سلیا: "اب میرا اس گھر میں رہنا نہ ہو گا۔ میں اپنے گھر جاؤں گی۔"

پیاگ: "ارے کچھ منہ سے تو بول۔ ہوا کیا۔ سنوں تو سہی۔ گاؤں میں کسی نے گالی دی ہے کسی نے کچھ کہا ہے؟ گھر پھونک دوں اس کا، چالان کروا دوں۔"

سلیا نے رو رو کر سارا قصہ بیان کیا۔ پیاگ پر اس دن تھانے میں خوب جوتے پڑے تھے۔ جھلایا ہوا تھا ہی۔ یہ قصہ سنا تو بدن میں آگ لگ گئی۔ رکمنی پانی بھرنے گئی تھی۔ وہ گھڑا ابھی نہ رکھنے پائی تھی کہ اس پر پل پڑا اور مارتے مارتے بیدم کر دیا۔ وہ مار کا جواب گالیوں سے دیتی تھی۔ اور ہر ایک گالی پر وہ اور بھی جھلا جھلا کر مارتا تھا۔ یہاں تک کہ رکمنی کی گھٹنیاں پھوٹ گئیں۔ چوڑیاں ٹوٹ گئیں۔ سلیا بیچ بیچ میں اشتعال دیتی جاتی تھی۔ واہ رے دیدہ! واہ ری جبان۔ ایسی تو عورت ہی نہیں دیکھی۔ عورت کا ہیکو ڈاپن ہے۔ جرا بھی منہ میں لگام نہیں۔" پیاگ مارتے مارتے تھک کر الگ جا بیٹھتا پر رکمنی کی زبان نہ تھکتی تھی۔ بس اس کی زبان پر یہی رٹ لگی ہوئی تھی۔ تو مر جا۔ تیری مٹی نکلے۔ تیری لاش نکلے۔ تجھے بھوانی کھائیں۔ تجھے مرگی آئے۔ پیاگ رہ رہ کر غصہ سے بے اختیار ہو جاتا اور جا کر دو چار لاتیں جما دیتا پر رکمنی میں غالباً اب حس ہی نہ تھا۔ وہ سر کے بال کھولے وہیں زمین پر بیٹھی انہیں منتروں کا جاپ کر رہی تھی۔ اس کے لہجہ میں اب غصہ نہ تھا۔ ایک مجنونانہ بیباختگی تھی۔ اس کے وجود کا ذرہ ذرہ انتقام کی آگ سے جل رہا تھا۔ اندھیرا ہوا تو رکمنی اٹھ کر ایک طرف چلی گئی۔ موہ کا آخری تار ٹوٹ گیا۔

(۴)

جب فصل تیاری کے قریب ہوتی تھی تو ڈیڑھ دو مہینے پیاگ کو ہار کی دیکھ بھال کرنی پڑتی تھی۔ اسے کسانوں سے دونوں فصلوں پر ہل پیچھے کچھ بندھا ہوا تھا۔ ماگھو ہی میں وہ ایک منڈیا ڈال لیتا تھا۔ اور رات کو کھا پی کر آگ، چلم، تمباکو، چرس لئے ہوئے اسی منڈیا میں آ کر پڑ رہتا تھا۔ چیت کے آخر تک اس کا یہی شغل رہتا تھا۔ یہ وہی زمانہ

تھا۔ فصل پکی ہوئی تیار کھڑی تھی۔ دو چار دن میں کٹائی شروع ہونے والی تھی۔ پیاگ نے دس بجے رات تک کلنی کی راہ دیکھی۔ پھر یہ سمجھ کر کہ شاید کسی پڑوسن کے یہاں سو رہی ہو گی اس نے کھانا پکا کر رکھا، لاٹھی، چلم، آگ اٹھائی اور سلیا سے بولا کیواڑ بند کر لے۔ اگر کلنی آئے تو کھول دینا، کھانے کو کہنا۔ مانا کچھ ہو، کھلا دینا۔ پھر سے پیچھے آج اتنی پریشان ہو گیا۔ آج نہ جانے مجھے اتنا گھٹا کیسے ہو گیا۔ میں نے اسے کبھی ببول کی جھاڑی سے نہیں چھوا تھا۔ کہیں ڈوب دھنس نہ مری ہو نہیں تو کل آ جاتی۔"

سلیا بولی: "نہ جانے وہ آئیں نہ آئیں، اکیلے کیسے رہوں گی۔ مجھے تو ڈر لگتا ہے۔ میں اکیلے گھر میں کبھی نہیں رہی۔"

پیاگ: "تو گھر میں کون رہے گا۔ سونا گھر پا کر کوئی تو تمام اٹھا لے جائے تو بڑی کٹھن بات کا ہے۔ پھر کلنی تو آتی ہی ہو گی۔"

سلیا نے ٹٹی اندر سے بند کر لی۔ پیاگ مزرعے کی طرف چلا۔ دم کے سروں میں ایک بھجن گاتا جاتا تھا: "ٹھگنی کیوں نینا جھمکاوے، کر وہ کے مرد تمام بنا سے [illegible] پانچ ترودی منگل گاویں، نا ہیں بالم گھیرا، ٹھگنی نہ یا ہیر کے روپ دکھائے، سونا ہیر چھپائے گلے ڈال تلسی کی مالا تین لوک بھرما دیں۔ ٹھگنی [illegible]" یکایک اس نے دیکھا کہ سامنے جنگل میں کسی نے آگ جلائی ایک شعلہ اٹھا۔ اس نے چلا کر پوچھا، کون ہے؟ ارے یہ کون آگ جلاتا ہے؟ اس کا جواب بلند ہونے والے شعلوں نے آتشیں زبان سے دیا۔ اب پیاگ کو معلوم ہوا کہ اس کی منڈیا میں آگ لگی ہوئی ہے۔ منڈیا مزرعے کے بیچوں بیچ میں تھی جس میں وہ سارے مزرعے پر مرکزی نگاہ ڈال سکے۔ اس منڈیا میں آگ لگنا روئی کے ڈھیر میں آگ لگنا تھا۔ ہوا چل رہی تھی، منڈیا کے چاروں طرف ایک ایک ہاتھ کے فاصلے پر پکی ہوئی فصل کے تختے لہرا

رہتے تھے۔ اندھیری رات میں بھی اس کا سنہرا رنگ کچھ کچھ جھلک رہا تھا۔ آگ کی ایک لپٹ سارے ہار کو جلا کر خاکستر کر دے گی۔ سارا گاؤں تباہ ہو جائے گا۔ اسی ہار کے ڈانڈے پر آس پاس کے موضعوں کے ہار بھی ہیں۔ وہ بھی جل اٹھیں گے اور وہ شعلے بڑھتے ہی جا رہے ہیں۔ پیاگ نے اپلا اور چلم وہیں ٹیک دی اور کندھے پر لوہبند لاٹھی رکھے ہوئے بے تحاشا منڈیا کی طرف دوڑا۔ مینڈوں سے جانے میں چکر تھا، وہ کھیتوں میں سے ہو کر بھاگا جا رہا تھا۔ ہر لحظہ شعلے بلند تر ہوتے جاتے تھے۔ اور پیاگ کے قدم تیز تر، کوئی تیز گھوڑا بھی اس وقت اسے نہ پا سکتا۔ اسے خود اپنی تیزی پر حیرت ہو رہی تھی۔ جان پڑتا تھا پاؤں زمین پر پڑتے ہی نہیں۔ اس کی نظریں شعلوں پر تھیں۔ دائیں بائیں اسے اور کچھ نہ سوجھتا تھا۔ اس یکسوئی نے اسے مافوق البشر بنا دیا تھا۔ نہ دم پھولا، نہ پیروں میں تھکن ہوئی۔ تین چار فرلانگ اس نے دو منٹ میں طے کئے اور منڈیا کے پاس جا پہنچا۔ وہاں کوئی آدمی نہ تھا۔ شعلے شریر لڑکوں کی طرح ہنستے، دھکم دھکا کرتے، کبھی دائیں طرف لپکتے کبھی بائیں طرف۔ بس ایسا معلوم ہوتا تھا کہ لپٹ اب کھیت تک پہنچی گویا شعلے قصداً کیاریوں کی طرف بڑھتے اور ناکام ہو کر دوسری بار پھر دونے جوش سے لپکتے تھے۔ لاٹھی سے پیٹ کر آگ بجھانے کا موقع نہ تھا۔ وہ صریح حماقت تھی۔ پھر کیا ہو؟ فصل جل گئی تو پھر وہ منہ نہ دکھا سکے گا اور گاؤں میں کہرام مچ جائے گا۔ تباہی آ جائے گی۔

دفعتاً اس نے لاٹھی سنبھال کر ایک چھلانگ ماری اور شعلوں کے اندر منڈیا کے دروازہ پر تھا۔ ایک ہی سیکنڈ میں ایک تختۂ آتش معلق ہوا میں ایک سمت کو اڑتا ہوا نظر آیا۔

پیاگ نے جلتی ہوئی منڈیا کو اپنی لاٹھی پر اُٹھا لیا تھا اور اُسے لئے ہوئے سب سے چوڑی منڈیر پر بھاگا چلا جا رہا تھا۔ پھونس کی جلتی ہوئی دھجیاں اس کے اُوپر گرتی جاتی تھیں۔ پر اُسے اس کا حس بھی نہ ہوتا تھا۔ ایک بار ایک سوکھا الگ ہو کر اس کے ہاتھ پر گرا۔ اِدھر اُدھر کی کھال جھلس گئی۔ پر ہاتھوں میں ذرا بھی جنبش نہیں ہوئی ہاتھ کا ہلنا کھیتی کا تباہ ہونا تھا۔ نادر کی جنبش ابرو میں بھی شاید اتنی تباہ کن قوت نہ تھی۔ اگر خوف تھا تو یہی کہ وہ بیچ کا حصہ جہاں اُس نے لاٹھی ڈال کر منڈیا اُٹھائی تھی نہ جل جائے ورنہ سوراخ کے بڑھتے ہی منڈیا اس کے اُوپر آ گرے گی۔ اور وہ اس مزارِ آتشیں کے نیچے دبا جائے گا۔ اس کے ساتھ ہی فصل بھی تباہ ہو جائے گی۔ اس لئے وہ خیال کے پرِ بلند کے ساتھ اڑا جاتا تھا۔ ہم فرلانگ کی دوڑ ہے مرگِ آتشیں پیاگ کے سر پہ اُڑتی چلی جا رہی ہے۔ کس کے سر پر موت اس طرح کھیلی ہوگی۔ تیز رفتاری کے باعث شعلوں کا رُخ پشت کی طرف ہو گیا ہے۔ اس کی قوت کا بیشتر حصہ ہوا کا مقابلہ کرنے میں صرف ہو رہا ہے۔ ورنہ اب تک کب کا مرکزی حصہ جل گیا ہوتا اور پیاگ شعلوں کے نیچے دب جاتا۔

ایک فرلانگ طے ہو گیا، بس ایک فرلانگ کی اور کسر ہے۔

دیکھنا پیاگ! قدم ذرا بھی سست نہ ہوں۔ لاٹھی کے کُندے پر شعلے پہنچے اور تمہاری زندگی کا خاتمہ ہے۔ اور مرنے کے بعد بھی تمہیں گالیاں ملیں گی۔ تم نالہ ہائے سوزاں کی آگ میں تا قیامت جلتے رہو گے۔ بس ایک منٹ اور! صرف دو کھیت رہ گئے ہیں آہ! منڈیا نیچے کھسک پڑی۔ کُندا اس کے سوراخ کے پار ہو گیا۔ اب کوئی اُمید نہیں۔ شعلے ایک ایک اِنچ نیچے کی طرف کھسکتے آ رہے ہیں۔ وہ آخری کھیت آ پہنچا۔

اب صرف دو سکنڈ کا اور معاملہ ہے۔ فتح کا دروازہ وہ سامنے ہیں ہاتھ کے فاصلہ پر پہنچے، ادھر جنت ہے ادھر جہنم، وہ منڈیا کھسکتی ہوئی پیاگ کے سر پر آپہنچی وہ اب بھی اُسے سر سے پھینک کر اپنی جان بچا سکتا ہے۔ مگر کب تک؟ ایک سکنڈ میں وُہ اس کی لاش پر ہوگی اور شعلے اس کے جسم پر رقص کر رہے ہوں گے اور کیا عجب ہے فصل کا میدان بھی ان کا رقص گاہ بن جائے، یکایک رکمنی سامنے درخت کے نیچے سے بے تحاشا دوڑتی ہوئی نظر آئی اس نے فوراً پیاگ کے سامنے آکر اس تختۂ سوزاں کو دونوں ہاتھوں پر لے لیا اور اسی وقت پیاگ بیہوش زمین پر گر پڑا۔ رکمنی اس کا شانۂ سوزاں کو لئے ہوئے ایک ہی سکنڈ میں آخری کھیت کے ڈانڈے پر جا پہنچی۔ مگر اتنی ہی دُور میں اس کے ہاتھ جل گئے اور جلتی ہوئی جھونپڑی اس کے سر پر گر پڑی اور ایک لمحہ میں رکمنی شعلوں کا نوالہ بن گئی۔ کچھ دیر تک منڈیا کے نیچے جنبش ہوتی رہی۔ پھر سکون ہو گیا۔ رکمنی اس مزارِ آتشیں میں دفن ہو گئی۔ ذرا دیر کے بعد گاؤں کے آدمی جمع ہو گئے تو دیکھا پیاگ اس نیم سوختہ منڈیا کے سامنے سر جھکائے کھڑا آگ کو آنسوؤں سے بجھا رہا ہے مگر اس کے اندر کی آگ کو کون بجھائے گا؟

بڑے بابو

تین سو پینسٹھ دن، کئی گھنٹے اور کئی منٹ کی متواتر پیہم، مسلسل اور ان تھک دوڑ دھوپ کے بعد بالآخر منزلِ مقصود پر دھڑ سے پہنچ گیا۔ بڑے بابو کی زیارت حاصل ہو گئی۔ گردِ خاکی نے کرۂ آتشیں کا طواف پورا کر لیا۔ اب تو آپ بھی میرے جغرافی تجربے کے قائل ہو گئے ہوں گے۔ اسے استعارہ نہ سمجھئے گا۔ بڑے بابو میں مہرِ نیم روز کی تابش، تجلی اور حرارت تھی۔ اور میں نیا اور میری بساط کیا! ایک مشتِ خاک۔ بڑے بابو مجھے دیکھ کر مسکرائے۔ ہائے وہ تبسم پر جلال۔ میرے تنِ نیم جاں میں رعشہ سا آ گیا۔ جی میں آیا بڑے بابو کے قدموں پر نثار ہو جاؤں۔ میں کافر نہیں، غالب کا مرید نہیں۔ جنت کے وجود پر مجھے یقین کامل ہے، اتنا ہی کامل جتنا اپنے خانۂ تاریک پر لیکن فرشتے مجھے جنت لے جانے کے لئے آتے تو بھی یقیناً مجھے وہ مسرت بیکراں نہ حاصل ہوتی جو اس تبسم پُر نور سے ہوئی۔ آنکھوں میں سرسوں پھول گئی۔ سارا دل و دماغ لالہ زار بن گیا۔ تخیل نے مصری اہرام کی تعمیر شروع کر دی۔ سامنے کرسیوں پردوں اور خس کی ٹٹیوں سے سجا سجایا کمرہ تھا۔ دروازہ پر سائلوں کا انبوہ کثیر اور اپنی جانب ایک کرسی پر شان سے بیٹھے ہوئے قسّامِ ازل کے دنیاوی فرائض ادا کر رہے تھے۔ نذر و نیاز کا طوفانِ بے تمیزی بپا تھا اور میں شانِ استغنا سے کسی طرف آنکھ اٹھا کر نہ دیکھتا تھا۔

دفعتاً ایک شیرانہ گرج نے زیرِ تعمیر اہرام کو متزلزل کر دیا "کیا کام ہے"؟
ہائے تجاہل! اس پر ساری دنیا کے حسینوں کا تجاہل اور تغافل نثار۔ اس آستانِ دولت پر جبیں سائی کرتے تین سو پینسٹھ دن کئی گھنٹے اور کئی منٹ گذر گئے۔ چوکھٹ پر زمین دوز ہو گیا۔ عیدو لبساطی کی دکان کے آدھے کھلونے اور گوردھن حلوائی کی آدھی دکان اسی آستانہ پر نذر ہو گئی۔ اور مجھ سے آج سوال ہوتا ہے۔ "کیا کام ہے؟"

مگر نہیں، یہ میری زیادتی ہے، سراسر ظلم۔ جو فکرِ عالی اہم ملکی و مالی تفتیش میں شبانہ روز منہمک رہتی ہو۔ جو دماغ ڈاکیوں، ہرکلروں، پروانوں، حکمناموں نقشوں وغیرہم سے گرانبار ہو رہا ہو۔ اس کے نزدیک مجھ جیسے خاک کے پتلے کی حقیقت ہی کیا۔ مچھر اپنے کو چاہے ہاتھی سمجھ لے پر بیل کے سینگ کو اس کی کیا خبر۔ میں نے دبی زبان سے کہا حضور کی قدمبوسی کے لیے حاضر ہوا!

بڑے بابو پھر گرجے "کیا کام ہے"؟

اب کی بار میرے رونگٹے کھڑے ہو گئے۔ خدا کے فضل سے جسیم و شحیم آدمی ہوں۔ جن دنوں کالج تھا، میری شجاعت و بسالت کی دھوم تھی۔ ہاکی ٹیم کا کپتان، فٹ بال ٹیم کا نائب کپتان اور کرکٹ کا جنرل تھا۔ کتنے ہی گوروں کے جسم پر اب بھی میری تیغ کے داغ باقی ہوں۔ ممکن ہے دو چار اب بھی بیساکھیاں لیے چلتے یا رینگتے ہوں۔ بمبئی کرانیکل اور ٹائمز میں میرے گیندوں کی دھوم تھی۔ مگر اس وقت بابو صاحب کی گرج سن کر میرے جسم میں رعشہ آ گیا۔ کانپتے ہوئے بولا "حضور کی قدمبوسی کے لیے حاضر ہوا۔"

بڑے بابو نے اپنا سلیپر دار پیر میری طرف بڑھا کر کہا "شوق سے لیجئے یہ قدم حاضر ہے، جتنے بوسے چاہیئے لیجئے۔ بے حساب معاملہ ہے۔ مجھ سے قسم لے لیجئے جو میں شمار کروں، جب تک آپ کا منہ نہ تھک جائے لئے جایئے۔ میرے لئے اس سے بڑھ خوش نصیبی کا کیا موقع ہوگا۔ اوروں کو جو بات بڑی ریاضت، بڑی چلہ کشی، بڑے ہر دو اتقا سے حاصل ہوئی ہے۔ وہ مجھے بیٹھے بٹھائے بغیر ہڑ پھٹکری لگائے حاصل ہو گئی۔ واللہ ہوں میں بھی خوش نصیب۔ آپ اپنے دوست احباب، اعزہ و اقربا کبھی لائیں تو اور بھی بہتر، میرا اذنِ عام ہے۔"

اس ستم ظریفی پر بڑے بابو شاید اپنے دل میں نازاں ہوں، ضرور ہوں گے اس نوحۂ تقدیر کا بُرا ہو جو اس دروازہ کا گداگر بنائے ہوئے ہے جی میں تو آیا کہ حضرت کے بڑھے ہوئے پیر کو کھینچ لوں اور آپ کو زندگی بھر کے لئے سبق دیدوں کہ بدنصیبوں سے دل لگی کرنے کا یہ مزہ ہے۔ مگر بدنصیبی اگر دل پر جبر نہ کرائے۔ جذبات کا قفل نہ ہو جائے ذلت کا احساس نہ پیدا کرے تو وہ بدنصیبی کیوں کہلائے۔ میں بھی ایک زمانے میں ستم ظریف تھا۔ اس وقت ان بڑے بابوؤں کی میری نگاہ میں کوئی حقیقت نہ تھی۔ کتنے ہی بڑے بابوؤں کو رُلا کر چھوڑ دیا۔ کوئی ایسا پروفیسر نہ تھا جس کا چہرہ میری صورت دیکھتے ہی زرد نہ ہو جاتا ہو۔ ہزار ہزار روپیہ پانے والے پروفیسروں کی مجھ سے کور دبتی تھی۔ ایسے کلرکوں کو میں سمجھتا ہی کیا تھا۔ لیکن اب وہ زمانہ کہاں۔ دل میں سمجھایا کہ ناحق تدمبری کا لفظ زبان پر لایا۔ مگر عرضِ مدعا ضروری تھا۔ میں مصمم ارادہ کر کے آیا تھا کہ اُس در سے آج کچھ لے کے ہی اُٹھوں گا۔ میرے صبر اور بڑے بابو کے تقابل میں ٹکّر دار تھا۔ دبی زبان سے بولا "حضور گریجوایٹ ہوں۔"

شکر ہے! ہزار شکر ہے!! بڑے بابو ہنسے جیسے ہانڈی اُبل پڑی ہو۔ وہ گرج اور وہ کرخت آواز تھی۔ میری جبہ سائی آخر کہاں تک اثر نہ کرتی۔ شاید اثر کو میری دعا سے دشمنی نہیں۔ میرے کان بڑی بے قراری سے کلمات روح افزا سننے کے لئے منتظر تھے مگر آہ جتنی مایوسی ان کانوں کو ہوئی ہے۔ اتنی شاید کو بکن کو بھی نہ ہوئی ہوگی۔ وہ تبسم نہ تھا خندہ ہ لقدیر تھا حضور نے فرمایا :۔

"بڑی خوشی کی بات ہے۔ ملک اور قوم کے لئے اس سے زیادہ خوشی کا کیا امر ہو سکتا ہے۔ میری دلی تمنا ہے۔ ملک کا ہر ایک نوجوان گریجوایٹ ہو جائے گر یجوایٹ زندگی کے جس شعبہ میں جائے اس کو فروغ ہی پہنچائے گا۔ ملکی۔ مالی۔ تمدنی۔ معاشرتی۔ مذہبی غرض ہر ایک قسم کی تحریک کی بقا اور ارتقا گریجوایٹوں ہی پر منحصر ہے۔ اگر ملک میں گریجوایٹ کا یہ افسوسناک فقدان نہ ہوتا تو عدم تعاون کی تحریک کیوں اتنی جلدی مردہ ہو جاتی۔ کیوں بنے ہوئے رنگے سیار۔ جو فروش گندم نما۔ زر پرست لیڈروں کو ڈاکہ زنی کے ایسے موقعے ملتے۔ تبلیغ کیوں مبلغ علیہ السلام کی علت بنتی۔ گریجوایٹ میں حق و باطل کی تمیز نگاہ کی وسعت اور موازنہ کی قابلیت ہونا لازم ہے۔ میری آنکھیں تو گریجوٹوں کو دیکھ کر نشہ کے درجہ تک محظوظ ہو جاتی ہیں۔ آپ بھی خدا کے فضل سے اپنی قسم کی بہت اچھی مثال ہیں۔ بالکل اپٹو ڈیٹ۔ یہ شیروانی تو برکت اینڈ کو کے دکان کی سلی ہوئی ہوگی جوتے بھی ڈاسن کے ہیں۔ کیوں نہ ہو آپ لوگوں نے قوم کے معیار زندگی کو بہت رفیع بنا دیا ہے اور اب وہ بہت جلد منزل مقصود پہ پہنچے گی۔ بلیک بینڈ بھی ہے۔ ویسٹ اینڈ کی رسٹ واچ بھی ہے۔ بیشک! اب قومی بیڑے کو خواجہ خضر کی ضرورت ہی نہیں۔ وہ کامنت شناس نہ ہوگا۔

ہائے تقدیر اور وائے تقدیر۔ اگر جانتا کہ یہ شیروانی اور فاؤنٹین پن اور رسٹ واچ یہاں آ کر آماجگاہ ظرافت بنے گی تو احباب کا شرمندۂ احسان کیوں بنتا تھا۔ بخشو اسے آیا تمہارا روز سے گلے پڑے۔ کتابوں میں پڑھا تھا بہت کرنا اعلان ہے اپنی ناداری کا دعوت ہے اپنی تحقیر کی۔ تجربہ بھی مطالعہ کا نتیجہ تھا۔ بہتیرا [illegible] کو تحقیق بے دردی سے ٹھکراتا ہوں لیکن جب کوئی حضرت صوفی صافی [illegible] دراز سالوں پر بکھیرے۔ سنہرا عمامہ سر پر پیشانی کھلا [illegible] ہی تھے یا [illegible] کا نیچا کرتہ پہنے کمرہ میں پہنچتے ہیں تو جبراً ان کی تعظیم کرنی پڑتی ہے اور ان کی پاک ہستی کے متعلق ہزاروں شبہات پیدا ہونے پر بھی [illegible] رقم جو ان کی نذر کی جاتی ہے وہ [illegible] جن [illegible] جاتا [illegible] شل سے جیسے [illegible] کی وہ تنبیہ یاد آتی ہے [illegible] چلتے وقت کی تھی [illegible] خواہ مخواہ [illegible] تیار ہے ہو۔ وہ [illegible] لگے کہ [illegible] تو میرے دروازے پر آتے ہی کیوں [illegible] اور وہ قابلیت پر محمول کیا تھا۔ [illegible] معلوم ہوا [illegible] کھنچتی ہیں۔ [illegible] بے سود ہے [illegible] کبھی میری [illegible] فرمائیں۔

بڈھے بابو [illegible]

[illegible]

اور ہم ہیں کہ اُن کی ہدایتوں کو فراموش کر جاتے ہیں۔ لیکن خیر میں آپ کو صلاح نیک دینے میں بخل نہ کروں گا۔ آپ ایک اخبار نکال لیجئے یقین مانئے اس کے لئے علمیت یا تدبر کی ضرورت نہیں آپ تو خدا کے فضل سے گریجوایٹ ہیں۔ حبوب امساک اور [illegible] ذوطلا کے نسخے لکھئے۔ طب اکبر میں آپ کو ہزاروں نسخے ملیں گے لائبریری جاکر نقل کر لیجئے۔ اور اخبار میں نئے عنوان سے شائع کیجئے کوک شاستر کا تو آپ نے مطالعہ کیا ہی ہوگا۔ اگر نہ کیا ہو تو ایک بار کر جائیے اور اپنے اخبار میں لطف مواصلت کے طریقے ارقام فرمائیے اعضائے شہوانی کے نام جتنے زیادہ آ سکیں بہتر ہے۔ پھر دیکھئے کیسے ڈاکٹر اور پروفیسر اور ڈپٹی کلکٹر آپ کے معتقد ہو جاتے ہیں۔ اس کا خیال رہے کہ یہ کام حکیمانہ انداز سے کیا جائے تاجرانہ اور حکیمانہ انداز میں تھوڑا فرق ہے۔ تاجر محض اپنی دواؤں کی تعریف کرتا ہے حکیم اصطلاحات اور اعضائے مخفی کی تشریح کر کے اپنے مضامین کو علمی رنگ دیتا ہے۔ تاجر کی تعریف سے لوگ بدظن ہو جاتے ہیں حکیم کی تعریف اعتماد انگیز ہوتی ہے۔ اگر اس معاملہ میں کچھ استصواب کی ضرورت ہو تو رسالہ [illegible] اگر اتنا کام میں آپ کو کچھ دقت معلوم ہوتی ہو تو سوامی شردھانند کی خدمت میں [illegible] پر آمادگی ظاہر کیجئے۔ پھر دیکھئے آپ کی کتنی توقیر اور تکریم ہوتی ہے۔ [illegible] ہوں کہ شدھی کے [illegible] گا۔ ایک [illegible] جن کا جواب آسانی سے دیا جا سکے [illegible] یقین ہو جائے گا کہ [illegible] دو ایک مضمون [illegible]

معاش کا مسئلہ حل ہو جائے گا۔ اس سے بھی ایک سہل نسخہ ہے تبلیغی مشن میں شریک ہو جائیے بکسی ہندو عورت خصوصاً نوجوان بیوہ پر ڈورے ڈالئے آپ کو یہ دیکھکر حیرت ہوگی کہ وہ کتنی آسانی سے آپ سے ملتفت ہو جاتی ہے۔ آپ اس کی حیات تاریک کے لئے مشعل ثابت ہوں گے۔ وہ بے عذر ہوتی ہے شوق سے اسلام قبول کرے گی۔ بس اب آپ شہیدوں میں داخل ہوگئے۔ اگر آپ ذرا احتیاط سے کام کرتے رہیں تو آپ کی زندگی بڑی فارغ البالی سے گزرے گی۔ ایک ہی کھیوے میں دین و دنیا دونوں ہی پار ہیں۔ جناب لیڈر بن جائیں گے۔ واللہ ایک ہفتہ میں آپ کا شمار عزیزین میں ہونے لگے گا۔ دین کے پیچھے پیرو ہزار ہا سیدھے سادے مسلمان آپ کو دین کی ڈوبتی ہوئی کشتی کا ناخدا سمجھیں گے۔ پھر خدا کے سوا اور کسی کو خبر نہ ہوگی کہ آپ کے ہاتھ کیا آتا ہے اور وہ کہاں جاتا ہے۔ اور خدا افشائے راز نہیں کرتا۔ یہ آپ جانتے ہی ہیں۔ تعجب ہے کہ ان موقعوں پر آپ کی نگاہ کیوں نہیں جاتی۔ میں تو بڈھا ہوگیا اور اب کوئی نیا کام نہیں سیکھ سکتا ورنہ اس وقت لیڈروں کا لیڈر ہوتا۔

اس شعلہ انگیز ظرافت نے جسم میں شعلے پیدا کر دیئے۔ آنکھوں سے شرارے نکلنے لگے۔ تحمل کی برودت حائل بیخبر ہوگئی۔ مگر قہر درویش بر جان درویش کے مصداق سر جھکا کر کھڑا رہا۔ جتنی دلیلیں ذہن میں کئی دنوں سے ریزہ ریزہ کر کے رکھی تھیں۔ صرف اظہار ہوگئیں۔ بہت سوچنے پر بھی کوئی نیا پہلو ذہن میں نہ آیا۔ یوں خدا کے فضل سے غبی یا کند ذہن نہیں ہوں، فکر رسا پائی ہے۔ اتنی فکر سے کوئی اچھی سی غزل ہو جاتی پر طبیعت ہی تو ہے، نہ لڑی۔ اتفاق سے جیب میں ہاتھ ڈالا تو معاً یاد آگیا۔

کہ سفارشی خطوط کا ایک دفتر بھی ساتھ لایا ہوں۔ رعب کا اوسان پر کیا اثر پڑتا ہے کا آج تجربہ ہو گیا۔ امید کی شگفتگی چہرہ پر نمودار ہو گئی۔ خطوط کا پلندا ہاتھ میں لے کر حضور یہ چند خطوط ہیں انہیں ملاحظہ فرمالیں۔

بڑے بابو نے بنڈل لے کر میز پر رکھ دیا اور اُن پر ایک غلط انداز نظر ڈال کر بولے۔ آپ نے اب تک ان جواہر ریزوں کو کیوں چھپا رکھا تھا؟

میرے دل میں مسرت امید کا ایک ہنگامہ برپا ہو گیا۔ گویائی نے عود کیا۔ اُس سے بولا حضور کے جاہ جلال نے اتنا مرعوب اور مسحور کر دیا کہ مجھے ان خطوط کی یاد رہی۔ حضورؐ سے بلا لغو عرض کرتا ہوں کہ میں نے اُن کے لئے کسی قسم کی سعی سفارش نہیں بہم پہنچائی۔ کسی قسم کی جستجو نہیں کی۔

بڑے بابو نے مسکرا کر فرمایا اگر آپ ان کے لئے سعی و طلب کی انتہائی قوت صرف کرتے تو بھی میں آپ کو متہم نہ کرتا۔ آپ بے شک بڑے خوش نصیب ہیں یہ نایاب ....

جنس آپ کو بے مانگے مل گئی۔ اسے زندگی کے سفر کا پاس پورٹ سمجھئے۔ واہ آپ کو خدا کے فضل سے ایک سے ایک قدردان نصیب ہوئے۔ آپ ذہین ہیں، راست باز ہیں، بے لوث ہیں۔ اطاعت شعار ہیں، اوہ! آپ کے اوصاف کی تو کوئی انتہا ہی نہیں، قسم خدا کی آپ جامع کمالات صوری و معنوی معلوم ہوتے ہیں۔ آپ میں فراست، متانت، دیانت، صیانت، اصابت، نجابت، شرافت جسارت سبھی انسانی اور ملکوتی صفات موجود ہیں۔ آپ تو نمائش میں رکھے جانے کے قابل معلوم ہوتے ہیں کہ دنیا نگاہ حیرت سے دیکھے اور دانتوں میں

انگلی دبائے۔ آج کسی بھلے کا منہ دیکھ کر اٹھا تھا کہ آپ جیسے پاکیزہ منش شخص سے شرف نیاز حاصل ہوا۔ یہ وہ اوصاف ہیں جو زندگی کے ہر ایک شعبہ میں آپ کو نام و نمود کے مدارج تک پہنچا سکتے ہیں۔ سرکار کی ملازمت آپ جیسے باکمال اصحاب کے شایانِ شان نہیں۔ آپ کو یہ کب گوارا ہوگا۔ اس دائرہ میں آتے ہی انسان حیوانِ مطلق بن جاتا ہے۔ اس لئے آپ اسے منظور کر سکتے ہیں۔ ہرگز نہیں ———!

میں نے ڈرتے ڈرتے جناب ذرا ان الفاظ کی توضیح فرمائیں۔ انسان کے حیوانِ مطلق بننے سے آپ کا کیا منشا ہے؟

بڑے بابو نے چیں بہ جبیں ہو کر کہا۔ یہ تو کوئی ایسا پیچیدہ توضیح طلب امر نہ تھا۔ جب تو مجھے اپنے حسنِ ظن میں کچھ ترمیم کرنی پڑے گی۔ اس دائرہ کے عبودیت کیشوں کے لئے سب سے ضروری اور لازمی صفت فراست ہے۔ میں نہیں کہہ سکتا کہ میرے خیال پر یہ لفظ قادر ہے یا نہیں۔ اس کا انگریزی مترادف ہے۔ انٹیوشن، کنایہ کے اصلی مفہوم کو سمجھنا۔ مثلاً اگر سرکار بہادر یعنی حاکمِ ضلع کو شکایت ہو کہ آپ کے علاقہ میں انکم ٹیکس کم وصول ہوتا ہے۔ تو آپ کا فرض ہے کہ اس میں اندھادھند اضافہ کریں؟ آمدنی کی پروانہ کریں آمدنی کا بڑھنا آپ کی معاملہ فہمی پر منحصر ہے۔ ایک خفیف سی دھمکی کام کر جائے گی اور انکم ٹیکس دوچند سہ چند ہو جائے گا۔ یقیناً آپ کو یہ ضمیر فروشی گوارا نہ ہوگی۔

میں نے سمجھ لیا کہ میرا امتحان ہو رہا ہے، عاشقانہ سرگرمی سے بولا۔ میں تو اسے ضمیر فروشی نہیں سمجھتا۔ یہ تو حق نمک ہے۔ میرا ضمیر اس درجہ نازک نہیں ہے۔

سائیس، گوالا، سب کے سب دوڑے اور صاحب کو پکڑ کر ان کے منہ پر رنگ ملنے لگے۔ دھوبی نے نیل اور کامل کا مرکب لگا دیا۔ صاحب کے غصہ کی حد نہ رہی ہنٹر لے کر سبھوں کو اندھا دھند مارنے لگا۔ بیچارے سمجھے ہوئے تھے کہ صاحب خوش ہو کر انعام دیں گے۔ ہنٹر پڑے تو نشہ کافور ہو گیا۔ کوئی ادھر بھاگا کوئی اُدھر۔ سیٹھ اوجاگر لال نے یہ رنگ دیکھا تو تاڑ گئے کہ نور علی نے چکمہ دیا۔ ایک گوشہ میں دبک رہے۔ جب کمرہ نوکروں سے خالی ہو گیا تو صاحب ان کی طرف بڑھے۔ لالہ صاحب کے ہوش اڑ گئے، تیزی سے کمرہ کے باہر نکلے اور سر پر پیر رکھ کر بے تحاشا بھاگے۔ صاحب ان کے پیچھے دوڑے۔ سیٹھ جی کی فٹن پھاٹک پر کھڑی ہوئی تھی۔ گھوڑے نے دھم دھم کھٹ پٹ کی آواز سُنی تو بھڑکا۔ کنوتیاں کھڑی کیں اور فٹن کو لے کر بھاگا۔ عجیب منظر تھا۔ آگے آگے فٹن، اس کے پیچھے سیٹھ اوجاگر لال، ان کے پیچھے ہنٹر بدست مسٹر کلاس۔ سب بگٹٹ دوڑے چلے جاتے تھے۔ سیٹھ جی ایکبار ٹھوکر کھا کر گرے۔ مگر صاحب کے پہنچتے پہنچتے سنبھل گئے۔ احاطہ کے باہر سڑک تک گھوڑ دوڑ رہی۔ بالآخر صاحب رُک گئے۔ منہ میں کالک لگائے۔ اب اور آگے جانا مضحکہ خیز معلوم ہوا۔ یہ خیال بھی ہوا کہ سیٹھ جی کو کافی سزا مل چکی۔ اپنے نوکروں کی خبر لینا ضروری تھی۔ واپس گئے۔ سیٹھ اوجاگر لال کی جان میں جان آئی۔ بیٹھ کر ہانپنے لگے۔ گھوڑا بھی ٹھٹھک گیا۔ کوچوان نے اُتر کر انہیں سنبھالا اور گودی میں اُٹھا کر گاڑی میں بٹھلا دیا۔

(۳)

لالہ اوجاگر لال شہر کی موالاتی جماعت کے پیشوا تھے۔ انہیں انگریزوں کی نیک نیتی پر پورا اعتقاد تھا۔ انگریزی سلطنت کی تعلیمی، مالی، اور ملکی ترقی کا راگ الاپا کرتے

دائرہ میں آکر آپ کو اپنے عقیدہ اور عمل میں بہت کچھ ترمیم و تنسیخ کرنی پڑے گی یہاں آپ کا مذہب مذہبیت کا جامہ اختیار کرے گا۔ آپ بھول کر بھی اپنی پیشانی کو منت کش سجدہ نہ بنائیں۔ کوئی مضائقہ نہیں۔ آپ بھول کر بھی زکواۃ سے اپنے کو ملوث نہ بنائیں۔ کوئی مضائقہ نہیں۔ لیکن آپ کو اپنے مذہب کے نام پر فریاد کرنے کے لئے ہمیشہ پیش پیش رہنا اور دوسروں کو آمادہ کرنا ہوگا۔ اگر آپ کے ضلع میں دو ڈپٹی کلکٹر ہندو ہیں اور مسلمان صرف ایک تو آپ کا فرض ہوگا کہ ہزاکسلنسی گورنر کی خدمت میں ایک وفد بھیجنے کے لئے روساء قوم کو آمادہ کریں۔ اگر آپ کو معلوم ہو کہ کسی میونسپلٹی نے قصابوں کو شہر سے باہر کان رکھنے کی تجویز پاس کردی ہے تو آپ کا فرض ہوگا کہ زعیمان قوم کو اس میونسپلٹی کی سرزنش کرنے کے لئے تحریک کریں آپ کو سوتے جاگتے اٹھتے بیٹھتے قومی فدائیت کا راگ الاپنا چاہیئے۔ مثلاً امتحان کے نتائج میں اگر آپ کو مسلمان طلباء کی تعداد مناسب سے کم نظر آئے تو آپ کو فوراً چانسلر کے پاس ایک گمنام خط لکھ بھیجنا ہوگا کہ اس معاملہ میں ضرورہی سختی سے کام لیا گیا ہے۔ یہ ساری باتیں اسی انٹیوشن والی شرط کے ضمن میں آجاتی ہیں۔ آپ کو صراحتہً یا کنایتہً یہ لائحہ عمل قائم کرنے کے لئے ہدایت نہ کی جائے گی۔ سب کچھ آپ کی فراست پر مبنی ہوگا۔ آپ نے اس جوہر سے بہرہ وافی پایا ہے تو آپ کو ایک دن ضرور منصب اعلیٰ پر پہنچیں گے آپ کو حتی الامکان انگریزی میں تحریر و تقریر کرنی ہوگی اس کے بغیر حکام آپ سے خوش نہ ہوں گے۔ لیکن قومی زبان کی حمایت اور اشاعت کی صدا آپ کی زبان سے پیہم نکلتی رہنی چاہیئے۔ آپ شوق سے اخبارات کا چندہ ہضم

کریں۔ مستعار کتابیں پڑھیں۔ چاہے واپسی کے وقت کتاب کی قلب ہیئت کے باعث آپ کو معذرت ہی کیوں نہ کرنی پڑے۔ لیکن زبان کی حمایت بانگ دہل سے کرتے رہیئے۔ خلاصہ یہ کہ آپ کو جس کا کھانا اسی کا گانا ہوگا۔ آپ کے قول سے، فعل سے اور دل سے اپنے آقا کے فلاح اور استحکام میں منہمک ہونا پڑے گا۔ اگر آپ یہ خیال کرتے ہوں کہ آقا کی خدمت کے ذریعہ قوم کی خدمت بھی کروں گا تو یہ خیال خام ہے۔ سودا ہے، جنون ہے، حماقت ہے، آپ میرا مطلب سمجھ گئے ہوں گے۔ فرمایئے آپ اس حد تک اپنے کو بھول سکتے ہیں۔

مجھے جواب دینے میں ذرا تامل ہوا۔ حق یہ ہے کہ میں بھی آدمی ہوں اور بیسویں صدی کا آدمی ہوں میں بیدار نہ سہی مگر بالکل غافل بھی نہیں ہوں۔ میں بھی اپنے ملک اور قوم کو بام عروج پر دیکھنے کا متمنی ہوں، میں نے تاریخ کا مطالعہ کیا ہے اور اس سے اسی نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ مذہب دنیا میں صرف ایک ہے اور اس کا نام ہے درد۔ مذہب کی موجودہ صورت دستر خوان بندی کے سوا اور کوئی حیثیت نہیں رکھتی۔ تنذر یا چوٹی سے کسی کی ماہیت نہیں تبدیل ہو سکتی۔ پرستش کے لئے کلیسا، مسجد، مندر کی میں بالکل ضرورت نہیں سمجھتا۔ ہاں نفسانیت اور انانیت کو دبائے رکھنے کے لئے کسی عمل کی ضرورت تسلیم کرتا ہوں، اس لئے نہیں کہ اس سے مجھے جنت ملے گی یا میری مکتی ہوگی۔ بلکہ صرف اس لئے کہ مجھے دوسروں کے حقوق غصب کرنے سے اکراہ ہوگا۔ مجھ میں خودی کا خاصہ عنصر موجود ہے۔ یوں اپنی رضا و رغبت سے کہئے آپ کی جوتیاں سیدھی کر دوں لیکن حکومت کی برداشت نہیں۔ محکوم بننا شرمناک۔ حقارت انگیز سمجھتا ہوں۔ کسی غریب کو ظلم کا شکار ہوتے دیکھ کر میرے خون میں حرارت پیدا

ہو جاتی ہے۔ کسی سے دب کر رہنے سے مر جانا بہتر سمجھتا ہوں لیکن خیال حالات پر تو فتح نہیں پا سکتا معاش کی فکر تو مقدم ہے۔ اتنے دنوں کے بعد بڑے بابو کی نگاہِ کرم کو اپنی جانب ملتفت دیکھ کر بجز سرِ تسلیم خم کرنے کے اور چارہ ہی کیا تھا۔ بولا جناب میری جانب سے مطمئن رہیں۔ آقا کی خدمت گذاری میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کروں گا۔

"عزت کو فنا کر دینا ہوگا۔"

"منظور"

"شرافت کے جذبات کو بالائے طاق رکھنا پڑے گا۔"

"منظور"

"مخبری کرنی پڑے گی۔"

"منظور"

"تو بسم اللہ کل سے آپ کا نام اُمیدواروں کی فہرست میں لکھ دیا جائے گا۔"

میں نے سوچا تھا کل سے کوئی جگہ مل جائے گی۔ اتنی ذلت قبول کرنیکے بعد معاش کے فکر سے تو آزادی نصیب ہوگی۔ اب حقیقت کھلی بے اختیار منہ سے نکلا اور جگہ کب تک ملے گی؟

بڑے بابو ہنسے۔ ایسی دلخراش ہنسی جس میں ذم کا پہلو غالب تھا۔ جناب میں عالم الغیب نہیں، روشن ضمیر نہیں، بہتر ہو اس سوال کا جواب آپ کسی اولیا سے پوچھیں۔ دسترخوان بچھا دینا میرا کام ہے۔ کھانا آئے گا اور وہ آپ کے حلق میں جائے گا۔ یہ پیشین گوئی میں نہیں کر سکتا۔ میں نے مایوسانہ انداز سے کہا۔ میں تو اس سے بڑی عنایت کا منتظر

تھا۔ بڑے بابو کرسی سے اُٹھ کر بولے قسم خدا کی آپ پرلے درجہ کے کوڑ مغز آدمی ہیں۔ بالکل خشک دماغ، دسترخوان کا سامنے آجانا آپ کوئی چھوٹی بات سمجھتے ہیں۔ لطف انتظار آپ کی نگاہ میں کوئی چیز نہیں۔ حالانکہ انتظار میں انسان عمر بھر گذار سکتا ہے۔ آپ روزانہ کچہری میں آئیں گے۔ غرض مندوں سے آپ کا سابقہ ہوگا۔ عمال سے آپ روشناس ہو جائیں گے، معاملے بٹھانے سودے پٹانے کی زرّیں موقعے ہاتھ آئیں گے۔ حکام کے لڑکے پڑھائیے۔ اگر گنڈے تعویز کا فن سیکھ لیجئے تو آپ کے حق میں بہت مفید ہو۔ کچھ طبی معلومات بھی بہم پہنچا لیجئے اچھے ہوشیار زرگروں سے یارانہ پیدا کیجئے کیونکہ آپ کو ان سے اکثر سابقہ پڑے گا۔ حکام کی مستورات آپ ہی کی معرفت اپنی نسوانی فرمائشیں پوری کرائیں گی۔ مگر ان سب لٹکوں سے کارگر ایک اور لٹکا ہے۔ اگر وہ ہنر آپ میں ہے تو یقیناً آپ کے انتظار کی مدت میں بہت کچھ تخفیف ہو سکتی ہے۔ آپ حکام عالی مقام کے لئے سامان تفریح مہیا کر سکتے ہیں؟

بڑے بابو میری طرف کنکھیوں سے دیکھ کر مسکرائے۔ سامانِ تفریح سے اُن کی کیا مراد ہے۔ یہ میں نہ سمجھ سکا۔ مگر پوچھتے ہوئے بھی خوف ہوتا تھا کہ کہیں بڑے بابو بگڑ نہ جائیں اور پھر معاملہ خراب ہو جائے۔ ایک اضطراب کی حالت میں زمین کیطرف تاکنے لگا۔

بڑے بابو تاڑ گئے کہ اس کی سمجھ میں میری بات نہ آئی۔ لیکن اب کی وہ چیں جبیں نہ ہوئے۔ نہیں، ان کے لہجے میں ہمدردی کی جھلک تھی۔ فرمایا یہ تو غیر ممکن ہے کہ آپ نے بازار کی سیر نہ کی ہو۔

میں نے شرماتے ہوئے کہا۔ نہیں حضور بندہ اس کوچے سے ناآشنا ہے۔

بڑے بابو۔ تو آپ کو اس کوچہ کی خاک چھاننی پڑے گی۔ حکام بھی باصرہ اور سامعہ رکھتے ہیں۔ دن بھر کی دماغی تکان کے بعد فطرتاً شب کو ان کی طبیعت تفریح کی جانب مائل ہوتی ہے۔ اگر آپ ان کے لئے حسن باصرہ فروز اور نغمہ سامعہ نواز کا انتظام سستے داموں کر سکتے ہیں یا کر سکیں تو ....

مَیں نے کسی قدر تیز ہو کر کہا آپ کا منشا یہ ہے کہ مجھے بازارِ حسن کی دلالی کرنی پڑے گی ؟

بڑے بابو تو آپ تیز کیوں ہوتے ہیں۔ اگر اب تک اِتنی موٹی سی بات آپ نہیں سمجھے تو یہ میرا قصور ہے یا آپ کی کوتاہ فہمی کا ؟

میرے جسم میں آگ لگ گئی۔ جی میں آیا کہ بڑے بابو کو جی، جیٹھو کے دو چار ہاتھ دکھاؤں مگر گھر کی بے سروسامانی کا خیال آ گیا۔ بیوی کی منتظر آنکھیں اور بچوں کی گرسنہ صورتیں یاد آ گئیں۔ ذلت کا ایک دریا حلق کے نیچے ڈھکیلتے ہوئے بولا۔ جی نہیں مَیں تیز نہیں ہوا تھا۔ ایسی بے ادبی مجھ سے نہیں ہو سکتی (آنکھوں میں آنسو بھر کر) ضرورت نے میری عزت کو فنا کر دیا ہے آپ میرا نام اُمیدواروں میں درج کر دیں۔ حالات مجھ سے جو کچھ کرائیں گے۔ وہ سب کروں گا اور تا دمِ آخر آپ کا ممنون رہونگا۔

عجیب ہولی

(١)

ہولی کا دن تھا۔ مسٹر اے۔ بی۔ کراس شکار کھیلنے گئے ہوئے تھے۔ سائیس، اردلی، مہتر، بھشتی، گوالا، دھوبی سب ہولی منا رہے تھے۔ سبھوں نے صاحب کے جاتے ہی خوب گہری بھنگ چڑھائی تھی اور اس وقت باغیچہ میں بیٹھے ہوئے ہولی کا پھاگ گا رہے تھے۔ لیکن رہ رہ کر بنگلہ کے پھاٹک کی طرف جھانک لیتے تھے کہ صاحب آ تو نہیں رہے ہیں۔ اتنے میں شیخ نور علی آ کر سامنے کھڑے ہو گئے۔

سائیسوں نے پوچھا۔ کہو خانساماں جی، صاحب کب تک آئیں گے؟

نور علی بولا۔ اس کا جب جی چاہے آئے، میرا آج سے استعفا ہے۔ اب اس کی نوکری نہ کروں گا۔

اردلی نے کہا۔ ایسی نوکری پھر نہ پاؤ گے۔ چار پیسے اوپر کی آمدنی ہے ناحق چھوڑتے ہو۔

نور علی۔ اجی لعنت بھیجو۔ اب مجھ سے غلامی نہ ہوگی۔ یہ ہمیں جوتوں سے ٹھکرائے اور ہم اس کی غلامی کریں! آج یہاں سے ڈیرا کوچ ہے۔ آؤ تم لوگوں کی دعوت کروں۔ چلو آؤ کمرے میں۔ آرام سے میز پر ڈٹ جاؤ۔ وہ وہ بوتلیں بلاؤں کہ کلیجہ تر ہو جائے۔

سائیں۔ اور جو کہیں صاحب آجائیں ؟

نور علی۔ وہ ابھی نہیں آسکے گا چلے آؤ۔

صاحبوں کے ملازم عموماً شرابی ہوتے ہیں جس روز سے صاحب کے یہاں غلامی کا پٹہ لکھا اسی روز سے یہ بلا اُن کے سر پڑ جاتی ہے۔ جب مالک خود بوتل کی بوتل انڈیل جاتا ہو تو بھلا نوکر کیوں چوکنے لگے۔

یہ دعوت پاکر سب کی باچھیں کھل گئیں۔ بھنگ کا نشہ چڑھا ہی ہوا تھا۔ ڈھول مجیرے چھوڑ چھاڑ کر نور علی کے ساتھ چلے اور صاحب کے کھانے کے کمرے میں کرسیوں پر جا بیٹھے نور علی نے وسکی کی بوتل کھول کر گلاس بھر بھر کر چاروں طرف ڈھالنا شروع کر دیا۔ ٹھرا پینے والوں نے جب یہ مزیدار چیز پائیں تو گلاس پر گلاس چڑھانے لگے۔ غالباً الکحل بھی حوصلہ افزائی کرتا جاتا تھا۔ ذرا دیر میں سبھوں کے سر پھر گئے۔ خوب گاتا رہا۔ ایک نے پھاگ چھیڑا دوسرے نے سر ہلایا اور گانا ہونے لگا۔ نور علی نے ڈھول مجیرا لاکر رکھ دیا۔ وہیں مجلس جم گئی۔ گاتے گاتے ایک اٹھ کر ناچنے لگا۔ دوسرا اٹھا حتیٰ کہ سب کے سب کمرہ میں چوکڑیاں بھرنے لگے۔ ہو حق مچنے لگا۔ کبیر، پھاگ جو تالا۔ گالی گلوچ، مارپیٹ غرض باری باری سے سب کا نمبر آیا۔ سب سے نڈر ہو گئے تھے گویا اپنے ہی مکان میں ہوں کرسیاں اُلٹ گئیں۔ دیواروں پر کی تصویریں ٹوٹ گئیں۔ ایک نے میز اُلٹ دی، دوسرے نے کابیوں کا گیند بناکر اچھالنا شروع کیا۔

یہاں یہی ہنگامہ برپا تھا کہ شہر کے رئیس لالہ اُجاگر مل تشریف لائے۔

انہوں نے یہ تماشا دیکھا تو چکرائے۔ خانساماں سے پوچھا کہ کیا گول مال ہے؟ شیخ جی صاحب دیکھیں گے تو کیا کہیں گے؟

نور علی۔ صاحب کا حکم ہی ایسا ہے تو کیا کرے؟ آج انہوں نے اپنے ملازموں کی دعوت کی ہے۔ اُن سے ہولی کھیلنے کو بھی کہا ہے۔ سنتے ہیں۔ لاٹ صاحب کے یہاں سے حکم آیا ہے کہ رعایا کے ساتھ خوب ربط ضبط رکھو اور ان کے تیوہاروں میں شریک ہو۔ جبھی تو یہ حکم دیا ہے ورنہ ان کے تو مزاج ہی نہ ملتے تھے۔ آیئے تشریف رکھئے۔ نکالوں کوئی مزیدار چیز؟ ابھی حال میں ولایت سے پارسل آیا ہے۔

لالہ اجاگر لال بڑے آزاد خیال تھے۔ انگریزی دعوتوں میں بے دھڑک شریک ہوتے تھے۔ طرز معاشرت بھی انگریزی تھا۔ اور یورپین کلب کے تو وہ کرتا دھرتا تھے۔ انگریزوں سے ان کی خوب چھنتی تھی اور مسٹر کرس تو اُن کے گہرے دوست تھے۔ حاکم ضلع سے خواہ وہ کوئی ہو ہمیشہ ان کا گہرا تعلق رہتا تھا۔ نور علی کی باتیں سنتے ہی ایک کرسی پر بیٹھ گئے اور بولے اچھا یہ بات ہے ہاں تو پھر نکالو کوئی مزیدار چیز، کچھ گزک بھی ہو۔

نور علی حضور آپ کے لئے سب کچھ حاضر ہے۔

لالہ صاحب کچھ تو گھر ہی سے پی کر چلے تھے۔ یہاں کئی گلاس چڑھا گئے تو لڑکھڑاتی ہوئی زبان سے بولے کیوں نور علی آج صاحب ہولی کھیلیں گے؟

نور علی۔ جی ہاں۔

اُجاگر لیکن میں رنگ ونگ تو کچھ لایا نہیں بھیجو جھٹ پٹ کسی کو میرے مکان سے رنگ، پچکاری وغیرہ لا دے۔ سائیں سے۔ کیوں گھسیٹے آج تو بڑی بہار رہے گی۔

گھسیٹے۔ بڑی بہار ہے، بڑی بہار ہے، ہولی ہے۔

اُوجاگر (گاتے ہوئے) آج صاحب کے ساتھ میری ہولی مچے گی۔ خوب پچکاری چلاؤں گا۔

گھسیٹے۔ خوب عبیر لگاؤں گا۔

گوالا۔ خوب گلال اُڑاؤں گا۔

اردلی۔ خوب کبیر سناؤں گا۔

اوجاگر۔ آج صاحب کے ساتھ میری ہولی مچے گی۔

نور علی۔ اچھا سب لوگ سنبھل جاؤ۔ صاحب کا موٹر آ رہا ہے۔ سیٹھ جی بر پیٹئے میں دوڑ کر رنگ پچکاری لایا۔ بس ایک چوتالہ چھیڑ دیجیے۔ اور جیونہی صاحب کمرے میں آویں۔ اُن پر پچکاری چھوڑ دیجئے اور (دوسرے سے) تم لوگ اُن کے منہ میں گلال ملو۔ صاحب خوشی کے مارے پھول جائیں گے۔ وہ موٹر احاطے میں آگیا۔ ہوشیار!

(۳)

مسٹر کراس اپنی بندوق لئے ہوئے موٹر سے اُترے اور لگے آدمیوں کو بلانے مگر وہاں نوکروں سے چوتالا ہو رہا تھا۔ سنتا کون ہے؟ چکرائے کہ یہ معاملہ کیا ہے۔ کیا سب میرے بنگلے میں گا رہے ہیں! غصہ سے بھرے ہوئے کمرے میں تشریف لائے تو ڈرائینگ روم (کھانے کا کمرہ) سے گانے کی آواز آ رہی تھی۔ اب کیا تھا جامے سے باہر ہو گئے۔ چہرہ تمتما گیا۔ ہنٹر لے کر ڈرائینگ روم کی طرف چلے۔ لیکن ابھی ایک قدم دروازہ کے باہر ہی تھا کہ سیٹھ اوجاگر لال نے پچکاری چلائی۔ سارے کپڑے تر ہو گئے۔ آنکھوں میں بھی رنگ چلا گیا۔ آنکھیں پونچھ ہی رہے تھے کہ

سائیس، گوالا، سب کے سب دوڑے اور صاحب کو پکڑ کر ان کے منہ پر رنگ ملنے لگے۔ دھوبی نے نیلی اور کامل کا مرکب لگا دیا۔ صاحب کے غصہ کی حد نہ رہی ہنٹر لے کر سبھوں کو اندھا دھند مارنے لگا۔ بیچارے سوچے ہوئے تھے کہ صاحب خوش ہو کر انعام دیں گے۔ ہنٹر پڑے تو نشہ کافور ہو گیا۔ کوئی ادھر بھاگا کوئی اُدھر۔ سیٹھ اوجاگر لال نے یہ رنگ دیکھا تو تاڑ گئے کہ نور علی نے چکمہ دیا۔ ایک گوشہ میں دبک رہے۔ جب کمرہ نوکروں سے خالی ہو گیا تو صاحب ان کی طرف بڑھے۔ لالہ صاحب کے ہوش اڑ گئے، تیزی سے کمرہ کے باہر نکلے اور سر پہ پیر رکھ کر بے تحاشا بھاگے۔ صاحب ان کے پیچھے دوڑے۔ سیٹھ جی کی فٹن پھاٹک پر کھڑی ہوئی تھی۔ گھوڑے نے دھم دھم کھٹ پٹ کی آواز سنی تو بھڑکا۔ کنوتیاں کھڑی کیں اور فٹن کو لے کر بھاگا۔ عجیب منظر تھا۔ آگے آگے فٹن، اس کے پیچھے سیٹھ اوجاگر لال، انکے پیچھے ہنٹر بردار مسٹر کلاس۔ سب گٹ گٹ دوڑے چلے جاتے تھے۔ سیٹھ جی ایکبار ٹھوکر کھا کر گرے۔ مگر صاحب کے پہنچتے پہنچتے سنبھل گئے۔ احاطہ کے باہر سڑک تک گھوڑ دوڑ رہی۔ بالآخر صاحب رک گئے۔ منہ میں کالک لگا ہے۔ اب اور آگے جانا مضحکہ خیز معلوم ہوا۔ یہ خیال بھی ہوا کہ سیٹھ جی کو کافی سزا مل چکی۔ اپنے نوکروں کی خبر لینا ضروری تھی۔ واپس گئے سیٹھ اوجاگر لال کی جان میں جان آئی۔ بیٹھ کر ہانپنے لگے۔ گھوڑا بھی ٹھٹھک گیا۔ کوچوان نے اتر کر انہیں سنبھالا اور گودی میں اٹھا کر گاڑی میں بٹھلا دیا۔

(۳)

لالہ اوجاگر لال شہر کی موالاتی جماعت کے پیشوا تھے۔ انہیں انگریزوں کی نیک نیتی پر پورا اعتقاد تھا۔ انگریزی سلطنت کی تعلیمی، مالی اور ملکی ترقی کا راگ الاپا کرتے

تھے۔ اپنی تقریروں میں تارکانِ موالات کو خوب پھٹکارا کرتے تھے۔ انگریزوں میں ادھر قدر و منزلت خاص طور پر ہونے لگی تھی۔ کئی بڑے بڑے ٹھیکے جو پہلے انگریز ٹھیکہ داروں ہی کو ملا کرتے تھے، ان کو دیدیئے گئے تھے۔ ترکِ موالات کی تحریک نے ان کی عزت و دولت میں خوب اضافہ کیا تھا۔ بس وہ زبان سے تحریک مذکورہ کی خواہ کتنی مذمت کریں مگر دل سے اس کی ترقی ہی چاہتے تھے۔ انھیں یقین تھا کہ یہ تحریک ایک ہوا ہے۔ جبتک بہتی رہے اس میں اپنے بھیگے کپڑے سکھالیں وہ تارکانِ موالات کے کاموں کو خوب بڑھا بڑھا کر بیان کرتے تھے اور حکام کو ان مصنوعی باتوں پر یقین کرتے دیکھ کر دل میں ان پر خوب ہنستے تھے۔ جیوں جیوں عزت بڑھتی تھی ان کی خودداری میں بھی افزونی ہوتی جاتی تھی، وہ اب پہلے کی طرح بزدل نہ تھے۔ گاڑی پر بیٹھے اور ذرا سانس ٹھکانے ہوئی تو اس واقعہ پر غور کرنے لگے۔ ضرور نور علی نے مجھے دھوکا دیا۔ اس کی تارکانِ موالات سے سانٹھ گانٹھ معلوم ہوتی ہے۔ لیکن مانا کہ میرا پچکاری چلانا صاحب کو برا معلوم ہوا اور یہ لوگ ہولی نہیں کھیلتے تو بھی ان کا غصہ سے اس قدر دیوانہ ہو جانا۔ اس کے سوا اور کیا ظاہر کرتا ہے کہ یہ لوگ ہمیں کتوں سے بہتر نہیں سمجھتے۔ ان کو اپنے اقتدار پر کتنا غرہ ہے! یہ میرے پیچھے ہنٹر لیکر دوڑے اب معلوم ہوا کہ یہ جو میری تھوڑی بہت عزت کرتے تھے وہ صرف ایک دھوکا تھا۔ دل میں ہمیں اب بھی ذلیل اور کمینہ خیال کرتے ہیں۔ سرخ رنگ کوئی تیز نہیں تھا۔ ہمیں بڑے دن میں گرجے جاتے ہیں۔ انہیں ڈالیاں دیتے ہیں۔ وہ ہمارا تیوہار نہیں ہے۔ مگر یہ ذرا سا رنگ ڈال دینے پر اتنا بگڑ اٹھا۔ آہ یہ بےعزتی۔ مجھے اسکے سامنے خم ٹھونک کر کھڑا ہو جانا چاہیئے تھا۔ بھاگنا بزدلی تھی۔ اسی سے یہ شیر ہو جاتے ہیں۔ کوئی شک

نہیں کہ یہ سب ملا کر اچھوتوں کو زیر کرنا چاہتے ہیں۔ ان کی یہ منکسر مزاجی اور شرافت صرف اتو سیدھا کرنے کے لئے ہے۔ اُن کی خود مختاری ان کا غرور ہی ہے ذرا بھی فرق نہیں۔

سیٹھ جی کے دلی خیالات نے سنگین صورت اختیار کی۔ میری یہ ذلت اپنی بیٹی کی یاد ان کے دل کو رہ رہ کر بیقرار کر رہی تھی۔ یہ میرے موالاتی ہونے کا نتیجہ ہے ! میں اسی قابل ہوں۔ میں ان کی ہمدردانہ باتیں سُن سُن کر پھولا نہ سماتا تھا مجھے کوتاہ فہمی سے اتنا بھی نہ سوجھتا تھا کہ آزاد اور غلام میں کوئی میل جول نہیں ہو سکتا۔ میں اچھوتوں کی بے تعلق ہوں، یہ جانتا تھا۔ اب معلوم ہوا کہ وہ بیٹھنے کے قابل نہیں بلکہ میں ہی قابل نہ تھا۔

(۵) سیٹھ جی سیدھے کانگریس کمیٹی کے دفتر کی طرف گئے۔ وہاں ایک بڑی مجلس دیکھی۔ کمیٹی نے شہر کے اچھوت، اچھوت چھوٹے بڑے سب کو ہولی کا جشن منانے کے لئے مدعو کیا تھا۔ ہندو مسلمان سب ساتھ ساتھ بیٹھے ہوئے محبت سے ہولی کھیل رہے تھے۔ پھل وغیرہ کا بھی بندوبست کیا گیا تھا۔ اس وقت لیکچر ہو رہا تھا۔ سیٹھ جی گاڑی سے تو اترے مگر جلسہ میں جاتے ہوئے تامل ہوتا تھا۔ ٹھٹکے ہوئے آہستہ سے جا کر ایک طرف کھڑے ہو گئے۔ انہیں دیکھ کر لوگ چونک پڑے۔ یہ خوشامدیوں کے سرغنہ آج یہاں کیسے بھول پڑے نہیں تو موالاتی جلسہ میں بادشاہ کی تجویز پاس کرنا چاہتے تھے۔ شاید مخبر بن کر آئے ہیں کہ ہم لوگ کیا کر رہے ہیں۔ انہیں چڑھانے کے لئے لوگوں نے کہا۔ کانگریس کی جے !

اوجا اگر ... نے بلند لہجہ میں ... مہیوگ کی جے۔

پھر آواز آئی۔ خوشامدیوں کی چھے !

سیٹھ جی نے بلند آواز سے کہا۔ جی حضوروں کی چھے !

یہ کہہ کر وہ کل موجودین جلسہ کو حیرانی میں ڈالتے ہوئے پلیٹ فارم پر جا پہنچے اور متانت آمیز لہجہ میں بولے :-

بھائیو، دوستو، میں نے اب تک آپ سے ترک تعلق کیا تھا۔ اسے معاف کیجئے۔ میں تہ دل سے آپ سے معافی چاہتا ہوں۔ مجھے گھر کا بھیدی، جاسوس یا کمینہ نہ سمجھئے آج میری آنکھوں کے سامنے سے پردہ ہٹ گیا ہے۔ آج اس پاک و محبت انگیز ہولی کے دن میں آپ سے ملاپ کرنے آیا ہوں۔ اپنی فراخ دلی سے کام لیجئے۔ آپ سے دشمنی کرنے کی آج مجھے سزا مل گئی۔ حاکم ضلع نے آج میری بڑی بے عزتی کی۔ میں وہاں سے ہنٹر دن کی مار کھا کر آپ کی پناہ میں آیا ہوں۔ میں ملک کا دشمن تھا۔ قوم کا دشمن تھا۔ میں نے اپنی خودغرضی سے جھوٹے اعتبار میں آ کر ملک کا بڑا نقصان کیا اس کے لئے خوب کانٹے بوئے اس کی یاد آتے ہی جی چاہتا ہے کہ دل کے ٹکڑے کر ڈالوں (ایک آواز)

ہاں ضرور کر ڈالئے آپ سے نہ ہو سکے تو میں کر ڈالوں (پریسیڈنٹ کی آواز)

یہ سخت باتوں کا موقع نہیں ہے، نہیں آپ کو تکلیف اٹھانے کی ضرورت نہیں میں خود ہی یہ کام اچھی طرح کر سکتا ہوں۔ مگر ابھی مجھے بہت کچھ کفارہ کرنا ہے۔ نہ جانے کتنے پاپوں کا پراشچت کرنا ہے۔ امید کہ زندگی کے بقیہ دن ہی پراشچت کرنے میں یہ منہ کی کالک دھونے میں بسر کروں۔ آپ سے صرف اتنی ہی التجا ہے کہ مجھے اصلاح کا موقع دیجئے۔ مجھ پر اعتبار کیجئے اور مجھے اپنا غریب خادم سمجھئے۔ میں آج سے اپنا تن من دھن سب آپ پر قربان کرتا ہوں۔

دعوت

پنڈت موٹے رام شاستری نے گھر کے اندر جا کر اپنے توند پر ہاتھ پھیرا اور گرج کر کہا۔

اجگر کرے نہ چاکری پنچھی کرے نہ کام   داس ملوکا کہہ گئے کہ سب کے داتا رام

سونا نے مسکرا کر کہا کہ کوئی میٹھی تازی خبر ہے کیا؟

شاستری جی نے پینترا بدل کر کہا۔ مار لیا آج۔ ایسا تاک کر مارا کہ چاروں شانے چت سارے گھر کا نیوتہ! سارے گھر کا! وہ بڑھ بڑھ کر ہاتھ ماروں گا کہ دیکھنے والے دنگ رہ جائیں۔

سونا نے کہا۔ کہیں پہلے کی طرح اب کبھی دھوکا نہ ہو۔ پکا پوڑھا کر لیا ہے نہ؟

موٹے رام نے مونچھوں پر تاؤ دے کر کہا۔ ایسا اشگون منہ سے نہ نکالو۔ بڑے جپ تپ کے بعد یہ شبھ دن آیا ہے جو تیاریاں کرنی ہیں کر لو۔

سونا۔ وہ تو کروں گی ہی کیا اتنا بھی نہیں جانتی۔ جنم بھر گھاس تھوڑا ہی کھودتی رہی ہوں مگر دعوت سارے گھر کی ہے نا۔

موٹے رام۔ اب اور کیسے کہوں۔ پورے گھر کا نیوتہ ہے۔ اس کا مطلب سمجھ میں نہ آیا ہو تو مجھ سے پوچھو۔ عالموں کی بات سمجھنا ہر ایک کا کام نہیں۔ اگر ان کی

باتنا سب ہی سمجھ لیں تو پھر عالم ہی کیا۔ بات یہ ہے کہ مراد پور کی رانی صاحبہ سات برہمنوں کو بھوجن کرانا چاہتی ہیں۔ کون کون مہاشے میرے ساتھ جائیں گے یہ طے کرنا میرا کام ہے۔ جیسے انگو رام شاستری۔ بینی رام شاستری۔ چھید ی رام شاستری۔ بھوانی رام شاستری۔ پھینکو رام شاستری اور پنڈت موٹے رام شاستری اتنے آدمی اپنے گھر ہی میں ہیں۔ تو باہر برہمنوں کو ڈھونڈھنے کون جائے۔

سونا۔ یہ تو کل چھ ہوئے ساتواں آدمی کون ہے؟

موٹے رام۔ ذرا اپنی عقل دوڑاؤ۔

سونا۔ ایک پتل گھر لیتے آنا۔

موٹے رام۔ پھر وہی بات کہی جس میں بدنامی ہو۔ چھی چھی پتل گھر لاؤں۔ کھانا گھر لاکر کھانے میں وہ مزا کہاں جو ججمان کے گھر بیٹھ کر بھوجن کرنے میں ہے۔ سنو ساتویں مہاشے ہیں پنڈت سونا رام شاستری۔

سونا۔ چلو دل لگی کرتے ہو بھلا میں کہاں جاؤں گی۔

موٹے رام۔ ایسے ہی مشکل موقعوں پر تو علم کی ضرورت پڑتی ہے۔ قابل آدمی حالات کو اپنا غلام بنا لیتے ہیں اور بیوقوف قسمت کا نام لے کر روتے ہیں۔ سونا دیوی اور سونا رام میں کیا فرق ہے؟ صرف ایک پوشاک کا۔ اس ساڑی کو میری طرح باندھ لو۔ میری مرزائی پہن کر چادر اوپر سے اوڑھ لو۔ پگڑی باندھ دوں گا۔ پھر سونا دیوی سے پنڈت سونا رام بننے میں کیا کسر باقی رہ گئی۔

سونا نے ہنس کر کہا مجھے تو شرم آئے گی۔

موٹے رام۔ تمہیں کرنا ہی کیا ہے۔ صرف میٹھی کھاتی رہنا۔ باتیں تو ہم کریں گے۔

سونا نے اپنے دل ہی دل میں مٹھائیوں کا خیال کر کے کہا "بڑا مزہ آئے گا"

موٹے رام۔ بس اب دیر کرنے کا کام نہیں تیار یاں شروع کر دو۔

سونا۔ کتنی پھنکی بناؤں۔

موٹے رام۔ یہ میں نہیں جانتا۔ بس اتنا سمجھ لو کہ رنگ خوب جمے۔

سونا۔ ہاں ایک بات پوچھنا بھول ہی گئی۔ اپنے پاؤں کے بچھوؤں کو کیا کروں؟

موٹے رام نے تیوریاں چڑھا کر کہا۔ انہیں اٹھا کر رکھ دینا اور کیا کرو گی۔

سونا۔ نہیں، چاہے جو کچھ ہو۔ میں اپنے بچھوے نہ اتاروں گی۔

موٹے رام نے کچھ دیر سوچنے کے بعد کہا۔ اچھا پہنے چلو گوبردھن دھاری یہ بیڑا بھی پار لگا دیں گے۔ بس پاؤں میں بہت سے کپڑے لپیٹ لینا میں کہہ دوں گا کہ ان پنڈت جی کو فیل پا کا روگ ہے۔ کیوں کیسی سوجھی؟

سونا نے تحسین نگاہوں سے اپنے شوہر کی طرف دیکھ کر کہا۔ جنم بھر پڑھا نہیں ہے؟

(۲)

شام کے وقت پنڈت جی نے اپنے پانچوں بیٹوں کو بلایا اور سمجھانے لگے۔

لڑکو کوئی کام کرنے سے پہلے خوب سوچ سمجھ لینا چاہئے کہ کیسے کیا ہوگا۔ اگر رانی صاحبہ تم لوگوں سے پتہ نشان دریافت کریں تو میرا نام ہرگز مت لینا۔ سوچو کتنی شرم و بدنامی کی بات ہے کہ مجھ جیسا ودوان بھوجن کے لئے اتنا بڑا ڈھونگ رچے۔ تم سب ذرا دیر کے لئے بھول جانا کہ میرے بیٹے ہو۔ سنسار میں ناموں کی کمی نہیں کوئی اچھا سا نام چن کر بتا دینا۔ پتا کا نام بدل دینے سے کوئی گالی نہیں چڑھتی۔

الگو رام آپ ہی کوئی نام بتا دیجئے۔

موٹے رام - اچھی بات ہے سُنو - الگو رام کے پتا کا نام ہے - پنڈت کیشو پانڈے خوب یاد کر لو - بینی رام پنڈت منگرو ادجھا کا بیٹا ہے دیکھو یاد رکھنا - چھیدی رام تیرے باپ کا نام دمڑی تیواری - دیکھو بھولنا نہیں - بھوانی! تو اپنے باپ کا نام گنگو پانڈے بتلانا - دیکھو اگر بھولا تو خیر نہیں - بیٹا پھینکو رام اتم یاد کر لو سنو رام پاٹھک - بس اب ٹھیک ہے - اچھا میں دوبارہ پوچھتا ہوں - الگو - تیرے پتا کا کیا نام ہے!

الگو - پنڈت کیشو پانڈے -

موٹے رام - ٹھیک ہے - اچھا بینی رام تو بتا -

بینی رام - دمڑی تواری -

چھیدی رام - واہ یہ تو میرے باپ کا نام ہے -

موٹے رام - افسوس پنڈت کا لڑکا ہو کر تو ایک نام بھی یاد نہیں رکھ سکتا - تیرے باپ کا نام ہے منگرو ادجھا - کہہ پچاس مرتبہ منگرو ادجھا - منگرو ادجھا -

پنڈت موٹے رام شاستری اپنے بیٹوں کا اسی طرح امتحان لے رہے تھے کہ ان کے پیارے دوست چنتا منی جی نے دروازے پر آواز دی -

پنڈت موٹے رام ایسے گھبرائے کہ سر پیر کی خبر نہ رہی - لڑکوں کو بھگا کر ہی چاہتے تھے کہ پنڈت چنتا منی گھر کے اندر آ گئے - دونوں پنڈتوں میں بچپن سے گاڑھی دوستی تھی - دونوں ہمیشہ ایک ساتھ بھوجن کے لئے جایا کرتے تھے - لیکن آج موٹے رام چنتا منی کو ساتھ نہ لے جانا چاہتے تھے - اگر ان کو ساتھ لے جائیں تو گھر کے ایک آدمی کو چھوڑنا پڑے - اس زبردست ایثار کے لئے پنڈت موٹے رام تیار نہ تھے -

پنڈت چنتامنی نے جو یہ مجمع دیکھا تو کچھ بھانپ کر بولے۔ بھائی کیسے کیسے معلوم ہوتا ہے کہیں گہرا ہاتھ مارا ہے۔

موٹے رام نے منہ لٹکا کر جواب دیا۔ دوست کیسی باتیں کرتے ہو۔ ایسا تو کبھی نہیں ہوا کہ مجھے کوئی موکا ملا ہو اور میں تم کو اپنے ساتھ نہ لے گیا ہوں معلوم نہیں کہ جمانہ بدل گیا یا کچھ گرہ کا پھیر ہے کہ آج کل تو کوئی جھوٹوں کبھی بات نہیں پوچھتا۔

چنتامنی۔ اچھا تو یہاں لڑکے کیوں جمع ہیں۔

موٹے رام۔ میں لڑکوں کو پڑھا رہا تھا۔

چنتامنی کو اب بھی یقین نہ آیا۔ پنڈت موٹے رام کے سب سے چھوٹے بیٹے پھیکو کی طرف دیکھ کر پوچھا۔ بیٹا کیا پڑھ رہے ہو؟

موٹے رام نے اس خوف سے کہ بچہ کہیں سارا بھانڈا نہ پھوڑ دے۔ چنتامنی سے کہا اجی یہ کچھ نہیں پڑھتا دن بھر کھیلا کرتا ہے۔

پھیکو رام کے لئے یہ الزام ناقابلِ برداشت تھا۔ اس نے رو کر کہا پتاجی یونہی کہا کرتے ہیں کہ یہ پڑھتا نہیں دن بھر کھیلا کرتا ہے، ہم کو تو یاد ہے پنڈت سیتو رام ٹھیک پھا۔

موٹے رام نے گھور کر پھیکو رام کی طرف دیکھا اور کہا۔ جا باہر کھیل۔

پھیکو۔ آپ مجھے کیوں ڈانٹتے ہیں۔ کہیے تو جاتا ہوں پنڈت سیتو رام پاٹھک۔

پنڈت موٹے رام مارے غصہ کے تھر تھر کانپنے لگے۔ پھیکو کو مارنے کے لئے اٹھے مگر چنتامنی نے بڑھ کر ہاتھ پکڑ لیا اور پوچھا۔ یار آخر معاملہ کیا ہے۔

موٹے رام۔ کچھ نہیں۔ تم کو تو یونہی شک ہوتا ہے۔

پنڈت چنتامنی کے شبہ کو اور زیادہ تقویت ہوئی مگر باوجود غور کرنے کے

وہ یہ نہ سمجھ سکے کہ ستیو رام پاٹھک کے کیا معنی ہیں۔

چنتا منی پنڈت۔ دسٹرام کے مکان سے رخصت ہوکر نکلے پورے امید سے کہ شاید کچھ پتہ لگ جائے اپنے مکان نہ گئے۔ باہر سڑک پر ٹہلتے رہے۔ وتنے میں پھیکو رام گھر سے باہر نکلا۔ چنتا منی نے اس کا ہاتھ پکڑ کر آہستہ سے پوچھا کہاں نیوتہ ہے بیٹا۔

اتفاق سے کہیں اس بات کی بھنک پنڈت موٹے رام کے کانوں تک پہنچ گئی گھبرا کر باہر نکلے ان کی شکل دیکھتے ہی پنڈت چنتا منی پھیکو کو گود اٹھا کر بھاگے پنڈت موٹے رام سمجھے کہ اب کھا نڈا پھوٹ گیا۔ یہ کہتے ہوئے پنڈت چنتامنی کے پیچھے دوڑے۔ ارے لڑکے کو کیوں لئے جاتے ہو۔ ڈنٹ کہیں کا۔ چنتا منی کہے دیتا ہوں کہ اس کا نتیجہ اچھا نہ ہوگا، پھر کبھی کسی نیوتے میں نہ لے جاؤں گا۔ بھلا چاہتے ہو تو پھینکو کو گود سے اتار دو مگر پنڈت چنتامنی نے ایک نہ سنی بھاگتے ہی چلے گئے۔ پنڈت موٹے رام اسم باسمیٰ تھے ان کے لئے ایک قدم دوڑنا بھی مشکل تھا۔ مگر اس وقت بڑی ہمت سے کام لے کر بھینسے کی طرح ہانپتے اور کلمات نازیبا بکتے ہوئے چنتا منی کے پیچھے دلکی چال سے چلے جا رہے تھے اتفاق سے پنڈت موٹے رام کی دھوتی ڈھیلی ہوگئی اور وہ الجھ کر گر پڑے۔ چنتامنی نے پیچھے پھر کر یہ حالت دیکھی تو رک گئے اور پھینکو رام سے پوچھا۔ کیوں بیٹا کہاں نیوتہ ہے۔ بتا دو ہم تمہیں مٹھائی دیں گے۔

پھینکو رام۔ رانی کے یہاں

چنتا منی ۔ کہاں کی رانی؟

پھینکو ۔ یہ تو نہیں جانتا بس رانی ہیں۔

شہر میں کئی رانیاں تھیں۔ پنڈت جی نے سوچا کہ سب رانیوں کے محلوں کا چکر لگاؤں گا۔ جہاں کھوج ہو گا وہاں ضرور بھیڑ بھاڑ ہو گی۔ بس پتہ مل ہی جائیگا۔ یہ خیال کرکے وہ لوٹا پڑسے اور بھیکو کو گود میں لئے پنڈت موٹے رام کے پاس آئے۔ دیکھا تو وہ بیٹھے ہوئے کراہ رہے ہیں۔ گھبرا کر پوچھا۔ دوست گر کیسے پڑے! یہاں کہیں گڑھا بھی تو نہیں ہے۔

موٹے رام۔ تمہیں اس سے کیا مطلب۔ لڑکے کو لے جاؤ اور جو کچھ پوچھنا باقی ہے پوچھ لو۔

چنتامنی۔ میں یہ کپٹ بیوہار نہیں کرتا۔ میں نے تو مذاق کیا تھا۔ تم برا مان گئے۔ لے اٹھو بیٹھو یار رام کا نام لے کر میں سچ کہتا ہوں۔ میں نے کچھ نہیں پوچھا۔

موٹے رام۔ جھوٹ بولتے ہو۔

چنتامنی۔ جنیو ہاتھ میں لے کر کہتا ہوں۔

موٹے رام۔ تم گنگا میں ڈوب کر قسم کھاؤ جب بھی مجھے وشواس نہ آئے۔

چنتامنی۔ دوسرا یہ بات کہتا تو مونچھ اکھاڑ لیتا۔

موٹے رام۔ تو پھر آ جاؤ

چنتامنی۔ پہلے پنڈتائن سے پوچھ لو۔ ابھی تم کو دس برس تک پڑھانے کا دعوی کرتا ہوں۔

پنڈت موٹے رام یہ طعنہ برداشت نہ کر سکے۔ فوراً اٹھ بیٹھے اور پنڈت چنتامنی سے علمی بحث شروع کر دی۔ دونوں مہاشے اس زور کے ساتھ گرج گرج ہتوپا دیش کے اشلوک پڑھ رہے تھے جیسے دو بھینسے آپس میں ٹکرا رہے ہوں۔

موٹے رام۔ بھائی [illegible] بگڑ گئی۔

چنتامنی۔ [illegible] کمٹ نہیں آ دو سے۔

موٹے رام۔ سپنے جے ہنومان گسائیں۔

چنتامنی ۔ پربھو رکھئے لاج ہماری

موٹے رام۔ (بگڑکر) یہ ہنومان چالیسا میں نہیں ہے۔

چنتامنی ۔ یہ ہم نے رچا ہے۔ کیا تمہاری طرح رٹنت ودیا ہے جتنا کہو اتنا رچ دیں۔

موٹے رام ۔ ابے ہم رچنے پر آجائیں تو ایک دن میں ایک لاکھ ودیا رچ ڈالیں۔

دونوں مہاتما اپنی اپنی سخنگوئی کی ڈینگیں مار رہے تھے کہ راستے میں کسی شخص نے

چنتامنی کے گھر جاکر کہدیا پنڈت موٹے رام اور پنڈت چنتامنی میں بڑی لڑائی ہو رہی ہے۔ پنڈت چنتامنی کے تین بیویاں تھیں۔ ان تینوں کا رعب سارے محلہ پر چھایا ہوا تھا۔ پنڈت جی نے اپنی بیبیوں کے نام تو بہت شیریں رکھے تھے۔ یعنی بڑی بیوی کو امرتی منجھلی کو "گلاب جامن" اور چھوٹی کو "موہن بھوگ" کہتے تھے۔ لیکن ان عورتوں کا مزاج اس قدر ترش تھا کہ تو بہ بھلی محلہ کے سب آدمی ان سے ڈرتے تھے۔ لڑائی کی خبر پاتے ہی تینوں بیویاں پنڈت موٹے رام کے مکان کی طرف روانہ ہوئیں چھوٹی بیوی دوسری بیویوں کے مقابلے میں کسی قدر دبلی تھی وہ لپک کر جلدی پہنچ گئی۔ اس کی صورت دیکھتے ہی پنڈت موٹے رام کے حواس باختہ ہو گئے۔ سمجھ گئے اب خیریت نہیں ہے۔ گھبرا کر گھر کی طرف بھاگے

چنتامنی نے للکار کر کہا آپ بھاگے کیوں۔ کچھ مجا تو چکھتے جاؤ۔

موٹے رام نے بھاگتے ہوئے جواب دیا۔ میں ہار گیا بھائی ہار گیا۔

(۳)

رات کے آٹھ بجے پنڈت موٹے رام نے پوجا پاٹ اور اشنان سے فارغ ہوکر اپنی بیوی سے کہا۔ اب بہت دیر نہ کرنا چاہئے پھنکی تیار ہے نا۔

سونا۔ پھنکی سے تو کب سے بیٹھی ہوں۔ تمہیں کسی بات کی سدھ بھی نہیں رہتی۔ رات یہاں کون دیکھتا ہے کہ کتنی دیر پوجا کرتے ہو۔

موٹے رام۔ تم سمجھتی نہیں۔ بھوجن کے لئے ہمیشہ دیر میں جانا چاہئے تاکہ جیمان یہ سمجھے کہ پنڈت جی کو یاد نہیں رہا۔ بھول گئے۔ لاؤ تھوڑی سی چٹنی لڑکوں کو بھی کھلا دیں۔

سونا۔ انہیں میں نے تھوڑی سی کھلا دی تھی

موٹے رام۔ کوئی سویا تو نہیں۔

سونا۔ آج بھلا کون سوئے گا۔ سب بھوک بھوک چلا رہے ہیں۔ میں نے بھی ایک پیسے کے چنے منگوا دیئے۔ سب کے سب اوپر بیٹھے کھا رہے ہیں۔ (دیکھو آپس میں مار پیٹ بھی ہو رہی ہے)

موٹے رام۔ جی چاہتا ہے تمہاری گردن پکڑ کر اینٹھ دوں۔ بھلا چنے منگوانے کی کیا ضرورت تھی۔ جب یہیں کھا لیں گے تو جیمان کے یہاں تمہارا سر کھائیں گے۔

سونا۔ میں کیا کرتی سب آن کر رو رہے تھے۔

موٹے رام۔ روتے تھے رونے دیتیں۔ رونے سے ان کا پیٹ نہ بڑھ جاتا اور بھوک کھل جاتی۔

اتنے میں رانی کے ملازم نے دروازے پر آواز دی۔ پنڈت جی مہارانی جی بلا رہی ہیں اور لوگوں کو بھی ساتھ لے کر جلدی چلو۔

پنڈت جی نے پر مسرت نگاہوں سے بیوی کی طرف دیکھ کر کہا۔ دیکھو، وہ کہتے ہیں

اس کے بعد باہر نکل کر رانی کے ملازم سے کہا تم ذرا دیر اور نہ آتے تو

میں کھانا سنانے چلا گیا ہوتا۔ مجھے تو بالکل یاد ہی نہیں تھا۔ تم چلو میں ابھی آتا ہوں۔

(۴)

نو بجے کے بعد پنڈت موٹے رام مردانہ لباس میں اپنی بیوی اور بچوں کو لے کر رانی کے یہاں پہنچے۔ رانی صاحبہ نے پنڈت جی کو اندر بلا کر ان کے چرن چھوئے اور مسکرا کر پوچھا آپ ان بچوں کو کہاں سے پکڑ لائے؟

موٹے رام۔ کرتا کیا سارا نگر چھان مارا لیکن کسی برہمن نے آنا منظور نہ کیا سب اپنے اپنے کاموں میں لگے ہیں۔ بڑی مشکل سے ان پنڈتوں کے لڑکوں کو لے آیا۔ کیوں پھینکو رام تمہارے پتا جی کا کیا نام ہے۔

پھینکو رام۔ پنڈت گھسیٹو رام پچھا کا۔

رانی۔ یہ بچہ بہت تیز اور ہونہار معلوم ہوتا ہے۔

جب لڑکوں نے دیکھا کہ رانی صاحبہ پھینکو رام کی تعریف کر رہی ہوں تو انہوں نے بھی بغیر پوچھے ہوئے اپنے اپنے باپوں کے نام سنانا شروع کر دیئے۔

جب سامنے پتل رکھ دیئے گئے اور سینڈار کی چاندی کی تھالی سامان لا کر ایک ایک کے سامنے رکھنے لگا تو پنڈت موٹے رام کو پنڈت چنتامنی کی یاد آئی۔ اگر وہ اس وقت ہوتے تو خوب رنگ جمتا۔ اب کھانے میں لاگ ڈانٹ کیسے ہوگی۔ کیونکہ جب تک کوئی مقابلہ پر نہ ہو اس وقت تک کھاتے نہیں بنتا۔ سونا دیوی پر یہ خیال ظاہر کیا۔ سونا نے کہا تمہیں آج کیا ہو گیا ہے۔ اس کو کیوں بلانا چاہتے ہو؟

موٹے رام۔ کوئی ساتھ دینے والا بھی تو چاہیے۔

سونا۔ کیا میں تم سے کھانے میں دب جاؤں گی؟

موٹے رام۔ تم جانتی نہیں گھر کی بات اور ہے جنگل کی بات اور۔ اگر چنتامنی اس وقت آ گیا تو جھنڈے گاڑ دوں گا؟

یہ کہہ کر پنڈت موٹے رام نے رانی سے کہا۔ میرے ایک خاص دوست اور بہت بڑے ودوان پنڈت چنتامنی جی ہیں، اجازت ہو تو ان کو بلا لوں۔ میں ان سے دعوت کے واسطے کہنا بھول گیا۔ ابھی یاد آئی۔

رانی۔ آپ کی مرضی ہو تو بلا لیجئے۔

موٹے رام۔ ہاں سرکار ابھی دوڑتا ہوا جاتا ہوں۔

رانی۔ آپ میری موٹر لیتے جائیں۔

موٹر تیار ہوئی اور موٹے رام چنتامنی کے گھر روانہ ہوئے۔ پنڈت چنتامنی اپنے صحن میں غمگین بیٹھے ہوئے تھے۔ جس تقریب کے سب سے بڑے دوست موٹے رام نے ان کے ساتھ بیوفائی کی۔ طرح طرح کے کھانوں کو خیال کر کے ان کی رال ٹپکی پڑ رہی تھی۔ بار بار پیٹ پر ہاتھ پھیرتے تھے۔ اوہو کیا رسیلی امرتیاں ہوں گی۔ اب میرے سے کھوے کے لڈو تر سے ہوں گے۔ ہائے موٹے رام اکیلے ہی ان کا مزا لے گا۔ اتنے میں موٹے رام نے دروازے پر پہنچ کر آواز دی۔ چنتامنی کی بڑی بیوی امرتی دیوی نے بگڑ کر کہا۔ یہ کون دروازے پہ چلا رہا ہے رات کو جگاتا ہے۔

موٹے رام۔ گالی مت دو۔ ارے ہم ہیں ہم۔

امرتی دیوی۔ ہے تیرے منہ میں جھلسا لگاؤں نگوڑے۔ کہتا ہے۔ ہم ہیں ہم کو جانے کون ہے۔

موٹے رام۔ ارے ہماری آواز نہیں پہچانتی۔ ہم ہیں ہم تمہارے دیور جی۔

امرتی۔ دور یہاں سے۔ تو رہا ہوں دوش اٹھے۔ ہمارا دیور جبت ہے۔

موٹے رام۔ ہم ہیں ہم۔ تمہارے دیور پنڈت موٹے رام شاستری۔

امرتی دیوی نے دروازہ کھولا، اور موٹے رام سے کہا۔ ارے تم تھے۔ اپنا نام پہلے نہ بتایا جب اتنی گالیاں کھائیں تب بول نکلا۔

موٹے رام۔ چنتامنی دوست چلو۔ تم کو لینے آیا ہوں۔ رانی صاحبہ کے یہاں دعوت ہے۔

چنتامنی۔ جب تو لے نہ گئے اب جب بھوجن ہو چکا تو زخموں پر نمک چھڑکنے آئے ہیں۔

موٹے رام۔ نہیں یار ابھی بھوجن نہیں ہوا۔ میں تم کو لینے آیا ہوں۔ جلدی کرو آج تمہیں پکڑ کر پچھاڑ دوں گا۔

چنتامنی۔ تم بیچارے مجھے کیا پچھاڑو گے سارے شہر میں تو کوئی ایسا مائی کا لال ہے نہیں۔

موٹے رام۔ اجی یہاں برسوں محنت کی ہے بھنڈارے کے بھنڈارے صاف کر دیئے۔ دو سیر بھی کھانے کی خواہش باقی رہے۔ بس یہی سمجھ لو کہ ہم کھانے کے بعد آتے ہیں کبھی کروٹ نہ ہو سکے جب گھر آئے گاڑی پر لد کر۔

چنتامنی۔ تو یہ کون بڑی بات ہے۔ ہم تو ہمیشہ مردے کی طرح کھٹیا پر اٹھا کر لائے جاتے ہیں۔ ایسی ایسی ڈکاریں لیتے ہیں۔ جیسے بم کا گولہ چھوٹ رہا ہو ایک بار خفیہ پولیس نے اسی شبہ میں ہمارے گھر کی تلاشی بھی لی تھی۔

موٹے رام۔ جھوٹ بولتے ہو اس طرح کوئی ڈکار نہیں لے سکتا۔

چنتامنی۔ اچھا تو آکر سن لینا ڈر کر بھاگ نہ جاؤ تو سہی۔

(۵)

موٹر رانی کے محل کے سامنے رکی اور دونوں مہاتما اترے۔ اب ہر ایک کو یہی فکر تھی کہ پہلے میں رانی صاحبہ کے سامنے جاکر اپنا رنگ جمالوں۔ دونوں قدم بڑھانے لگے چنتا منی ہلکے ہونے کے سبب ذرا آگے بڑھ گئے تو پنڈت موٹے رام دوڑنے لگے۔ چنتامنی بھی دوڑ پڑے۔ آخر میں موٹے رام نے ہانپتے ہوئے کہا یار ذرا ٹھہر جاؤ میرے پاؤں میں کانٹا لگ گیا ہے۔

چنتامنی۔ تو نکال لو۔ جب تک میں چلتا ہوں۔

موٹے رام نے بہت بہانے کئے مگر چنتامنی نے ایک نہ سنی اور رانی صاحبہ کے کمرے کے اندر پہنچ کر دم لیا۔

رانی صاحبہ بیٹھی ہوئی تھیں۔ پنڈت جی نے سامنے پہنچ کر آواز لگائی۔

جے ہے جے دے تو بال کیشو مرار نانا۔

رانی۔ کون ہے کیا مطلب ہے؟

چنتامنی۔ حضور میں ہوں پنڈت چنتامنی آپ نے مجھے بھوجن کے واسطے بلایا ہے۔

آپ ہی پنڈت چنتامنی ہیں۔ اچھا پنڈت موٹے رام شاستری کہاں رہ گئے۔

سرکار وہ پیچھے آرہا ہے۔ بھلا میرے برابر چل سکتا ہے۔ وہ تو میرا شاگرد ہے۔

رانی اچھا تو وہ آپ کے شاگرد ہیں۔

چنتامنی۔ حضور میں کس منہ سے کہوں۔ برہمن کو خاکساری چاہئے۔ میرے سب چیلے میرے گورو ہیں۔

اتنے میں پنڈت موٹے رام بھی ہانپتے ہوئے پہنچ گئے۔ رانی صاحبہ دونوں پنڈتوں کو اپنے ہمراہ لے کر کمرے سے باہر نکلیں۔ بھنڈاری نے سامان نکالنا شروع کیا۔ سونا دیوی اور اس کے بچے مارے بھوک کے بیتاب ہو رہے تھے۔ چنتامنی نے راماین کی چوپائیوں کا پاٹھ شروع کیا۔ موٹے رام نے بہت کچھ ذہن دوڑایا لیکن بھوک کی شدت میں کوئی شلوک یا کوئی منتر یاد نہ آیا مجبور ہو کر وہ "رام بھج۔ رام بھج رام بھج رے من" اونچے سُروں میں الاپنے لگے۔ چنتامنی کو بھی اب اپنی آواز بلند کرنی پڑی۔ موٹے رام نے بھی اور زور سے گرجنا شروع کیا۔ اتنے میں بھوگ کی تیاری ہوئی۔ نوکر چاکر مستعد ہو گئے۔ کسی نے گھنٹہ لیا کسی نے گھڑیال کسی نے سنکھ کسی نے کرتال۔ پنڈت چنتامنی نے لپک کر آرتی اٹھالی۔ موٹے رام دل ہی دل میں پیچ و تاب کھا کر رہ گئے رانی کے پاس پہنچنے کا موقع ان کو نہ ملا۔ آرتی ختم ہوئی۔ پنڈت چنتامنی اور رانی صاحبہ کے درمیان کچھ سرگوشیاں ہوئیں۔ بھوجن شروع ہونے ہی کو تھا کہ رانی صاحبہ کا کتا رسوئی میں گھس آیا۔ پنڈت موٹے رام کے پیر تلے زمین نکل گئی۔ رانی صاحبہ نے کہا ہائیں یہ کتا کیسے چھوٹ گیا۔ افسوس ساری محنت اکارت ہوئی۔ اب تو رسوئی بھرشٹ ہو گئی۔

موٹے رام۔ سرکار کوئی ہرج نہیں ہے۔

سونا۔ جاگتے جاگتے آدھی رات گزر گئی اب یہ مصیبت پڑی۔

موٹے رام۔ اچھا تو ہم لوگ جاتے ہیں۔

رانی۔ ہاں تو اور کیا۔ مجھے افسوس ہے کہ آپ سب کو بیکار تکلیف ہوئی۔ اس کتے نے سارا کام بگاڑ دیا۔ بھنڈاری سارا سامان بھنگی کو دے دو۔ مگر ہاں یہ دو بچے بہت چھوٹے ہیں۔ یہ کیوں بھوکے رہیں۔ تھوڑا سامان موجود ہے۔ وہ ان کو کھلا دینا چاہئے پھینکو

مٹھائی کھاؤ گے ؟

پھینکو۔ اور پھر آئے کس لئے تھے۔

رانی۔ اچھا سچ سچ بتاؤ تمہارے باپ کا کیا نام ہے نہیں تو مٹھائی نہیں ملے گی۔

موٹے رام۔ اب جانے دیجئے مجھ کو دیر ہوتی ہے۔

چنتامنی۔ کیا ہرج ہے نام پوچھ لینے دو۔

موٹے رام۔ تم چپ رہو ورنہ اچھا نہ ہوگا۔

رانی۔ آپ اتنا غصّہ کیوں کرتے ہیں۔ نام پوچھنے میں بھی کوئی برائی ہے۔ ہاں ہاں پھینکو رام اپنے باپ کا نام سچ سچ بتاؤ۔ پھر بہت سی مٹھائی کھانے کو دیں گے۔ بتا دو بیٹا بتا دو۔ ورنہ مٹھائی نہیں ملے گی۔

پھینکو رام نے آہستہ سے کوئی نام لیا۔ اس پر پنڈت موٹے رام نے بہت زور سے ڈانٹا

آپ بچے کو کیوں ڈانٹتے ہیں۔

موٹے رام۔ یہی تو زمانے میں آگ لگ گئی ہے کہ برہمنوں کو اپنے دروازہ پر بلا کر ذلیل کیا جاتا ہے۔

چنتامنی۔ اس میں کیا بات ذلّت کی ہے۔

موٹے رام۔ بس چُپ رہنا ورنہ سارا غصّہ تم پر اترے گا۔ ماتا پتا کا تو پتہ نہیں برہمن بن کر بیٹھے ہیں۔

چنتامنی۔ جو من چاہے کہہ لو۔ میں برہمن نہیں شدر ہوں۔ مگر تم تو برہمن ہو جو اپنے دھرم کی باتیں بھی نہیں جانتے۔ برہمن کا پہلا فرض غصّہ کو روکنا ہے۔

موٹے رام۔ ابے تو پیٹ کا غلام ہے۔

چنتامنی۔ کہہ تو دیا بھائی تم بڑے ہیں، چھوٹا۔ تمہارے دروازہ کا میں کتا ہوں اور کچھ کہو گے۔

رانی۔ پنڈت چنتامنی جی ایسا نہ کہئے۔ آپ بہت بزرگ ہیں۔ اتنے سخت کلمے سننے پر بھی آپ کو غصہ نہیں آتا۔

پنڈت موٹے رام یہ کہہ کر "اچھا چنتامنی سمجھوں گا" اپنے بچوں کے ہمراہ بھوکے پیاسے مکان کو واپس ہوئے۔

پنڈت موٹے رام اپنی قسمت کو کوستے ہوئے جا رہے تھے۔ وہاں پنڈت چنتامنی کے پانچوں گھی میں تھیں۔ آسن مارے تر مال اڑا رہے تھے۔ رانی صاحبہ اپنے ہاتھ سے مٹھائیاں پروس رہی تھیں۔ اتنے میں چنتامنی نے ڈکار لے کر کہا۔

"سرکار نے دیکھا کتنا بے شرم آدمی ہے۔ اپنی عورت تک کو مردانے کپڑوں میں لے آیا۔

مگر آج میں نے بھی ایسا سبق دیا کہ زندگی بھر یاد رکھے گا۔

چنتامنی نے پیٹ پر ہاتھ پھیر کر جواب دیا۔ سرکار کی بدھی کو دھنیہ ہے۔

فکرِ دنیا

جیک یوں دیکھنے میں بہت موٹا تازہ لحیم شحیم تھا۔ بھونکتا تو سننے والوں کے کانوں کے پردے پھٹ جاتے۔ ڈیل ڈول بھی ایسا تھا کہ اندھیری رات میں اس پر گرسچھ کا شبہ ہوتا تھا لیکن اس کی دلیری کسی معرکہ میں کبھی ظاہر نہ ہوئی تھی۔ دو چار بار جب بازار کے مریل سے شہدوں نے اسے للکارا۔ تو وہ ان کی جسارت کا مزہ چکھانے کے لئے میدان میں آیا۔ اور دیکھنے والوں کا کہنا ہے کہ جب تک [illegible] سے لڑا۔ پنجے اور دانتوں سے زیادہ کارہائے نمایاں اس کی دُم نے کئے۔ تحقیق طور پر نہیں کہا جا سکتا۔ کہ بالآخر میدان کس کے ہاتھ رہا۔ لیکن جب فریقِ مخالف کو اپنی حمایت کے لئے اور کمک منگانی پڑی تو اصولِ حرب کے مطابق فتح کا سہرا جیک ہی کے سر رکھنا زیادہ قرینِ انصاف معلوم ہوتا ہے۔ جیک نے اس وقت مصلحت سے کام لیا۔ اور صلح کر لی۔ لیکن تب سے اس نے ایسے نا اصول پرور اور بے راہ رقیبوں کو منہ نہ لگایا۔

اتنا صلح پسند اور فروتن اور متحمل مزاج ہونے پر بھی جیک کے رقیبوں کی تعداد روز بروز بڑھتی جاتی تھی۔ اس کے ہمسر تو اس لئے اس سے جلتے کہ یہ اتنا جسیم اور عظیم الجثہ ہو کر بھی اس قدر سلامت رو کیوں ہے۔ ان کے خیال میں سلامت روی اس کے شایانِ شان نہ تھی۔ بازاری غول اس سے محض اس لئے بدگمان رہتا تھا۔ کہ

جیک کے مارے گھوروں پر کی ہڈیاں اور تیل بھی نہ بچنے پاتے تھے۔ وہ گھڑی رات رہے اُٹھتا اور حلوائیوں کی دکانوں کے سامنے کے دونے اور نانبائیوں کی دکانوں کے سامنے کی ہڈیاں ایک ایک کرکے اڑا جاتا۔ وہ اپنے بقائے حیات کی دھن میں بھول جاتا۔ کہ یہ علاقہ دوسروں کا ہے اور میں بلا ان کی مرضی کے اس کے اندر قدم رکھنے کا مجاز نہیں ہوں تا وقتیکہ اپنے پنجہ و دنداں سے اپنا استحقاق ثابت کردوں چنانچہ اتنے دشمنوں کی نگاہوں پر چڑھ کر جیک کی زندگی ناقابل برداشت ہوتی جاتی تھی۔ مہینوں گذر جاتے اور سیری نصیب نہ ہوتی کئی بار اسے سیری کی ہوس نے مشکوک ذرائع سے کام لینے پر مجبور کیا مگر جب نتیجہ امید کے خلاف ظہور میں آیا۔ اور لقمہ ہائے لطیف اور پُر کے بدلے زیادہ ثقیل اور تحمل آزما چیزیں شکم پری کو ملیں تو مجبور ہوکر پھر وہی روش سلامت روی اختیار کی۔

مگر اس نیرنگیٔ تقدیر اور سعی ناموفور نے اشتیاق کو فرو کرنے کے بدلے اور بھی مشتعل کردیا اس کے دل میں ایک بیتاب کن آرزو پیدا ہوئی۔ کسی ایسی جگہ جاؤں جہاں شکار بہ افراط ہو۔ ہرن اور خرگوش اور بھیڑوں کے گلے مرغزاروں میں چرتے ہوں۔ نہ ان کا کوئی مالک ہو۔ نہ محافظ کسی رقیب کا اندیشہ تک نہ ہو۔ آرام کرنے کو گھنے درختوں کا سایہ ہو۔ پینے کو ندی کا صاف ستھرا پانی۔ من مانا شکار کھیلوں کھاؤں اور میٹھی نیند سوؤں۔ چاروں طرف میری دھاک جم جائے۔ ایسا رُعب قائم ہو جائے۔ دلوں میں میری اتنی ہیبت سما جائے۔ کہ جدھر نکل جاؤں ہلچل پڑ جائے۔ سب جانور مجھی کو اپنا فرمانروا حتیٰ کہ اپنا راجا سمجھنے لگیں۔ ایسا سکہ بیٹھ جائے کہ کسی رقیب کو ادھر نگاہ اُٹھانے کی ہمت تک نہ ہو۔

قضارا ایک دن وہ انہیں دلخوش کن خیالوں کے سرور میں سر جھکائے سڑک چھوڑ کر گلیوں سے چلا جا رہا تھا کہ دفعتاً ایک جوان ہمت حریف سے اس کی مڈبھیڑ ہو گئی۔ جیک نے دبی ہوئی نگاہوں سے اس کے بدلے ہوئے تیور دیکھے۔ تو تھرّا گیا۔ چاہتا تھا کہ بچ کر نکل جائے۔ مگر حریف روسیاہ اتنا صلح پسند نہ تھا۔ اس نے فوراً جھپٹ کر جیک کی گردن پکڑ لی۔ جیک نے بہت منت و سماجت کی۔ گڑگڑا کر کہا۔ خدا را مجھے چلا جانے دو۔ قسم لے لو جو پھر ادھر قدم رکھوں۔ مجھے معلوم نہ تھا کہ یہ علاقہ تمہارے ممالک محروسہ میں شامل ہے۔ ورنہ مجھ سے ایسی حماقت ہرگز نہ سرزد ہوتی۔ تم شیر ہو۔ دلیر ہو۔ مرد میدان ہو۔ میں فاقہ کش، غریب خستہ حال بھلا تم سے آنکھیں ملانے کا دعوےٰ کر سکتا ہوں۔ پر اس نشۂ خودی کے متوالے شقی اور سیہ باطن وجود کا دل ذرا بھی نہ پسیجا۔ بلکہ اس عجز و الحاح نے اسے اور بھی آمادۂ پرخاش کر دیا۔ ضرر کا اندیشہ نہ رہا۔ آخر بدرجہ مجبوری جیک نے نہایت بےکسانہ انداز سے نالۂ فریاد بلند کیا۔ یہ شور سُن کر علاقہ کے چند اور شریر حضرات جمع ہو گئے۔ لیکن وہ بھی جوہر انسانیت سے عاری تھے۔ بجائے اس کے کہ بیکس پر رحم کریں اور بے رحم حملہ آور کو نشانۂ ملامت و تحقیر بنائیں۔ اُلٹے جیک ہی پر ٹوٹ پڑے۔ جیک نے راہِ فرار اختیار کی۔ پر ان بہائم نے بہت دُور تک اس کا تعاقب کیا۔ یہاں تک کہ رستہ میں ایک دریا حائل ہو گیا۔ اور جیک نے توکّل بخدا اس میں کود کر اپنی جان بچائی۔ ان ظالموں کو ندی میں کودنے کی ہمت نہ پڑی۔

کہتے ہیں۔ ایک دن کوڑے کے بھی دن پھرتے ہیں۔ جیک کے دن بھی ندی میں کودتے ہی پھر گئے۔ کود ا تھا جان بچانے کے لئے۔ ہاتھ لگ گئے موتی تیرتا ہوا

اس پار پہنچا۔ تو وہاں اس کی دیرینہ تمناؤں کی کلیاں کھلی ہوئی تھیں۔

(۳)

یہ ایک نہایت وسیع خطہ تھا۔ جہاں تک نگاہ جاتی۔ سبزہ کا زمردیں فرش بچھا ہوا نظر آتا۔ کہیں مترنم آبشار تھے۔ کہیں متبسم مرغزار۔ ایک دلفریب منظر تھا۔ فرحت و نزہت سے بھانت بھانت کے طیور و چوپائے نظر آئے۔ بعض ایسے دراز قامت کہ جیک انہیں دیکھ کر تھرا اٹھا۔ بعض ایسے خونخوار کہ ان کی آنکھوں سے شعلے نکل رہے تھے۔ ایسے ایسے مہیب اژدہے نظر آئے جو ایک کش میں اسے نگل جائیں۔ جیک سخت تشویش میں مبتلا ہوا۔ دلفریب منظر نے جو امیدیں بیدار کر دی تھیں وہ غائب ہوگئیں۔ اس وادیٔ پرخطر میں رات کیونکر بسر ہوگی۔ وہ اسی فکر میں غوطے کھا رہا تھا کہ شام ہوگئی۔ اور تاریکی کے تسلط ہوتے ہی وہاں ایک شورِ قیامت برپا ہوگیا۔ درندو پرند قطاروں میں کھڑے ہو گئے۔ اور پنجہ و ناخن منقار و دنداں سے ایک دوسرے پر حملہ کرنے لگے۔ ان کی گرج اور تڑپ چوٹ اور دار دیکھ کر جیک کے ہوش اُڑ گئے۔ ایک گوشۂ محفوظ میں دبکا ہوا یہ معرکہ خونریز دیکھتا رہا۔ ساری رات میدان کارزار گرم رہا خون کی ندی بہتی رہی۔ صبح کو وہاں اس نے جا کر دیکھا تو معرکہ آراؤں کا نشان نہ تھا۔ مقتولوں کے انبار لگے تھے۔ کتنے ہی زخم خوردہ سورما ایڑیاں رگڑ رہے تھے۔ اب کیا تھا جیک کے پوبارہ ہو گئے۔ ایک زخمی ہرن پر ٹوٹ پڑا۔ اور چشم زدن میں اس کی تکابوٹی کر ڈالی۔ آج مدت دراز کے بعد شاید زندگی میں پہلی بار اسے سیری کا احساس ہوا۔

مگر یہ خونیں نظارے کسی علت یا سبب کے پابند نہ تھے۔ دن اپنے اپنے گوشے میں آرام کرنے کے بعد شام کو اس وادی کے سبھی باشندے نکل آتے اور معرکہ کارزار شروع

ہو جاتا تھا۔ اور پھر صبح کو جیک اپنے لئے اغذیہ لطیف کا دسترخوان بچھا ہوا پاتا۔ یہ روز کا معمول تھا۔

تھوڑے ہی دنوں میں عیش بے شغل اور غذا، قوت بخش نے جیک پر جادو کا سا اثر پیدا کیا۔ وہ پہلے سے کہیں زیادہ جسیم دراز قد اور خوفناک ہو گیا۔ اپنے قویٰ میں اُسے حیرت انگیز توانائی اور چستی کا احساس ہونے لگا۔ اس کی ہمت بھی کھل گئی۔ وہ اب ہمیشہ بن میں منہ دبائے سمیٹے کسی گوشہ میں نہ بیٹھتا۔ بلکہ دلیرانہ انداز غرور سے سبزہ زار میں چھلانگیں بھرتا اور کسی چھوٹے موٹے جانور کا شکار بھی کر لیتا۔ ادھر اس خطہ کے دلیروں میں روزانہ خونریزی و معرکہ آرائی کے باعث ضعف و انحطاط کے آثار نظر آنے لگے۔ یہاں تک کہ رفتہ رفتہ وہ صفحۂ ہستی سے مٹ گئے۔ اور اب اس وادی پر فضا میں جیک کا مدمقابل نہ رہا۔

جیک کو اب اپنی شجاعت اور مردانگی کے اظہار کا موقع ملا۔ اس کی آواز میں شیروں کی سی گرج تھی۔ بشرہ سے رعب اور ہیبت کی شعاعیں نکلتیں جنگل کے جانور اسے بچہ شیر سمجھنے لگے۔ جیک کبھی اپنی صید افگنی کے کمال دکھا کر ان کے اس خیال کی تائید کرنے لگا۔ خدا نے مجھے تمہارے اوپر حکومت کرنے کے لئے بھیجا ہے مشیت الٰہی ہے۔ تم بے عمل و عش اپنے اپنے گھروں میں پڑے رہو۔ میں تم سے کچھ نہ بولوں گا۔ اگر کوئی دشمن باہر سے آ جائے گا۔ تو خود اس سے مقابلہ کروں گا۔ میری ذات سے تمہیں کوئی ضرر نہ پہنچے گا۔ میں تمہیں خوابِ غفلت سے بیدار نہ کروں گا۔ محض تمہاری خدمت کرنے کے صلہ میں کبھی کبھی تم میں سے کسی کا شکار کر لیا کروں گا۔ اس ذرا سی تکلیف سے تم اپنے ملک کے تحفظ کے بارے سبکدوش ہو جاؤ گے۔

تمہیں انصاف کرو میرا یہ مطالبہ انصاف سے بعید تو نہیں ہے۔ کیونکہ گو میں آسمانی وجود ہوں پر مجھے بقائے حیات کے لئے خوراک کی ضرورت ہے۔

(۳)

لیکن تھوڑے ہی دنوں میں جینگ کو ایک نئی فکر پیدا ہوئی۔ اس خطہ میں کوئی میرا رقیب نہ آجائے۔ وہاں کے باشندوں سے اسے مدد کی کوئی امید نہ تھی۔ ملک داری کا سارا بار اپنے ہی قوت بازو پر تھا۔ اس کے لیل و نہار اب تشویش میں گزرنے لگے۔ جوں جوں دن گزرتے تھے۔ اس کا احتمال ضرور بڑھتا جاتا تھا۔ یہاں تک کہ دو پتے کے کھڑکنے پر چونک پڑتا اور اپنی صدائے مہیب سے سارے خطے میں تلاطم برپا کر دیتا۔ لقمۂ لطیف اور خوابِ شیریں کا مزہ جاتا رہا۔ کبھی کبھی مایوسی کے عالم میں جانوروں سے کہتا۔ خدا کا شکر و۔ کہ تم میرے منقاد ہو۔ ورنہ کسی دوسرے خونخوار فرمانروا کے مطیع ہوتے۔ تو تمہاری زندگی وبال ہو جاتی میں تمہارا بہی خواہ ہوں۔ ہمیشہ تمہاری بہبود او۔ فلاح کی فکر میں سرگرم رہتا ہوں۔ کسی دوسرے فرمانروا سے یہ امید نہ رکھو۔ جب میں آیا۔ تمہاری حالت کتنی خراب تھی۔ اب دوسرے علاقے کے جانور تمہاری حالت پر رشک کرتے۔ وادی کے جانور یہ سن کر کہتے۔ ہم جب تک زندہ رہیں گے۔ آپ کی اطاعت سے کبھی منحرف نہ ہوں گے۔

بالآخر یہاں تک نوبت پہنچی۔ کہ جینگ کو ایک لمحہ کے لئے سکون نصیب نہ ہوتا وہ ساری رات ندی کے کنارے اس حد سے اس تک چکر لگایا کرتا دوڑتے دوڑتے بیدم

ہو جاتا۔ ہانپنے لگتا۔ مگر آرام لینے کی مہلت کہاں۔ اندیشہ ضرر بھوت کی طرح سر پہ سوار رہتا تھا۔

مگر تعجب کی بات یہ تھی کہ یہ اضطراب اور انتشار اس کے نفس پر عنان کے بدلے مہمیز کا کام کرتا تھا۔ وہ اپنے ہم چشموں کو اپنے جاہ و حشم سے مرعوب کرنا چاہتا تھا چنانچہ جب کنوار کا مہینہ آیا تو شاہان سلف کی روش قدیم کے مطابق اس نے کوچۂ عشق کو ہنگامۂ کارزار بنانے کا فیصلہ کیا۔ شام کا وقت تھا وہ اپنے کس بل پر غرور سے اکڑتا ہوا دریا کے پار اترا اور ایک حسینہ پر ڈورے ڈالنے لگا مئے الفت سے سرشار ہو کر اپنے کو ایک لمحہ کے لئے بھول گیا۔ اور اس حسینہ کے نقش قدم کو بوسے دیتا ہوا خود مصلحت سے آگے بڑھ گیا۔ رات ہو گئی اور حسینہ اس کی طرف مخاطب نہ ہوئی۔ اس کی ترغیب اور تخویف ایک بھی کارگر نہ ہوئی۔

حسینہ اس کی دلاوری اور جرأت کو کسوٹی پر کسے بغیر اسے منہ نہ لگانا چاہتی تھی۔ اس کے قد و قامت تن و توش پر اسے اعتبار نہ تھا۔ اسی ارادہ سے وہ اسے کوچوں اور گلیوں کی خاک چھنوانی۔ بالآخر ایک قصاب کی دکان پر پہنچی۔ جہاں شب و روز حرص و حسد عشق و محبت کے معرکے ہوتے رہتے تھے۔ وہ اس علاقہ کے فرمانرواؤں کا جولانگاہ تھا۔ اور روس پانچ فتنۂ خودی کے متوالے ہردم بے عقل و غش اینڈتے رہتے تھے۔ یہ جمگھٹ دیکھ کر ایک بار تقاضائے فطرت سے جیک کے پیروں میں لغزش آئی مگر اپنے شان و شکوہ اختیار و اقتدار کی یاد آتے ہی وہ سنبھل گیا۔ اس کے دل نے کہا میں ان استخواں ریزوں کے مقابلے میں قدم پیچھے ہٹا لوں! میں جو وادی امن کا فرمانروا ہوں۔ سورماؤں نے بھی اس کا کس بل دیکھا۔ تھرا اٹھے۔ وہ یکہ و تنہا ایک گروہ پر بھاری

تھا۔ شیر کا سا سینہ چیتے کی سی آتشیں آنکھیں گنبدے کا سا گٹھا ہوا جسم۔ کسی کی ہمت نہ پڑی۔ کہ تنہا پیش قدمی کر سکے۔ مگر غیرت بھی گوارا نہ کرتی تھی۔ کہ ایک بیگانہ وجود دندناتا ہوا ہمارے علاقے میں گھس آئے۔ اور یوں ہماری بے حرمتی کر کے زندہ و سلامت واپس جائے۔ سبھوں نے ایک دوسرے کی طرف نگاہ تحریک سے دیکھا۔ اٹھ بیٹھے غیظ و غضب کے چند الفاظ زبان سے نکالے اور تب یکبارگی جیک سے اُلجھ گئے۔ حسینہ نے بھی آئین محبت اور وفا کی پروا نہ کر کے حریفوں کا ساتھ دیا۔ جیک نے دل کو بہت مضبوط کیا۔ مگر اس کا منہ خود بخود سکڑ گیا۔ دانت باہر نکل آئے اور دم نیچے جھک گئی۔ وہ ایک قدم کے فاصلے پر کھڑا ہو گیا اور مدافعت کرنے لگا۔ ایک بار زور سے ڈپٹ کر اُن پر حملہ کرتا۔ تو ساری جمعیت دو قدم پیچھے ہٹ جاتی۔ غرض جیک نے اس معرکہ میں مردانگی کی خوب داد دی اور حیرت دھرتی کو چھوڑ کر دیکھیں۔ تو حسینہ کو اسے کم ہمت سمجھنے کی مطلق گنجائش نہ تھی۔ مگر جب شمع سوزاں پر صدہا پروانے گر پڑیں تو شمع کیوں کر روشن رہ سکتی ہے۔ جیک تنہا اتنے دیوؤں کا مقابلہ نہ کر سکا۔ مگر وہاں سفید جھنڈی کی قدر کرنے والے رقیب نہ تھے۔ انہوں نے جیک پر اتنے وار کیے کہ محض اس کی سخت جانی اس کی ضامن ہوئی۔ سارا جسم زخموں سے چھلنی ہو گیا۔ جب اب بھی اس نے حریفوں کی آتش قہر کو فرو ہوتے نہ دیکھا تو توکل بخدا راہ فرار اختیار کی۔ اور پھر اسی ندی میں کود کر اپنی جان بچائی۔ پانی میں تیرتا تھا۔ اور اپنی جسارت اور ہوس پر کفِ افسوس ملتا تھا۔ ہاں رہ رہ کر پیچھے کی طرف تاکتا جاتا تھا کہ کہیں دشمن تعاقب نہ کرتا آتا ہو۔

اس دن سے جیک کو اپنی قوت پر جو غرّہ تھا وہ غائب ہو گیا۔ اسے معلوم ہوا کہ میں باوجود اس حشمت و ثروت کے بازاری غول کا مقابلہ نہیں کر سکتا۔ احتمال حد سے بڑھ گیا۔ خواب و خور حرام ہو گیا۔ ہفتوں گزر جاتے اور طبیعت غذا کی جانب مائل نہ ہوتی۔ کبھی سوچتا انہیں جانوروں کو لڑنا سکھاؤں۔ مگر پھر خوف ہوتا کہیں یہ سب میری ہی تباہی پر آمادہ نہ ہو جائیں۔ اس نے ان سے مدد لینے کے مقابلہ میں باہر کے دشمنوں کا مقابلہ زیادہ آسان سمجھا۔ ایک روز اسے ایسا وہم ہوا۔ کہ وادی کے سب جانور کسی رقیب سے خط و کتابت کر رہے ہیں۔ اس نے عالمِ غیظ میں کئی گیدڑوں اور خرگوشوں کو کاٹ کھایا۔ مگر وہم نہ دور ہوا۔ یہاں تک کہ اس کے کانوں میں حملہ آوروں کی یلغار کی آوازیں آنے لگیں۔ وہ ندی کے کنارے آیا۔ اور اتنی دیر تک۔ اور اتنے زور شور سے گرجا کہ اس کا گلا پھٹ گیا۔ شاید پھیپھڑے پر بھی کچھ صدمہ پہنچا۔ سارا دن جگر لگانے میں گزر گیا۔ رات گزر گئی۔ پر یلغار کی صدا اس کے کانوں میں پیہم آتی رہی۔ دوسرے دن وادی کے باشندے اس کے پاس گئے اور اس وہم کو دور کرنے کی کوشش کی۔ آپ مطلق پریشان نہ ہوں۔ بجز حضور کے ادھر صدیوں سے کوئی غنیم آنے کی جرأت نہ کر سکا۔ اب تو کوئی ادھر نگاہ بھی نہیں اٹھا سکتا۔ کس کی مجال۔ ہم جو خدمت کو آمادہ و جاں نثار ہیں۔ اور پھر ایسا موقع آ بھی جائے تو ہم سب حضور کے قدموں پر نثار ہونے کو تیار ہیں۔ مگر جیک کو ان باتوں سے تسکین نہ ہوئی۔ وہ اب دریا سے ایک لمحہ کے لئے بھی نہ ہٹتا۔ اپنے دل میں خیال کیا۔ تمہارے جاں نثار ہونے سے مجھے کیا فائدہ میں کس کا شکار کروں گا۔ اس طرح ایک ہفتہ گزر گیا۔ اور وہ غریب بے خواب و خور

بے آب و دانہ، مجسّم فکر و ابتلا۔ ندی کے کنارے گوسئے چوگاں کی طرح اِدھر سے اُدھر دوڑتا رہا۔ پیر لڑکھڑانے لگے۔ آنکھوں میں اندھیرا چھانے لگا۔ آنتیں سکڑ گئیں۔ اعضا مفلوج سے ہو گئے۔ آٹھویں دن وہ نامراد، کشتۂ ہوس فکرمند دل لئے ہوئے اس دنیا سے رخصت ہو گیا۔ وادئ امن کے باشندے اس کی میت پر جمع ہو گئے۔ مگر رونے کے لئے نہیں قیدِ اطاعت سے آزاد ہونے پر خوشی منانے کے لئے

خودی

منی جس وقت دلدار نگر میں آئی۔ اس کی عمر پانچ سال سے زیادہ نہ تھی۔ وہ بالکل اکیلی تھی۔ ماں باپ دونوں نہ معلوم مر گئے۔ یا کہیں پردیس چلے گئے تھے۔ منی صرف اتنا جانتی تھی کہ کبھی ایک دیوی اسے کھلایا کرتی تھی۔ اور ایک دیوتا اسے کندھے پر رکھ کر کھیتوں کی سیر کرایا کرتا تھا۔ پر وہ ان باتوں کا ذکر کچھ اس طرح کرتی تھی۔ گویا اس نے خواب دیکھا ہو۔ خواب تھا یا واقعہ۔ اس کا اسے علم نہ تھا۔ جب کوئی پوچھتا تیرے ماں باپ کہاں گئے؟ تو وہ بیچاری کوئی جواب دینے کے بجائے رونے لگتی۔ اور یونہی سوالوں کو ٹالنے کے لئے ایک طرف ہاتھ اٹھا کر کہتی "اوپر" کبھی آسمان کی طرف دیکھ کر کہتی "وہاں" "اس" "اوپر" اور دونوں سے اس کا کیا مطلب تھا، یہ کسی کو معلوم نہ ہوتا۔ شاید یہ بستی کہ خود ہی [illegible] تھا۔ بس ایک دن لوگوں نے اسے ایک پیڑ کے نیچے کھیلتے دیکھا۔ اور اس سے زیادہ اس کی بابت کسی کو کچھ پتہ نہ تھا۔

لڑکی کی صورت بہت پیاری تھی۔ جو اسے دیکھتا ہو جاتا۔ اسے کھانے پینے کی کچھ فکر نہ رہتی تھی۔ جب کوئی بلا کر کچھ دیتا۔ وہیں کھا لیتی۔ اور پھر کھیلنے لگتی۔ شکل و صورت سے وہ کسی اچھے گھر کی لڑکی معلوم ہوتی تھی۔ غریب سے غریب گھر میں بھی اس کے کھانے کو دو لقمے اور سونے کو ایک ٹاٹ کے ٹکڑے کی کمی نہ تھی۔ وہ سب

کی تھی۔ اس کا کوئی نہ تھا۔

اس طرح کچھ دن بیت گئے۔ منی اب کچھ کام کرنے کے قابل ہو گئی۔ کوئی کہتا ذرا جا کے تالاب سے یہ کپڑے تو دھو لا۔ منی لے کر کپڑے کو چلی جاتی۔ لیکن راستے میں کوئی اسے بلا کر کہتا۔ بیٹی! کنوئیں سے دو گھڑے پانی تو کھینچ لا۔ تو وہ کپڑے وہیں رکھ گھڑے لے کر کنوئیں کی طرف چل دیتی۔ کنوئیں پر کوئی کہہ دیتا۔ ذرا کھیت سے جا کر تھوڑا ساگ تو لے آ اور منی گھڑے وہیں رکھ کر ساگ لینے چلی جاتی۔ پانی کے انتظار میں بیٹھی ہوئی عورت اس کی راہ دیکھتے دیکھتے تھک جاتی۔ کنوئیں پر جا کر دیکھتی ہے تو گھڑے رکھے ہوئے ہیں۔ وہ منی کو گالیاں دیتی ہوئی کہتی۔ آج سے حرام موہی کو کچھ کھانے کو نہ دونگی۔ کپڑے کے انتظار میں بیٹھی ہوئی عورت اس کی راہ دیکھتے دیکھتے تھک جاتی۔ اور غصے میں تالاب کی طرف جاتی تو راستے میں کپڑے پڑے ہوئے ملتے۔ تب وہ بھی اسے گالیاں دیکر کہتی آج سے اسے کچھ کھانے کو نہ دونگی۔ اس طرح منی کو کبھی کبھی کچھ کھانے کو نہ ملتا۔ اور تب اسے بچپن یاد آتا۔ جب وہ کچھ کام نہ کرتی تھی اور لوگ اسے بلا کر کھانا کھلا دیتے تھے۔ وہ سوچتی کس کا کام نہ کروں۔ جسے جواب دوں وہی ناراض ہو جائیگا۔ میرا اپنا کون ہے؟ میں تو سب کی ہوں۔ اس غریب کو یہ نہ معلوم تھا کہ جو سب کا ہوتا ہے وہ کسی کا نہیں ہوتا۔ وہ دن کتنے اچھے تھے۔ جب اسے کھانے پینے کی، اور کسی کی خوشی یا خوشی کی پروا نہ تھی۔ بخت سیاہ میں بھی بچپن کا وہ زمانہ چین کا تھا۔

کچھ دن اور گذرے۔ منی جوان ہو گئی۔ اب تک وہ عورتوں کی تھی اب مردوں کی ہو گئی۔ وہ سارے گاؤں کی معشوقہ تھی۔ پر کوئی اس کا محبوب نہ تھا۔ سب اس سے کہتے تھے۔ میں تم پر مرتا ہوں۔ تمہارے فراق میں تارے گنتا ہوں۔ تم میرے دل و جان کی مراد ہو۔ پر اس کا سچا محبوب کون ہے؟ اس کی اسے خبر نہ ہوتی تھی۔ کوئی اس سے یہ نہ کہتا تھا کہ تو میری

رنج و غم کی شریک ہو جا۔ سب اُس سے اپنا خانۂ دل آباد کرنا چاہتے تھے۔ سب اسکی نگاہ پر ایک تبسم زیرِ لب پر قربان ہو جانا چاہتے تھے۔ پر کوئی اس کی بانہہ پکڑنے والا اس کی لاج رکھنے والا نہ تھا۔ وہ سب کی تھی۔ اس کی محبت کے دروازے سب پر کھلے ہوئے تھے پر کوئی اُس پر اپنا قفل نہ ڈالتا تھا۔ جس سے معلوم ہوتا۔ کہ یہ اس کا ہے۔ اور کسی کا نہیں۔

وہ بھولی بھالی لڑکی جو ایک دن نہ جانے کہاں سے بھٹک کر آ گئی تھی۔ اب اس گاؤں کی ملکہ تھی جب وہ اپنا فراخ سینہ ابھار کر، غرورِ حسن سے گردن اٹھا۔ بڑی نزاکت سے لچکتی ہوئی چلتی تو منچلے نوجوان دل مسوس کر رہ جاتے۔ اس کے پیروں تلے آنکھیں بچھاتے۔ کون تھا۔ جو اس کے اشارے پر اپنی جان نثار کر دیتا۔ وہ یتیم لڑکی جسے کبھی گڑیاں کھیلنے کو نہ ملیں۔ اب دلوں سے کھیلتی تھی۔ کسی کو مارتی تھی۔ کسی کو جلاتی تھی کسی کو ٹھکراتی تھی کسی کو تھپکیاں دیتی تھی۔ کسی سے روٹھتی تھی۔ کسی کو مناتی تھی۔ اس کھیل میں اُسے سفا کا نہ مزا آتا تھا۔ اب پانسہ پلٹ گیا تھا پہلے وہ سب کی تھی۔ کوئی اس کا نہ تھا۔ اب سب اس کے تھے۔ وہ کسی کی نہ تھی۔ اُسے جس چیز کی تلاش تھی وہ کہیں نہ ملتی تھی۔ کسی میں وہ ہمت نہ تھی جو اس سے کہتا، آج سے تو میری ہے اس پر دل نثار کرنے والے بہتیرے تھے۔ سچا رفیق ایک بھی نہ تھا۔ اصل میں وہ ان شفتہ سروں کو حقیر سمجھتی تھی۔ کوئی اس کی محبت کے قابل نہ تھا۔ ایسے پست ہمتوں کو وہ کھلونوں سے زیادہ وقعت نہ دینا چاہتی تھی۔ جن کا مارنا اور جلانا ایک دلچسپ مشغلے سے زیادہ نہیں جس وقت کوئی نوجوان مٹھائیوں کے خوان اور پھولوں کے ہار لئے اس کے سامنے آ کر کھڑا ہو جاتا تو اس کا جی چاہتا منہ نوچ لوں۔ اسے وہ چیزیں زہر ہلاہل سی لگتیں۔

ان کی جگہ وہ روکھی روٹیاں چاہتی تھی سچی محبت میں ڈوبی ہوئی۔ زیوروں اور اشرفیوں کے انبار اسے بچھو کے ڈنک سے لگتے۔ ان کی جگہ وہ سچی تہ دل سے نکلی ہوئی باتیں چاہتی تھی، جن میں اُلفت کی بُو اور خلوص کا نغمہ ہو۔ اُسے رہنے کو محل ملتے تھے۔ پہننے کو ریشم۔ کھانے کو غذائے لطیف۔ پر وہ ان چیزوں کی طالب نہ تھی۔ وہ طالب تھی پھوس کے جھونپڑے، موٹے جھوٹے گاڑھے اور روکھے سوکھے کھانے کی۔ اسے اثبات روح سوز سے نفی روح پرور کہیں زیادہ مرغوب تھی۔ فضا کے مقابلہ میں کنج قفس کہیں زیادہ ظلو

(۲)

ایک دن ایک پردیسی گانوں میں آ نکلا۔ بہت ہی کمزور خستہ حال آدمی تھا۔ ایک پیڑ کے نیچے ستو کھا کر لیٹا ہوا تھا۔ دفعتہً منی اوپر سے جا نکلی۔ مسافر کو دیکھ کر بولی، کہاں جاؤ گے؟

مسافر نے بے رخی سے جواب دیا، جہنم۔

منی نے مسکرا کر کہا، کیوں کیا دنیا میں جگہ نہیں۔

اوروں کے لئے ہوگی۔ میرے لئے نہیں،

دل پہ کوئی چوٹ لگی ہے؟

مسافر نے زہرخندہ کر کے کہا۔ اور بدنصیبوں کی تقدیر میں کیا ہے! رونا دھونا اور ڈوب مرنا۔ یہی ان کی زندگی کا خلاصہ ہے۔ پہلی دو منزلیں تو طے کر چکا۔ اب تیسری منزل اور باقی ہے، کوئی دن وہ بھی پوری ہو جائے گی ایشور نے چاہا تو بہت جلد!

یہ ایک چوٹ کھائے دل کے الفاظ تھے۔ عورت کے پہلو میں دل ہے ورنہ غیرت کہاں سے آتی۔ منی بہت دنوں سے دل کی تلاش کر رہی تھی۔ بولی کہیں اور وفا

کی تلاش کیوں نہیں کرتے؟

مسافر نے مایوسانہ انداز سے جواب دیا "میری تقدیر میں نہیں۔ ورنہ میرا کیا بنا یا آشیانہ اُجڑ جاتا۔ دولت میرے پاس نہیں حسن میرے پاس نہیں۔ پھر وفا کی دیوی مجھ پر کیوں مہربان ہونے لگی؟ پہلے سمجھتا تھا وفا دل کے بدلے ملتی ہے۔ اب معلوم ہوا اور جنسوں کی طرح وہ بھی زر و جواہر سے خریدی جا سکتی ہے۔

منی کو معلوم ہوا۔ میری نظیروں نے دھوکا کھایا تھا۔ مسافر بے نام نہیں صرف تھا۔ اس کے خد و خال بھی اُسے دلاویز معلوم ہوئے۔ بولی نہیں۔ یہ بات نہیں۔ تمہارا پہلا خیال صحیح تھا۔

یہ کہہ کر منی چلی گئی۔ اس کے دل کے جذبات اس کی قوتِ ضبط سے باہر ہو رہے تھے۔ مسافر کسی خیال میں محو ہو گیا۔ وہ اس حسینہ کی باتوں پر غور کر رہا تھا۔ کیا سچ مچ یہاں وفا ملے گی؟ کیا یہاں بھی تقدیر فریب نہ دے گی؟

مسافر نے رات اسی گاؤں میں کاٹی۔ وہ دوسرے دن بھی نہ گیا۔ تیسرے دن اس نے ایک پھونس کا جھونپڑا کیا۔ منی نے پوچھا۔ یہ جھونپڑا کس کیلئے بناتے ہو؟

مسافر نے کہا جس سے وفا کی اُمید ہے۔

چلے تو نہ جاؤ گے؟

جھونپڑا تو رہے گا؟

خالی گھر میں بھوت رہتے ہیں۔

اپنے پیارے کا بھوت بھی پیارا ہوتا ہے۔

دوسرے دن منی اس جھونپڑے میں رہنے لگی۔ لوگوں کو دیکھ کر تعجب ہوتا تھا۔ منی

اس جھونپڑی میں نہیں رہ سکتی۔ وہ اس سبب سے مسافر کو ضرور دغا دے گی یہ عام خیال تھا۔ لیکن منی پھولی نہ سماتی تھی۔ وہ نہ کبھی اتنی حسین نظر آئی تھی نہ اتنی خوش اسے ایک ایسا انسان مل گیا تھا جس کے پہلو میں دل تھا۔

(۳)

لیکن مسافر کو دوسرے دن فکر پیدا ہوئی۔ کہیں یہاں بھی وہی روز سیاہ نہ دیکھنا پڑے۔ حُسن میں وفا کہاں؟ اسے یاد آیا پہلے بھی اس قسم کی باتیں ہوئی تھیں۔ ایسے ہی عہد و پیمان ہوئے تھے۔ مگر ان کچے دھاگوں کو ٹوٹتے کتنی دیر لگی؟ وہ دھاگے کیا پھر نہ ٹوٹ جائیں گے؟ اس کی عارضی مسرت کا دور بہت جلد ختم ہو گیا۔ اور پھر وہی مایوسی اس پر مسلط ہو گئی۔ اس مرہم سے بھی اس کے جگر کا زخم نہ بھرا۔ تیسرے دن وہ تمام دن مغموم اور متفکر بیٹھا رہا اور چوتھے دن وہ لاپتہ ہو گیا۔ اس کی یادگار صرف اس کی پھوس کی جھونپڑی رہ گئی۔

منی دن بھر اس کی راہ دیکھتی رہی۔ اُسے اُمید یہ تھی وہ ضرور آملیں گے لیکن مہینوں گزر گئے اور مسافر نہ لوٹا کوئی خط بھی نہ آیا۔ لیکن منی کو اُمید تھی، وہ ضرور آئیں گے۔

سال گذر گیا۔ درختوں میں نئی نئی کونپلیں نکلیں۔ پھول کھلے۔ پھل لگے۔ کالی گھٹائیں آئیں۔ بجلی چمکی۔ یہاں تک کہ سرما بھی آ گیا اور مسافر نہ لوٹا۔ مگر منی کو اب بھی اس کے آنے کی اُمید تھی۔ وہ ذرا بھی متفکر نہ تھی۔ ذرا بھی خائف نہ تھی۔ وہ دن بھر مزدوری کرتی اور شام کو جھونپڑے میں پڑ رہتی۔ لیکن وہ جھونپڑا اب تک محفوظ قلعہ تھا۔ جہاں آشفتہ سروں کا بھی پائے نگاہ لنگ ہو جاتا تھا۔

ایک دن وہ سر پر لکڑی کا گٹھا لیے چلی آتی تھی۔ ایک رسیا نے چھیڑ خانی کی منی کیوں

اپنے نازک جسم کے ساتھ یہ ستم کرتی ہو؟ تمہاری ایک نگاہِ کرم پر اس لکڑی کے برابر سونا صدقے کر سکتا ہوں۔

منی نے روح شکن حقارت کے ساتھ کہا۔ تمہارا سونا تمہیں مبارک ہو۔ یہاں اپنی محنت کا بھروسہ ہے۔

کیوں اتنا اتراتی ہو۔ اب وہ لوٹ کر نہ آئے گا۔

منی نے اپنے جھونپڑے کی طرف اشارہ کر کے کہا۔ وہ گیا کہاں جو لوٹ کر آئے گا۔ میرا ہو کر پھر وہ کہاں جا سکتا ہے؟ وہ میرے سینے میں بیٹھا ہوا ہے۔

اسی طرح ایک دن ایک عاشق تن نے کہا۔ تمہارے لئے میرا محل حاضر ہے۔ اس ٹوٹے پھوٹے جھونپڑے میں کیا پڑی ہو؟

منی نے غرور کے ساتھ کہا۔ اس جھونپڑے پر دنیا کے لاکھ محل نثار ہیں۔ یہاں میں نے وہ چیز پائی ہے۔ جو دنیا میں کہیں نہیں ملی تھی۔ اور نہ مل سکتی ہے۔ یہ جھونپڑا نہیں ہے میرے پیارے کا دل ہے۔

اس جھونپڑے میں منی نے ستر سال کاٹے۔ مرنے کے دن تک اسے مسافر کے لوٹنے کی اُمید تھی۔ اس کی آخری نگاہیں دروازے کی طرف لگی ہوئی تھیں۔ اس کے خریداروں میں کچھ تو مر گئے۔ کچھ زندہ ہیں۔ مگر جس دن سے وہ ایک کی ہو گئی۔ اسی دن سے اس کے چہرہ پر وہ نورانی جلوہ نمودار ہوا۔ جس کی طرف تاکتے ہی نگاہ ہوس لئے نو ہو جاتی تھی۔ خودی جب بیدار ہو جاتی ہے۔ تو دل کی کمزوریاں اس کے قریب آتے ڈرتی ہیں۔

مستعار گھڑی

(۱)

میری سمجھ میں آج تک یہ بات نہ آئی کہ لوگ سسرال جاتے ہیں تو نواب بن کر کیوں جاتے ہیں۔ آخر اس کا مقصد کیا ہوتا ہے۔ ہم اگر کھپتی ہیں تو اردلیوں کے محتاج ہیں تو۔ شادی ہو جانے کے بعد اس کے دکھاوے کا کسی پر کیا اثر پڑ سکتا ہے۔ شادی سے قبل تو اس کے کچھ معنی ہو سکتے تھے ہماری مرفہ حالی حصول مقصد میں بہت کچھ معاون ہو سکتی تھی۔ پردہ پوش ہو سکتی تھی۔ لیکن جب شادی ہو چکی۔ بیگم صاحبہ ہمارے گھر کا کچا چٹھا جان گئیں اور اپنے گھر والوں کو یہ چشم اسے تم اپنی کمبختی کی داستان سنا چکیں تو ہمارا ٹھاٹھ بجز نقصان کے کوئی نفع نہیں پہنچا سکتا ہے۔ ہماری بدحالی دیکھ کر ممکن ہے خوش دامن صاحبہ کو کچھ رحم آ جاتا اور رخصتانہ کے بہانے کوئی معقول رقم ہاتھ لگ جاتی جیب سے دو چار دن ہم بھی امارت کے مزے اڑاتے۔ ہمارا یہ کر و فر دیکھ کر تو وہ یقیناً یہی سمجھیں گی کہ آج کل اس کا ستارہ اقبال عرش ہفتم پر ہے۔

ورنہ کہیں نہ کہیں کوئی دفینہ پا گیا ہے۔ ادھر نائی ادھر کہار اور نا تن الگ انعام و اکرام کے لئے منہ پھیلائیں گے۔ مگر یہ سب جانتے بوجھتے ہوئے میں نے حسب روایات قدیم پچھلی ہولیوں میں سسرال جانے کے واسطے بڑی بڑی تیاریاں کیں۔ ریشمی

اچکن اور فلیکس کے بوٹ میری زندگی کے خوابہائے زریں تھے۔ اور شاید خواب ہی رہتے۔ لیکن اس موقعہ پر میری علو ہمتی نے خواب کو واقعیت کا جامہ پہنا دیا۔ نقد کا سوال ہوتا تو بایں ہمہ علو ہمتی اس خواب کو اصلیت کا منہ دیکھنا نصیب نہ ہوتا۔ مگر ایک دوست کی مہربانی و نوازش نے یہ مشکل آسان کر دی۔ دونوں چیزیں وعدۂ فردا پر مل گئیں۔ چمڑے کا سوٹ کیس ایک سا دوسرے دوست سے مانگ لایا اور فاؤنٹین پن ایک تیسرے دوست سے۔ دری پھٹ گئی تھی۔ لیکن بچھا دن لے جانے کی میں نے ضرورت نہ سمجھی۔ ورنہ خدا کے فضل سے قالین بھی مستعار مل سکتا تھا۔ ایسے آبرو کے موقعہ پر احباب غیر معمولی طور پر فیاض ہو جایا کرتے ہیں۔ کیونکہ آخر ایک دن انہیں بھی تو یہ پاپڑ بیلنے پڑیں گے۔ اب کمی صرف رسٹ واچ کی تھی۔ یوں تو دوستوں میں اکثروں کے پاس رسٹ واچ تھی۔ میرے سوا ایسا بدنصیب کون ہوگا۔ لیکن میں سونے کی گھڑی چاہتا تھا۔ اور وہ صرف دانو کے پاس تھی۔ دانو بابو میرے ہم جماعت رہ چکے تھے۔ لیکن ادھر نہ جانے کیوں ان کے یہاں میری آمد و رفت کم ہو گئی تھی۔ آپس میں بے تکلفی نہ تھی۔ دانو روکھا آدمی تھا۔ اور عاریت مثبت یا عاریت منفی دونوں ہی کے خلاف۔ خیر وہ رئیس ہیں۔ اصول کی پابندی کر سکتے ہیں۔ میں کیا کہا کرے کروں۔ جانتا تھا کہ وہ صرف انکار کریں گے۔ مگر دل نہ مانا خوشا بڑی چیز ہے۔ اور خاص کر امرا کے لئے۔ اس خداداد عطیہ کی بدولت میں نے اس زندگی میں بڑے بڑے معرکے سر کر دکھائے ہیں۔ اسی کی بدولت آج تیس روپے ماہوار چندہ کا رتا ہوں۔ ایک ہزار گریجویٹوں سے کم امیدوار تھے۔ لیکن سب منہ تاکتے رہ گئے اور میں جانب مونچھوں پر تاؤ دیتے گھر آئے۔ جس نے اتنا بڑا پالا مارا

مگر میں کہتا ہوں تم سب گدھے ہو۔ ایک ہزار کے نیچے ایسی گھڑی نہیں مل سکتی۔ پتھر پہ پٹک دو۔ کیا مجال کہ بال آجائے۔

میں نے مسکرا کر کہا۔ تب تو یار ایک دن کے لیئے مانگی دیدو۔ باہر جانا ہے۔ دوسروں کو بھی اس کی کرامات سناؤں گا۔

وانو۔ مانگے تو میں کوئی چیز نہیں دیتا بھئی۔ یہ میری زندگی کا اصول ہے۔ کیوں نہیں دیتا۔ اس کا سنانے بیٹھوں تو الف لیلیٰ کی داستان ہو جائے۔ اس کا لب لباب یہ ہے کہ عاریت چیز دینا۔ دوستی کی جڑ کھودنا۔ مروت کا گلا گھونٹنا اور اپنے گھر میں آگ لگانا ہے۔ آپ بہت مشتاق معلوم ہوتے ہیں۔ اس لیئے دو ایک واقعہ سنا ہی دوں۔ آپ کو فرصت ہے نا۔ ہاں آج تو دفتر بند ہے۔ ایک صاحب کئی لالٹینیں عاریت لے گئے۔ لوٹانے آئے تو چمنیاں سب ٹوٹی ہوئیں۔ پوچھا یہ آپ نے کیا کیا۔ تو بولے۔ جناب مجھے چمنیوں سے کوئی دشمنی تو ہے نہیں جو انہیں توڑ ڈالتا۔ جیسی گئی تھیں ویسی لوٹ آئیں۔ یہ تو آپ نے فرمایا تھا کہ ان کے عوض نئی لالٹینیں لوں گا۔ واہ صاحب واہ یہ اچھا روزگار نکالا۔ تباہیہ کیا کرتا۔ ایک دوسرے حضرت قالین لے گئے۔ بدلے میں ایک بوسیدہ دری دے آئے۔ پوچھا تو بولے، جناب آپ کو تو یہ دری مل بھی گئی ورنہ یہی۔ تو گودڑ والے کے ہاتھ بیچ کر کچھ پیسے کھرے کر لیجئے گا۔ میں کس کے سامنے جا کر روؤں۔ میری پانچ قالینوں کا پتہ نہیں۔ کوئی صاحب سب کی سب سمیٹ کر لے گئے۔ بتلائیے ان سے کیا کہتا۔ تب سے میں نے کان پکڑے کہ اب کسی کو چیز مانگے نہ دوں گا۔ سارا شہر مجھے بے مروت۔ کج خلق۔ مکھی چوس اور نہ جانے کیا کیا کہتا ہے۔ پر میں

پروا نہیں کرتا۔ لیکن آپ میرے عزیز دوست ہیں۔ اس سلیے مایوس نہ کروں گا۔

القصہ میری فتح ہوی۔ میں یہاں سے کلائی پر گھڑی باندھے ہوئے چلا تو زمین پر پاؤں نہ پڑتے تھے۔ گھڑی ملنے کی اتنی خوشی نہ تھی۔ جتنی ایک شاطر پر فتح پانے کی۔ کیسا پھانسا ہے بچے کو! وہ سمجھتے تھے۔ میں بھی بڑا سیانا ہوں۔ نہ جانتے تھے کہ یہاں اُن کے بھی گورو گھنٹال ہیں۔

(۳)

اسی دن شام کو میں سسرال جا پہنچا۔ اب یہ عقدہ کھلا کہ لوگ کیوں سسرال جاتے وقت اتنا ٹھاٹ باٹ بناتے ہیں۔ سارے گھر میں ہلچل پڑ گئی۔ مجھ پر کسی کی نگاہ نہ تھی۔ سبھی میرے ساز و سامان پر گرویدہ ہو رہے تھے۔ ایک سالا مٹھائی کی طشتری لایا۔ دوسرا پان کی، نائن جھانک کر دیکھ گئی۔ سالیاں بھی چک کی آڑ میں کھڑی ہو گئیں۔ اور خسر صاحب کی تو آنکھوں میں غرور کی سرخی جھلک رہی تھی۔ گویا دنیا کو ان کی نظر انتخاب کی داد دینی چاہیئے۔ میں تیس روپے ماہوار کا نوکر یوں شان سے بیٹھا ہوا تھا۔ جیسے بڑے بابو دفتر میں بیٹھتے ہیں۔ کہار پنکھا جھل رہا تھا۔ نائی پاؤں دبا رہا تھا۔ یہ سب اسی کرّوفر کی کرامات تھی۔ ورنہ من آنم کہ من دانم۔

رات کو دیوی جی نے پوچھا: "سب روپے اُڑا آئے۔ کہ کچھ بچا بھی ہے۔

میرا سارا جوش اُلفت سرد پڑ گیا۔ نہ خیر و عافیت۔ نہ محبت کے راز و نیاز شکوے و شکائتیں۔ بس ہائے روپے ہائے روپے! جی میں آیا اسی وقت

اُٹھ کر چل دوں۔ لیکن ضبط کر گیا۔ بولا۔ میری آمدنی جو کچھ ہے۔ وہ تو تمہیں معلوم ہی ہے۔

میں کیا جانوں تمہاری آمدنی کیا ہے۔ کماتے ہو گے اپنے لئے۔ میرے لئے کیا کرتے ہو۔ تمہیں تو بھگوان نے عورت بنایا ہوتا تو اچھا ہوتا۔ رات دن کنگھی چوٹی کیا کرتے۔ تم ناحق مرد بنے۔ اپنے شوق سنگار سے بچتا ہی نہیں۔ تم دوسروں کی کیا فکر کرو گے؟

میں نے جھنجھلا کر کہا۔ کیا تمہاری یہی مرضی ہے کہ اسی وقت چلا جاؤں۔

دیوی جی نے تیوریاں چڑھا کر کہا۔ چلے کیوں نہیں جاتے۔ میں تو تمہیں بلانے نہ گئی تھی۔ یا میرے لئے کوئی روکڑ لائے ہو۔

میں نے ملامت آمیز انداز سے کہا۔ تمہاری نگاہ میں محبت کی کوئی قدر نہیں ہے۔ جو کچھ ہے وہ روکڑ ہی ہے۔

دیوی جی نے تیوریاں چڑھاتے ہوئے کہا۔ محبت اپنے آپ سے کرتے ہو گے مجھ سے تو نہیں کرتے۔

تمہیں پہلے تو یہ شکایت نہ تھی۔

اس سے تمہیں یہ تو سمجھ ہی لینا چاہئے تھا کہ میں روکڑ کی پرواہ نہیں کرتی لیکن دیکھتی ہوں جوں جوں تمہاری حیثیت بدل رہی ہے۔ تمہارا دل بھی بدل رہا ہے۔ اس سے تو یہی اچھا تھا کہ تمہاری وہی حالت بنی رہتی۔ میں تمہارے ساتھ فاقے کر سکتی ہوں۔ چیتھڑے پہن سکتی ہوں۔ لیکن یہ نہیں ہو سکتا کہ تم چین کرو۔ اور میں میکے میں پڑی تقدیر کو رویا کروں۔ میری محبت اتنی بے غرض نہیں ہے۔

باہر میری جو قدر و منزلت ہوئی تھی۔ اسے دیکھ کر میں اپنے ٹھاٹ پر پھولا نہ سمایا تھا۔ اب یہاں اتنی بے قدری دیکھ کر مجھے افسوس ہوا۔ کہ ناحق یہ سوانگ رچا۔ اگر معمولی کپڑے پہنے رونی صورت بنا کے آتا۔ تو باہر والے چاہے سرد مہری سے پیش آتے دیوی جی تو خوش ہوتیں۔ پر اب تو خطا ہو گئی۔ دیوی جی کی باتوں پر میں نے غور کیا۔ تو مجھے اُن سے ہمدردی ہو گئی۔ اگر وہ مرد ہوتیں اور میں عورت ہوتا۔ تو کیا مجھے یہ گوارا ہوتا کہ وہ تو چھیلا بنی گھومیں اور میں پنجرے میں بند دانہ اور پانی کو ترسوں۔ مناسب تو یہ تھا کہ دیوی جی سے اپنی خوش بختی کا سارا راز کہہ سناتا۔ پر مردانہ خودداری نے اسے کسی طرح قبول نہ کیا۔ اگر یہ سوانگ بھرنا سراسر غلطی تھی تو اس کا پردہ کھولنا ناقابلِ عفو گناہ تھا۔ آخر میں نے پھر اسی چرب زبانی سے کام لینے کا فیصلہ کیا جس نے اس سے زیادہ نازک موقعوں پر میری حمایت کی تھی۔

محبت سے لبریز آواز میں بولا۔ جانِ من! میری حالت اب بھی حسبِ سابق ہے۔ لیکن تمہارے دیدار کا اشتیاق کھینچ لایا۔ دوستوں سے قرض لے کر یہ ساری چیزیں مول لیں۔ پچھلے حالوں آتے میں۔ یہ خیال مانع ہوا کہ سب سے زیادہ رنج تمہیں ہوگا۔ اپنی حالت جو کچھ ہے وہ تو ہے ہی اس کا ڈھنڈورہ پیٹنا اور بھی شرمناک ہے

دیوی جی پگھل کر بولیں۔ تو قرض لیا ہوگا۔

اور نقد کہاں دھرا تھا۔

گدڑی بھی ادھار ہی

ہاں ایک دوست کی دکان سے لے لی

کتنے کی ہے۔

باہر کسی نے پوچھا ہوتا۔ تو میں نے پانسو سے کوڑی کم نہ بتلایا ہوتا لیکن یہاں ۲۵

ہی بتلانا مصلحت تھی۔

تب تو بڑی سستی مل گئی۔

اور نہیں میں پھنستا ہی کیوں۔

مجھے دیتا جانا۔

ایسا معلوم ہوا کہ میرے جسم میں خون کی حرکت بند ہو گئی۔ سارے اعضاء مفلوج سے ہو گئے۔ انکار کروں تو مارا جاؤں۔ منظور کرو تو پکڑا جاؤں عجیب مصیبت میں جان پھنسی۔ آج صبح یہ گھڑی پا کر میں پھولا نہ سماتا تھا۔ اس وقت وہ ایسی معلوم ہوئی۔ کہ کوڑیالا کنڈلی مارے بیٹھا ہے۔ بولا۔ تمہارے لئے کوئی اچھی سی گھڑی لے دوں گا۔

جی نہیں۔ معاف کیجئے۔ آپ ہی اپنے لئے اچھی سی گھڑی لے لیجئے۔ مجھے تو یہی اچھی لگتی ہے۔ کلائی پر باندھے رہوں گی۔ جب جب اسے دیکھوں گی۔ تمہاری یاد آئیگی۔ رام جانے تم نے آج تک مجھے کانی کوڑی بھی نہیں دی۔ اب انکار کروگے تو پھر کوئی چیز نہ مانگوں گی۔

اس دھمکی سے مجھے کوئی خاص پریشانی نہ ہونی چاہئے تھی بلکہ دل میں خوش ہونا چاہئے تھا کہ زندگی کو ایک بلائے عظیم سے نجات ملی۔ پرنہ جانے کیوں میں بد حواس ہو گیا۔ کوئی ایسی تدبیر سوچنے لگا کہ سانپ بھی مر جائے اور لاٹھی بھی نہ ٹوٹے۔ بولا۔ پیاری گھڑی کیا چیز ہے۔ تمہارے لئے جان حاضر ہے۔ لاؤ تمہاری کلائی پر باندھ دوں۔ لیکن بات یہ ہے کہ وقت کا ٹھیک اندازہ نہ ہونے سے کبھی کبھی دفتر پہنچنے میں دیر ہو جائے گی۔ اور پھٹکار سننا پڑیگی گھڑی تمہاری ہے لیکن جب تک اور دوسری گھڑی نہ لے لوں۔ اسے پاس رہنے دو۔ میں بہت جلد کوئی سستے داموں کی گھڑی اپنے لئے لے لونگا۔ اور تمہاری گھڑی تمہارے پاس بھیج دونگا۔

اس میں تو تمہیں کوئی اعتراض نہ ہوگا۔

دیوی نے میری کلائی سے گھڑی کھولتے ہوئے کہا۔ رام جانے تم بڑے چھکے باز ہو یہ یہاں کوئی ایسی کچی گولیاں نہیں کھیلی ہیں۔ دو چار دن میں دوسری گھڑی لے لینا اس عرصہ میں ذرا سویرے دفتر چلے جانا

مجھے وقت کا اندازہ ہی نہیں سچ کہتا ہوں کے بجے صبح ہوتی ہے اور کے بجے شام۔ اس کا مجھے آج تک علم نہ ہوا۔

تو کسی یار دوست سے مانگ کر کام چلانا۔ میں تو اب نہ دوں گی۔

اب میں اور کیا کر سکتا تھا۔ کلائی پر سے گھڑی کھلتے ہی دل پر فکر کا ایک پہاڑ سا آ بیٹھا و انو کو کیا جواب دوں گا۔ یہ سوال کسی اندرونی درد کی طرح دل کو مسلنے لگا۔

(۳)

جب تیسرے دن میں نے وانو بابو سے بہ چشم پرنم کہا کہ گھڑی تو کہیں کھو گئی تو وہ تسکین یا تشفی دینے کے بدلے بڑی بے رخی سے بولے۔ اسی لئے میں تمہیں گھڑی نہ دیتا تھا۔ میرے پاس وہ گھڑی تین سال رہی ایک دن بھی ادھر ادھر نہ ہوئی۔ تم نے تین دن میں اس کا وارا نیارا کر دیا۔ خوب! جو تے بھی نہ تھے۔ کہاں گئے تھے؟

میں دل میں ڈر رہا تھا کہ خدا جانے کیا آفت آئے گی۔ وانو شاید سینکڑوں صلواتیں سنائے گا۔ مار بھی بیٹھے تو تعجب نہیں۔ دل کڑا کئے ہوئے تھا۔ یہ دوستانہ تہدید مجھے بیش از امید نظر آئی۔ ذرا تشفی ہوئی۔ بولا۔ ذرا سسرال چلا گیا تھا۔

تو بھابی جان کو لوا لائے۔

جی ہاں بھابی جان کو لوا لایا۔ اپنا گزر تو ہوتا ہی نہیں۔ بھابی جان کو کیسے لاتا۔

آخر تم اتنا کماتے ہو۔ سب کا سب کیا کرتے ہو؟

کماتا ہوں کیا اپنا سر۔ تیس ہی روپے تو۔۔۔۔"

تو تیسوں خرچ کر ڈالتے ہو۔

کیا تیس میرے لئے بہت ہیں۔

جب تمہاری آمدنی تیس روپیہ ہے۔ تو یہ سب تمہیں اپنے اوپر خرچ کرنے کو جائز نہیں ہے۔ بیوی کب تک میکے پڑی رہے گی۔؟

جب تک کچھ ترقی نہیں ہوتی مجبوری ہے۔ کس برتے پر لاؤں۔

اور ترقی دو چار سال نہ ہو تو؟

وہ تو ایشور ہی نے کہا ہے۔ ادھر تو ایسی کوئی اُمید نہیں ہے۔

شاباش تب تو تمہاری پیٹھ ٹھوکنی چاہیئے۔ اور کوئی کام کیوں نہیں کرتے۔ صبح کو بیٹھے بیٹھے کیا کرتے ہو؟

سارا وقت نہانے دھونے کھانے پینے میں صرف ہو جاتا ہے۔ پھر یار دوستوں سے ملنا جلنا بھی ہے۔

تو بھی تمہارا مرض لا دوا ہے۔ ایسے فضول آدمی کے ساتھ مجھے ذرہ بھر بھی ہمدردی نہیں ہو سکتی۔ آپ کو معلوم ہے۔ میری گھڑی پانسو روپیہ کی تھی۔ اتنے روپے آپ کو دینے پڑیں گے۔ آپ اپنے لئے پندرہ روپیہ رکھ کر باقی ۱۵ روپیہ میرے حوالے کرتے جائیے۔ ۳۰ مہینہ یا ڈھائی سال میں میرے روپے پٹ جائیں۔ تب جی کھول کر دوستوں

سے ملے۔ سمجھ گئے۔ میں نے پچاس روپے چھوڑ دیے۔ اس سے زیادہ رعایت نہیں کیا کر سکتا۔

میں نے رونی صورت بنا کر کہا۔ پندرہ روپے میں میرا کیسے گزارہ ہوگا۔ گزارہ تو ۵ میں بھی ہو سکتا ہے۔ اور پانسو میں بھی۔ اس کی نہ پوچھو۔ اپنی اپنی حیثیت ہے

دانو بابو نے جس بے رخی اور بے اعتنائی سے یہ باتیں کہیں۔ ان سے مجھے یقین ہو گیا کہ اب ان کی اور منت سماجت کرنی بیکار ہے۔ یہ حضرت اپنی پوری رقم لئے بغیر نہ مانیں گے۔ گھڑی میرے خیال میں زیادہ سے زیادہ ۲۰۰ کی تھی۔ لیکن اس سے کیا ہوتا ہے انہوں نے پہلے ہی اس کی قیمت مجھے بتا دی تھی۔ بہ اس امر میں اب تمیل و قال کی گنجائش نہیں۔ قیمت ٹھونک کر گھر آیا۔ یہ شادی کرنے کا مزہ ہے۔ اس وقت کتنا خوش تھا۔ گویا نعمت عظمیٰ ہاتھ لگ رہی ہے۔ اب نانی کے نام کو روؤں۔ گھڑی کا شوق چرایا تھا۔ اس کا خمیازہ اٹھاؤ۔ نہ گھڑی کلائی پہ باندھ کر جاتے۔ تو ایسی کونسی کرکری ہوئی جاتی تھی۔ مگر تم اس وقت کس کی سننے لگے تھے۔ اب دیکھیں ۱۵ میں کیسے گزر کرتے ہو۔ تیس میں تو پورا ہی نہیں پڑتا تھا۔ اب ۱۵ میں تم کیا کرو گے۔

انہیں تفکرات میں پڑا پڑا سو گیا۔ کھانے کی بھی سدھ بدھ نہ رہی۔

(۱۴)

اب ذرا سنئے کہ ۳۰ روپیہ میں کیسے گزر کرتا تھا۔ لطف کی بات ہے۔ تنک ۲۰ روپیہ ہوٹل کے دیتا تھا۔ دس روپیہ میں ناشتہ۔ دھوبی۔ نائی۔ پان۔ تمباکو۔ سگرٹ۔ دوست احباب کی خاطر چائے۔ کپڑا۔ جوتا۔ سر کا تیل۔ سب کچھ ایسا کیوں تھا۔ زندگی بسر کرتا تھا

ایسی کونسی فضول نہ تھی۔ جس میں کفایت کرتا۔ ۲۰۰ روپیہ میں ہی مشکل سے مہینہ ختم ہوتا تھا اب ۱۵۰ روپے میں کیسے نبھے گی۔ یہ خیال کر کے میں رو پڑا۔ مگر دانو کا قرض چکا تا تھا۔ رو کر چکاتا یا ہنس کر۔ ایک بار جی میں آیا۔ کہ سسرال جاکر گھڑی اٹھا لاؤں لیکن دانو سے کہہ چکا ہوں کہ گھڑی کھو گئی۔ اب گھڑی لے کر جاتا تو وہ مجھے منافق اور جھوٹا کہتے۔ میں نے سوچا کیا میں یہ نہیں کہہ سکتا کہ میں نے تو سمجھا تھا۔ گھڑی کھو گئی لیکن سسرال گیا تو پتہ چل گیا۔ میری بیوی نے اڑائی تھی۔ ہاں چال تو بری نہیں تھی۔ لیکن دیوی جی سے کیا بہانہ کرتا؟ گھڑی پاکر وہ کتنی خوش ہو گئی تھی۔ معلوم ہوتا تھا ساری دنیا کی دولت ہاتھ آگئی ہے۔ اب جاکر گھڑی چھین لاتا۔ تو شاید میری صورت بھی نہ دیکھتی ہاں یہ ہو سکتا تھا کہ دانو بابو کے پاس جاکر رونے لگتا۔ زار و قطار رونے لگتا۔ آج غصہ میں انہوں نے سخت سست کہا ہے۔ دو چار دن بعد جب غصہ فرو ہو جائیگا۔ تو انہیں ضرور مجھ پر رحم آجائے گا۔ بچپن کی دوستی کیا اتنا اثر بھی نہیں دکھائے گی۔ لیکن میں اتنا بے غیرت نہ تھا اور نہ ہو سکتا تھا۔

دوسرے ہی دن ایک بہت سستے ہوٹل میں اٹھ گیا۔ ہوٹل تو نام تھا۔ تھا وہ ایک بھٹیار خانہ۔ بارہ روپے میں انتظام ہو گیا۔ ۱۰ کھانے کے اور دو مکان کے ناشتہ کیلئے دودھ اور چائے کی جگہ ایک آنے کے چنے لاکر رکھ دیئے۔ اوپر کے مصارف کے لئے تین روپیہ رکھ لئے۔ صاف ۱۵ بچ گئے۔ سخت نفس کشی تھی تپسیا سمجھ لو۔ نہ پان۔ نہ سگریٹ۔ نہ چاٹ۔ نہ مٹھائی۔ نہ لیمونیڈ۔ نہ برف نہ کسی کے ہاں آنا نہ جانا۔ پورا سنیاس تھا۔ خواہشیں بار بار اٹھتی تھیں لیکن حباب کی مانند اپنی بے بضاعتی کے احساس سے بیٹھ جاتی تھیں۔ جب میں نے مہینہ کے اخیر میں ۱۵ روپے

نے گرد انو بابو کو دیئے. تو ایسا معلوم ہوا کہ میرا سر کچھ اونچا ہو گیا ہے. کئی انگل لمبا ہو گیا ہوں
ایسی پُر غرور مسرت مجھے اپنی زندگی میں کبھی نہ حاصل ہوئی تھی۔

دانو نے ہمدردانہ انداز سے پوچھا۔ بچائے یا کسی سے مانگ لائے؟

بچائے ہیں۔ مانگتا کس سے۔

کوئی تکلیف تو نہیں ہوئی۔ ؟

میں نے ستم ظریفانہ انداز سے کہا۔ بالکل نہیں۔ بالکل بادشاہوں کی طرح بسر ہو رہی ہے۔

صبح کو تو اب بھی خالی رہتے ہو۔ کیوں آمدنی بڑھانے کی فکر نہیں کرتے؟

فکر تو بہت کرتا ہوں۔ یہاں تک کہ اس میں غرق ہو جاتا ہوں۔ وہ بجائے خود ایک کام ہو گیا ہے۔ لیکن کوئی صورت نہیں پیدا ہوتی۔

یہاں سے لوٹا تو مجھے اپنے دل میں ایک نئی قوت ایک مردانہ حوصلہ کا احساس ہو رہا تھا۔ وہ بیکسی جو دل پر مسلط رہتی تھی۔ غائب ہو گئی۔

مزاج میں بھی نمایاں تبدیلی پیدا ہونے لگی۔ جن خواہشات کا روکنا میرے لئے امر محال تھا۔ ان کی طرف اب خیال بھی نہ جاتا تھا۔ جس پان کی دکان پر اپنا دل بیقرار ہو جاتا تھا۔ اس طرف سے میں اب یوں سر اٹھائے نکل جاتا تھا۔ گویا پان کھانا نانوں کا کام ہے۔ میرے لئے سخت معیوب۔ سگریٹ، چائے۔ چاٹ کسی چیز کی طرف دل مائل نہ ہوتا تھا۔ صبح کو بھیگے ہوئے چنے۔ دونوں وقت روٹی اور دال۔ بس اس کے سوا میرے لئے دنیا کی اور سب چیزیں ممنوع تھیں۔ میں ان کی طرف آنکھیں اٹھا کر دیکھ بھی نہ سکتا تھا۔ سب سے بڑی بات یہ تھی کہ اب مجھے زندگی سے خاص الفت

ہوگئی تھی۔ افلاس میں موت کو دعوت کہاں سے دیتا۔ مجھے ایسا معلوم ہوتا تھا کہ میں زندگی میں کچھ کر سکتا ہوں۔

ایک دن ایک دوست نے مجھ سے پان کے لئے اصرار کیا۔ میں نے نہ کھایا تب وہ بولے۔ تم نے تو یار پان چھوڑ کر کمال کر دیا۔ میں قیاس بھی نہ کر سکتا تھا۔ کہ تم پان چھوڑ دو گے۔ ہمیں بھی کوئی ترکیب بتاؤ کہ اس بلا سے نجات ملے۔

میں نے فاتحانہ انداز سے مسکرا کر کہا۔ اس کی ترکیب یہی ہے کہ پان نہ کھاؤ

جی تو نہیں مانتا۔

آپ ہی مان جائے گا۔

سگریٹ کے بغیر تو پیٹ پھولنے لگتا ہے۔

پھولنے دو آپ پچک جائے گا۔

اچھا تو لو آج سے میں نے پان اور سگریٹ دونوں چھوڑ دیئے۔

تم کیا چھوڑو گے غیر ممکن۔

میں نے انہیں اشتعال دلانے کے لئے یہ تعرض اختیار کی تھی۔ اس کا خاطر خواہ اثر ہوا۔ وہ گرم ہو کر بولے۔ اگر تم چھوڑ سکتے ہو۔ تو میں بھی چھوڑ سکتا ہوں۔ تم سے کسی بات میں کم نہیں ہوں۔

اچھی بات ہے۔ دیکھوں گا۔

دیکھ لینا۔

میں نے آج تک پان یا سگریٹ کا شوق کرتے نہیں دیکھا۔

چار مہینے نکل گئے۔ دانو بابو کی ماہوار قسط میں ایک دن کی بھی دیر نہ ہوئی۔

پانچویں مہینے میں جیب میں روپے لے کر گیا۔ تو وہ لوٹ کر میرے گلے سے لپٹ گئے۔

اور بولے یار تم دُھن کے پکے۔ مگر سچ کہنا مجھے دل میں کوستے تو نہیں ہو؟

میں نے ہنس کر کہا۔ اب تو نہیں کوستا۔ لیکن پہلے ضرور کوستا تھا۔

اب کیوں رُعایت کرنے لگے۔؟

اس لئے کہ مجھ جیسے خانہ خسر اب آدمی کو جس طرح رہنا چاہیئے۔ وہ تم نے مجھے سکھا دیا میری آمدنی میں نصف میری بیوی کا ہے۔ پر اپنا تک میں اس کا حصہ بھی ہضم کر جاتا تھا۔ اور پھر بھی سیر نہ ہوتا۔ اب میں اس قابل ہو رہا ہوں کہ اس کا حصہ اسے دیدوں یا بلا کر اپنے ساتھ رکھوں۔ تم نے مجھے بہت اچھا سبق دیا۔

اگر تمہاری آمدنی کچھ بڑھ جائے۔ تو پھر وہی وطیرہ اختیار کر لو گے۔؟

ہرگز نہیں بیوی کو بلالوں گا۔ یہ کتنی بے حیائی ہے کہ میری بیوی دوسروں کے سر پڑی رہے۔

اچھا تو خوش ہو جاؤ۔ تمہاری ترقی ہو گئی۔

مجھے یقین نہ آیا۔ بولا میری ترقی کیسا ہو گی۔ ابھی مجھ سے پہلے والے پڑے ناک رگڑ رہے ہیں۔

کہتا ہوں مان جاؤ۔ مجھ سے تمہارے بڑے بابو کہتے تھے۔

مجھے اب بھی یقین نہ آیا۔ لیکن فرطِ مسرت سے پیٹ میں چوہے دوڑنے لگے۔ ادھر دانو بابو رخصت ہوئے۔ ادھر میں بڑے بابو کے گھر پہنچا۔ بابو صاحب بیٹھے اپنی بکری دوہ رہے تھے۔ مجھے دیکھا تو جھینپتے ہوئے بولے۔ کیا کروں بھائی۔ آج گوالا نہیں آیا (بعد کو معلوم ہوا کہ کوئی گوالا نہ تھا) اس لئے یہ بلا گلے پڑی۔ چلو بیٹھو

میں کمرے میں جا بیٹھا۔ بابو جی کوئی آدھ گھنٹے کے بعد بھلے آدمی بنے ہوئے ہاتھ میں گھڑی لئے باہر نکلے۔ اور اِدھر اُدھر کی باتیں کرنے لگے۔ آخر مجھ سے نہ رہا گیا۔ بولا۔ میں نے سنا ہے۔ میری ترقی ہو رہی ہے؟

دانو بابو نے کہا ہوگا؟

جی ہاں ابھی کہا ہے۔ مگر میرا نمبر تو آیا نہیں ترقی کیسے ہوئی؟

یہ نہ پوچھو۔ افسروں کی نگاہ چاہیئے نمبر ممبر کون پوچھتا ہے۔

لیکن آخر موقع کونسا ہے

کہدیا بھائی۔ افسر لوگ سب کچھ کر سکتے ہیں۔ صاحب ایک دوسری مد سے تمہیں ۱۵ روپے زیادہ دینا چاہتے ہیں۔ دانو بابو نے شاید اُن سے تمہاری سفارش کی ہے۔

کسی دوسرے کا حق چھین کر تو مجھے یہ روپے نہیں دیئے جا رہے ہیں؟

نہیں یہ بات نہیں۔ میں خود اسے منظور نہ کرتا۔

مہینہ گزرا مجھے ۴۵ ملے۔ مگر رجسٹر میں میرے نام کے سامنے وہی تیس لکھے تھے۔ بڑے بابو نے تخلیہ میں بلا کر مجھے روپے دیئے اور تاکید کردی کہ کسی سے نہ کہنا۔ ورنہ واویلا مچ جائے گا۔

میں خوش خوش روپے لئے دانو بابو کے گھر پہنچا۔ وہ میری باچھیں کھلی دیکھ کر بولے مار لائے ترقی۔ کیوں؟

ہاں یار روپے تو ۱۵ ملے۔ مگر ترقی نہیں ہوئی۔ کسی اور مد سے دیئے گئے ہیں۔

اجی تمہیں روپے سے مطلب ہے یا مد سے۔ تو اب بھابی کو بلا لاؤ گے ——؟

نہیں ابھی نہیں!

تم نے تو کہا تھا۔ ترقی ہو جائے گی۔ تو بیوی کو لاؤں گا۔ اب کیا ہو گیا؟

میں سوچتا ہوں پہلے آپ کے روپے ادا کر دوں۔ اب کے تیس روپے کی قسط ہو گی۔ سال بھر میں روپے پٹ جائیں گے۔ تب آزاد ہو جاؤں گا۔

دانو بابو کی آنکھیں آبگوں ہو گئیں۔ مجھے آج معلوم ہوا کہ وہ حضرت میٹھے بیر کی طرح اوپر سے روکھے اور اندر سے شیریں تھے۔ بولے۔ نہیں بھئی۔ اب کے مجھے کچھ مت دو۔ ریل کا خرچ کہاں سے لاؤ گے۔ جا کر بھابی کو لے آؤ۔

میں نے دبدھے میں پڑ کر کہا۔ یار ابھی نہ مجبور کرو۔ شاید قسط ادا نہ کر سکوں۔

دانو بابو نے میرا ہاتھ پکڑ کر کہا۔ تو کوئی مضائقہ نہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ میں اپنی گھڑی کے دام پا چکا۔ میں نے تو اُسے پچیس ہی میں لیا تھا۔ اور تین سال تک کام لے چکا مجھے تم سے کچھ نہیں لینا چاہیے تھا۔ اپنی خود غرضی پر نادم ہوں۔

میری آنکھیں بھر آئیں۔ جی میں تو آیا۔ کہ گھڑی کا سارا راز کہہ سناؤں۔ لیکن ضبط کر گیا۔ بولا نہیں دانو بابو! مجھے روپے ادا کر لینے دو۔ آخر تم اس گھڑی کو چار پانسو میں بیچ لیتے یا نہیں۔ میرے باعث تمہیں اتنا نقصان کیوں ہو؟

بھئی اب گھڑی کا ذکر نہ کرو۔ یہ بتاؤ کب جاؤ گے۔

ارے تو پہلے مکان تو ٹھیک کر لوں۔

تم جاؤ میں مکان کا انتظام کر دوں گا۔

مگر میں ۵ سے زیادہ کرایہ نہ دے سکوں گا۔ شہر سے ذرا ہٹ کر مکان سستا

مل جائے گا۔

اچھی بات ہے میں ٹھیک کر لوں گا کس گاڑی سے لوٹو گے۔

یہ بھی کیا معلوم۔ رخصتی کا معاملہ ہے۔ ساعت بنے یا نہ بنے۔ تم اس الجھن میں کیوں پڑو گے۔ دو چار دن میں مکان کا انتظام کر کے چلا جاؤں گا۔

جی نہیں آپ آج جائیے اور کل آ جائیے۔ میرا آدمی تمہیں سٹیشن پر ملے گا۔

میں نے بہت حیلے حوالے کئے۔ مگر اس بھلے آدمی نے ایک نہ سنی۔ مجھے اسی دن سسرال جانا پڑا۔

(۵)

مجھے سسرال میں تین دن لگ گئے۔ چوتھے دن دیوی جی کے ساتھ رخصت ہوا دل میں ڈر رہا تھا۔ کہ کہیں دانو بابو نے اسٹیشن پر کوئی آدمی نہ بھیجا ہو تو کس کے گھر جاؤں گا۔ آج چوتھا دن ہے انہیں اتنی کیا غرض پڑی ہے کہ بار بار آدمی بھیجیں۔ گاڑی میں سوار ہوتے وقت خیال آیا۔ تار دیدوں لیکن بارہ آنے کا سوال مانع ہوا۔

مگر جب گاڑی بنارس پہنچی۔ تو دیکھتا ہوں، دانو بابو خود ہیٹ لگائے دو قلیوں کے ساتھ کھڑے ہیں۔ مجھے دیکھتے ہی دوڑے اور بولے سسرال کی روٹیاں بہت پیاری لگ رہی تھیں کیا؟ تین دن سے روز دوڑ رہا ہوں جرمانہ دینا پڑے گا۔

دیوی جی سر سے پاؤں تک چادر اوڑھے گاڑی سے اتر کر پلیٹ فارم پر کھڑی ہو گئی تھیں۔ میں چاہتا تھا۔ جلدی سے تانگے پر بیٹھ کر چل دوں۔ گھڑی ان

کی کلائی پر بندھی تھی۔ ڈرتا تھا کہیں دانو کی نظر اس پر نہ جا پڑے۔ مگر تقدیر کے نوشتے کو کون ٹال سکتا ہے۔ میں دیوی جی سے دانو کی قصیدہ خوانی کر چکا تھا۔ اب جو دانو اُن کے قریب آ کر صندوق اٹھوانے لگا۔ تو دیوی جی نے دونوں ہاتھوں سے انہیں نمسکار کیا۔ دانو نے گھڑی دیکھ لی۔ اس وقت تو کیا بولتے۔ لیکن جونہی ہم دونوں دوسرے تانگے پر بیٹھ کر چلے۔ تو دانو نے مسکرا کر کہا۔ کیا گھڑی دیوی جی نے چھپا دی تھی۔

میں نے شرماتے ہوئے کہا۔ نہیں یار میں ہی دے آیا تھا۔ جو کیا آیا تھا انہوں نے مجھ سے چھین لی تھی۔

تو تم مجھ سے جھوٹ کیوں بولے؟

پھر کیا کرتا؟

اگر تم صاف صاف کہہ دیتے تو شاید میں اتنا کمینہ نہ تھا کہ تم سے اس کا تاوان لیتا۔ لیکن خیر۔ ایشور کا کوئی کام مصلحت سے خالی نہیں ہوتا۔ انہیں کچھ دنوں ایسی تپسیا کی ضرورت تھی۔

مکان کہاں ٹھیک کیا ہے۔

وہیں تو چل رہا ہوں۔

کیا کہیں تمہارے گھر کے قریب ہے۔ تب تو کرایہ بہت ہوگا۔

نہیں میرے گھر سے ملا ہوا ہے۔ مگر بہت سستا۔

دونوں تانگے دانو بابو کے دروازے پر رکے۔ آدمیوں نے دوڑ کر اسباب اتارنا شروع کیا۔ ایک لمحہ میں دانو کی اہلیہ نے آ کر دیوی جی کو تانگے سے اتار لیا۔ معلوم

ہوتا تھا ساری باتیں پہلے سے ہی طے ہو چکی تھیں۔

میں نے کہا۔ تو پھر یہ کہو کہ ہم تمہارے بن بلائے مہمان ہیں۔

اب تم اپنی مرضی کا کوئی مکان ڈھونڈ لینا۔ دس پانچ دن تو یہیں رہو۔ لیکن مجھے یہ زبردستی کی مہمانی اچھی نہیں لگی۔ میں نے تیسرے ہی دن ایک مکان تلاش کر لیا۔ چلتے وقت دانو نے ۱۰۰ روپے لے کر میرے سامنے رکھ دیئے اور کہا یہ تمہاری امانت ہے لیتے جاؤ۔

میں نے تعجب سے پوچھا۔ میری امانت کیسی؟

۱۵ روپے کے حساب ۹۰ تم نے جمع کئے۔ اس پر دس روپیہ بینک کا سود۔

مجھے دانو کی یہ دوست نوازی بوجھ معلوم ہوئی۔ بولا۔ تو تمہاری گھڑی لوٹا دوں۔

پھر تم نے گھڑی کا ذکر کیا۔ اس کا نام مت لو۔

تم مجھے چاروں طرف سے دبانا چاہتے ہو۔

ہاں دبانا چاہتا ہوں تمہیں آدمی بنانا چاہوں۔

تو آپ میرے استاد ہیں

جی ہاں ایسے استاد کی تمہیں ضرورت تھی

میں نے مجبور ہو کر کہا۔ تو بھئی گھڑی؟

پھر تم نے گھڑی کا نام لیا۔

تم خود مجھے مجبور کر رہے ہو۔

بھابی جان کو میری نذر ہے۔

اور یہ سو روپیہ مجھے انعام ملے ہیں ؟

جی ہاں یہ امتحان میں پاس ہونے کا انعام ہے

تب تو ڈبل انعام ہُوا۔

تمہاری تقدیر ہی اچھی ہے۔ میں کیا کروں۔

میں نے یہ روپے سیونگ بنک میں جمع کر دیئے۔ ۱۰ مکان کا کرایہ تھا۔ ۳۰ گھر کا خرچ اور پانچ بچت اب مجھے معلوم ہُوا کہ دانو نے مجھ سے یہ تپسیا نہ کرائی ہوتی تو میں جانے کتنے دنوں تک آوارہ خاماں خراب بنا رہتا۔ اسی تپسیا کی بدولت۔ اب زندگی آرام سے کٹ رہی تھی۔ مگر گھڑی کا قصہ میں نے آج تک دیوی جی سے نہ کہا۔

پانچ مہینے کے بعد میری ترقی ہوئی۔ فرضی ترقی نہیں اصلی ترقی۔ ڈر رہا تھا کہ بلائی مد والے ۱۵ روپے ملتے ہیں یا نہیں۔ تنخواہ ملجانے پر بھی کئی منٹ تک ششش و پنج کی حالت میں کھڑا رہا۔ جب اور لوگ چلے گئے تو بڑے بابو نے فرمایا۔ کیا ابھی لالچ گھیرے ہوئے ہے اب اور کچھ نہ ملے گا۔

میں نے نادم ہو کر کہا۔ جی نہیں اس خیال سے نہیں کھڑا ہوں۔ صاحب نے اتنے دنوں میری پرورش کی۔ یہ کیا تھوڑا ہے۔ مگر کم سے کم یہ تو بتا دیجئے کہ کس مد کے روپے تھے ؟

پوچھ کر کیا کرو گے ؟

کچھ نہیں یونہی جاننے کو جی چاہتا ہے۔

جا کر دانو بابو سے پوچھو

دفتر کا حال دانو بابو کو کیا معلوم

نہیں یہ حال وہی جانتے ہیں۔

میں ہوا کے گھوڑوں پر سوار دانو بابو کے گھر پہنچا۔ اس عقدہ کو کھولے بغیر اب میرا زندہ رہنا محال تھا۔ دانو نے حیرت سے پوچھا۔ خیریت تو ہے۔ کہاں سے بھاگتے آتے ہو۔

میں نے مصنوعی غصہ سے کہا میرے یہاں تو سب خیریت ہے لیکن تمہاری خیریت نظر نہیں آتی۔ کیوں بھائی میں نے کیا خطا کی ہے؟

میں نے اپنا سوال پیش کیا۔ دانو نے مسکرا کر کہا بڑے بابو سے نہیں پوچھا؟ تمہارے دفتر کا حال بھلا میں کیا جانوں۔

دیکھو دانو مجھ سے اُڑو گے تو اچھا نہ ہوگا۔ کیوں ناحق میرے ہاتھوں پٹو گے۔

پیٹنا چاہو تو پیٹ لو بھئی۔ سینکڑوں بار پیٹا ہے۔ ایک بار اور سہی۔ پارٹی سے جو دھکیل دیا تھا اس کا نشان اب تک باقی ہے۔ یہ دیکھو۔

تم ٹال رہے ہو اور میرا دم گھٹ رہا ہے۔ سچ بتاؤ کیا بات تھی؟

بات کچھ نہیں تھی جی۔ محض دل لگی تھی۔ تیس روپے میں ایک آدمی کا گذر ہو سکتا ہے لیکن دو آدمیوں کا گذر کسی طرح نہیں ہو سکتا۔ اور کچھ نہ سہی۔ دونوں وقت روٹیاں تو ہوں بس اتنی بات ہے۔ اب اس کیلئے جو سزا چاہے دو۔ گناہ میرا ہی ہے۔

تالیف

(۱)

پنڈت لیلا دھر چوبے کی زبان میں جادو تھا۔ جس وقت وہ پلیٹ فارم پر کھڑے ہو کر تقریر کرنے لگتے۔ سامعین پر وجدانی کیفیت طاری ہو جاتی تھی۔ ان کی تقریروں میں خیالات بہت کم ہوتے تھے۔ الفاظ بھی بہت موزوں نہ ہوتے۔ لیکن ان کا انداز بیان اتنا مؤثر اور دلکش تھا۔ کہ ایک ہی تقریر کو بار بار دہرانے پر بھی اس کا اثر کم نہ ہوتا۔ بلکہ ہر بار قند مکرر اور سہ کرر کا مزہ آتا۔ ہمیں تو یقین نہیں آتا۔ پر سننے والے کہتے ہیں۔ کہ انہیں صرف ایک تقریر یاد ہے اور اسی کو وہ لفظ بلفظ ہر بار نئے انداز سے ادا کرتے ہیں۔ ان کی تقریروں کی خاص صفت تھی تفاخر قومی۔ وہ حال میں نہیں ماضی میں پرواز کرتے تھے۔ فوراً پرانے زمانے کے ہند و عروج کا نقشہ کھینچ کر لوگوں کو گرویدہ کر لیتے بجنو! یونان کا مورخ کہتا ہے کہ چندرگپت کے زمانہ میں ہندوستان میں گھروں میں قفل لگائے جاتے تھے۔ چوری کی وارداتیں معدوم تھیں۔ اور زنا کاری عنقا۔ حضرات ان دنوں کوئی آدمی جوان نہ مرتا تھا (جیمز)، ہاں ان کا کبھی کوئی آدمی جوان نہ مرتا تھا۔ باپ کے سامنے بیٹے کا مرنا بعید از قیاس بات تھی۔ غرض موجودہ زمانہ کی نکبت اور زمانہ قدیم کی ثروت اور شوکت کا راگ الاپ کر وہ لوگوں کو متوالا بنا دیتے۔ اسی تاثیر زبان کی بدولت ان کی اکابر قوم میں شمار تھا۔ خصوصاً ہندو سبھا کے تو وہ ناخدا ہی سمجھے جاتے تھے۔ ہندوستان

خادموں میں ایسا جاں نثار دوسرا نہ تھا۔ یوں کہئے کہ سبھا کے لئے انہوں نے اپنی زندگی وقف کر دی تھی۔ دولت تو ان کے پاس نہ تھی۔ کم سے کم لوگوں کا خیال ایسا ہی تھا لیکن درد اور جوش اور ہمت سے انہوں نے حصہ وافر پایا تھا۔ بدریہ سب قوم کے نذر تھا۔ شدھی کی تحریک کے تو وہ روح رواں تھے۔ ہندو قوم کی فنا اور بقا کا مسئلہ اب ان کے خیال میں شدھی کی تحریک پر اٹکا ہوا تھا۔ شدھی کے سوا اب کوئی دوسری صورت ان کے زندہ رہنے کی نہ تھی۔ قوم کی ساری اخلاقی، جسمانی، ذہنی، تمدنی، مالی مصیبتوں کا دفعیہ اسی تحریک کی کامیابی میں تھا۔ اور وہ اس میں دل و جان سے کوشاں رہتے تھے۔ چندہ وصول کرنے میں پوبے جی کو ید طولےٰ تھا۔ ایشور نے وہ طاقت عطا کی تھی کہ پتھر سے تیل نکال لیتے تھے۔ کنجوسوں کو تو وہ ایسا الٹے استرے سے مونڈتے تھے کہ انہیں زندگی بھر کے لئے سبق مل جاتا تھا۔ کان پکڑتے کہ اب کسی تحریک کے قریب نہ جائیں گے۔ چندہ کے معاملہ میں پنڈت جی لسانی۔ لفاظی، گندم نمائی، افترا، تملق، چشم نمائی، تخویف، تحریص، ہر آلے سے کام لینا انسب سمجھتے تھے۔ یہاں تک کہ ان کا خیال تھا کہ قومی چندہ کے لئے ڈاکہ اور سرقہ تک جائز ہے۔

(۳)

گرمی کا موسم تھا۔ بیبا دھر جی کسی کوہستانی مقام میں جانے کی تیاریاں کر رہے تھے کہ سیر کی سیر ہو جائے گی اور کچھ قومی چندہ بھی وصول ہو جائے گا۔ چندہ کی بدولت انہیں زادِ راہ سے گونہ بیفکری رہتی تھی۔ اگر ایک ہزار وصول کر کے چار پانسو روپیہ خرچ ہو جائیں تو ہندو سبھا کا کیا نقصان ہوا۔ اسے تو کچھ نہ کچھ مل ہی گئے۔ پنڈت جی نے اب تک معہ عیال جانے کا ارادہ کیا تھا۔ جب سے شدھی کی تحریک جاری ہوئی تھی۔ ان کی مالی

حالت بہت کچھ روبہ اصلاح ہوگئی تھی۔ لیکن خادمِ قوم کے لئے یہ موقع کہاں کہ وہ گوشۂ عافیت میں بیٹھ سکے۔ خبر آئی کہ مدراس میں مسلمانوں نے طوفان مچا رکھا ہے۔ ہندوؤں کے خطے کے خطے مشرف بہ اسلام ہوتے جاتے ہیں۔ علمائے بڑے جوش سے تبلیغ کا کام شروع کر دیا ہے۔ اگر جلد ہندو سبھا کی جانب سے انتظام نہ ہوا تو یہ لوگ ہمیشہ کے لئے ہاتھ سے نکل جائیں گے۔ پنڈت جی نے ہمالیہ کا ارادہ ملتوی کر دیا۔ اور دکن جانے کو تیار ہو گئے۔ ہندو سبھا کے سیکرٹری نے جب بچشمِ تر ان سے گذارش کی۔ کہ اس مہم کو آپ ہی سر کر سکتے ہیں۔ ایسا کوئی دوسرا آدمی نظر نہیں آتا جسے یہ کام سپرد کیا جا سکے۔ قوم کی حالتِ زار پر ترس کھائیے۔ تو پنڈت جی انکار نہ کر سکے۔ فوراً خدام کی ایک جمعیت فراہم کی گئی۔ اور قافلہ جو پنڈت جی کی سرکردگی میں روانہ ہوا۔ ہندو سبھا کی جانب سے اسے ایک رخصتی دعوت دی گئی۔ ایک فیاض رئیس نے پنڈت جی کی خدمت میں ایک تھیلی پیش کی اور بہت سے معززین ہزاروں آدمی رخصت کرنے آئے۔

سفر میں کیا کیا واقعے پیش آئے ان کے دہرانے کی ضرورت نہیں۔ ہر ایک اسٹیشن پر ان کا شاندار استقبال کیا گیا۔ کئی جگہ تھیلیاں ملیں۔ نظام کی ریاست نے ایک شامیانہ نذر کیا۔ بڑودہ ریاست نے خدام کے لئے ایک موٹر پیش کیا۔ یہاں تک کہ مدراس پہنچتے پہنچتے خدام کے ہاتھ ایک معقول رقم کے علاوہ ضرورت کے کتنے ہی سامان آ گئے۔ وہاں آبادی سے دور ایک کھلے ہوئے میدان میں ہندو سبھا کا شامیانہ نصب ہو گیا۔ قومی جھنڈا لہرانے لگا۔ خدام نے اپنی اپنی وردیاں نکالیں۔ مقامی باثر ہندوؤں نے ضیافت کے سامان مہیا کئے۔ راوٹیاں کھڑی ہو گئیں۔ چاروں طرف ایسی چہل پہل نظر آنے لگی۔ گویا کسی بڑے راجہ کی فرودگاہ ہے۔

(۳)

رات کے آٹھ بجے تھے۔ اچھوتوں کی ایک بستی کے قریب ہندو سبھا کے قدام کا خیمہ گیس کی روشنی سے منور ہو رہا تھا۔ کئی ہزار آدمیوں کا مجمع تھا جس میں زیادہ تر اچھوتوں کی تعداد تھی۔ ان کے لئے الگ ٹاٹ بچھا دیئے گئے تھے۔ اونچی ذات کے ہندو فرش پر بیٹھے ہوئے تھے۔ پنڈت لیلا دھر کی جادو اثر تقریر ہو رہی تھی۔ ہم انہیں رشیوں کی اولاد ہیں۔ جو آسمان کے نیچے آسمان بنا سکتے تھے۔ دفعتاً ایک بوڑھے اچھوت نے اٹھ کر پوچھا۔ ہم لوگ بھی انہیں رشیوں کی اولاد ہیں۔

لیلا دھر۔ بیشک تم بھی انہیں رشیوں کی سنتان ہو۔ تمہاری رگوں میں انہیں تپسیوں کا خون دوڑ رہا ہے، گو آج کا ظالم، بے درد، کم اندیش، تنگ دل، ہندو سماج تمہیں نفرت کی نگاہ سے دیکھ رہا ہے۔ لیکن تم کسی ہندو سے نیچے نہیں ہو۔ چاہے وہ اپنے کو کتنا ہی اونچا کیوں نہ سمجھتا ہو۔

بوڑھا۔ تمہاری ہندو سبھا کیوں ہم لوگوں کی خبر نہیں لیتی۔

لیلا دھر۔ ہندو سبھا کا جنم ابھی تھوڑے ہی دنوں سے ہوا ہے اور اس قلیل عرصے میں اس نے جتنے کام کئے ہیں۔ ان پر اسے جس قدر فخر ہو زیبا ہے ہندو قوم ایک عرصہ دراز کے بعد بیدار ہوئی ہے۔ اور اب وہ زمانہ قریب ہے۔ جب اس ملک میں کوئی ہندو کسی ہندو کو نیچ نہ سمجھ سکے گا۔ جب سب ایک دوسرے کو بھائی سمجھیں گے۔ رام نے نشاد کو چھاتی سے لگایا تھا۔ کرشن نے صبودی کے جھوٹے پھل کھائے تھے۔

بوڑھا۔ جب آپ انہیں مہاتماؤں کی سنتان ہیں تو پھر اونچ نیچ میں کیوں اتنا

بھید مانتے ہیں۔

چوبے۔ اس لئے کہ ہم تپت ہیں۔ اگیان میں پڑ کر اُن مہاتماؤں کو بھول گئے ہیں۔

بوڑھا۔ اب تو آپ کو ہوش آیا ہے۔ ہمارے ساتھ بھوجن کیجئے گا۔

چوبے۔ میں کسی ہندو کے ہاتھ کا بھوجن کر سکتا ہوں۔

بوڑھا۔ میرے لڑکے سے اپنی کنیا کا بواہ کیجئے گا؟

چوبے۔ تم میرے ساتھ مذاق کرتے ہو! جب تک تمہارے جنم کا سنسکار نہ بدل جائیں جب تک تم میں وچار کا پرکاش نہ آجائے۔ اس وقت تک بواہ کا سمبندھ نہیں ہو سکتا

بوڑھا۔ جب آپ خود تپت مانتے ہیں، خود اگیان میں پڑے ہوئے ہیں تو آپ کو ہمارے سنسکاروں کو بُرا کہنے کا کیا حق ہے؟ جائیے ابھی کچھ دنوں اپنی آتما کا سدھار کیجئے۔ آپ کا دل ابھی تک ابھمان سے بھرا ہوا ہے۔ وہ ابھی بھید بھاؤ سے مکت نہیں ہوا۔ اب اس دیوتا کی شرن جا رہے ہیں۔ جس سب کو ماننے والے ہم سے گلے ملنے کو آج تیار ہیں۔ ہم کو اُن سے ملنے کے لئے اپنے سنسکاروں کے بدلنے کی ضرورت نہیں۔ ہم جیسے ہیں اچھے یا بُرے۔ ویسے ہی وہ ہم کو اپنے پاس بلا رہے ہیں۔ آپ اگر اُونچے ہیں تو اُونچے بنے رہئے۔ ہم میں لڑنے کی طاقت نہیں۔ ہم اُن لوگوں کے ساتھ کیوں نہ رہیں۔ جن کے ساتھ ہمیں لڑنا نہ پڑے گا۔ آخر ہم میں کیا برائیاں ہیں جن کی وجہ سے آپ ہمیں نیچ سمجھتے ہیں۔ ہم شراب پیتے ہیں۔ لیکن آپ شرابیوں کی جوتیاں چاٹتے ہیں۔ ہم مانس کھاتے ہیں۔ لیکن آپ گؤ کا مانس کھانے والوں کے سامنے ناک رگڑتے ہیں۔ اسی لئے نہ کہ وہ آپ کو ٹھوکر جمائیں گے۔ ہم بھی آج راجا ہو جائیں تو آپ ہمارے سامنے ہاتھ باندھے کھڑے ہوں گے۔ وہی اونچا ہے جو بلوان ہے۔ وہی نیچا ہے جو نربل ہے۔

یہی آپ کا دھرم ہے۔

یہ کہہ کر بوڑھا وہاں سے چلا گیا اور اس کے ساتھ سارے آدمی اُٹھ گئے۔ صرف چوبے جی اور اُن کے چیلے پلیٹ فارم پر کھڑے رہ گئے۔ گویا نغمہ کے بعد اس کی صدا بازگشت گونج رہی ہو۔

(۴)

تبلیغی جماعت نے جب سے چوبے جی کے آنے کی خبر سنی تھی اس فکر میں تھی کہ کسی حکمت سے اسے یہاں سے دور کرنا چاہیئے۔ چوبے جی کا نام دور دور تک مشہور تھا ان کی سحر کار تقریر کا لوہا سب مانتے تھے۔ اگر ان کے قدم یہاں جم گئے تو پھر تبلیغ کو راہ فرار کے سوا اور کوئی چارہ نہ رہے گا۔ پہلے سوچا کہ کوئی مذہبی مباحثہ چھیڑ دیا جائے۔ لیکن یہ خیال مانع ہوا کہ ان گندہ ناتراشوں پر مباحثہ کا شاید کوئی اثر نہ ہو آخر یہ رائے طے پائی کہ چوبے جی کی مرمت کی جائے۔ رات کو کچھ لوگ ہندو سبھا کے کیمپ میں جا کر چھپ جائیں جونہی موقع دیکھیں کمیں گاہوں سے نکل پڑیں۔ اور اپنا کام کر کے رفو چکر ہو جائیں۔ مذہبی فدائیوں کی وہاں کیا کمی۔ کئی آدمی کمر کس کر تیار ہو گئے۔ ہندو اور دو نائی دونوں بلا کے سرفروش تھے۔ انہیں منہ مانگی مراد ملی۔

رات کے دو بجے تھے۔ ہندو کیمپ نیند میں مست تھا۔ لیلا دھر جھونگ کے کیمپ میں چور ہندو سبھا کے سیکرٹری کو خط لکھ رہے تھے۔ حالت خراب ہے حریفوں نے یہاں اپنا اڈا جما لیا ہے۔ یہاں جب تک باقاعدہ کیمپ نہ کھولا جائے گا۔ کامیابی کی کوئی اُمید نہیں۔ فی الفور روپے ارسال فرمایئے۔ اس موقع پر اگر سبھا نے بخل کیا تو ہمیشہ کے لئے اُسے کفِ افسوس ملنا پڑے گا۔ میری طرف سے اخباروں میں ایک اپیل شائع ہو

نکال دیجئے۔ یہاں کامیابی کا راز روپیہ ہے۔ چاروں طرف سے صدا آ رہی ہے۔ روپیہ! روپیہ!! عیسائیوں نے روپے سے اپنی دھاک بٹھائی۔ تبلیغ روپے سے عمل تسخیر کر رہا ہے۔ اور ہم تقدیر کا دامن پکڑے بیٹھے ہیں۔ کوری تقریر سے کچھ نہ ہو گا۔ آخر میں کوئی دیوتا تو نہیں جو محض تقریر کے جادو سے کایا پلٹ کر دوں گا۔

اگر وہ لوگ ایک خرچ کریں تو ہمیں دو خرچ کرنے کو تیار رہنا چاہیئے۔ کیونکہ ہمارے ہی جسم کے اعضا پر نشتر چلایا جا رہا ہے۔ آہ! ہندو جاتی! تیرے یہ بُرے دن آ گئے۔ کہ دشمن چاروں طرف سے تجھ پر حربے چلا رہے ہیں۔ اور تو جمود کی حالت میں پڑی ہوئی ہے۔

یکایک عبدو اور رونانی چھرے لئے ہوئے خیمہ میں گھس پڑے۔ پنڈت جی انہیں دیکھتے ہی گھبرا کر اٹھ کھڑے ہوئے اور خیمہ سے بھاگنے کی راہ دیکھنے لگے۔ جب مفر نظر نہ آیا۔ تو ہمت پاس سے کام لے کر بولے۔ تم لوگ کون ہو۔ کیا چاہتے ہو۔

عبدو۔ ہم لوگ حضرت میکائیل کے فرشتے ہیں۔ تمہاری روح قبض کرنے آئے ہیں۔

یہ کہہ کر دونوں نے چھرے مارنے شروع کئے۔ لیلا دھر لحیم آدمی تھے۔ مشکل سے جنبش کر سکتے تھے۔ تین پاؤ مربوں کا ناشتا کرتے۔ کھوجن کے وقت سوا پاؤ گھی دال میں کھاتے۔ تیسرے پہر بادام اور دودھ کا شربت پیتے۔ جس میں بھنگ کی ہلکی سی چاشنی ہوتی تھی۔ رات کو بالائی۔ پوریاں۔ حلوہ وغیرہ مرغن اشیا۔ کثیر مقدار میں چٹ کر جاتے۔ ایسا آدمی دکھاتے ہیں چاہے گھنٹوں بیٹ پڑا رہے۔ یہاں تک کہ حریف عاجز آ کر اسے چھوڑ دے لیکن چھرے کے سامنے چستی اور پھرتی کی ضرورت تھی وہ یہاں مفقود تھی۔ قاتلوں نے تابڑ توڑ اتنی چھریاں ماریں کہ بیچارے چلا بھی نہ سکے۔ حالانکہ چلانا

بھی اس وقت بے سود تھا۔ آخر زخموں سے چور ہو کر وہ گر پڑے قاتلوں نے کھلا کام تمام ہو گیا۔ نو دو گیارہ ہو گئے۔

(۵)

صبح کو گرد و نواح میں شور مچ گیا۔ ہزاروں آدمی واردات پر جمع ہو گئے۔ پنڈت جی کو زخم گہرے لگے تھے۔ مگر ابھی جان باقی تھی۔ لوگوں نے قیاس دوڑانا شروع کیا یہ حرکت کس کی ہے۔ گھنٹوں رائے زنی ہوتی رہی۔ کوئی کہتا ڈاکوؤں کی حرکت ہے۔ کوئی کسی رقیب کو مورد الزام ٹھہراتا۔ لیکن کسی کو نہ سوجھتی تھی۔ کہ زخمی کی مرہم پٹی کی فکر کرے۔ سرکاری شفاخانہ وہاں سے بیس میل پر تھا۔ ادھر حالت اتنی نازک تھی کہ یہ جانے کونسی سانس دم واپسیں ہو کیمپ کے آدمیوں کے ہاتھ پاؤں پھولے ہوئے تھے۔ نظریں بچا بچا کر لوگ یکے بعد دیگرے کھسکتے جاتے تھے۔ آج چوبے جی کی باری تھی۔ کل نہ جانے ہم میں سے کس کے سر آفت آئے۔ کچھ یہاں جان دینے تو آئے نہیں قوم کی خدمت کرنے آئے ہیں۔ اگر خدمت کے معنی جانبازی ہے۔ تو ہم اس خدمت سے درگذرے اگر جان ہی دینی ہے تو فوج میں نہ چلے جائیں گے۔ جہاں ایک دن صوبیدار بھی ہو سکتے ہیں۔ یہاں کیوں پڑے رہیں گے۔ کون کہے کہ ہندو سبھا ہمارے بال بچوں کے لئے کوئی وظیفہ مقرر کر دے گی۔

شام ہوتے ہوتے کیمپ میں سناٹا چھا گیا۔ کیمپ کا ایک آدمی بھی باقی نہ رہا۔ تماشائیوں کا ہجوم بھی کم ہوا۔ پنڈت جی بے چارے خاک و خون میں لپٹے۔ بیہوش۔ نیم جان۔ مرغ بسمل کی طرح تڑپ رہے تھے۔ ہوش نہ تھا۔ پر درد کا حس باقی تھا۔ نہ کوئی آگے نہ پیچھے بیہڑ میدان۔ جنگلی جانور سر شام سے شکار کی تلاش میں نکل پڑتے تھے۔ رات ... کیسے

گزرے گی۔

اچھوتوں کا بوڑھا مکھیا آج کہیں باہر گیا ہوا تھا۔ نو بجے رات کو گھر آیا۔ تو چیز سنتی گھر والوں سے بولا تم نے پنڈت جی کی مرہم پٹی کی فکر بھی نہیں کی؟ ان کا یہاں کوئی دوسرا بیٹھا ہوا ہے۔ اُن کے ساتھ کے آدمی پردیسی ٹھہرے گھبرا گئے ہوں گے۔ شاید بھاگ بھی گئے ہوں۔ یہ تو تمہارا دھرم تھا کہ زخمی کو گھر لاتے۔ اس کی دوا دارو کرتے ہمارے ہی اُپکار کے لئے تو وہ یہاں آئے تھے۔ اگر ہماری فکر نہ ہوتی۔ تو وہ یہ زحمت کیوں اٹھاتے اور زخمی کیوں ہوتے۔ کتنے شرم کی بات ہے کہ وہ تو ہمارے لئے سینکڑوں کوس سے آئیں اور ایسے ایسے ظلم اُٹھائیں۔ اور ہم ان کی خبر تک نہ لیں۔ پرماتما کو منہ بھی دکھانا ہے۔ اتنا بڑا گاؤں ہے کسی میں بھی اتنی دیا نہ آئی۔ اگر کوئی جانور اٹھا لے گیا ہو تو کس پر مصیبت پڑے گی۔ پرماتما کے یہاں کون پکڑا جائے گا؟۔ کس کے منہ میں کالک لگے گی۔

یہ کہتا ہوا وہ اُلٹے قدم لوٹا اور ہندو کیمپ کی طرف چلا۔ سارا گاؤں اس کی رضا کا غلام تھا۔ چودھری کا حکم سب کے لئے قانون تھا۔ اس کے جاتے ہی لوگ ڈولی لے کر کیمپ کی طرف چلے۔ چودھری نے پنڈت جی کو بڑی نرمی سے اٹھا کر ڈولی میں لٹایا۔ اور ایک لمحہ میں ڈولی اس کے گھر پہنچ گئی۔ دور کے ایک گاؤں میں ایک نائی رہتا تھا وہی وہاں کا سرجن تھا۔ وہیں تک لوگوں کی دوڑ تھی۔ اچھے ہوتے تو اس کے ہاتھوں۔ مرتے تو اس کے ہاتھوں۔ راتوں رات اُس کے پاس قاصد دوڑایا گیا اور وہ غریب آدھی رات کے قریب اس پہاڑی رستے اور اندھیری رات میں گرتا پڑتا چودھری کے گھر آ پہنچا۔ دیکھئے یہ جہلا کی تہذیب کا نمونہ! آپ کا سرجن رات کو باہر نہیں

نکلتا۔ نکلتا ہے تو دگنی تگنی فیس لے کر۔ اگر سواری نہ ہو تو قدم نہ اٹھائیے۔ وہاں آدھی رات کو عجیب خبر پاتے ہی دوڑا چلا آتا ہے کسی صلہ کی تمنا نہیں۔ اگر کچھ مل جائے تو واہ واہ ورنہ کسی سے شکایت نہیں۔ سانپ کا منتر جاننے والا۔ اگر کسی حادثہ کی خبر پاکر دوڑ نہ پڑے تو راستے پا پ لگتا ہے۔ ندی چڑھی ہو۔ رات اندھیری ہو کوئی پروا نہیں۔ اس کا دھرم ہے کہ مارگزیدہ کے پاس آئے حتی الامکان اس کی خدمت کرے:۔

نائی نے زخمی کو دیکھا۔ اس کے زخموں کو دھویا۔ مرہم رکھا پٹی باندھی اور وہیں لیٹ رہا تین دن تک وہ پنڈت کے سرہانے سے نہ ٹلا۔ یہاں تک کہ پنڈت جی نے آنکھیں کھولیں۔

(۲)

مہینے بھر تک پنڈت جی چارپائی پر پڑے رہے۔ زخم روز بروز بھرتے جاتے تھے۔ جسم میں قوت عود کرتی جاتی تھی۔ لیکن نائی کی سخت تاکید تھی کہ یہ اٹھنے نہ پائیں۔ سارا گھران کی تیمارداری میں مصروف رہتا۔ گھر ہی نہیں گاؤں بھر کے مرد عورتیں ان کی خدمت کرتے۔ خود چاہے فاقہ کر جائیں لیکن پنڈت جی کے لئے مقوی غذا بہم پہنچاتے۔ ایک آدمی سارے کام چھوڑ کر ان کے پاس بیٹھا پنکھا جھلتا رہتا۔ انہیں سہارے سے کروٹ بدلاتا۔ اٹھاتا۔ حوائج کے لئے چارپائی سے نیچے اتارتا ہوتا تھا۔ اور ایک مستقل تیماردار کے بغیر ان کا زندہ رہنا مشکل ہو جاتا۔ وہ لوگ یہ ساری خدمت فرخندہ پیشانی کرتے کسی کے دل میں یہ خیال تک نہ آتا تھا۔ کہ کہاں کی بلا گلے پڑی۔ چوبے جی زود رنج ہو گئے تھے۔ بیماری میں انسان کچھ چڑچڑا ہو ہی جاتا ہے۔ ذرا ذرا سی بات پر بھنک جاتے۔ اور گھر والوں کو ڈانٹ بیٹھتے۔ پر کوئی برا نہ مانتا۔ خاص کر اس لئے کہ ذرا سی دیر میں پنڈت جی بچشم پرنم معذرت کرنے لگتے۔ ان کا ضمیر کہتا تم ان کے ساتھ

زیادتی کر رہے ہو۔ یہ بیچارے مزدور ہیں۔ انہیں اتنی فرصت کہاں کہ کسی کی تیمارداری کریں۔ تمہارے ساتھ یہ لوگ جو کچھ کر رہے ہیں۔ وہ کیا کم ہے کہ تم اس سے زیادہ کی اُمید رکھتے ہو۔ دہقانوں کے اس ایثار کے مقابلہ میں پنڈت جی کو اپنا دنیا پرستی پر شرم آتی ہے۔ وہ سوچتے اگر میرے گھر کوئی باہر کا آدمی یوں آکر پڑجاتا تو میں اس کے ساتھ کیا سلوک کرتا شاید قریب کھڑا بھی نہ ہوتا۔ وہ بے چارہ کراہ کراہ کر مر جاتا۔ میری تیمارداری معالجہ اور خوراک میں ان غریبوں کے سینکڑوں روپیے صرف ہو گئے۔ یہ کتنے بے غرض کتنے فراخدل کتنے پاک نفس لوگ ہیں اور میں انہیں شدھ کرنے چلا تھا۔ میں انہیں انسانیت کا سبق دینے چلا تھا۔ میں انہیں جاہل۔ غیر مہذب نیچ سمجھتا تھا۔ ہم عالموں سے جاہل ہی اچھے۔ ہم تہذیب یافتوں سے یہ غیر مہذب لوگ ہزار درجہ بہتر۔ ہم اونچوں سے یہ نیچے بدرجہا قابلِ عزت۔ اگر تہذیب علم اور شرافت کے معنی دنیا پروری تنگدلی اور غرور ہے۔ تو اس علم اور اس تہذیب کو سلام۔

ان خیالات نے پنڈت جی کے باطن پر عمل کرنا شروع کیا۔ ان کی خود شدھی ہونے لگی۔ منتروں سے نہیں اگن کنڈ کے سامنے نہیں۔ گو بر کھا کر نہیں۔ بلکہ وہ سچی شدھی وہ معنوی تالیف جو حق و باطل کی تالیف سے پیدا ہوتی ہے۔ ان کے غرور نے انکسار کے سامنے سر جھکا دیا۔ خود غرضی نے ایثار کے سامنے بوسہ دیا۔ انہیں معلوم ہوا یہ دیوتا لوگ ہیں اور مجھے پرماتما نے اصلاح باطن کیلئے ان کے بیچ میں ڈال رکھا ہے۔

رفتہ رفتہ پنڈت جی میں چلنے پھرنے کی طاقت آگئی اور وہ ان احسانات

عظیم کے اظہارِ شکریہ کا موقع ڈھونڈھنے لگے۔ ایشور کی کچھ مرضی! اسی زمانہ میں اس علاقہ میں پلیگ کا دورہ ہوُا۔ اچھوتوں میں یہ وہم پھیلا ہوُا تھا کہ یہ کوئی شیطانی بلا ہے۔ اور جو آدمی کسی طاعون زدہ کی امداد کرے گا۔ وہ پورا اس کا خاندان اس شیطان کے قہر کا شکار ہو گا۔ توہمات کے زیرِ اثر انسان سے حیوانی حرکات سرزد ہوُا کرتی ہیں۔ یہاں تک کہ آدمیوں کا بلیدان کرنے سے بھی دریغ نہیں کیا جاتا۔ طاعون کا دورہ ہوتے ہی کئی آدمی بیمار ہو گئے۔ اور سارے گاؤں کے لوگ انہیں ان کی قسمت پر چھوڑ کر گاؤں کے باہر نکل گئے۔ کوئی ان غریبوں کے نزدیک نہ جاتا۔ ان کی تیمارداری تو درکنار۔ شیطان کے پنجہ میں پھنسا ہوُا انسان شیطان سے کم خوف انگیز نہ تھا۔ بوڑھے چودھری بھی شیطان کی زد میں آ گئے۔

صبح کا وقت تھا گاؤں میں سناٹا چھایا ہوُا تھا۔ دو تین گھروں کے دروازے کھلے تھے۔ مگر انسان کا وجود نہ تھا۔ چوبے جی گاؤں میں داخل ہوئے۔ انہیں بھی گاؤں والے اپنے ساتھ زبردستی کھینچ لے گئے تھے۔ اس وقت بھی آدمی ان کے ساتھ گاؤں کے ڈانڈے تک منع کرنے ہوئے آئے۔ انہیں خوف تھا کہ گاؤں میں جا کر پنڈت جی سلامت نہ لوٹیں گے۔ لیکن پنڈت جی نے انہیں تشفی دی اور انہیں رخصت کر کے گاؤں میں آئے۔ ان کا دل بھی ایک نامعلوم خوف سے دھڑک رہا تھا۔ مگر انہوں نے دل کو مضبوط کیا اور چودھری کے مکان میں داخل ہوئے۔ دیکھا تو بوڑھا چودھری آنکھیں بند کئے توکل کی تصویر بنا ایک ٹوٹی کھاٹ پر پڑا ہوا ہے۔ ان کی آہٹ پاتے ہی اس نے آنکھیں کھولیں۔ آنکھیں کبوتر کے

خون کی طرح سُرخ تھیں۔

چوبے جی نے پوچھا چودھری کیسی طبیعت ہے۔

چودھری۔ اچھا ہوں۔ تم جاؤ۔ چلے جاؤ۔ ابھی چلے جاؤ۔ کیا گاؤں والوں نے تم کو نہیں بتلایا۔ کچھ نہیں بتلایا۔ کچھ نہیں بتلایا کیسے بے سمجھ ہیں۔ کیسے نردئی ہیں۔ جاؤ مجھے مرنے دو۔

چوبے۔ گھبراؤ مت مجھے بہت سے منتر یاد ہیں۔ بھوت پریت میرا کچھ نہیں کر سکتے۔

چودھری۔ ارے بابا کیوں اپنی جان کے دشمن ہو رہے ہو۔ یہاں سے جاؤ۔ نہیں نہیں۔ مجھے مت چھونا۔ مگر چوبے جی نے نہ مانا۔ چودھری کے پاس بیٹھ کر انہوں نے اس کے جسم پر ہاتھ رکھا تو سارا بدن توے کی طرح جل رہا تھا۔ بغل میں ایک گلٹی نکل آئی تھی۔ مگر پلیگ خوفناک قسم کا نہ تھا۔ چوبے جی نے فوراً آگ بنائی اور گلٹی کو پتھر سے سینکنا شروع کیا۔ چودھری لیٹا لیٹا ان کی طرف مرعوب نگاہوں سے دیکھ رہا تھا۔ کہ یہ کوئی دیوتا نہیں ہے۔ اب تک شیطان نے اس پر حملہ نہیں کیا۔ چوبے جی نے آدھ گھنٹہ تک گلٹی کو سینکا۔ اور تب دوسرے مریضوں کے یہاں پہنچے وہاں بھی یہی کیفیت تھی۔ ایک تو بالکل بیہوش تھا مگر دو ہوش میں تھے۔ انہوں نے چوبے جی کو بھگانا چاہا۔ مگر چوبے جی نے اُن کی تشفی کی یہاں تک کہ وہ بھی خاموش ہو گئے۔

اگرچہ سرکاری شفا خانہ وہاں سے دس کوس پر تھا اور راستہ نہایت خراب اس پر پنڈت جی ابھی تک کمزور تھے۔ پر انہوں نے گلٹیوں کو کپڑے سے باندھ کر شفا خانے سے دوا لانے کی ٹھانی۔ سوچے اگر مر بھی گئے تو کیا غم۔ انہیں لوگوں نے تو مجھے دوبارہ

زندگی عطا کی ہے۔ ورنہ اب تک جنگلی جانوروں کے پیٹ میں ہضم ہو گیا ہوتا۔ بھاگا ہوا آگ چلے جا رہے۔ اتفاق سے راستہ میں کسی کا ٹٹو چرتا ہوا مل گیا۔ راس بھی پڑی ہوئی تھی۔ آپ جھٹ اس پر سوار ہو گئے۔ دل کو سمجھایا مگر ضرورت ہو۔ اباشندہ ڈھونڈ کہیں لیئے تو جاتا نہیں لوٹ کر یہیں چھوڑ دوں گا۔ مالک صاحب بہت گرم پڑیں گے تو ایک روپیہ ان کے حوالے کر دوں گا۔ ٹٹو تھا سبک خرام تیسرے پہر منزل مقصود پر جا پہنچا۔ چوبے جی سرجن سے ملے۔ گاؤں کی ساری کیفیت بیان کی۔ اور مرہم اور ادویات کا بکس لیئے ہوئے پھر لوٹ پڑے۔ ٹٹو کو راستہ میں چھوڑ دیا۔ آٹھ بجتے بجتے گاؤں میں آپہنچے۔ اور اسی وقت مریضوں کو دوا پلا دی۔ پہلے تو کوئی مریض دوا پینے پر راضی ہی نہ ہوتا تھا ڈرتا تھا کہ کہیں چھوت تہا شے بگڑ نہ جائیں۔ کہ یہ میرے پنجے سے نکلنے کی کوشش کرتا ہے اور غصہ میں آکر میرے بال بچوں کو ستائیں۔ لیکن پنڈت جی نے دلاسا دے دے کر دوائیں پلا دیں۔ پھر مرہم بھی رکھ دیا۔

آج پنڈت جی میں اتنی قوت نہ جانے کہاں سے آگئی تھی۔ دن بھر دوڑتے ہیں میل کی منزل طے کی۔ مگر نہ ماندگی اور تکان کا غلبہ تھا نہ نیند کا۔ ساری رات مریضوں کی خدمت میں مصروف رہے۔ کبھی اس گھر میں جاتے کبھی اس گھر میں۔ باری باری تینوں مریضوں کی خدمت کرتے تھے۔

پانچ دن تک یہی کیفیت رہی۔ چوبے نے ملکوتی ایثار سے کام لیا کھانے پینے کی چیزیں برتن وغیرہ تو گھروں میں موجود تھے۔ پر وہ ایکبار بمشکل تمام کچھ بنا کر بھوک مٹا لیتے تھے باقی سارا دن اور ساری رات مریضوں کے علاج معالجہ اور عیادت میں صرف کرتے مریضوں کو بچنا تھا بچ گئے۔ مگر اس کا جس پنڈت جی کو ہوا۔

(۷)

اس جانبازانہ عیادت نے لوگوں کو چوبے جی کا معتقد بنا دیا۔ جنہیں لوگوں نے مایوس العلاج سمجھ لیا تھا وہ چنگے ہو گئے۔ جن کی زندگی کی ساری امیدیں منقطع ہو گئی تھیں۔ وہ زندہ تھے پنڈت جی نے انہیں شیطان کے پنجے سے درد سے نجات دے دی تھی۔ یہ عام خیال تھا کہ پنڈت جی کو بھوتوں سے خونریز جنگ ہوئی اور پنڈت جی ان پر غالب آئے۔ اگر وہ جان پر کھیل کر ان آدمیوں کی حمایت نہ کرتے تو ان کا بچنا محال تھا۔ یہ آدمی نہیں کوئی دیوتا ہیں۔ ضرور دیوتا ہیں۔ دیوتاؤں کے سوا اور کون غریب ستم زدوں کی حمایت کرتا ہے۔ کون بیکسوں کے لئے اپنی جان خطرے میں ڈالتا ہے۔ بھوتوں کی فوج آئی ہوگی۔ ایک سے ایک مہیب اور کریہہ منظر دیو سامنے آئے ہوں گے۔ مگر اس شیر نے سبھوں کو نیچا دکھایا۔

ایک آدمی بولا۔ کسی دیوتا کا اوتار ہے۔

بوڑھے چودھری نے کہا۔ دیوتا کا اوتار نہیں تمہارا سر۔ دھرماتما آدمی ہیں۔ اور دھرماتما آدمی دیوتاؤں سے بڑھا ہوا ہوتا ہے۔ رات کی رات جاگتے رہتے تھے۔ پلک تک نہیں جھپکتی تھی۔ کبھی میرے پاس بیٹھتے تھے کبھی بھیکو کے گھر جاتے کبھی چمرو کے گھر نہ کھانے کی فکر رہتی تھی نہ پینے کی، دوا پلانا۔ دوڑ کر پانی دینا۔ میں تو ایمان کی کہتا ہوں۔ اپنا بیٹا بھی ہوتا یہی طرح سے خدمت نہ کرتا۔

بھیکھو۔ میں تو کبھی کبھی غصہ میں آکر گالیاں دینے لگتا تھا۔ لیکن کیا مجال کہ ذرا بھی من میلا ہو۔ ایسا دھیرج تو کسی میں دیکھا ہی نہیں۔ میری تو اگر وہ جان بھی مانگیں۔ تو دونوں ہاتھوں سے دیدوں۔

چودھری۔ میں نے تو طے کر لیا ہے کہ اب ان کا چیلا ہو جاؤں گا۔ پرانے زمانے میں ایسے ہی رشی مہاتما ہوتے ہوں گے۔ ایسے مہاتماؤں کی شرن چھوڑ کر اور کہاں جاؤں۔ مولوی لوگ بھی باتیں بڑی اچھی اچھی کرتے ہیں۔ اور سچ تو یہ ہے کہ ان کے یہاں اونچ نیچ بھید نہیں۔ لیکن ان لوگوں کے دل صاف نہیں ہیں۔ نہیں تو کیا ایسے مہاتما پر چھاپ کرو اور کرتے ہیں۔ ہم لوگ بھوتوں کے پنجے میں پھنس گئے تھے۔ ان میں سے کوئی پاس پٹکا جس دھرم میں سچے ماتما نہیں وہ دھرم کبھی سچا نہیں ہو سکتا۔ تم لوگوں کی مرضی جیسی ہو وہ کرو۔ لیکن میں تو اپنا دھرم نہ چھوڑوں گا۔ پہلے میں سمجھتا تھا ہمارا دھرم مردہ ہو گیا ہے جبھی تو یہ خرابیاں آگئی ہیں لیکن اب معلوم ہوا کہ ہمارا دھرم جیتا جاگتا ہے۔ اس میں اب بھی دکھیوں کا دکھ ہرنے والے رشی مہاتما پیدا ہو رہے ہیں۔

بھیکھو۔ چودھری۔ تم نے میری من کی بات کہہ دی میں بھی سوچ رہا تھا ایسے مہاتما کو چھوڑ کر اب ہم اور کسی کی بھگتی نہ کریں گے۔

جھمرو۔ سب مولوی لوگ آئیں گے تو دور ہی سے سلام کروں گا۔ ہم کسی سے نیچے نہیں ہیں۔ ایسے ایسے مہاتما جن کیلئے اپنی جان کی پرواہ نہ کریں وہ نیچے نہیں ہو سکتے۔

یوں ہی دیر تک لوگوں میں باتیں ہوتی رہیں۔ دوسرے دن سارے گاؤں نے پنڈت جی کو اپنا گورو بنایا۔ اور سارے علاقہ میں انکی پاک نفسی کا شہرہ ہو گیا۔ جوق کے جوق ان کے درشنوں کو آنے لگے۔ ہندو دھرم کے اکھڑے ہوئے قدم یہ صدائے اُمید سنتے ہی سنبھل گئے۔ اور چوبے جی کو تالیف کا ایک ایسا منتر ہاتھ آگیا۔ جو کبھی چوک ہی نہ سکتا۔ جس سے چاروں پر ارتھ آٹھوں سدھیاں اور ساری ردھیاں ملجاتی ہیں۔

کپتان

(۱)

جگت سنگھ کو کتابوں سے نفرت تھی وہ سیلانی آوارہ گرد گھمکڑ نوجوان تھا۔ کبھی امرود کے باغوں کی طرف نکل جاتا اور باغبانوں کے ہاتھ شوق سے گالیاں کھاتا۔ کبھی دریا کی سیر کرتا اور ملاحوں کی کشتیوں میں بیٹھ کر پار نکل جاتا۔ گالیوں میں مزہ آتا تھا اُسے بینڈ باجا بہت پسند تھا۔ بینڈ کو کوئی دن ناغہ نہ کرتا تھا۔ آوارگی اور مسرفی دونوں ہمزاد ہیں۔ اور مسرفی کا سرقے سے گاڑھا رشتہ ہے۔ جگت سنگھ کو جب موقع ملتا گھر سے روپیہ اڑا لے جاتا۔ نقد نہ ملے تو برتن نکال لے جانے میں اسے دریغ نہ تھا۔ گھر میں جتنی شیشیاں اور بوتلیں تھیں وہ سب اُس نے صاف کردیں۔ پرانے وقتوں کی کتنی ہی چیزیں اس کے یہاں پڑی تھیں۔ جگت نے ایک ایک کرکے اُن کا خاتمہ کردیا۔ اس فن میں ایسا مشّاق اور ہوشیار تھا کہ اس کی جدت اور مشکل پسندی پر حیرت ہوتی تھی۔ ایک بار وہ باہر کی باہر اپنے دو منزلہ مکان کی چھت پر چڑھ گیا اور اوپر ہی سے ایک پتیلی کی تھالی لے کر اتر آیا۔ گھر والوں کو خبر نہ ہوئی۔

اس کے باپ ٹھاکر بھگت سنگھ اپنے قصبے کے ڈاکخانہ کے منشی تھے بڑی کوشش اور منتوں کے بعد افسروں نے انہیں وطن کا ڈاکخانہ دیا تھا۔ لیکن جگت سنگھ جن ارادوں

سے گھر آئے تھے۔ وہ ایک بھی پورا نہ ہوا الٹا نقصان یہ ہوا کہ آمدنی کی وہ صورتیں جن سے مفلسان میں وہ مستفید ہوتے تھے یہاں مسدود ہو گئیں۔ یہاں سب سے پرانے تعلقات اور رشتے تھے۔ جبر یا بے مروتی کا موقع نہ تھا۔ اس خستگی میں جگت سنگھ کی دست درازیاں حد درجہ شاق گزرتیں۔ انہوں نے اسے بارہا بڑی بے دردی سے پیٹا۔ جگت سنگھ قوی الجثہ ہونے پر بھی چپکے سے مار کھا لیا کرتا تھا لیکن مارپیٹ، تنبیہ فہمائش کا اس پر کچھ اثر نہ ہوا۔

جوں ہی وہ گھر میں قدم رکھتا چاروں طرف سے کاؤں کاؤں مچ جاتی ماں دُور دُور کر کے دوڑتی۔ دونوں بہنیں گالیاں دینے لگتیں۔ بیچارہ اُلٹے پاؤں بھاگتا۔ کبھی کبھی وہ دو دو تین تین دن بھوکا رہ جاتا۔ گھر والے اس کی صورت سے جلتے تھے۔ آوارہ گردی نے اسے تکلیفوں کا خوگر بنا دیا تھا۔ جہاں نیند آ جاتی وہیں پڑا رہتا جو کچھ مل جاتا وہی کھا لیتا۔

جوں جوں گھر والوں کو اس کی حرکتیں معلوم ہوتی جاتی تھیں وہ چوکنے ہوتے جاتے تھے، یہاں تک کہ ایک بار کامل مہینہ بھر تک جگت سنگھ کی دال نہ گلی۔ چرس والے کے کئی روپے چڑھ گئے۔ کنجڑ والوں نے تقاضوں کے مارے ناک میں دم کر دیا۔ حلوائی راہ چلتے کڑوی باتیں سنانے لگا۔ بیچارے کو گھر سے نکلنا مشکل ہو گیا۔ رات دن تاک جھانک میں رہتا۔ لیکن گھات نہ ملتی۔ آخر ایک روز بلی کے بھاگوں چھینکا ٹوٹا۔ بھگت سنگھ ڈاک خانہ سے دوپہر کو چلے تو اتفاقاً ایک بیمہ کی رجسٹری جیب میں ڈال لی لیکن گھر پہنچ کر اچکن اتارتے وقت اس کا خیال نہ رہا۔ دالان میں اچکن اتار کر رکھ دی۔ جگت سنگھ تو گھات لگائے ہوئے تھا ہی پیسوں کی امید میں

کی جیب ٹٹولی لفافہ مل گیا۔ اس پر کئی آنے کے ٹکٹ تھے۔ ٹکٹوں کے لالچ میں اُس نے لفافہ اُڑا لیا۔ کئی بار وہ ٹکٹ چرا کر آدھے داموں پر بیچ دیتا۔ جب لفافے پر سے ٹکٹ آسانی سے نہ اُبھر سکے تو اس نے لفافہ پھاڑ ڈالا۔ اس میں سے ایک سو روپیہ کا نوٹ نکل پڑا۔

جگت سنگھ کی باچھیں کھل گئیں۔ بمبئی کی سیر کی اُسے بہت خواہش تھی اسی دن چپکے سے بمبئی چل دیا۔ گھر پر کسی سے کچھ نہ کہا۔ دوسرے ہی دن منشی بھگت سنگھ پر سرقہ و غبن کا مقدمہ دائر ہو گیا۔

(۲)

بمبئی میں قلعہ کے میدان میں بینڈ بج رہا تھا۔ اور راجپوت رجمنٹ کے سجیلے خوشرو جوان قواعد کر رہے تھے۔ جس طرح ہوا بادلوں کو نئے روپ میں بدلتی اور بگاڑتی ہے۔ اُسی طرح افسر گھوڑے پر سوار زبان کے اشارے سے سپاہیوں کو نئی نئی ترتیب سے آراستہ کرتا اور بگاڑ دیتا تھا۔

جب قواعد ختم ہو گئی تو ایک چھریرے بدن کا جوان افسر کے سامنے آکر کھڑا ہو گیا۔

کیا نام ہے؟

جگت سنگھ۔

کیا چاہتے ہو؟

فوج میں بھرتی کر لیجیے۔

عدن جانا پڑے گا؟

خوشی سے جاؤں گا۔

بہت محنت کا کام ہے؟

اس کا ڈر نہیں۔

مرنے سے تو نہیں ڈرتے؟

بالکل نہیں۔ راجپوت ہوں۔

جگت سنگھ فوج میں بھرتی ہو گیا۔ اس میں جرأت اور حوصلہ کی کمی نہ تھی پانی کی طرح بہاؤ کا راستہ نہ پا کر اس کا من چلا پن کجروی کی جانب مائل ہوتا تھا لیکن یہاں آ کے اپنی قابلیتوں کے اظہار کا موقعہ ملا۔ خلقی جوہر کھلنے لگے۔

تین ماہ بعد یہ رجمنٹ عدن چلی۔ اس وقت جگت سنگھ کو گھر کی یاد آئی۔ ماں کے نام ایک خط لکھا۔ ہم عدن جاتے ہیں گھبرانے کی کوئی بات نہیں ہے۔

عدن میں پہنچ کر کتنے سپاہی بے دل ہو گئے۔ لیکن جگت سنگھ کے چہرے پر ذرا بھی میل نہ آیا۔ اس کی جفاکشی اور بیخوف جرأت پر افسروں کو حیرت ہوتی تھی مشکلات کے سامنے اس کی ہمت [illegible] بڑھتی تھی۔ نقلی لڑائیوں میں وہ سب سے پیش پیش رہتا۔ جب [illegible] ہمتیں جواب دے جاتیں اسے سر کرنا اسی کا کام تھا۔ سب اور دستوں سے بڑھ کر اس طرح اس کا مردانہ جوش چمک اٹھتا تھا۔ اسی طرح ہمت جیں اس کا مردانہ استقلال محال کو آسان کر دیتا تھا۔ اس کے افسر کہتے یہ ہوشیار نوجوان ہے کبھی نام کرے گا۔

جگت سنگھ کو عدن میں چار سال گذرے۔ اس کے چہرہ سے اب ایک شکوہ اور رعب ٹپکتا ہے۔ وہ اب ایک تنومند نوجوان ہے۔ اس کے جسم کے تنا سب پر

کسی جمناسٹ کو کبھی نا ز ہو سکتا ہے۔ اس کے انداز گفتگو سے ایک شان اہمیت برستی ہے۔ اس کے افسران کو اس پر کامل اعتبار ہے۔ اب وہ پہلے کا بے فکر آوارہ لڑکا نہیں ہے۔ ذمہ داریوں کے احساس کے ساتھ، اسے اب گھر کی فکر پیدا ہوگئی ہے۔ وہ کبھی سوچتا ہے نہیں معلوم گھر کا کیا حال ہو۔ اس کے صرف سے جو کچھ بچتا ہے۔ وہ سب گھر بھیج دیتا ہے۔ لیکن گھر سے کبھی اس کے خطوں کا جواب نہیں آتا۔ معلوم نہیں اماں جیتی ہیں یا نہیں۔ اسے بار بار ماں بہنوں کی یاد آتی ہے۔ ان کی سخت کمامیاں اسے بالکل بھول گئی ہیں۔ کبھی کبھی بیتابی کے عالم میں اس کا جی چاہتا ہے کہ اُڑ کر پہنچ جاؤں جب کبھی باپ کی یاد آتی ہے تو اس کی آنکھوں سے آنسوؤں کی جھڑی لگ جاتی ہے۔ آہ! میری بدولت مجھ بدنصیب۔ تنگ خاندان کی بدولت آج وہ قید میں ہیں اسے اپنی نادانی اور جہالت پر افسوس آتا ہے۔

ایک روز اس نے جا کر کپتان سے کہا۔ صاحب مجھے چھٹی دیجئے۔ گھر جانا چاہتا ہوں۔ کپتان ڈاک دیکھ رہا تھا۔ اسے دکھا کر بولا۔ بہت ضروری کام ہے لڑائی چھڑ گئی ہے

جگت سنگھ۔ یہ کب سے۔ مجھے تو معلوم ہی نہیں تھا۔

کپتان ۔ آج ہی خبر آئی ہے۔

جگت سنگھ۔ تب میں گھر نہیں جاؤں گا۔

کپتان ۔ نہیں نہیں۔ اگر جانا ضروری سمجھو تو چھٹی مل سکتی ہے (مسکرا کر) ابھی ہم لوگوں کو لام پر جانے میں دیر ہے۔ ہندوستان سے فوجیں پہنچ گئیں ہیں۔

جگت سنگھ۔ جی نہیں اب نہ جاؤں گا۔

کپتان نے دوسرا لفافہ کھولا۔ اور خوشی سے اچھل کر بولا۔ تمہارا ترقی ہوگیا ہے۔ حوالدار ہوگیا۔ جگت سنگھ نے جھک کر سلام کیا۔

(۳)

سات برس گذر گئے۔ شام کا وقت ہے۔ کلکتہ میں ٹھاکر بھگت سنگھ سنٹرل جیل میں سر جھکائے اداس بیٹھے ہیں۔ ان کی کمر جھک کر کمان ہوگئی ہے۔ چہرہ زرد ہے جسم لاغر و نحیف۔ سات برس کی قید سخت نے بالکل نڈھال اور خستہ حال کر دیا ہے۔ معلوم ہوتا ہے بدن میں جان ہی نہیں۔ آج میعاد ختم ہوگئی ہے۔ کل ان کی رہائی کا دن ہے کل وہ آزاد ہو جائیں گے۔ کتنے ہی دیگر قیدیوں کی بھی میعاد پوری ہوگئی ہے ان کے ورثا انہیں لے جانے کے لئے دُور دُور سے آئے ہیں۔ یہ قیدی مارے خوشی کے ادھر ادھر چہلتے پھرتے ہیں۔ لیکن بھگت سنگھ کے چہرہ پر وہی افسردگی کا گاڑھا رنگ ہے۔ تکلیفوں نے خوش ہونے کی قابلیت ہی نہیں رکھی۔

ان ایام قید میں متواتر ان پر مصیبتیں نازل ہوئیں۔ بیوی مری دونوں لڑکیاں گئیں۔ گھر تباہ ہوگیا۔ اب گھر کہاں ہے جسے دیکھنے کی خوشی ہو۔ اس خانۂ ویران سے تو جیلخانہ ہی اچھا تھا۔ ہائے کیسی دردناک جینوا ئی ہے۔

ایک بوڑھے لیکن توانا قیدی نے آکر اس کا شانہ ہلایا اور بولا۔ کہو بھگت سنگھ کوئی گھر سے آیا۔

بھگت نے آبدیدہ ہو کر جواب دیا۔ گھر پہ ہے ہی کون۔ سب تو مر گئے ایک لڑکا تھا وہ پہلے ہی ہاتھ سے نکل چکا تھا۔

دوسرا قیدی بولا۔ بھگت بیاو ادھر سے جگت ہو تو چلیں۔

بھگت سنگھ نے کہا بھائی میرا کوئی ٹھکانا نہیں ہے۔ مجھے تو اب تک یہی نہیں معلوم کہ جاؤں گا کہاں۔

آج قیدیوں کی شب عید تھی۔ محافظِ جیل نے انہیں آزاد کر دیا تھا۔ وہ چاروں طرف خوش فعلیاں کرتے پھرتے تھے۔ کوئی گاتا تھا۔ کوئی بغلیں بجاتا تھا۔ کوئی بیوی کے ملنے کے لیئے بیتاب۔ کوئی لڑکوں کو دیکھنے کے لیئے بیقرار۔ سب اپنے اپنے منصوبے باندھ رہے تھے۔ سب کے سر پر ایک مسرت آمیز اضطراب کا جنون سوار تھا۔ آپس میں دھول دھپا بھی ہو جاتا تھا۔ آج ایام مصیبت کا خاتمہ ہے۔ کل اس کال کوٹھری سے نکلیں گے۔ آتش شوق دہک رہی تھی لیکن بھگت سنگھ زمین پر پڑے اپنی تقدیر کو رو رہے ہیں۔ اپنی حرماں نصیبی کا انہیں آجتک ایسا جان شکن صدمہ نہ ہوا تھا۔ گھر کی تباہی کانوں سے تو سن لی۔ لیکن آنکھوں سے کیوں کر دیکھا جائے گا۔ کسی کی موت کی خبر سننے اور اُسے جانکنی کی حالت میں دیکھنے میں بڑا فرق ہے۔ ہائے اب کوئی نام کو رونے والا بھی باقی نہیں۔ کیا کرنے گھر جاؤں یہیں کہیں ڈوب مروں قصّہ تمام ہو جائے۔

رات کو وہ لیٹے تو جگت سنگھ کی یاد آئی۔ سات سال تک کبھی انھوں نے اس کا خیال بھی نہیں کیا تھا۔ اُسے دل سے نکال دیا تھا جس کی بدولت زندگی خوار ہوئی۔ عزت آبرو مٹ گئی۔ گھر تباہ ہو گیا۔ اس کا خیال بھی ناقابل برداشت تھا۔ لیکن آج مایوسی اور رنج کے اتاہ ساگر میں ڈوبتے ہوئے انہوں نے اسی تنکے کا سہارا لیا۔ آنکھوں سے آنسو بہنے لگے۔ سوچا۔ معلوم نہیں اس بیچارے پر کیا گزری۔ لاکھ بُرا ہے لیکن ہے تو اپنا لڑکا ہی۔ خاندان کی نشانی تو ہے۔ مروں گا۔

تو چلا آنسو تو بہانے لگا۔ گھر پہ ہوتا تو چل کر اس کی شادی کر دیتا۔ انہیں میں میری عمر بھی کٹ جاتی۔ نہیں تو اب کون پوچھے گا کہ مرے یا جیتے ہو۔ میں اس کے ساتھ کبھی محبت سے نہیں پیش آتا تھا۔ ذرا بھی شرارت کرتا تو اس کی گردن پر سوار ہو جاتا ایک بار رسوئی میں محض بلا پیر دھوئے چلے جانے پر میں نے اسے الٹا لٹکا دیا تھا کتنی بار محض زور سے بولنے کے لئے میں نے اُسے طمانچے لگائے۔ بیٹا سالا ل پاکر میں نے اس کی قدر نہ کی یہ اُسی کی سزا ہے۔

(۴)

صبح ہوئی امید کا آفتاب نکلا۔ آج اس کی شعاعیں کتنی مدھم تھیں۔ ہوا کتنی خوشگوار آسمان کتنا خوشنما۔ چڑیوں کی بولیاں کتنی پیاری درخت کتنے سر سبز سارا منظر امید کے دلفریب رنگ میں رنگا ہوا تھا۔

جیل کا افسر آیا۔ قیدی قطار باندھ کر کھڑے ہوئے۔ محافظ ایک ایک کا نام لے کر رہائی کا پروانہ دینے لگا۔ قیدیوں کے چہرے مسرت امید سے روشن تھے۔ جس کا نام آتا وہ خوش خوش محافظ کے پاس جاتا پروانہ لیتا اُسے جھک کر سلام کرتا اور تب ولولۂ شادمانی سے مخمور ہو کر اپنے ایام مصیبت کے رفیقوں سے بغلگیر ہو جاتا۔ جونہی وہ دروازۂ جیل سے باہر نکلتا۔ اس کے ورثا دوڑ کر اس سے لپٹ جاتے اشک مسرت کا سیلاب آ جاتا کہیں کوئی پیسے لٹا رہا تھا۔ کہیں مٹھائیاں تقسیم ہو رہی تھیں۔ کہیں جیل کے ملازموں کو انعام دیا جا رہا تھا۔ آج یہ دوزخ کے دیو اخلاق اور انسانیت کے فرشتے بنے ہوئے تھے۔

اخیر میں بھگت سنگھ کا نام آیا۔ وہ سر جھکائے آہستہ آہستہ جیلر کے پاس گئے

اور لاپرواہی سے آزادی کا پروانہ لے کر دھیرے دھیرے دروازہ جیل کی طرف چلے گویا سامنے کوئی سمندر حائل ہے۔ دروازہ سے باہر نکل کر وہ زمین پر بیٹھ گئے۔ کہاں جائیں۔

دفعتہً انہوں نے ایک فوجی افسر کو گھوڑے پر سوار جیل کی طرف آتے دیکھا اس کے جسم پر خاکی وردی تھی۔ سر پر کارچوبی خوشنما صافہ۔ ایک عجیب شان سے گھوڑے پر بیٹھا ہوا تھا۔ اس کے پیچھے ایک فٹن آ رہی تھی جیل کے سپاہیوں نے افسر کو دیکھتے ہی بندوقیں سنبھالیں اور باقاعدہ کھڑے ہو کر سلام کیا۔

بھگت سنگھ نے اپنے دل میں کہا۔ ایک وہ خوش نصیب ہیں۔ جس کے لئے فٹن آ رہی ہے۔ ایک میں بدنصیب ہوں جس کا کہیں ٹھکانا نہیں۔

نوجوان نے اِدھر اُدھر تلاش کی نگاہوں سے دیکھا۔ اور تب گھوڑے سے اُتر کر سیدھے بھگت سنگھ کے سامنے آ کر کھڑا ہو گیا۔ بھگت سنگھ نے اسے غور سے دیکھا اور تب چونک کر اُٹھ کھڑے ہوئے اور بولے ارے جگت سنگھ!

جگت سنگھ روتا ہوا اُن کے پیروں پر گر پڑا۔

بھگت سنگھ ایک لمحہ تک خاموش کھڑے رہے جذبات حواس پر غالب آ گئے یکا یک اُن کی آنکھوں سے آنسو بہنے لگے۔ چہرہ پر سرخی کی جھلک نظر آئی۔ وہ جھکے او بیٹے کو اُٹھا کر چھاتی سے لگا لیا۔ اور تب ایک پُر غرور نگاہ سے اسے سر سے پانوں تک دیکھا اور دونوں ہاتھ جوڑ کر آسمان کی طرف تاکتے ہوئے بولے۔ نارائن! تم نے مجھ پر بڑی دیا کی۔

دوسرے قیدیوں نے دونوں آدمیوں کی طرف تعجب کی نگاہ سے دیکھا۔ کئی

آدمی بھگت سنگھ مبارکباد دینے آئے لیکن وہ اس وقت دوسری ہی دنیا میں تھے۔
کسی سے مخاطب نہ ہوئے۔

ذرا دیر میں دونوں آدمی ریلوے اسٹیشن کی طرف چلے۔ فٹن پر بھگت سنگھ تھے۔
گھوڑے پر جگت سنگھ راستے میں انہیں لوگ دیکھ کر کہتے تھے۔ یہی کپتان جگت سنگھ ہیں
جنھوں نے جرمنوں کے میگزین میں آگ لگائی تھی۔

تماشائیوں میں ایک سپاہی بھی تھا۔ بولا تم لوگ میگزین ہی کے لئے رہو۔ بغداد
کے قلعہ پر سب سے پہلے بھی جھنڈا لے کر چڑھے تھے۔ میں نے آنکھوں سے دیکھا۔ ایسا
سورما آج ملک میں نہیں ہے۔

تیسرا آدمی بولا۔ ابھی عمر کچھ بھی نہیں ہے۔ لیکن کیسے کیسے کام کر دکھائے۔

یہ باتیں سن کر بھگت سنگھ کے سینے میں گدگدی سی ہوتی تھی۔ آنکھوں میں غرور
کا نشہ جھلک رہا تھا۔

تیسرے دن جگت سنگھ اپنے باپ کے ساتھ گھر پہنچے۔ گھر مسمار ہو گیا تھا۔ دیواریں
زمین سے مل گئی تھیں۔ دونوں آدمی یہ حال خوار دیکھ کر خوب روئے۔

محلہ میں ہلچل مچ گئی۔ دم کے دم میں ہمدردوں اور شناساؤں کا ہجوم لگ گیا۔ لوگ
تعزیت آمیز مبارکباد دے رہے تھے۔

ٹھاکر دلیپ سنگھ نے بھگت سنگھ نے کہا بھیا تمہارے اوپر جو مصیبتیں پڑیں وہ
کسی دشمن پر بھی نہ پڑیں۔ لیکن نارائن نے تمہاری سن لی۔

بھگت سنگھ بولے۔ ہاں بھائی نارائن نے سچ مچ سن لی۔ مجھے اب اس کا ذرا
بھی رنج نہیں ہے۔ گھر کے آدمیوں کے مرنے کا افسوس ہے۔ لیکن ایشور کی نگاہ رہیگی۔

تو یہ گھر پھر آباد ہو جائے گا۔

ایک پٹی دار نے طنزیہ لہجہ میں کہا۔ تم جیلخانہ کیا گئے تمہاری تقدیر جاگ گئی۔

بھگت سنگھ نے جواب دیا۔ ہاں بھائی سچ مچ جاگ گئی۔ یہ مبارک دن دیکھنے کے لئے میں ایسی ایسی میعادیں کاٹ سکتا ہوں۔

ملاپ

(۱)

لالہ گیان چند بیٹھے ہوئے حساب کتاب جانچ رہے تھے کہ اُن کے صاحبزادے بابو نانک چند آئے اور بولے "دادا! اب یہاں پڑے پڑے جی اُکتا گیا۔ آپ کی اجازت ہو تو میں سیر کو نکل جاؤں۔ دو ایک مہینے میں لوٹ آؤں گا۔"

نانک چند نہایت خوش وضع اور خوشرو جوان تھا۔ رنگ پیلا، آنکھوں کے گرد حلقے، شانے جھکے ہوئے۔ گیان چند نے اس کی طرف تیکھی نگاہ سے دیکھا اور طنز آمیز لہجہ میں بولے: "کیوں یہاں کیا تمہارے لئے کچھ کم دلچسپیاں ہیں۔"

گیانچند نے بیٹے کو راہ راست پر لانے کی بہت کوشش کی تھی مگر کامیاب نہ ہوئے۔ انکی تنبیہہ اور فہمائش مطلق کارگر نہ ہوئی۔ اس کی صحبت اچھی نہ تھی۔ شیشہ و ساغر اور راگ رنگ میں ڈوبا رہتا تھا۔ انہیں یہ نئی تجویز کیوں پسند آنے لگی تھی۔ لیکن نانک چند اُن کے مزاج سے واقف تھا بیباکی سے بولا: "اب یہاں جی نہیں لگتا۔ کشمیر کی بہت تعریف سنی ہے۔ اب وہیں کا قصد ہے۔

گیان چند۔ بہتر ہے تشریف لے جائیے۔

نانک چند۔ (ہنس کر) روپے تو دلوائیے۔ اس وقت پانچسو روپیہ کی سخت ضرورت ہے۔

گیانچند۔ ایسی فضولیات کا مجھ سے ذکر مت کیا کرو۔ میں تم کو یا۔ ہا سمجھا چکا۔

نانک چند نے اصرار کرنا شروع کیا اور بوڑھے لالہ انکار کرتے رہے۔ یہاں تک کہ نانک چند جھنجھلا کر بولا۔ اچھا کچھ مت دیجئے۔ میں یوں ہی چلا جاؤں گا۔

گیانچند نے کلیجہ مضبوط کر کے کہا۔ بیشک تم ایسے ہی ہمت ور ہو۔ وہاں بھی تمہارے بھائی بند بیٹھے ہوئے ہیں نا۔

نانک چند۔ مجھے کسی کی پروا نہیں ہے۔ آپ کا روپیہ آپ کو مبارک رہے۔

نانک چند کی یہ چال کبھی پٹ نہیں پڑتی تھی۔ اکیلا لڑکا تھا۔ بوڑھے لالہ صاحب ڈھیلے پڑ گئے۔ روپیہ دیا۔ خوشامد کی اور اسی دن نانک چند سیر کشمیر کے لئے روانہ ہوا۔

(۲)

مگر نانک چند یہاں سے تنہا نہ چلا آج اس کی عاشقانہ کوششیں بار ور ہو گئی تھیں۔ پڑوس میں بابو رام داس رہتے تھے۔ بیچارے سیدھے سادے آدمی۔ صبح کو دفتر جاتے اور شام کو آتے اور اس اثنا میں نانک چند اپنے بالاخانے پر بیٹھا ہوا ان کی بیوہ لڑکی سے محبت کے اشارے کنائے کیا کرتا۔ یہاں تک کہ بدنصیب للتا اس کے دام فریب میں آ پھنسی۔ اغوا کے منصوبے ہوئے۔ آدھی رات کا وقت تھا۔ للتا ایک سادی ساری پہنے چارپائی پر کروٹیں بدل رہی تھی۔ زیوروں کو اتار کر اس نے ایک صندوقچہ میں رکھ دیا۔ اس کے دل میں اس وقت طرح طرح کے خیالات دوڑ رہے تھے، اور کلیجہ زور سے دھڑکتا تھا۔ مگر چاہے اور کچھ ہو۔ نانک چند کی طرف سے اُسے بیوفائی کا مطلق گمان نہ تھا۔ جوانی کی سب سے بڑی نعمت محبت

ہے اور اس نعمت کو پاکر للتا اپنے تئیں خوش نصیب سمجھ رہی تھی۔ رام داس غافل سو رہے تھے کہ اتنے میں کنڈی کھٹکی۔ للتا چونک کر اٹھ کھڑی ہوئی۔ اس نے زیوروں کا صندوقچہ اٹھا لیا۔ ایک بار اِدھر اُدھر حسرتناک نگاہوں سے دیکھا اور دبے پاؤں چونک چونک کر قدم اٹھاتی دہلیز میں آئی اور کنڈی کھول دی۔ نانک چند نے اسے گلے سے لگا لیا۔ بگھی تیار تھی دونوں اس پر جا بیٹھے۔

صبح کو بابو رام داس اٹھے۔ للتا نہ دکھائی دی۔ گھبرائے۔ سارا گھر چھان مارا۔ کچھ پتہ نہ چلا۔ باہر کی کنڈی کھلی دیکھی۔ بگھی کے نشان نظر آئے۔ سر پیٹ کر بیٹھ گئے۔ مگر دردِ دل کس سے کہتے۔ ہنسی اور بدنامی کا خوف زبان پر مہر ہو گیا۔ مشہور کیا کہ وہ اپنے ننہیال چلی گئی ہے۔ مگر لالہ گیانچند سنتے ہی بھانپ گئے کہ سیرِ کشمیر کے کچھ اور ہی معنے تھے۔ رفتہ رفتہ یہ بات سارے محلہ میں مشہور ہو گئی۔ یہاں تک کہ بابو رام داس نے مارے شرم کے خودکشی کر لی۔

(۳)

عاشقانہ سرگرمیاں انجام کی طرف سے بالکل بے خبر ہوتی ہیں۔ نانک چند جس وقت بگھی میں للتا کے ساتھ بیٹھا تو اسے بجز اس کے اور کوئی خیال نہ تھا کہ ایک نازنین میرے پہلو میں ہے۔ جس کے دل کا میں مالک ہوں۔ اسی دھن میں وہ مست تھا رسوائی کا خوف۔ قانون کا کھٹکا۔ معاش کے وسائل۔ ان مسئلوں پر خیال کرنے کی اسے اس وقت فرصت نہ تھی۔ ہاں اس نے کشمیر کا ارادہ ترک کر دیا۔ اور کلکتہ جا پہنچا۔ کفایت شعاری کا سبق نہ پڑھا تھا۔ جو کچھ جمع جتھا تھی دو مہینوں میں صرف ہو گئی۔ للتا کے زیوروں پر نوبت آئی۔ لیکن نانک چند میں شرافت کا اتنا احساس

باقی تھا۔ دل مضبوط کر کے باپ کو خط لکھا۔ حضرت عشق کو گالیاں دیں اور یقین دلایا کہ اب آپ کی قدمبوسی کے لئے طبیعت بیقرار ہے۔ کچھ خرچ بھیجئے۔ لالہ صاحب نے خط پڑھا تسکین ہوئی کہ بارے زندہ اور بہ خیریت تو ہے۔ دھوم دھام سے ستیہ نارائن کی کتھا سنی۔ روپیہ روانہ کر دیا۔ لیکن جواب میں لکھا "کہ خیر جو کچھ تمہاری قسمت میں تھا وہ ہوا۔ ابھی ادھر آنے کا ارادہ مت کرو۔ بہت بدنام ہو رہے ہو۔ تمہاری وجہ سے مجھے بھی برادری سے قطع تعلق کرنا پڑے گا۔ اس طوفان کو فرو ہونے دو۔ تمہیں خرچ کی تکلیف نہ ہوگی مگر اس عورت کی بانہہ پکڑی ہے تو اس کا نباہ کرنا۔ اسے اپنی بیاہتا استری سمجھو۔

نانک چند کے دل پر سے فکر کا بوجھ اٹھ گیا۔ بنارس سے ماہوار وظیفہ ملنے لگا۔ ادھر للتا کی کشش نے بھی کچھ دل کو کھینچا اور گو شراب کی لت نہ چھوٹی۔ اور ہفتے میں دو دن ضرور تھیٹر دیکھنے جاتا۔ تاہم طبیعت میں سلامت روی اور اعتدال کا دخل ہو گیا تھا۔ اس طرح کلکتہ میں اس نے تین سال کاٹے۔ اسی اثناء میں اُسے ایک پیاری لڑکی کے باپ بننے کا سوبھاگیہ ہوا۔ جس کا نام اس نے کملا رکھا۔

(۴)

تیسرا سال گذر رہی تھا کہ نانک چند کی اس پرسکون زندگی میں اختلاج پیدا ہوا۔ لالہ گیان چند کا پچاسواں سال تھا جو ہندوستانی روسا کی طبعی عمر ہے۔ ان کا سرگباشس ہو گیا۔ اور جونہی یہ خبر نانک چند کو ملی وہ للتا کے پاس جا کر چیخیں مار مار کر رونے لگا۔ زندگی کے لئے نئے مسئلے اب اُس کے سامنے آئے۔ اُس

تین سال کی میانہ روی نے اُس کے دل سے اوباشی و بدمستی کے خیالات بہت دُور کر دیئے تھے۔ اسے اب یہ فکر دامنگیر ہوئی کہ چل کر بنارس میں اپنی جائداد کا کچھ انتظام کرنا چاہیئے۔ ورنہ سارا کاروبار خاک میں مل جائے گا۔ لیکن للتا کو کیا کروں۔ اگر اسے وہاں لئے چلتا ہوں تو تین سال کے پرانے دوستوں تازہ ہو جائیں گے اور پھر ایک ہلچل پیدا ہوگی۔ جو پہلے حکام اور نیز پنچوں میں ذلیل کر دے گی۔ علاوہ بریں اسے اب قانونی اولاد کی ضرورت بھی نظر آنے لگی ہے۔ یہ ہو سکتا تھا کہ وہ للتا کو اپنی منکوحہ بیوی مشہور کرتا۔ لیکن اس عام خیال کو دُور کرنا غیر ممکن تھا کہ اس نے اسے اغوا کیا۔ للتا سے نانک چند کو اب وہ عاشقانہ محبت نہ تھی جس میں سوز اور اضطراب کا پہلو غالب ہوتا ہے وہ اب ایک معمولی شوہر تھا جو گلے میں پڑے ہوئے ڈھول کو پیٹنا ہی اپنا فرض سمجھتا ہے جسے بیوی کی محبت اسی وقت آتی ہے۔ جب وہ بیمار ہوتی ہے اور کوئی حیرت کا مقام نہیں ہے۔ اگر زندگی کی نئی نئی اُمنگوں نے اُسے اکسانا شروع کیا۔ وہ منصوبے پیدا ہونے لگے۔ جن کا دولت اور رُسوخ سے تعلق ہے۔ انسانی جذبات کی یہی عام حالت ہے۔ نانک چند اب مضبوط ارادے کے ساتھ سوچنے لگا کہ یہاں سے کیونکر بھاگوں اگر اجازت لے کر جاتا ہوں تو دو چار دن میں سارا پردہ فاش ہو جائے گا۔ اگر حیلہ کئے جاتا ہوں۔ تو آج کے تیسرے دن للتا بنارس میں میرے سر پر سوار ہوگی۔ کوئی ایسی ترکیب نکالوں کہ ان ممکنات سے نجات ہو۔ سوچتے سوچتے اسے آخر ایک تدبیر سوجھی وہ ایک دن شام کو سیر دریا کا بہانہ کر کے چلا۔ اور رات کو گھر پر نہ آیا۔ دوسرے

دہن صبح کو ایک چوکیدار للتا کے پاس آیا اور اسے تھانہ میں لے گیا۔ للتا جیران تھی کہ آخر یہ کیا ماجرا ہے۔ دل میں طرح طرح کے وسوسے پیدا ہو رہے تھے۔ وہاں جا کر جو کیفیت دیکھی تو دنیا آنکھوں میں تاریک ہو گئی۔ نانک چند کے کپڑے خون میں تر بتر پڑے تھے۔ اس کی وہی سنہری گھڑی۔ وہی خوبصورت چھتری۔ وہی ریشمی صافہ۔ سب وہاں موجود تھا۔ جیب میں اس کے نام کے چھپے ہوئے کارڈ تھے۔ کوئی شک نہ رہا کہ نانک چند کو کسی نے قتل کر ڈالا۔ دو تین ہفتہ تک تھانہ میں تحقیقات ہوتی رہیں۔ اور بالآخر قاتل کا پتہ چل گیا۔ افسران پولیس کو بڑی بڑی ترقیاں اور انعامات ملے۔ اسے سراغ رسانی کا معجزہ سمجھا گیا۔ قاتل نے دانستہ ... کے جوش میں یہ حرکت کی! مگر ادھر تو ... قاتل سولی پر چڑھا ... ادھر ... بنارس میں نانک چند کی شادی رچائی جا ...

(۵)

لالہ نانک چند کی شادی ایک رئیس کے خاندان میں ہوئی۔ اور تب رفتہ رفتہ وہی پرانے ہمنشیں آنے شروع ہوئے۔ پھر وہی مجلسیں آراستہ ہوئیں۔ پھر شعر شعر و شاعری کے دور چلنے لگے۔ اعتدال کا کمزور احاطہ نفسانی راہزنوں کو نہ روک سکا۔ ہاں اب ان رنڈیوں میں پردہ داری برتی جاتی ہے۔ اور عاشقی متانت ... تاہم کبھی ... ہے۔ سال بھر اسی بہار میں گذرا۔ نویلی بہو گھر میں کڑھ کڑھ کر مر گئی۔ تپ دق نے اس کا دم تمام کر دیا۔ تب دوسری شادی ہوئی۔ مگر ان مسمات میں نانک چند نے حسن پرست آنکھوں کے لئے کوئی کشش نہ تھی۔ ان کا بھی وہی حشر ہوا کبھی بے روئے لقمہ منہ میں نہیں دیا۔ تین سال میں چل بسیں۔ تب تیسری شادی ہوئی۔ ... حسین تھی۔ سلیقہ کے زیور سے آراستہ۔ اس نے نانک چند کے دل ...

بچہ بھی پیدا ہوا۔ اور نانک چند خاندانی مسرتوں سے مانوس ہونے لگا۔ علائق دنیا کی دلفریبیاں اپنی طرف کھینچنے لگیں۔ مگر پلیگ کے ایک ہی حملے نے سارے منصوبے خاک میں ملا دیئے۔ وفاشعار بیوی مری۔ تین برس کا پیارا لڑکا ہاتھ سے گیا۔ اور دل پہ ایسا داغ چھوڑ گیا جس کا کوئی مرہم نہ تھا۔ بے اعتدالیاں بھی رخصت ہوئیں۔ عیش پرستوں کا بھی خاتمہ ہوا۔ دل پہ رنج و ملال کا غلبہ ہوگیا۔ اور طبیعت دنیا سے بیزار ہوگئی۔

(۶)

حادثات زندگی میں اکثر بڑے اہم اخلاقی پہلو پوشیدہ ہوا کرتے ہیں۔ ان صدمات نے نانک چند کے دل میں مرے ہوئے انسان کو بیدار کر دیا۔ جب وہ حسرت یاس کی جگر خراش تنہائی میں پڑا ہوا ان واقعات کو یاد کرتا تو اس کے دل پہ رقت طاری ہوتی۔ اور ایسا معلوم ہوتا کہ ایشور نے مجھے میرے گناہوں کی سزا دی ہے۔ رفتہ رفتہ یہ خیال اس کے دل میں مضبوط ہوگیا۔ اُف میں نے اس معصوم عورت پر کیا ظلم کیا! کیسی بے رحمی تھی۔ یہ اسی کا خمیازہ ہے۔ یہ سوچتے سوچتے للتا کی معصوم تصویر اس کی آنکھوں کے سامنے کھڑی ہو جاتی۔ اور پیارے مکھڑے والی کملا۔ اپنے مرے ہوئے سوتیلے بھائی کے ساتھ اس کی طرف پیار سے دوڑتی ہوئی دکھائی دیتی۔ اس مدت دراز میں نانک چند کو للتا کی یاد تو بارہا آتی تھی۔ مگر عیش و تنعم کے مزوں اور جام و سبو کی متلون کیفیتوں نے کبھی اس خیال کو جمنے نہ دیا۔ ایک دھندلا سا خواب دکھائی دیا۔ اور پریشان ہوگیا۔ معلوم نہیں۔ دونوں مرگئیں یا زندہ ہیں افسوس! ایسی بیکسی کی حالت میں چھوڑ کر میں نے ان کی سدھ تک نہ لی۔ اس۔

نیک نامی پر لعنت ہے۔ جس کے لئے ایسی بے رحمیوں کی قیمت دینی پڑی۔ یہ خیال آخر اس کے دل پر ایسا مسلط ہوا کہ ایک روز وہ کلکتہ کو روانہ ہو گیا۔

صبح کا وقت تھا۔ وہ کلکتہ پہنچا۔ اور اپنے اسی پرانے آشیانہ کو چلا۔ سارا شہر کچھ سے کچھ ہو گیا تھا۔ بہت تلاش کے بعد اُسے اپنا پرانا گھر نظر آیا۔ اس کے دل میں زور سے دھڑکن ہونے لگی۔ اور جذبات میں ہیجان پیدا ہو گیا۔ اس نے ایک پڑوسی سے پوچھا اس مکان میں کون رہتا ہے؟ بوڑھا بنگالی تھا بولا "ہم یہ نہیں کہہ سکتا کہ کون ہے کون نہیں ہے۔ اتنا بڑا ملک میں کون کس کو جانتا ہے۔ ہاں ایک لڑکی اور اس کا بوڑھا ماں دو عورت رہتا ہے۔ بیوہ لوگ ہے کپڑے کی سلائی کرتا ہے۔ جب سے اس کا آدمی مر گیا تب سے یہی کام کر کے اپنا پیٹ پالتا ہے۔"

اتنے میں دروازہ کھلا۔ اور ایک تیرہ چودہ سال کی خوبصورت لڑکی کتاب لئے ہوئے باہر نکلی۔ نانک چند پہچان گیا کہ یہ کملا ہے۔ اس کی آنکھوں میں آنسو اُمڈ آئے۔ بے اختیار جی چاہا کہ اس لڑکی کو سینے سے چمٹا لے۔ کبیر کی دولت مل گئی۔ آواز کو سنبھال کر بولا "بیٹی جا کر اپنی ماں سے کہہ دو کہ بنارس سے ایک آدمی آیا ہے۔" لڑکی اندر چلی گئی اور تھوڑی دیر میں للتا دروازہ پر آئی۔ اس کے چہرہ پر گھونگٹ تھا اور گو حسن کی تازگی نہ تھی مگر اس کی دلفریبیاں قائم تھیں۔ نانک چند نے اسے دیکھا اور ایک ٹھنڈی سانس لی۔ عصمت اور صبر اور مایوسی کی زندہ مورت سامنے کھڑی تھی۔ اس نے بہت اصرار کیا۔ مگر ضبط نہ ہو سکا بے اختیار رونے لگا۔ للتا نے گھونگھٹ کی آڑ سے اسے دیکھا اور دریائے حیرت میں غرق ہو گئی۔ وہ تصویر جو لوحِ خیال پر منقش تھی۔ اور جو زندگی کی چند روزہ بہار کی یاد دلاتی رہتی تھی۔ جو خوابوں میں سامنے آ آ کر کبھی

کے نغمے سنائی تھی۔ اور رنج کے تیر چبھاتی تھی۔ اس وقت زندہ متحرک سامنے کھڑی تھی
للتا پر ایک نیم بے خبری کی کیفیت طاری ہوگئی۔ کچھ وہی حالت جو انسان کو خواب میں
ہوتی ہے وہ ایک بے تابانہ جوش کے ساتھ نانک چند کی طرف بڑھی۔ اور روئی
ہوئی بولی "مجھے بھی اپنے ساتھ لے چلو مجھے اکیلے کس پر چھوڑ دیا ہے۔ مجھ سے اب
یہاں نہیں رہا جاتا" للتا کو اس بات کا ذرا بھی علم نہ تھا کہ وہ اس شخص کے سامنے
کھڑی ہے جو مدت ہوئی لقمۂ اجل ہو چکا۔ ورنہ شاید وہ چیخ کر بھاگتی۔ اس پر ایک
خواب کی حالت طاری تھی۔ مگر جب نانک چند نے اسے سینے سے لگا کر کہا "
للتا اب تم کو اکیلے نہ رہنا پڑے گا۔ تمہیں ان آنکھوں کی پتلی بنا کر رکھوں گا۔
میں اسی لئے تمہارے پاس آیا ہوں۔ میں اب تک نرک
میں تھا۔ اب تمہارے ساتھ سورگ کا سکھ بھوگوں گا۔ تو
للتا چونکی اور الگ ہٹ کر بولی " آنکھوں کو تو
یقین آگیا۔ مگر دل کو نہیں آتا۔ ایشور کرے
یہ خواب نہ ہو "

علیحدگی

(۱)

بھولا مہتو نے پہلی عورت کے مرجانے کے بعد دوسری سگائی کی تو اس کے لڑکے رگھو کے لئے مصیبت کے دن آ گئے۔ رگھو کی عمر اس وقت کل دس سال کی تھی۔ مزے سے گاؤں میں گلی ڈنڈا کھیلتا پھرتا تھا۔ نئی ماں کے آتے ہی چکی میں جتنا پڑا۔ پنا حسین عورت تھی اور حسن کے ساتھ غرور ہوتا ہے۔ وہ اپنے ہاتھ سے کوئی موٹا کام نہ کرتی۔ گوبر رگھو نکالتا تھا۔ بیلوں کو سانی رگھو دیتا۔ رگھو ہی گھر کے چھوٹے برتن مانجتا۔ بھولا کی آنکھیں کچھ ایسی پھر گئیں کہ اسے اب رگھو میں برائیاں ہی نظر آئیں۔ پنا کی باتوں کو وہ رواجِ قدیم کے مطابق آنکھیں بند کرکے مان لیتا تھا۔ رگھو کی شکایتوں کی مطلق پروا نہ کرتا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ رگھو نے شکایت کرنی چھوڑ دی۔ کس کے سامنے روئے؟ باپ ہی نہیں۔ سارا گاؤں اس کا دشمن تھا۔ بڑا ضدی لڑکا ہے۔ پنا کو تو کچھ سمجھتا ہی نہیں۔ بیچاری اس کا دلار کرتی ہے۔ کھلاتی پلاتی ہے۔ یہ اسی کا نتیجہ ہے۔ دوسری عورت ہوتی تو نباہ نہ ہوتا۔ وہ تو کہو پنا اتنی سیدھی ہے کہ نباہ ہو جاتا ہے۔ زبردست کی شکایتیں سب سنتے ہیں۔ کمزور کی فریاد کوئی نہیں سنتا۔ رگھو کے دل میں ماں

کی جانب سے روز بروز مغائرت بڑھتی جاتی تھی۔ یہاں تک کہ آٹھ سال گذر گئے
اور ایک دن بھولا کے نام موت کا پیغام آ پہنچا۔

پنا کے چار بچے تھے۔ تین لڑکے اور ایک لڑکی۔ اتنا بڑا خرچ اور کمانے والا کوئی نہیں۔ رگھو اب کیوں بات پوچھنے لگا۔ یہ بات مانی ہوئی تھی۔ اپنی بیوی لائے گا اور الگ رہے گا۔ بیوی آکر اور بھی لگا۔ ئے گی۔ پنا کو چاروں طرف اندھیرا نظر آتا تھا۔ مگر کچھ بھی ہو وہ رگھو کی دست نگر بن کر گھر میں نہ رہے گی۔ جس گھر میں اس نے راج کیا اس میں اب لونڈی نہ بنے گی۔ جس لونڈے کو اپنا غلام سمجھا اس کا منہ نہ تاکے گی۔ وہ حسین تھی۔ ابھی اس کی عمر بھی کچھ زیادہ نہ تھی۔ اس کا حسن ابھی پوری بہار تھا۔ وہ کوئی دوسرا گھر کرے گی۔ یہی ہوگا نا لوگ ہنسیں گے۔ ہنسنے دو۔ اس کی برادری میں کیا ایسا ہوتا نہیں۔ باہمن ٹھاکر تھوڑے ہی ہیں کہ ناک کٹ جائے گی۔ گھر میں چاہے جو کچھ کروں۔ باہر پردہ ڈھکا رہے یہاں تو سنسار کو دکھا کر دوسرا گھر کر سکتی ہوں۔ رگھو کی دبیل بن کر کیوں رہوں۔

بھولا کو مرے ایک مہینہ گزر گیا تھا۔ شام ہو گئی۔ پنا اسی تشویش میں پڑی ہوئی تھی کہ یکایک اسے خیال آیا لڑکے گھر میں نہیں ہیں۔ بیلوں کے آنے کا وقت ہے۔ کہیں راستے میں نہ پڑ جائیں۔ اب دروازہ پر کون ہے جو ان کی نگرانی کرے گا۔ رگھو تو یہی چاہے گا کہ نہ بچتے ہوں تو کچل جائیں۔ میرے لڑکے تو اسے پھوٹی آنکھوں نہیں بھاتے۔ کبھی ہنس کر نہیں بولتا۔ گھر سے باہر نکلی تو دیکھا۔ رگھو سامنے جھونپڑے میں بیٹھا اوکھ کی گنڈیریاں بنا رہا ہے۔ تینوں

لڑکے اس کے سامنے کھڑے ہیں اور چھوٹی لڑکی اس کی گردن میں ہاتھ ڈالے اس کی پیٹھ پر سوار ہونے کی کوشش کر رہی ہے۔ ماں کو آنکھوں پر اعتبار نہ آیا۔ آج تو یہ نئی بات ہے۔ شائد دنیا کو دکھاتا ہے کہ میں اپنے بھائیوں کو کتنا چاہتا ہوں۔ اور من میں چھری رکھی ہوئی ہے۔ گھات ملے تو وہاں ہی لے لے کالا سانپ ہے کالا صاحب۔ تند لہجہ میں بولی۔ تم سب کے سب وہاں کیا کرتے ہو۔ گھر میں آؤ۔ سانجھ کی بیرا ہے۔ گورو آتے ہوں گے۔

رگھو نے التجا کی۔ نظروں سے دیکھ کر کہا۔ میں تو ہوں ہی کاکی۔ ڈر کس بات کا ہے۔

بڑا لڑکا کیدار بولا۔ کاکی، رگھو دادا نے آج ہمارے لئے دو گاڑیاں بنا دی ہیں یہ دیکھ۔ ایک پر ہم اور کھنو بیٹھیں گے۔ دوسری پر لچھمن اور جھنیا دادا دونوں گاڑیاں کھینچیں گے۔

یہ کہہ کر وہ ایک کونے سے دو چھوٹی چھوٹی گاڑیاں نکال لایا۔ چار چار پہیے لگے ہوئے تھے بیٹھنے کے لئے تختے تھے اور روک کے لئے دونوں طرف بازو لگے ہوئے تھے۔

پنّا نے تعجب سے پوچھا "گاڑیاں کس نے بنائیں؟

کیدار نے کچھ چڑھ کر کہا۔ رگھو دادا نے بنائی ہیں۔ اور کس نے۔ بھگت کے گھر سے بسولا اور رکھانی مانگ لائے۔ اور چٹ پٹ بنا دیں۔ کھوب دوڑتی ہے کاکی۔ بیٹھ کھنو میں کھینچو۔

کھنو گاڑی میں بیٹھ گیا۔ کیدار کھینچنے لگا۔ چر چر کا شور ہوا۔ گویا گاڑی بھی

کھیل میں لڑکوں کے ساتھ شریک ہے۔ چھمن نے دوسری گاڑی میں بیٹھ کر کہا

دادا، کھینچو۔

رگھو نے چھنیا کو بھی گاڑی میں بٹھا دیا۔ اور گاڑی کھینچتا ہوا دوڑا۔ تینوں لڑکے تالیاں بجانے لگے۔ پنا تعجب آمیز نظروں سے یہ نظارہ دیکھ رہی تھی اور سوچ رہی تھی یہ وہی رگھو ہے یا کوئی اور۔

تھوڑی دیر کے بعد دونوں گاڑیاں لوٹیں۔ لڑکے گھر میں جا کر ہوائی سیر کے تجربات بیان کرنے لگے کتنے خوش تھے سب! گویا ہوائی جہاز پر بیٹھ آئے ہوں۔

کھنو نے کہا۔ کاکی سب پیڑ دوڑ رہے تھے۔

چھمن۔ اور بچھیاں کیسی بھاگیں۔ سب کی سب دوڑیں۔

کیدار۔ کاکی، رگھو دادا دونوں گاڑیاں ایک ساتھ کھینچ لیجاتے ہیں۔

چھنیا سب سے چھوٹی تھی۔ اس کی قوتِ اظہار حرکات اور نگاہوں تک محدود تھی۔ تالیاں بجا بجا کر ناچ رہی تھی۔

کھنو۔ اب ہمارے گھر گائے بھی آجائے گی کاکی۔ رگھو دادا نے گردھاری سے کہا ہے کہ ہمیں ایک گائے لادو۔ گردھاری بولا کل لاؤں گا۔

کیدار۔ تین سیر دودھ دیتی ہے کاکی۔ کھوب دودھ پئیں گے۔

اتنے میں رگھو بھی اندر آگیا۔ پنا نے سرزنش کی نگاہ سے دیکھ کر پوچھا۔ کیوں رگھو۔ تم نے گردھاری سے کوئی گائے مانگی ہے؟

رگھو نے عذر خواہانہ انداز سے کہا۔ ہاں مانگی تو ہے۔ کل لا دے گا۔

پنا۔ روپے کس کے گھر سے آویں گے۔ یہ بھی سوچا ہے؟

رگھو۔ سب سوچ لیا ہے کاکی۔ میرے یہ موہر نہیں ہے۔ اس کے پچیس روپئے مل رہے ہیں۔ پانچ روپئے بھیا کے مجرا دے دوں گا۔ بس گائے اپنی ہو جائے گی۔

پنّا سناٹے میں آ گئی۔ اب اس کا منکر دل بھی رگھو کی شرافت اور محبت کو نہ جھٹلا سکا۔ موہر کیوں بیچے دیتے ہو۔ گائے کی ابھی کون جلدی ہے۔ ہاتھ میں پیسے ہو جائیں تو لے لینا۔ سونا سونا گلا اچھا نہ لگے گا۔ اتنے دنوں گائے نہیں رہی تو کیا لڑکے نہیں رہے۔

رگھو ناصحانہ انداز سے بولا۔ بچوں کے کھانے پینے کے یہی دن ہیں کاکی۔ اس عمر میں نہ کھایا تو پھر کیا کھائیں گے۔ موہر پہننا مجھے اب اچھا بھی نہیں لگتا لوگ سمجھتے ہوں گے باپ مر گیا ہے اور اسے موہر پہننے کی سوجھی ہے۔

بھولا۔ مہتو گائے کی فکر ہی میں چل بسے۔ نہ روپئے آئے۔ نہ گائے ملی۔ مجبور تھے۔ رگھو نے وہ مشکل کتنی آسانی سے حل کر دی۔ آج زندگی میں پہلی بار پنّا کو رگھو پر اعتبار آیا۔ اس کے لئے نادرانہ الفت کے دروازے بند تھے۔ آج وہ پہلی بار کھلے منہ بولی۔ جب گہنا ہی بیچنا ہے تو اپنی موہر کیوں بیچتے میری ہنسلی لے لینا۔

رگھو۔ نہیں کاکی، وہ تمہارے گلے میں بہت اچھی لگتی ہے۔ مردوں کو کیا موہر پہنیں یا نہ پہنیں۔

پنّا۔ چل میں بوڑھی ہوئی۔ مجھے اب ہنسلی پہن کر کیا کرنا ہے۔ تو ابھی لڑکا ہے۔ تیرا سونا گلا اچھا نہ لگے گا۔

رگھو مسکرا کر بولا۔ تم ابھی سے کیسے بوڑھی ہو گئیں۔ گاؤں میں کون تمہارے

تمہارے برابر ہے ؟

رگھو کی اس سادہ لوحانہ تنقید نے پنّا کو شرمندہ کر دیا۔ اس کے روکھے مرجھائے چہرہ پر تازگی دوڑ گئی۔

(۲)

پانچ سال گذر گئے۔ رگھو کا سا جفاکش، ایماندار، بات کا دھنی، دوسرا کسان گانوئں میں نہ تھا۔ پنّا کی مرضی کے بغیر وہ کوئی کام نہ کرتا۔ اس کی عمر اب ۲۳ سال کی ہو گئی تھی۔ پنا بار بار کہتی بھیّا بہو کو بدا کرا لاؤ کب تک وہ نیہر میں پڑی رہے گی۔ سب لوگ مجھی کو بدنام کرتے ہیں۔ کہ یہی بہو کو نہیں لانے دیتی مگر رگھو ٹال دیتا۔ کہتا ابھی جلدی کیا ہے۔ اسے اپنی بیوی کے رنگ ڈھنگ کی کچھ خبر ہو گئی تھی۔ ایسی عورت کو گھر میں لا کر وہ دردِ سر نہ مول لینا چاہتا تھا۔

آخر ایک دن پنا نے بضد ہو کر کہا۔ تو تم نہ جاؤ گے ؟

کہدیا ابھی کوئی جلدی نہیں ہے۔

تمہارے لئے جلدی نہ ہوگی۔ میرے لئے تو جلدی ہے۔ میں آج کو می بھیجتی ہوں۔

پچھتاؤ گی کاکی، اس کا مجاج اچھا نہیں ہے۔

تمہاری بلا سے جب میں اس سے بولوں گی ہی نہیں تو کیا ہوا سے لڑے گی۔ روٹیاں تو بنا دے گی۔ مجھ سے اب بھیتر باہر کا سارا کام نہیں ہوگا۔ میں آج بلائے لیتی ہوں۔

بلانا چاہتی ہو بلالو، مگر پھر یہ نہ کہنا کہ یہ مہریا کو ٹھیک نہیں کرتا۔ اس کا گلام

ہو گیا ہے۔

نہ کھوں گی۔ جاکر دو ساڑیاں اور مٹھائی لیتا آ۔

تیسرے دن ملیا میکے سے آ گئی دروازہ پر نقارہ بجا۔ شہنائیوں خوشں آئند صدا بلند ہوئی۔ منہ دکھاوے کی رسم ادا ہوئی۔ بہو کو دیکھ کر سب دنگ رہ گئیں۔ وہ اس خارزار میں گل صد برگ تھی۔ گیہوں رنگ تھا۔ غنچہ کا دہن بیضاوی چہرہ۔ ٹھڈی کھنچی ہوئی۔ رخساروں پر دلا ویز سرخی۔ بڑی بڑی نکیلی پلکیں۔ آنکھوں میں ایک عجیب التجا۔ ایک دلکش معصومیت۔ رگھو اُسے دیکھتے ہی اپنی ساری خودداریاں بھول گیا۔ صبح کے وقت مُلیا کنوئیں سے پانی کا گھڑا لے کر چلتی تو اس کا گندمی رنگ طلوع کی سنہری کرنوں سے کندن ہو جاتا گویا بسنت اپنی ساری خوشبو اور شگفتگی اور مستانہ پن لئے مسکراتی چلی جاتی ہو۔

(۳)

مُلیا میکے ہی سے شمشیر بہ ہنہ آئی تھی۔ میرا شوہر چھاتی پھاڑ کر کام کرے، وہ پنار انی بنی بیٹھی رہیں۔ ان کے لڑکے رئیس زادے بنے گھومیں۔ مُلیا سے یہ برداشت نہ ہوگا۔ وہ کسی کی گلامی نہ کرے گی۔ اپنے لڑکے تو اپنے ہوتے نہیں۔ بھائی کس کے ہوتے ہیں۔ جب تک پر نہیں کھلے ہیں رگھو کو گھیرے ہوئے ہیں جونہی ذرا سیانے ہوئے پر جھاڑ کر نکل جائیں گے۔ بات بھی نہ پوچھیں گے۔

ایک دن اس نے رگھو سے کہا تمہیں اس طرح گلامی کرنی ہو تو کرو۔ مجھ سے تو نہ ہوگا۔

رگھو۔ تو پھر کیا کروں۔ تو ہی بتا۔ لڑکے ابھی گھر کا کام کرنے کے لائق بھی تو نہیں ہیں۔

ملیا۔ لڑکے راوت کے ہیں۔ کچھ تمہارے نہیں ہیں۔ یہی پنّا ہیں جو تمہیں دانہ دانہ کو ترساتی تھیں۔ سب سن چکی ہوں۔ مَیں لونڈی بن کر نہ رہوں گی۔ روپے پیسے کا مجھے کچھ حساب نہیں ملتا۔ نہ جانے تم کیا لاتے ہو اور وہ کیسا کرتی ہیں۔ ڈھائی سو کا گڑ بکا۔ روپے کہاں گئے۔ مجھے دیکھنے کو بھی نہ ملے۔ تم سمجھتے ہو۔ روپے گھر ہی میں تو ہیں، مگر دیکھ لینا جو تمہیں ایک پھوٹی کوڑی بھی ملے۔

رگھو۔ تو گھر کی مالکن بن جائے گی، تو دنیا کیا کہے گی یہ تو سوچ۔

ملیا۔ دُنیا جو چاہے کہے۔ دنیا کے ہاتھوں بکی نہیں ہوں۔ دیکھ لینا بھاڑ لیپ کر ہاتھ کالا ہی رہے گا، پھر تم اپنی ماں اور بھائی بہنوں کے لئے مرد میں کیوں مرد ں؟

رگھو نے کچھ جواب نہ دیا۔ اسے جس بات کا خوف تھا وہ سر پڑ ہی گئی اور اتنی جلد۔ اب اگر اس نے بہت تنو تھمبو کیا تو سال چھ مہینہ اور کام چلے گا۔ بس ڈونگا چلتا نظر نہیں آتا۔ بکرے کی ماں کب تک خیر منائے گی۔

ایک دن پنّا نے مہوے کا سکھاون ڈالا۔ برسات شروع ہو گئی تھی، بکھار میں اناج گیلا ہو رہا تھا۔ ملیا سے بولی۔ بہو ذرا دیکھتی رہنا۔ میں تب تک تالاب سے نہاتی آؤں۔

ملیا نے لاپروائی سے کہا۔ مجھے نیند آ رہی ہے۔ تم بیٹھ کر دیکھو۔ ایک دن نہ نہاؤ گی تو کیا ہو گا۔

پنّا نے ساری اُٹھا کر رکھدی۔ نہا نے نہ گئی۔ ملیا کا وار خالی گیا۔

کئی دن کے بعد ایک شام کو پنّا دھان روپ کر لوٹی تو اندھیرا ہو گیا تھا۔ دن بھر کی بھوکی تھی۔ اُمید تھی کہ جاتے جاتے بہو کھانا دیدے گی۔ مگر یہاں دیکھا تو چولہا ٹھنڈا پڑا ہوا تھا۔ اور بچے مارے بھوک کے تڑپ رہے تھے۔ ملیا نے تعجب سے پوچھا۔ کیا آج ابھی چولہا نہیں جلا؟

کیدار نے کہا آج تو دوپہر کو بھی چولہا نہیں جلا کاکی۔ بھابی نے کچھ بنایا ہی نہیں۔

پنّا۔ تو تم لوگوں نے کھایا کیا؟

کیدار۔ کچھ نہیں۔ رات کی روٹیاں تھیں۔ کھنّو اور لچھمن نے کھائیں۔ میں نے ستو کھایا۔

پنّا۔ اور بہو؟

کیدار۔ وہ تو پڑی سو رہی ہیں۔ کچھ نہیں کھایا۔

پنّا نے اسی وقت چولہا جلایا۔ اور کھانا پکانے بیٹھ گئی۔ آٹا گوندھتی تھی۔ اور روتی تھی۔ کیا نصیب ہے۔ ! دن بھر کھیت میں جلی۔ گھر آئی تو چولہے کے سامنے جلنا پڑا۔

کیدار کا چودھواں سال تھا۔ بھابی کے رنگ ڈھنگ دیکھ کر ساری کیفیت سمجھ رہا تھا۔ بولا۔ کاکی، بھابی اب ہمارے ساتھ نہیں رہنا چاہتیں۔

پنّا نے چونک کر پوچھا کیا کچھ کہتی تھی۔

کیدار۔ کہتی کچھ نہیں تھی۔ مگر ان کے من میں ہے یہی بات۔ پھر تم کیوں نہیں

اسے چھوڑ دیتیں۔ جیسے چاہے رہے۔ ہمارا بھی بھگوان ہے۔

پنّا نے دانتوں سے زبان دبا کر کہا چپ۔ میرے سامنے ایسی بات کبھی بھول کر بھی نہ کرنا۔ رگھو تمہارا بھائی نہیں تمہارا باپ ہے۔ ملیا سے کبھی بولے تو سمجھ لینا جہر کھا لوں گی۔

(۴)

دسہرہ کا تہوار آیا۔ اس گاؤں سے کوس بھر پر ایک پر دسے میں میلہ لگتا تھا۔ گاؤں کے سب لڑکے میلہ دیکھنے چلے۔ پنا بھی لڑکوں کے ساتھ چلنے کو تیار ہوئی، مگر پیسے کہاں سے آئیں کنجی تو کنجی تو ملیا کے پاس تھی۔

رگھو نے آکر ملیا سے کہا لڑکے میلے جا رہے ہیں۔ دو دو آنے پیسے سبھوں کو دیدے۔

ملیا نے تیوریاں چڑھا کر کہا پیسے گھر میں نہیں ہیں۔

رگھو۔ روپے تو ابھی تیلہن بیچ کر لایا تھا۔ کیا اتنی جلدی اُٹھ گئے؟

ملیا۔ ہاں اُٹھ گئے۔

رگھو۔ کہاں اُٹھ گئے جرا سنوں۔ آج تیوہار کے دن لڑکے میلہ دیکھنے نہ جائیں گے۔

ملیا۔ اپنی کاکی سے کہو پیسے نکالیں۔ گاڑ کر کیا کریں گی۔

کھونٹی پر کنجی لٹک رہی تھی۔ رگھو نے کنجی اتاری۔ اور چاہا کہ صندوق کھولے کہ ملیا نے اس کا ہاتھ پکڑ لیا اور بولی۔ کنجی مجھے دیدو۔ نہیں تو ٹھیک نہ ہوگا۔ میں ایک پیسہ نہ دوں گی۔ کھانے پہننے کو بھی چاہیئے۔ کاگذ کتاب کو بھی چاہیئے۔ بھیّں پھانے ٹوکو بھی چا[illegible] اس پر سے میلہ دیکھنے کو بھی چاہیئے۔ ہماری کمائی

اسی لیے نہیں ہے کہ دوسرے کھائیں اور مونچھوں پر تاؤ دیں۔

پنا نے رگھو سے کہا بھیّا۔ لڑکے میلہ دیکھنے نہ جائیں گے۔ پیسے کہاں ہوں گے۔

رگھو نے غضب ناک ہوکر کہا میلہ دیکھنے کیوں نہ جائیں گے۔ سارا گاؤں جا رہا ہے۔ ہمارے ہی لڑکے نہ جائیں گے۔

رگھو نے یہ کہہ کر اپنا ہاتھ چھڑا لیا۔ اور لڑکوں کو پیسے نکال کر دیدیئے۔ مگر جب کنجی ملیا کو دینے لگا تو اس نے اسے آنگن میں پھینک دیا اور منہ لپیٹ کر لیٹ رہی۔ لڑکے میلہ دیکھنے نہ گئے۔

اس کے بعد دو دن گزر گئے۔ ملیا نے کچھ نہیں کھایا۔ پنا بھی بھوکی رہی رگھو کبھی اسے مناتا کبھی اسے پر نہ یہ اٹھتی نہ وہ۔ آخر رگھو نے حیران ہوکر ملیا سے پوچھا کچھ منہ سے تو کہہ۔ تو چاہتی کیا ہے۔

ملیا نے زمین کو مخاطب کر کے کہا میں کچھ نہیں چاہتی۔ مجھے میرے گھر پہنچا دو۔

رگھو۔ اچھا اٹھو۔ بنا کھا پہنچا دوں گا۔

ملیا نے رگھو کی طرف دیکھا۔ رگھو اس کی صورت دیکھ کر ڈر گیا۔ وہ ملاحت وہ شوخی۔ وہ دلاویزی۔ غائب ہوگئی تھی۔ دانت نکل آئے تھے۔ آنکھیں پھٹ گئی تھیں۔ اور نتھنے بھڑک رہے تھے۔ انگارے کی سی لال آنکھوں سے دیکھ کر بولی "اچھا تو کاکی نے یہ صلاح دی ہے۔ یہ منتر پڑھایا ہے تو یہاں ایسی کچی نہیں ہوں۔ تم دونوں کی چھاتی پر مونگ دلوں گی۔ ہو کس پھیر میں"۔

رگھو۔ اچھا مونگ ہی دل لینا۔ کچھ کھا پی لو گی تبھی تو مونگ دل سکے گی۔

ملیا۔ اب تو جبھی منہ میں پانی ڈالوں گی جب گھر جب الگ ہو جائیگا۔ بہت جھیل چکی۔ اب نہیں جھیلا جاتا۔

رگھو سکتے میں آ گیا۔ ایک منٹ تک تو اس کے منہ سے آواز ہی نہ نکلی۔ علیحدگی کا اسے کبھی خواب میں بھی خیال نہ آیا تھا۔ اس نے گاؤں میں دو چار خاندانوں کو الگ ہوتے دیکھا تھا۔ وہ خوب جانتا تھا۔ روٹی کے ساتھ لوگوں کے دل بھی الگ ہو جاتے ہیں۔ اپنے ہمیشہ کے لئے غیر ہو جاتے ہیں۔ پھر ان میں وہی ناتا رہ جاتا ہے جو گاؤں کے اور آدمیوں میں۔ رگھو نے دل میں ٹھان لیا۔ تھا کہ اس بلا کو اپنے گھر میں قدم نہ رکھنے دوں گا۔ مگر ہونہار کے سامنے اس کی ایک نہ چلی، آہ! میرے منہ کالکھ لگے گی۔ دنیا یہی کہے گی کہ باپ کے مرجانے پر دس سال بھی ایک میں نباہ نہ ہو سکا۔ اور پھر کس سے الگ ہو جاؤں؟ جن کو گود میں کھلایا۔ جن کو بچوں کی طرح پالا۔ جن کے لئے طرح طرح کی تکلیفیں اٹھائیں۔ انہیں سے الگ ہو جاؤں۔ اپنے پیاروں کو گھر سے نکال باہر کروں! اس کی آنکھیں آبگوں ہو گئیں۔ آخر اس نے مشتعل انداز سے کہا تو کیا چاہتی ہے کہ میں اپنے بھائیوں سے الگ ہو جاؤں! بھلا سوچ تو! دنیا کیا کہے گی۔

ملیا۔ تو تو دنیا کو لے کر رہو۔ میرا سب کے ساتھ نباہ نہ ہوگا۔

رگھو۔ تو تو الگ ہو جا مجھے کیوں اپنے ساتھ گھسیٹتی ہے۔

ملیا۔ تو مجھے کیا تمہارے گھر میں مٹھائی ملتی ہے۔ میرے لئے کیا سنسار میں جگہ نہیں ہے؟

رگھو۔ تیری جیسی مرضی۔ جہاں چاہے رہ۔ میں اپنے گھر والوں سے الگ نہیں

ہو سکتا جس دن اس گھر میں دو چولہے چلیں گے۔ اُس دن میرے کلیجے کے دو ٹکڑے ہو جائیں گے۔ میں یہ چوٹ نہیں سہہ سکتا۔ تجھے جو تکلیف ہو میں دور کر سکتا ہوں۔ مال اسباب کی مالکن تو ہے ہی۔ اناج پانی بھی تیرے ہی ہاتھ میں ہے۔ اب رہ کیا گیا ہے۔ اگر تو کچھ کام دھندا نہیں کرنا چاہتی مت کر۔ بھگوان نے مجھے سمائی دی ہوتی تو میں تجھے تنکا تک نہ اٹھانے دیتا۔ تیرے یہ سکمار ہاتھ پاؤں محنت مزدوری کرنے کے لئے بنائے ہی نہیں گئے ہیں مگر کیا کروں اپنا کچھ بس نہیں ہے۔ پھر بھی تیرا جی نہ چاہے کوئی کام مت کر۔ مگر مجھ سے الگ ہونے کو نہ کہہ۔ تیرے پیروں پڑتا ہوں۔

مُلیا نے آنچل سر سے کھسکایا اور ذرا قریب آکر بولی۔ میں کام کرنے سے نہیں ڈرتی۔ نہ بیٹھے بیٹھے کھانا چاہتی ہوں۔ مگر مجھ سے کسی کی دھونس نہیں سہی جاتی۔ تمہاری کاکی گھر کا کام دھندا کرتی ہیں تو اپنے لئے کرتی ہیں۔ اپنے بال بچوں کے لئے کرتی ہیں۔ مجھ پر کوئی احسان نہیں کرتی۔ پھر مجھ پر دھونس کیوں جماتی ہیں۔ انہیں اپنے بچے پیارے ہوں گے۔ مجھے تو تم ہی ہو۔ میں اپنی آنکھوں سے یہ نہیں دیکھ سکتی کہ سارا گھر تو چین کرے۔ جرا جرا سے بچے تو دودھ پئیں اور جس کے بل بوتے پر گرہستی تھمی ہوئی ہے وہ مٹھے کو ترسے کوئی اس کا پوچھنے والا نہ ہو۔ جرا اپنا منہ تو دیکھو کیسی صورت نکل آئی ہے۔ جو رات دن کام کرے گا اور کھانے کو وہی روکھی روٹیاں پائے گا۔ اس کا کیا حال ہوگا اوروں کے تو چار برس میں اپنے پٹھے تیار ہو جائیں گے۔ تم تو دس سال میں کھاٹ پکڑ لوگے۔ یہ سب مجھ سے نہیں دیکھا جاتا۔ بیٹھ جاؤ کھڑے کیوں ہو۔ کیا مار کر بھاگو گے۔ یا میں تمہیں جبردستی باندھ لوں گی۔

یا مالکن کا حکم نہیں ہے۔ پیچ کہتی ہوں تم بڑے کٹھ کلیجے ہو، میں جانتی کہ ایسے نرموہئے سے پالا پڑے گا تو اس گھر میں بھول کر بھی نہ آتی۔ آتی تو من نہ لگتی، مگر اب تو تم سے من لگ گیا۔ گھر بھی جاؤں تو من یہیں رہے گا۔ اور تم ہو کہ میری بات نہیں پوچھتے۔

ملیا کی یہ رسیلی، دلجویانہ باتیں رگھو پر بے اثر ثابت ہوئیں۔ وہ آنسی دکھائی سے بولا ملیا۔ یہ مجھ سے نہ ہو گا۔ الگ ہونے کا دھیان کرتے ہی میرا من نہ جانے کیسا ہو جاتا ہے۔ یہ چوٹ مجھ سے نہ سہی جائے گی۔

ملیا نے مضحکہ اڑا کر کہا تو چوڑیاں پہن کر اندر بیٹھو نہ، لاؤ میں مونچھیں لگا لوں۔ میں تو سمجھتی تھی تم میں بھی کچھ ... ہے۔ اب دیکھتی ہوں تو نرے مٹی کے لوندے ہو۔

پنا دالان میں کھڑی دونوں کی گفتگو سن ... سے نہ رہا گیا سامنے آ کر رگھو سے بولی جب وہ الگ ہونے پر تلی ہوئی ... تم کیوں اسے جبر جستی ملائے رکھنا چاہتے ہو۔ تم اسے لے کر رہو۔ ہمارے بھگوان مالک ہیں۔ جب مہتو مر گئے تھے اور کہیں روکھ کی چھاؤں نہ تھی۔ جب اس بگھت بھگوان نے پناہ دیا تو اب کیا ڈر۔ اب تو بھگوان کی دیا سے تینوں لڑکے سیانے ہو گئے ہیں، اب کوئی چنتا نہیں۔

رگھو نے آنسو بھری آنکھوں سے پنا کو دیکھ کر کہا۔ کاکی، تو بھی پگلا گئی ہے کیا جانتی نہیں دو روٹیاں ہوتے ہی دو من ہو جاتے ہیں۔

پنا۔ جب وہ مانتی ہی نہیں تو تم کیا کرو گے۔ بھگوان کی یہی مرضی ہو گی تو کوئی کیا کریگا۔

پرا بندھ میں جتنے دن ایک ساتھ رہنا لکھا تھا اتنے دن رہے اب اس کی یہی مرضی ہے۔ تو تم کیا کرو گے۔ تم نے میرے بال بچوں کے لئے جو کچھ کیا وہ میں بھول نہیں سکتی۔ تم نے اُن کے سر پر ہاتھ نہ رکھا ہوتا تو آج اُن کی نہ جانے کیا گت ہوتی۔ نہ جانے کس کے دروازے پر ٹھوکریں کھاتے کھاتے۔ نہ جانے کہاں کہاں بھیکھ مانگتے پھرتے۔ تمہارا جس مرتے دم تک گاؤں گی۔ اگر میری کھال تمہارے جوتے بناتے ہلکے کام آئے تو کھوسی سے دیدوں۔ چاہے تم سے الگ ہو جاؤں لیکن جس گھڑی تم پکارو گے کتے کی طرح دوڑی آؤں گی۔ یہ بھول کر بھی مت سوچنا کہ تم سے الگ ہو کر میں تمہارا بُرا چیتوں گی۔ جس دن تمہارا ان بھل میرے من میں آئے گا اسی دن بس کھا کر مر جاؤنگی بھگوان کرے تم دودھوں نہاؤ، پوتوں پھلو۔ مرتے دم تک یہی اسیس میرے روئیں روئیں سے نکلتی رہے گی۔ اور لڑکے بھی اگر اپنے باپ کے ہیں تو مرتے دم تک تمہارا پوس مائیں گے۔

یہ کہہ کر پنّا روتی ہوئی وہاں سے چلی گئی۔ رگھو وہیں بت کی طرح کھڑا رہا۔ آسمان کی طرف ٹکٹکی لگی ہوئی تھی اور آنکھوں سے آنسو جاری تھے۔

(۵)

پنّا کی باتیں سن کر ملیا سمجھ گئی کہ اب اپنے پو بارہ ہیں۔ گھر میں جھاڑو لگایا۔ چولہا جلایا اور کنوئیں سے پانی لانے چلی۔ اس کی ٹیک پوری ہو گئی تھی۔

گاؤں میں عورتوں کے دو فریق ہوتے ہیں۔ ایک بہوؤں کا۔ دوسرا ساسوں کا بہوئیں مشورے اور ہمدردی کے لئے اپنے فریق سے مخاطب ہوتی ہیں۔ جتنا میں اپنے فریق سے۔ دونوں کی پنچائتیں الگ ہوتی ہیں۔ جارحانہ اور مدافعانہ مسئلے دہیں

سوچتے جاتے اور سطے ہوتے ہیں۔ ملیا کو کنوئیں پر دو تین بہوئیں مل گئیں۔ ایک نے پوچھا۔ آج تو تمہاری بڑھیا بہت رو دھو رہی تھی۔

ملیا نے فاتحانہ مسرت سے کہا " اتنے دنوں سے گھر کی مالکن بنی ہوئی ہیں راج پاٹ چھوڑتے کیسے اچھا لگتا ہے۔ بہن میں اُن کا بُرا نہیں چاہتی۔ لیکن ایک آدمی کی کمائی میں کہاں تک برکت ہوگی۔ میرے بھی تو کھانے پینے، پہننے، اوڑھنے کے دن ہیں، ابھی اُن کے پیچھے مرو۔ پھر بال بچے ہو جائیں اُن کے پیچھے مرو ساری زندگی روتے ہی کٹ جائے۔

بہو۔ بڑھیاں یہی چاہتی ہیں کہ یہ سب جنم بھر لونڈی بنی رہیں۔ موٹا جھوٹا کھائیں اور پڑی رہیں۔

دوسری بہو۔ کس بھروسے پر کوئی مرے۔ اپنے لڑکے تو بات نہیں پوچھتے، پرائے لڑکوں کا کیا بھروسہ۔ کل ان کے ہاتھ پیر ہو جائیں گے۔ پھر کون پوچھتا ہے۔ اپنی اپنی مہریوں کا منہ دیکھیں گے۔ پہلے ہی پھٹکار دینا اچھا ہے۔ پھر تو کوئی کلک نہ ہوگا۔

تیسری بہو۔ بڑھیا کے رونے دھونے میں نہ آ جانا، نہیں پھر وہی جھیجھالیدٔ ہوگی۔

ملیا پانی لے کر گئی۔ ایک دوسرا چولہا نکال کر جلایا۔ روٹیاں بنائیں اور رگھو سے بولی۔ جاؤ نہا آؤ۔ روٹی تیار ہے۔

رگھو نے گویا سنا ہی نہیں۔ سر پر ہاتھ رکھے دروازہ کی طرف تاکتا رہا۔

ملیا۔ کیا کہتی ہوں کچھ سنائی دیتا ہے۔ سویرا نہیں ہے۔ بارہ بج رہے ہیں۔

رگھو۔ سُن تو رہا ہوں۔ کیا بہرا ہوں۔ روٹی تیار ہے تو جا کر کھا لے۔ مجھے بھوک نہیں ہے۔

ملیا نے دوبارہ کچھ نہ کہا۔ جا کر چولہا بجھا دیا۔ روٹیاں اُٹھا کر چھینکے پر رکھ دیں اور منہ ڈھانپ کر لیٹ رہی۔ یہ فاقے کا تیسرا دن تھا۔

ذرا دیر میں پنّا نے آ کر رگھو سے کہا۔ کھانا تو تیار ہے بھیّا، نہا دھو کر کھا لو، بہو تین دن کی بھوکی ہے۔

رگھو نے جھنجھلا کر کہا "کاکی تو گھر میں رہنے دے گی کہ منہ میں کالکھ لگا کر کہیں نکل جاؤں۔ کھانا تو کھانا ہی ہے آج نہ کھاؤں گا، کل کھاؤں گا۔ پیٹ پر بھی کوئی بس ہے۔ لیکن ابھی مجھ سے نہ کھایا جائے گا۔ کہاں ہیں لڑکے؟ کھائی نہیں دیتے انہیں تو کھلا پلا دے۔

پنّا کے لئے اب چولہا جلانا لازم ہو گیا۔ جب تک وہ کھانا بنا کر لڑکوں کو نہیں کھلائیگی۔ رگھو ہرگز نہ کھائے گا۔ اتنا ہی نہیں اُسے رگھو سے بیر مول لینا پڑے گا۔ اُسے طعنے سے چھید نا پڑے گا۔ اس کے دل میں جلی کٹی باتوں سے مغائرت کا بیج بونا پڑیگا۔ اس کے بغیر گذارے کی کوئی صورت نہیں۔ ورنہ غیرت مند رگھو یونہی فاقے کرتے کرتے ایک دن بیمار ہو جائے گا۔ اور شاید جان ہی سے چلا جائے۔ یہ سوانگ بھرتے ہوئے پنّا کو روحانی عذاب ہو رہا تھا۔ اس کے منہ سے رگھو کے لئے گالیاں کیسے نکلیں گی۔ وہ کیسے اسے کوسنے دے گی۔ کیسے اسے جلائے گی۔ بڑا مشکل معاملہ تھا۔ رگھو اُسے کتنی بے وفا، کتنی بے مروّت، کتنی بے رحم سمجھے گا، مگر اور کوئی تدبیر نہ تھی۔ یہ سوچ کر اس نے چولہا جلایا　　　کھانا بنایا۔ کیدار اور کھنو مدرسے سے آ گئے تھے۔ پنّا نے انہیں کھانے کو بلایا۔ کیدار

بولا، بھتیا نے تو ابھی کھایا ہی نہیں۔

پنّا نے آنکھیں چڑھا کر کہا "وہ اب تمہارے ساتھ نہ کھائیں گے دیکھتے نہیں ہو۔ ملیا مِنہا منھ پھلائے ہوئے ہے۔

کیدار۔ بھتیا اُسے ڈانٹتے کیوں نہیں۔

پنّا۔ ڈانٹا تو بہت مگر وہ مانتی ہی نہیں تو کیا کریں ——— ابھی تک منہ میں پانی نہیں ڈالا۔

کھنو۔ تو کیوں اماں ہم لوگ الگ گھر میں رہیں۔

پنّا۔ چپ چاپ بیٹھ کر کھا۔ بک بک مت کر،

لڑکوں نے کھانا لیا تو پنّا کھانے بیٹھی۔ لیکن لقمہ حلق کے نیچے نہ اُترتا تھا۔ لڑکوں کو کھانے کے لئے اُس نے بڑی مشکل سے دو چار لقمے پانی کے زور سے اُتارے اور اُٹھ کھڑی ہوئی۔ آج کئی برسوں کے بعد ایسا ہوا کہ اُس نے رگھو کو کھلائے بغیر خود کھایا، چاہے کھانے کا بہانہ ہی نہ کیا ہو۔ پھر باہر آکر رگھو سے بولی۔ تم جا کر کھاتے کیوں نہیں۔ کیا ہمارے اوپر جان دوگے ؟

رگھو نے خطاوار نظروں سے دیکھ کر کہا۔ لڑکے کھا چکے۔

میرے لڑکوں کو کچھ کہو گے تو کہے دیتی ہوں۔ یہاں تمہاری پرواہ نہیں ہے۔ رانی روٹھیں گی اپنا سہاگ لیں گی۔ تم روٹھو گے تو میرا کیا بگڑ جائے گا۔ اپنے پسینہ کی کمائی کھاتی ہوں، کچھ تمہارا دیا نہیں کھاتی۔

رگھو نے حیرت کی نگاہ سے دیکھا۔ پنّا اس قدر گرم کیوں ہو رہی ہے۔ اس کی سمجھ میں نہ آیا۔ بولا۔ میں نے کچھ نہیں کہا کاکی۔

پنّا۔ تو مجھ سے کیا کہے گا، کیا تیری دبیل ہوں۔ یہاں بھگوان کے دیئے چار چار لڑکے ہیں۔

لڑکے کھانا کھا کر باہر نکلے تھے۔ سامنے باغ میں ہوا کے جھونکوں سے آم گر رہے تھے۔ گاؤں کے لڑکے درختوں کے نیچے جمع تھے۔ آم گرتے ہی کئی کئی ساتھ دوڑتے تھے۔ ایک پاتا تھا، باقی شرمندہ ہو جاتے تھے۔ لو چل رہی تھی۔ بدن جھُلسا جاتا تھا۔ مگر آم کی دھن میں کسی بات کی سدھ نہ تھی۔ کیدار اور اس کے بھائی للچائی ہوئی نظروں سے یہ تماشہ دیکھ رہے تھے۔ جانے کی ہمّت نہ پڑتی تھی۔ کہیں بھیّا ڈانٹ نہ بیٹھیں یہ دھڑکا لگا ہوا تھا۔ لیکن جب پنّا اور رگھو میں جھگڑا ہونے لگا تو انھوں نے سمجھ لیا، اب علیحدگی پوری ہو گئی۔ پھر بھیّا کا کیا خوف۔

کیدار بولا، کھنّو چلو آم مار لائیں۔ خوب گر رہے ہیں۔

کھنّو۔ دادا جو بیٹھے ہیں۔

کیدار۔ دادا تو الگ ہو گئے۔ اب اُن سے کیا مطلب!

کھنو۔ نہ بھائی میں نہ جاؤں گا۔

لچھمن نے متانت سے کہا، تو اب ہم کو کوئی مارے گا تب بھی دادا نہ بولیں گے۔

کیدار۔ واہ! تب کیوں نہ بولیں گے۔

یہ کہتا ہوا کیدار چپکے سے باغ کی طرف کھسکا، اُس کی جرأت دیکھ کر کھنّو اور لچھمن کی ہمت بھی بندھی۔ وہ بھی سرک گئے۔

یکا یک رگھو کی نگاہ ان پر پڑ گئی۔ پنا کا وہ کٹار کا سا تیز وار اُسے یاد نہ رہا۔ بولا دیکھو لڑکے باغ میں جا رہے ہیں۔ لُو چل رہی ہے۔

پنا۔ اب ان کا کون پوچھتر ہے۔ باگ میں جائیں، پیڑ پر چڑھیں۔ ندی میں ڈوبیں تم سے مطلب،

پنا کی بات ختم نہ ہوئی تھی کہ رگھو نے ناریل کھمبے سے لگا کر رکھ دیا اور باغ کی طرف دوڑا۔

(٦)

رگھو لڑکوں کو لے کر باغ سے لوٹا تو مُلیا جھونپڑے میں کھڑی تھی، بولی، اب کھانے چلتے ہو کہ اب بھی نہیں، رگھو نے جھنجھلا کر کہا، کھانا کہیں بھاگا جاتا ہے۔ ایک وقت نہ کھاؤں گا تو کون مرا جاتا ہوں۔ کیا تو سمجھتی ہے آج گھر میں چھوٹی بات ہو گئی ہے۔ تو نے گھر میں چولہا نہیں جلایا۔ میرے کلیجے میں آگ لگائی ہے۔ مجھے گھمنڈ تھا اور چاہے کچھ ہو جاوے، مگر میرے گھر میں پھوٹ کا روگ نہ آنے پاوے گا۔ پر تو نے میرا گھمنڈ چور چور کر دیا اور تجھے کیوں، انجام دونوں پر الیسد ھ کی بات ہے۔

مُلیا۔ ہاں ہاں سُن تو چکی۔ جن کے نام پر تم دانہ پانی چھوڑے بیٹھے ہو۔ انہوں نے مجھے سے لڑکوں کو کھلایا، آپ کھایا اور اب چین کر رہی ہیں۔ تم اُن پر جان دیتے ہو۔ وہ بات بھی نہیں پوچھتیں۔ موریا بات نہ پوچھیں مو رسے ہا گن ناؤں۔

رگھو نے ایک ٹھنڈی آہ کھینچ کر کہا۔ گنا پر نمک نہ چھڑک ملیا۔ مجھے جب

چاپ پڑا رہنے دے، تیرے کارن ہی آج کاکی بھی مجھے گھرکیاں سنا گئی ہے۔ سب پرالبدھ کی بات ہے۔ جن چیچوں کو میں اپنا سمجھتا تھا وہ اب میری نہ رہیں گی۔ سامنے وہ ہرے ہرے پودے دیکھتی ہے۔ وہ میرے ہی لگائے ہوئے ہیں۔ مگر اب کوئی ان پر کلہاڑا بھی چلائے تو میں نہیں بول سکتا۔ اب کھیتوں میں مینڈیں پڑ جائیں گی۔ گھر میں دیوار کھینچ جائے گی۔ بیل بڈھے بٹ جائیں گے۔ نہ جانے کون کون سی دُرگت سہنی پڑے گی۔ جن کی گود میں کھلایا انہیں سے اب لاگ ڈانٹ کرنی پڑے گی۔ ان کے منہ کی روٹیاں چھین کر کھانی پڑیں گی۔ یہ سب گرہستی میں نے جوڑی تھی اور آج میں اپنے ہی ہاتھوں اپنی ہی لگائی ہوئی کھیتی اجاڑنی پڑے گی۔ جا مجھے چھوڑ دے۔ ابھی مجھ سے کچھ نہ کھایا جائے گا۔

ملیا۔ میں کسم کھا دوں گی نہیں چپکے سے چلے چلو۔

رگھو دیکھو اب بھی کچھ نہیں بگڑا ہے۔ اپنی ضد چھوڑ دے۔

ملیا۔ ہمارا ہی لہو پیے جو کھانے نہ اُٹھے۔

رگھو نے کانوں پر ہاتھ رکھ کر کہا یہ تو نے کیا کیا ملیا۔ میں تو اٹھ ہی رہا تھا۔ چل کھا لوں۔ نہانے دھونے کون جاتا ہے۔ دیر ہو گئی ہے لیکن کہے دیتا ہوں کہ چاہے چار کی جگہ چھ روٹیاں کھا جاؤں۔ چاہے تو مجھے گھی کے مٹکے میں ڈبو دے پر یہ داگ میرے دل سے نہ مٹے گا۔

ملیا۔ داگ سب مٹ جائے گا۔ پہلے سب کو ایسا ہی لگتا ہے۔ دیکھتے نہیں ہو ادھر کیسی چین کی بنسی بج رہی ہے۔ وہ تو منا رہی تھیں کہ کسی طرح یہ سب الگ ہو جائیں۔ اب وہ پہلے کی سی باندی تو نہیں ہے کہ جو کچھ گھر میں آیا سب

تھا تب۔ اب کیوں ساتھ رہنے لگیں۔ چین سے بنایا، کھایا ایک بار بچھو نے منہ سے بھی کہا آؤ بھیا کھالو۔

رگھو نے حسرتناک لہجہ میں کہا اسی کا تو مجھے غم ہے۔ کاکی سے مجھے ایسی اُمید نہیں تھی۔

رگھو کھانے بیٹھا تو لقمے زہر کے گھونٹ سے لگتے تھے۔ معلوم ہوتا تھا روٹیاں بھوسی کی ہیں۔ کوئی مزہ ہی نہیں۔ دال بالکل پانی سی لگتی تھی، پانی بھی حلق کے نیچے نہ اُترتا تھا۔ دودھ کی طرف دیکھا تک نہیں۔ دو چار لقمے کھا کر چلا آیا۔ جیسے کسی عزیز کا ماتم کر کے لوٹا ہو۔

اس گھر پر آج نحوست برس رہی تھی۔ اس کی دیواریں کتنی بوسیدہ ہو گئی تھیں۔ دروازہ کتنا چھوٹا ہو گیا ہے۔ گویا کوئی سایۂ غم اس گھر پر چھا گیا ہو، گویا کسی کی روح ماتم کر رہی ہو۔

رات کا کھانا بھی اسی طرح کھایا۔ کھایا قسم پوری کی۔ مگر رات بھر اس کا دل بیچین رہا۔ ایک نامعلوم دہشت اس کے دل پر مسلط ہو رہی تھی، جیسے بھولا دروازہ پر بیٹھا بسور رہا ہو، وہ بار بار چونک کر اُٹھا۔ بھولا اس کی طرف تحقیر حقارت آمیز نظروں سے دیکھ رہا تھا۔

وہ دونوں وقت کھانا کھاتا تھا، پر جیسے دشمن کے گھر۔ بھولا کی ماتم کناں تصویر اس کی آنکھوں سے نہ اترتی تھی۔ راتوں کو اُسے نیند نہ آتی۔ وہ گاؤں میں نکلتا تو اس طرح منہ چرائے، سر جھکائے، گویا گئو ہتیا کی ہو۔

پانچ سال گذر گئے۔ رگھو اب دو لڑکوں کا باپ تھا۔ آنگن میں دیوار کھنچ گئی تھی۔ کھیتوں میں مینڈیں ڈال دی گئی تھیں۔ مویشی تقسیم کر لیے گئے تھے۔ کیدار کی عمر اب سولہ سال کی ہو گئی تھی۔ اس نے پڑھنا چھوڑ دیا تھا اور اب کھیتی کا کام کرتا تھا۔ کھنو ابھی پرائیویٹ امتحان دینا چاہتا تھا پر پڑھنا اس کا بھی چھوٹ چکا تھا۔ صرف لچھمن ابھی تک مدرسے جاتا تھا۔ پنا اور ملیا دونوں ایک دوسرے کی صورت سے جلتی تھی۔ مگر ملیا کے دونوں لڑکے اکثر پنا ہی کے پاس رہتے تھے۔ وہی انہیں ابٹن ملتی، وہی کاجل لگاتی، وہی گود میں لیے پھرتی ان خدمتوں کے صلہ میں ملیا کی زبان پر شکریہ کا ایک لفظ بھی نہ تھا۔ نہ پنا اس کی طالب تھی۔ وہ جو کچھ کرتی تھی بے غرض کرتی تھی۔ اس کے اب دو دو لڑکے کام کرنے والے تھے۔ لڑکی کھانا پکا لیتی تھی۔ وہ خود اوپر کا کام کاج کرتی تھی۔ اس کے برعکس رگھو اپنے گھر کا اکیلا تھا۔ وہ بھی نیم جاں، شکستہ حال، قبل از وقت بوڑھا۔ ابھی تیس سال بھی عمر نہ تھی۔ لیکن بال کھچڑی ہو گئے تھے۔ کمر بھی جھک چلی تھی۔ کھانسی بھی آنے لگی تھی۔ یاس و ناکامی کی زندہ تصویر۔ کھیتی پسینہ کی ہے۔ وہ ٹھہرا اکیلا۔ کھیتوں کی خدمت جیسی چاہیئے نہ ہوتی تھی۔ اچھی فصل کہاں سے آتی۔ کچھ مقروض بھی ہو گیا تھا۔ یہ فکر اور بھی مارے ڈالتی تھی۔ چاہیئے تو یہ تھا کہ اب اُسے کچھ آرام ملتا۔ اتنے دنوں کی شبانہ روز مشقت کے بعد اب بار کچھ ہلکا ہوتا، لیکن ملیا کی خود غرضی اور ناعاقبت اندیشی نے لہراتی ہوئی کھیتی میں آگ لگا دی۔ اگر سب ساتھ ہوتے تو وہ اُس وقت پنشن پاتا مزے سے دروازے پر بیٹھا ناریل پیتا۔ بھائی کام کرتے۔ وہ صلاح بتاتا مگر وہ موقع

ہاتھ سے نکل گیا۔ اب تو فکروں کا ہجوم روز بروز بڑھتا جاتا تھا۔ آخر اُسے دھیما دھیما بخار رہنے لگا۔ پہلے کچھ پروا نہ کی۔ سمجھا آپ ہی اچھا ہو جائے گا۔ مگر جب کمزوری بڑھنے لگی تو دوا کی فکر ہوئی۔ جس نے جو بتایا وُہ کھا لیا۔ ڈاکٹروں یا ویدوں کے پاس جانے کی توفیق کہاں۔ اور ہوتی بھی تو روپے خرچ کر دینے کے سوا اور نتیجہ ہی کیا تھا۔ تب کہنے کا علاج ہی کیا تھا۔ نہ وہ نسبت مالی کا سیون کر سکتا اور نہ کامل آرام وسکون کے ساتھ مقوی غذائیں کھا سکتا تھا۔ ضعف بڑھتا گیا۔ پتا اب بھی موقع پاتی تو اُس کو تشفی دیتی تھی۔ لیکن اس کے لڑکے اب رگھو سے بات بھی نہ کرتے تھے۔ دوا دارو تو کیا کرتے۔ اُس کا مذاق اڑاتے۔ بھیا سمجھتے تھے ہم لوگوں سے الگ ہو کر سونے کی اینٹ رکھ لیں گے۔ بھابھی بھی سمجھتی تھیں سونے سے لد جاؤں گی۔ اب جان سے مر رہے ہیں۔ دیکھیں کون پوچھتا ہے۔ بہت ہائے ہائے بھی اچھا نہیں ہوتا۔ آدمی کام اتنا ہی کرے جتنا ہو سکے۔ یہ نہیں کہ روپیہ کے لئے جان ہی دے دے رگھو کا قصور انہوں نے اب تک معاف نہ کیا تھا۔ کیدار ماں کے سمجھانے پر جواب دینا چلی۔ میں خوب سمجھتا ہوں۔ اُن کی جگہ میں ہوتا تو ڈنڈے سے بات کرتا مجال تھی کہ عورت یوں جبر کرتی۔ یہ سب بھیا کی چال تھی۔ سب سدھی بدی تھی۔

آخر ایک دن رگھو کی ٹمٹماتی ہوئی شمع حیات بجھ گئی۔ موت نے ساری فکروں کا خاتمہ کر دیا۔

(۸)

مُلیا کے لئے اب زندگی تاریک ہوگئی۔ اس کا غرور پامال ہو گیا جس زمین اس نے اپنے منصوبوں کی دیوار کھڑی کی تھی وہ نیچے سے کھسک گئی تھی۔ جس کھونٹے کے بل پہ وہ اچھل رہی تھی وہ اُکھڑ گیا تھا۔ بچاری دونوں لڑکوں کو لئے رویا کرتی۔ گانوں میں کسی کو مُنہ دکھانے کی ہمت نہ ہوتی۔ ہر ایک شخص اُس سے یہ کہتا ہوا معلوم ہوتا تھا "گھمنڈ کے مارے پاؤں زمین پر نہ رکھتی تھی۔ آخر سزا مل گئی کہ نہیں۔" اب اس گھر میں کیسے نباہ ہوگا؟ وہ کس کے سہارے رہے گی۔ کس کے بل پہ کھیتی ہوگی۔ بیچارہ رگھو بیمار تھا۔ نیم جان تھا مگر جب تک رہا اپنا کام کرتا رہا۔ ضعف کے مارے اکثر سر پکڑ کر بیٹھ جاتا تھا۔ اور ذرا دیر دم لیکر پھر ہاتھ چلانے لگتا۔ اب کون کھیتی سنبھالے گا۔ سارے کام پھیلے پڑے تھے۔ اناج کی ڈانٹھیں کھلیاں میں پڑی تھیں۔ اوکھ الگ سوکھ رہی تھی۔ وہ اکیلی کیا کیا کرے گی۔ پھر سینچائی اکیلے آدمی کا تو کام نہیں۔ تین آدمی درکار ہوں گے۔ مزدوروں سے کام لے تو مزدوری کہاں سے لائے۔ پھر اس وقت مزدور ملنے مشکل آدمیوں کے لئے کھینچا تانی ہو رہی تھی۔ کیا کرے کیا نہ کرے! لیکن اب بھی اُسے اپنے الگ ہونے کا پچھتاوا نہ تھا۔ کم سے کم اب کھیت تو اپنے تھے۔ تب تو شاید حصہ بھی نہ ملتا۔ سب کی لونڈی بن کر رہنا پڑتا۔

اس طرح تیرہ دن گذر گئے۔ کریاکرم سے فراغت ہوئی۔ دوسرے دن علی الصباح دونوں بچوں کو گود میں اٹھایا اور اناج ماندنے چلی۔ کھلیان میں پہنچ کر اُس نے ایک کو تو درخت کے نیچے گھاس کے نرم بچھاون پر سلا دیا۔ اور دوسرے کو وہیں بٹھا کر

اناج مانڑنے لگی۔ بیلوں کو ہانکتی تھی اور روتی تھی۔ کیا اسی لئے بھگوان نے اُسے جنم دیا تھا۔ دیکھتے دیکھتے کیا سے کیا ہو گیا۔ اِنہیں دِنوں پچھلے سال بھی اناج مانڑا گیا تھا۔ وہ رگھو کے لئے لوٹے میں شربت، اور مٹر کا چبینہ لے کر آئی تھی۔ آج کوئی اس کے آگے ہے نہ پیچھے۔ یکایک بچّہ کا رونا سُن کر اس نے ادھر تاکا تو بڑا لڑکا کہہ رہا تھا بیّا تپ رہو۔ تپ رہو۔ دھیرے دھیرے اُس کے منہ پر ہاتھ پھیرتا تھا۔ پھر خود لپٹ کر اس کے سینے سے لپٹ گیا۔ اُسے اٹھانے کی طاقت نہ تھی، بھیا کو کیسے چپ کرائے۔ جب یہ کوشش بھی ناکام ہو گئی تو اس نے بھی رونا شروع کر دیا۔

اسی وقت پنّا دوڑی ہوئی آئی اور چھوٹے بچے کو گود میں اٹھا کر پیار کرتی ہوئی۔ لڑکوں کو مجھے کیوں نہ دے آئیں بہو؟ ہائے ہائے! بیچارہ دھرتی پر پڑا لوٹ رہا ہے۔ جب میں مر جاؤں تو جو چاہے کرنا۔ ابھی تو میں جیتی ہوں۔ الگ ہو جانے سے بچے تو نہیں بیرانے ہو گئے۔

ملیا نے کہا" تمہیں بھی چھٹی نہیں تھی اماں۔ کیا کرتی۔

تو تیرے یہاں آنے کی جلدی کیا تھی۔ ڈانٹھ مانڑنہ جاتی۔ تین تین لڑکے تو ہیں۔ اور کس دن کام آئیں گے۔

کیدار تو کل ہی مانڑنے کو کہہ رہا تھا۔ میں نے کہا پہلے اوکھ میں پانی دے لو۔ تب اناج مانڑ لینا۔ مڑائی تو دس دن بعد بھی ہو سکتی ہے۔ اوکھ کی سینچائی نہ ہوئی تو سوکھ جائے گی۔ کل سے اوکھ میں پانی چڑھا ہوا ہے۔ پرسوں تک کھیت پُر ہو جائینگے۔ تب مڑائی بھی ہو جائے گی۔ تجھے بسواس نہ آئے گا۔ جب سے بھیّا

مرے ہیں کیدار کو بڑی جلن ہو گئی ہے۔ سو سو بار پوچھتا ہے بھابھی بہت دتی تو نہیں ہیں، دیکھو لڑکے بھوکے تو نہیں ہیں۔ کوئی لڑکا روتا ہے تو دوڑا آتا ہے دیکھ اماں کیا ہوا۔ بچہ کیوں روتا ہے۔ کل رو کر بولا۔ اماں میں جانتا کہ بھیا نہ رہیں گے۔ تو ان کی کچھ سیوا کر لیتا۔ کہاں جگائے جگاتے اٹھتا تھا۔ اب پچھلی رات سے اٹھ کر کام میں لگ رہتا ہے۔ کھنوا کل جھگڑا سا بولا پہلے ہم اپنی اوکھ میں پانی دے لیں گے۔ تب بھیا کی اوکھ میں دیں گے۔ اس پر کیدار نے اُسے ایسا ڈانٹا کہ کھنوا کے منہ سے پھر بات نہ نکلی۔ بولا کیسی تمہاری اور کیسی ہماری اوکھ۔ بھیا نے جلا نہ لیا ہوتا تو آج یا مر گئے ہوتے یا کہیں بھیک مانگتے ہوتے آج تم بڑے اوکھ والے بنے ہو۔ یہ انہیں کا پن پرتاپ ہے کہ آج بھلے بنے بیٹھے ہو۔ پرسوں گئی تو منڈیا میں چپ چاپ بیٹھا رو رہا تھا۔ پوچھا کیوں روتا ہے، تو بولا، اماں سمجھیا اسی الگو جھے کے دکھ سے مر گئے۔ نہیں ابھی ان کی عمر ہی کیا تھی۔ یہ اس بکھت نہ سمجھتا نہیں کیوں ان سے بگاڑ کرتے۔ تمہیں اب وہ الگ نہ رہنے دے گا۔ کہتا ہے بھیا ہمارے لئے مر گئے تو ہم بھی ان کے بال بچوں کے لئے مر جائیں گے۔

ملیا کی آنکھوں سے آنسو جاری تھے۔ اور دل احسان کے بوجھ سے دبا جاتا تھا۔ جن سے اُسے طعنہ اور انتقام کا خوف تھا۔ وہ اتنے مہربان اور غمگسار ہو گئے تھے۔ آج پہلی بار اس کا دل علیحدگی پر نادم ہوا۔ پنا کی فراخ دلی کے مقابلہ میں اپنی تنگ خیالی کتنی افسوسناک تھی!

(۹)

اس واقعہ کو پانچ سال گذرے۔ پنّا اب بوڑھی ہوگئی ہے۔ کیدار گھر کا مالک ہے ملیا گھر کی مالکن ہے۔ کھنّو اور لچھمن کی شادیاں ہو چکی ہیں ــــــ مگر کیدار ابھی تک کنوارا ہے۔ کہتا ہے میں شادی نہ کروں گا۔ کئی جگہوں سے بات چیت ہوئی کئی لگائیاں آئیں۔ مگر کیدار نے حامی نہ بھری، مہرا یا گھر میں آئی اور آدمی کا مجاج بدلا۔ پھر جو کچھ ہے وہ مہرا یا ہے۔ ماں، باپ، بھائی بند سب بیگانے ہو گئے۔ کوئی اپنا ہے تو وہ مہرا یا ہے۔ جب بھیّا جیسے آدمی کا مجاج بدل گیا تو پھر دوسروں کی کیا گنتی۔ دو لڑکے بھگوان نے دیئے ہیں۔ اور کیا چاہیئے۔ بنا بیاہ ہوئے دو لڑکے مل گئے۔ جسے اپنا سمجھو وہ اپنا ہے، جسے غیر سمجھو وہ غیر ہے۔

ایک دن پنّا نے کہا تو بیاہ نہ کرے گا تو تیرا بنس کیسے چلے گا؟

کیدار۔ میرا بنس تو چل رہا ہے۔ دونوں لڑکوں کو اپنا ہی سمجھتا ہوں۔

پنّا۔ سمجھنے ہی پر ہے تو تو نے ملیا کو اپنی مہریا سمجھا ہوگا۔

کیدار نے جھینپتے ہوئے کہا۔ تم تو گالی دیتی ہو اماں۔

پنّا۔ گالی کیسی، تیری بھابی ہی تو ہوتی ہے۔

کیدار۔ میرے جیسے لٹھ گنواروں کو وہ کیوں پوچھنے لگی۔

پنّا۔ تو کرنے کو کہہ تو میں اس سے پوچھوں۔

کیدار۔ نہیں اماں۔ کہیں رونے گانے نہ لگے۔ ماننے گی نہیں۔

پنّا۔ تیرا من ہو تو میں باتوں میں اس سے پوچھوں۔

کیدار۔ میں نہیں جانتا، جو چاہے کرو۔

پتّا کیدار کے دل کی بات سمجھ گئی۔ لڑکے کا دل حسین ملیا پر آیا ہوا ہے پر شرم اور خوف اور لجا سے کچھ نہیں کہتا۔ اسی دن اس نے ملیا سے کہا۔ کیا کروں بہو من کی لالسا من ہی میں رہ جاتی ہے۔ کیدار کا گھر کہیں بس جاتا تو میں نچنت ہو جاتی۔

ملیا۔ وہ تو کرنے ہی کو نہیں کہتے۔

پتّا۔ کہتا ہے ایسی عورت ملے جو گھر میں میل سے رہے تو کر لوں۔

ملیا۔ ایسی عورت کہاں ملے گی۔ کہیں ڈھونڈو۔

پتّا۔ میں نے تو ڈھونڈھ لیا ہے۔

ملیا۔ سچ کس گاؤں کی ہے۔

پتّا۔ ابھی نہ بتاؤں گی۔ مدا یہ جانتی ہوں کہ اس سے کیدار کی سگائی ہو جائے تو گھر بن جائے۔ اور کیدار کی جندگی بھی سپھل ہو جائے۔ نہ جانے لڑکی مانے گی کہ نہیں۔

ملیا۔ مانے گی کیوں نہیں اماں۔ ایسا سندر کما ؤ بَر اور کہاں ملا جاتا ہے۔ اس جنم کا کوئی سادھو مہاتما ہے۔ نہیں تو لڑائی جھگڑے کے ڈر سے کوئی ایسا کرتا ہے۔ کہاں رہتی ہے؟ میں جا کر اسے منا لاؤں گی۔

پتّا۔ تبا دوں! وہ تو ہی ہے۔

ملیا شرما کر بولی۔ تم اماں جی گالی دیتی ہو۔

پتّا۔ گالی کیسی دیور ہی تو ہے۔

ملیا۔ بھلا مجھ جیسی بڑھیا کو وہ کیوں پوچھیں گے۔

پنتا۔ وہ تجھی پر دانت لگائے بیٹھا ہے۔ تیرے سوا کوئی عورت اُسے بھاتی ہی نہیں۔ ڈر کے مارے کہتا نہیں پر اس کے من کی بات جانتی ہوں۔ تجھے پا کر وہ پھولا نہ سمائے گا۔

بیوگی کے غم سے مرجھائی ہوئی ملیا کا زرد چہرہ کنول کی طرح سرخ ہوگیا۔ دس سال میں جو کچھ کھویا تھا وہ ایک لمحہ میں سود کے ساتھ مل گیا۔ وہی تازگی وہی شگفتگی، وہی ملاحت، وہی دلکشی۔

ملیا کو ایسا معلوم ہوا گھوسا منے کھڑا اُسے دعائیں دے رہا ہے۔

تحریک

(۱)

میری کلاس میں سورج پرکاش سے زیادہ شریر لڑکا نہ تھا۔ بلکہ یوں کہو اپنی ملازمت کے دس سالوں میں مجھے ایسے ناہموار طالب علم سے سابقہ نہ پڑا تھا۔ فتنہ انگیزی میں اس کی جان بستی تھی۔ مدرسوں کو بنانے اور چڑھانے، سرگرم طلباء کو ذلیل کرنے اور رُلانے میں اُسے مزا آتا تھا۔ ایسی ایسی سازشیں کرتا۔ ایسے ایسے پھندے ڈالتا۔ ایسی ایسی بندشیں کرتا کہ عقل دنگ ہو جاتی تھی۔ گروہ بندی میں اُسے خداداد ملکہ تھا۔ خدائی فوجداروں کی ایک فوج بنا لی تھی۔ اور اس کے زور سے سکول پر حکومت کرتا تھا۔ پرنسپل کا حکم ٹل جائے۔ مگر کیا مجال کہ کوئی اُس کے حکم سے سرِمُو انحراف کر سکتے۔ جینا محال کر دیتا تھا۔ سکول کے چپڑاسی اور اردلی اس سے تھر تھر کانپتے تھے۔ انسپکٹر کا معائنہ ہونے والا تھا۔ پرنسپل صاحب نے حکم دیا کہ لڑکے معین وقت سے آدھ گھنٹہ پہلے آ جائیں۔ منشا یہ تھا کہ لڑکوں کو معائنہ کے متعلق کچھ ضروری ہدایتیں کر دیں۔ مگر دس بج گئے۔ انسپکٹر صاحب آ کر بیٹھ گئے اور مدرسہ میں ایک لڑکا بھی نہیں! گیارہ بجے خود بخود سب لڑکے اس طرح نکل پڑے۔ جیسے کوئی پنجرہ کھول دیا گیا ہو۔ انسپکٹر صاحب نے کیفیت میں لکھا ڈسپلن بہت خراب ہے۔ پرنسپل صاحب کی کرکری ہوئی۔ مدرسین بدنام ہوئے۔

اور یہ ساری شرارت سورج پرکاش کی تھی۔ مگر ہر چند تحقیقات کی گئی۔ سورج پرکاش کا کسی نے نام تک نہ لیا۔ مجھے اپنی تنظیم پر عزّہ تھا۔ ٹریننگ کالج میں اس صیغہ میں میں نے امتیاز حاصل کیا تھا۔ مگر یہاں میری ساری تنظیمی قابلیت میں زنگ سا لگ گیا تھا۔ کچھ عقل ہی نہ کام کرتی کہ اس شیطان کو کیسے راہِ راست پر لاؤں۔ کئی بار مدرسوں کی میٹنگ ہوئی۔ پر یہ عقدہ نہ حل ہوا۔ نئے اصولِ تعلیم کے مطابق میں بورا استاد کا قائل نہ تھا۔ پر یہاں ہم اس طرزِ عمل سے محض اس لئے محترز تھے کہ کہیں علاج مرض سے بدتر نہ ہو جائے۔ سورج پرکاش کو اسکول سے نکال دینے کی تجویز بھی کی گئی۔ پر اسے شکست کا اعتراف سمجھ کر ہم اس پر عمل کرنے کی جسارت نہ کر سکے۔ بیس بائیس سند یافتہ آزمودہ کار مدرس ایک بدمعاش بارہ تیرہ سال کے لڑکے کی اصلاح نہ کر سکیں۔ یہ خیال حد درجہ شرمناک تھا۔ یوں تو سارا اسکول اس سے بیزار تھا۔ مگر سب سے زیادہ پریشان میں تھا۔ کیونکہ وہ میرے درجہ کا طالب علم تھا۔ اور اس کی شرارتوں کا خمیازہ زیادہ تر مجھے اٹھانا پڑتا تھا۔ اسکول آتا تو یہ اندیشہ لگا رہتا کہ دیکھیں آج کیا شگوفہ کھلتا ہے۔ ایک دن اپنی میز کی دراز کھولی تو اس میں سے ایک بڑا سا مینڈک نکل پڑا۔ میں چونک کر پیچھے ہٹا۔ تو گرتے گرتے بچا۔ کلاس میں ایک شور برپا ہو گیا۔ "مگر قہرِ درویش برجانِ درویش" سورج پرکاش کی طرف غضب ناک معذوری کی نگاہ ڈال کر رہ گیا۔ سارا گھنٹہ پند و نصیحت میں گزر گیا۔ اور بدمعاش سر جھکائے بیٹھا مسکرا رہا تھا۔ مجھے حیرت ہوتی تھی کہ وہ نیچے کی جماعتوں سے پاس ہو کر کیونکر میرے درجہ

تک آیا تھا۔ اس میں ابتدائی درجوں تک کی لیاقت بھی نہ تھی، آٹھویں درجہ تک آپہنچا تھا۔ اور یہ بھی معلوم تھا کہ ہر سال پاس ہوتا چلا آتا ہے۔ پاس کیونکر ہوتا تھا خدا ہی جانے۔

ایک دن میں نے غصہ سے کہا "تم اس درجہ سے عمر بھر پاس نہیں ہو سکتے"

سورج پرکاش نے پر اطمینان اور لاپرواہی سے کہا "آپ میرے پاس ہونے کی فکر نہ کریں۔ میں ہمیشہ پاس ہوتا رہا ہوں اور اب کے بھی پاس ہو گا"

غیر ممکن۔

غیر ممکن، ممکن ہو جائے گا۔

میں استعجاب سے اس کا منہ دیکھنے لگا۔ ذہین سے ذہین لڑکا بھی اپنی کامیابی کا دعویٰ اتنے استحکام کے ساتھ نہ کرسکتا تھا۔ معاً خیال آیا۔ یہ امتحانی پرچے اڑا لیتا ہو گا۔ ممتحنوں کے نوکروں یا لڑکوں سے مل کر کچھ لالچ دے کر پرچے نقل کر لیتا ہو گا۔ میں نے عہد کیا۔ اب کے میں اس کی ایک بھی چال نہ چلنے دوں گا۔ دیکھوں کتنے دن اسی درجہ میں پڑا رہتا ہے۔ آپ گھبرا کر نکل بھاگے گا۔

سالانہ امتحان کے موقعہ پر میں نے غیر معمولی احتیاط سے کام لیا۔ مگر سورج پرکاش کی کاپی دیکھی تو حیرت کی کوئی انتہا نہ رہی۔ میرے دو پرچے تھے دونوں ہی میں اس کے نمبر درجہ میں سب سے زیادہ تھے۔ اور ممتحنوں کے پرچے شائد اتنے اچھے نہ کئے تھے۔ مگر پاس سب پرچوں میں تھا۔ مجھے خوب معلوم تھا کہ وہ میرے کسی پرچے کا کوئی سوال بھی حل نہیں کرسکتا۔ میں اسے ثابت کرسکتا تھا۔ مگر اس کے جوابی پرچوں

تحریک کو کیا کرتا۔ تحریر میں اتنا فرق نہ تھا جو کوئی شبہ پیدا کرسکتا۔ امتحان میں اکثر لڑکوں کی تحریر عجلت کے باعث کچھ نہ کچھ مختلف ہو ہی جاتی ہے۔ میں نے پرنسپل صاحب سے کہا وہ بھی چکر اگئے۔ مگر انہیں بھی دیدہ دانستہ مکھی نگلنی پڑی۔ میں شاید معمول سے زیادہ مایوس طبیعت ہوں۔ اور مدرسوں کو میں سورج پرکاش کے بارے میں ذرا بھی متردد نہ پاتا تھا۔ گویا ایسے لڑکوں کا سکول میں آنا کوئی غیر معمولی بات نہیں مگر میرے لیئے وہ ایک ہیجان انگیز معمہ تھا۔ اگر اس کے اطوار یہی رہے تو ایک دن یا تو جیل میں ہوگا یا جیل کے راستہ میں۔

(۲)

اسی سال میرا تبادلہ ہوگیا۔ یہاں کی آب و ہوا مجھے موافق تھی۔ پرنسپل اور دوسرے ماسٹروں سے یارانہ ہوگیا تھا۔ اور ہر ایک قسم کی چیز ارزاں تھی۔ مگر میں اپنے تبادلہ سے خوش ہوا۔ کیونکہ سورج پرکاش سے میری گلوخلاصی ہو جائیگی۔ لڑکے مجھ سے مایوس ہوگئے تھے۔ انکی طرف سے مجھے رخصتی دعوت دیگئی۔ اور سب کے سب مجھے اسٹیشن تک پہنچانے آئے۔ اس وقت سبھی لڑکوں کی آنکھوں میں آنسو بھرے ہوئے تھے۔ میں بھی اپنے آنسوؤں کو نہ روک سکا۔ اتفاق سے اسی وقت میری نگاہ سورج پرکاش پر پڑی۔ جو سب سے پیچھے کچھ نادم کھڑا تھا۔ مجھے ایسا معلوم ہوا کہ اس کی آنکھ میں بھی آنسو بھرا ہوا تھا۔ میرا جی بار بار چاہتا تھا کہ اس سے چلتے چلتے دو چار باتیں کر لوں شاید وہ بھی مجھ سے کچھ کہنا چاہتا تھا۔ مگر نہ میں نے پیشقدمی کی اور نہ اُس نے۔ حالانکہ مجھے بہت دنوں تک اس کا افسوس رہا۔ اس کا حجاب قابل معافی ہے۔

اس نے مجھے ناراضگی کے بیشمار موقع دیئے تھے۔ میرا احتراز ناقابلِ عفو تھا۔ ممکن تھا کہ اس رقت اور ندامت کے عالم میں دو چار خلوص کی باتیں اسکے دل پر اثر کر جاتیں۔ مگر انہی کھوئے موقعوں کا نام تو زندگی ہے۔ گاڑی آہستہ آہستہ چلی۔ لڑکے کئی قدم اس کے ساتھ دوڑے۔ میں کھڑکی کے باہر سے سر نکالے کھڑا تھا۔ کچھ دیر تک مجھے اُن کے ہلتے ہوئے رومال نظر آئے۔ پھر وہ صورتیں حباب کی طرح مٹ گئیں، مگر ایک ننھی سی مورت اب بھی پلیٹ فارم پر کھڑی تھی۔ میں نے قیاس کیا وہ سورج پرکاش ہے۔ اس وقت میرا دل کسی بے تاب قیدی کی طرح نفرت، کدورت، اور مغائرت کی بندشوں کو توڑ توڑ کر اس سے گلے ملنے کے لئے تڑپ اُٹھا۔

نئے مقام کی نئی دلچسپیوں اور مصروفیتوں نے مجھے بہت جلد اپنی جانب مائل کر لیا۔ تصنیف و تالیف کا شوق پیدا ہوا۔ پچھلے دنوں کی یاد ایک حسرت بن کر رہ گئی۔ جس میں درد اور لذت تو تھی۔ مگر تحریکِ عمل نہیں۔ نہ کسی کا کوئی خط آیا۔ نہ میں نے کوئی خط لکھا۔ شاید دُنیا کا یہی دستور ہے۔ برسات کے بعد برسات کی ہریالی کتنے دنوں تک قائم رہتی ہے۔ عارضی صحبتوں کا یہی انجام ہے۔ خیر اتفاق سے مجھے انگلینڈ میں تعلیم کا ایک موقعہ ہاتھ آگیا۔ وظیفہ ملا۔ انگلینڈ پہنچ گیا۔ وہاں تین سال لگ گئے۔ وہاں سے لوٹا تو اپنے وطن سے بہت دور ایک کالج کا پرنسپل مقرر ہوا۔ یہ فروغ میرے لئے بالکل غیر متوقع تھا۔ خواب میں بھی میرے تخیل نے اتنی بلند پروازی نہ کی تھی۔ مگر حرصِ رفعت اب کسی بلند تر شاخ پر اپنا آشیانہ بنانا چاہتا تھا۔ وزیرِ تعلیم سے ربط ضبط پیدا کی۔ یارانہ بڑھا۔ میں نے

بھی ان کے بنگلہ سے متصل بنگلہ لیا۔ مسٹر صاحب میرے کرمفرما ہیں۔ ان کی شان میں کوئی بے ادبی نہیں کرنا چاہتا۔ مگر حقیقت یہ ہے کہ وہ وزیر تعلیم ہو کر تعلیم کے اصولی امور سے واقف نہ تھے۔ گھوڑے پر سوار وہ تھے پر عنان میرے ہاتھ میں تھی اور یہ کھلا ہوا راز تھا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ ان کے سیاسی مخالفین سے میری مخالفت ہو گئی۔ مجھ پر جا و بیجا حملے کئے جانے لگے۔ میں خلوص کے ساتھ اصلاح و فلاح کی تجویز پیش کرتا اس کی مخالفت کی جاتی۔ میں اصولاً جبری اصلاح کا مخالف ہوں۔ میرا خیال ہے کہ ہر ایک انسان کو ان معاملات میں زیادہ سے زیادہ آزادی ہونی چاہئے۔ جن کا تعلق ان کی ذات سے ہے۔ بہت ممکن ہے میں غلطی پر ہوں۔ لیکن میں جبری تعلیم کا قائل نہیں ہوں۔ میرا خیال ہے کہ یورپ میں اس کی ضرورت ہے۔ ہندوستان میں نہیں۔ مادیت مغربی تہذیب کی روح ہے۔ وہاں کسی کام کی تحریک مالی فائدے کے اعتبار سے ہوتی ہے۔ ضروریاتِ زندگی زیادہ ہیں۔ اس لئے کشمکش حیات بھی زیادہ دلکش۔ والدین ضرورتوں کے غلام ہو کر بچوں کو جلد سے جلد کسب معاش پر مجبور کرتے ہیں۔ بجائے اس کے کہ وہ شراب ترک کر کے ایک شلنگ روز کی بچت کر لیں۔ وہ اپنے کمسن بچے کو ایک شلنگ کی مزدوری کرنے کے لئے مجبور کریں گے۔ ہندوستان میں زندگی فقیرانہ سادگی کی حد تک پہنچی ہوئی ہے۔ ہم اس وقت تک اپنے بچوں سے مزدوری نہیں کراتے۔ جب تک کہ حالات ہمیں مجبور نہ کریں۔ ہم بھوکے رہیں گے ننگے رہیں۔ مگر لڑکوں سے مزدوری نہ کرائیں گے۔ تا وقتیکہ فاقہ کشی کی نوبت نہ پہنچے۔ غریب سے غریب اور بے نوا سے بے نوا ہندوستانی مزدور بھی تعلیم کی برکات کا قائل ہے۔ اس کے دل میں یہی تمنا

ہے کہ میرا بچہ چار حرف پڑھ جائے۔ اس لئے نہیں کہ اُسے کوئی رتبہ حاصل ہوگا۔ بلکہ محض اس لئے کہ علم انسانی خصلت کا ایک زیور ہے۔ تعلیم کے فوائد اُسے سمجھانے کی ضرورت نہیں۔ اگر وہ یہ علم ہونے پر بھی اپنے بچے کو مدرسے نہیں بھیجتا۔ تو سمجھ لینا چاہئے کہ کوئی مجبوری حاصل ہے۔ ایسی حالت میں قانوناً اسے مجبور کرنا میری نگاہ میں قرینِ انصاف نہیں۔ اتنا ہی کافی ہے کہ آپ اُس کے فرائض پدری کو تشویش سے بیدار کر دیں۔ اس کے علاوہ میرے خیال میں ابھی تعلیم کے وہ عناصر ملک میں ناکافی ہیں جن سے تعلیم کی فضیلت ہے۔ نیم تعلیمیافتہ فاقہ کش مدرسوں سے آپ یہ اُمید نہیں کر سکتے کہ وہ کوئی اونچا معیار پیشِ نظر رکھ سکیں۔ زیادہ سے زیادہ اتنا ہی ہوگا کہ چار پانچ سال میں لڑکا حرف شناس ہو جائیگا۔ میں اُسے "کوہ کندن وکاہ برآوردن" کے مصداق سمجھتا ہوں۔ سنِ شعور میں یہ مرحلہ ایک مہینہ میں آسانی سے طے کیا جا سکتا ہے۔ میں تجربہ سے کہہ سکتا ہوں کہ اٹھارہ بیس سال کی عمر میں ہم جتنا ایک مہینہ میں پڑھ سکتے ہیں۔ اتنا چھ سات سال کی عمر میں تین سال میں بھی نہیں پڑھ سکتے۔ پھر خواہ مخواہ بچوں کو مدرسے میں قید کرانے سے فائدہ؟ یوں چاہے کہ اُسے روٹیاں نہ ملتیں مگر تازہ ہوا تو ملتی۔ فطرت سے تجربات تو حاصل کرتا۔ مدرسہ میں بند کرکے تو آپ اُسے ذہنی اور جسمانی دونوں ترقیوں سے ہی محروم کر دیتے ہیں۔ اس لئے جب صوبہ کی کونسل میں جبری تعلیم کی تجویز پیش ہوئی تو میری تحریک مسٹر صاحب نے اسکی مخالفت کی کونسل تو مخالفت پر پہلے ہی آمادہ تھی۔ نتیجہ یہ ہوا کہ بل مسترد ہو گیا۔ پھر کیا تھا۔ مسٹر صاحب کی اور میری وہ لے دے شروع ہوئی کہ الاماں! ایک طوفان برپا ہو گیا۔ ذاتیات پر

حملے کئے جانے لگے۔ میں "عضوِ ضعیف" تھا۔ اس لئے نزلہ مجھی پر گرا۔ مجھے ملک کا بدخواہ ترقی کا دشمن۔ قومی غدّار اور گورنمنٹ کا گداگر بنایا گیا۔ کئی اخباروں میں بروز کارٹون بھی نکلے۔ میرے کالج میں ذرا سی بھی کوئی بات ہوتی تو کونسل میں اس پر سوالوں کی بارش شروع ہو جاتی۔ میں نے ایک چپراسی کو برخاست کیا۔ ممبر صاحب تیغے جھاڑ کر میرے پیچھے پڑ گئے۔ اعتراضات کا تانتا بندھ گیا۔ یہانتک کہ منسٹر کو مجبور ہو کر اس چپراسی کو بحال کرنا پڑا۔ میں یہ توہین برداشت نہ کرسکا۔ شاید کوئی بھی نہ کرسکتا۔ منسٹر صاحب سے مجھے شکایت نہیں۔ وہ مجبور تھے۔ ان حالات میں کام کرنا میرے لئے مشکل ہو گیا۔ تحمل اور ضبط کی بھی کوئی انتہا ہے۔ مجھے اپنے کالج کی اندرونی تنظیم کا بھی اختیار نہیں! فلاں کیوں امتحان میں بھیجا گیا؟ فلاں کے عوض فلاں کو کیوں وظیفہ نہیں دیا گیا؟ فلاں پروفیسر کو فلاں کلاس کیوں نہیں دی گئی؟ اس طرح کے بے معنی، مہمل اور لچر اعتراضات نے میرا ناک میں دم کر دیا تھا۔ اس نئی چوٹ نے تسمہ بھی الگ کر دیا۔ میں نے استعفا دیدیا۔ مخالفین کو یہ صبر کہاں کہ وہ مجھے عزت کے ساتھ چلا جانے دیتے۔ میری برطرفی کا فیصلہ کیا گیا۔ مجھے منسٹر صاحب سے اتنی امید ضرور تھی کہ وہ کم سے کم اس معاملہ میں انصاف اور حق سے کام لیں گے۔ مگر انھوں نے حق کی بجائے مصلحت کو مقدم سمجھا اور مجھے کئی سال مخلصانہ رفاقت کا صلہ یہ ملا کہ میری برطرفی کا نوٹس آپہنچا! دنیا کا ایسا تلخ تجربہ ابتک مجھے نہ ہوا تھا۔ تقدیر بھی کچھ برگشتہ تھی۔ اسی دوران میں بیوی کا انتقال ہو گیا۔ آخری دیدار بھی نہ کرسکا۔ شام کو دریا کنارے سیر کرنے گیا ہوا تھا۔ ان کی طبیعت کچھ کسلمند تھی لوٹا تو ان کی لاش ملی۔ شاید قلب کی حرکت بند ہو گئی تھی۔ اس سانحہ نے کمر توڑ

دی۔ ماں کے فیض اور اثر سے بڑے بڑے انسان سرفراز ہوئے۔ میں جو کچھ ہوا بیوی کے فیض اور اثر سے ہوا۔ وہ میری تقدیر کا معمار تھی کتنی بلند حوصلہ تھی! کتنی آہنی ہمت! کتنا ملکوتی ایثار! اس شیرینی میں تلخی کا نام بھی نہ تھا۔ مجھے یاد نہیں آتا کہ میں نے اسے کبھی چین بجبیں دیکھا ہو۔ ہمیشہ ہر حالت میں صابر اور خوش تھی۔ مگر اس کے ساتھ ہی ترقی کی ایک تحریک باطن اسکے ایک ایک قطرۂ خون میں بھری ہوئی تھی۔ مایوس ہونا تو جانتی ہی نہ تھی۔ میں کئی بار سخت بیمار پڑا ہوں معالجوں پر بھی مایوسی کا غلبہ ہوگیا پر اس کے سکون و اطمینان میں شمہ برابر بھی تزلزل نہ ہو۔ اسے اعتقاد تھا۔ میں اپنے شوہر کی حیات میں مروں گی۔ اور وہی ہوا۔ میں زندگی میں اسی کے سہارے ابتک کھڑا تھا۔ جب وہ سہارا ہی نہ رہا۔ تو زندگی کہاں رہتی۔ کھانے اور سونے کا نام زندگی نہیں ہے۔ زندگی نام ہے ہمیشہ آگے بڑھتے رہنے کی لگن کا۔ وہ لگن غائب ہوگئی۔ میں نے دنیا سے منھ موڑ لیا۔ اور گوشۂ گمنامی میں زندگی کے دن پورے کرنے کا ارادہ کرکے ایک چھوٹے سے گاؤں میں مقیم ہوگیا۔ چاروں طرف اونچے ٹیلے تھے۔ ایک طرف گنگا بہتی تھی۔ میں نے دریا کے کنارے ایک چھوٹا سا مکان بنالیا۔ اور اس میں رہنے لگا۔

(۳)

مگر اہل دنیا یہاں بھی مجھے دق کرنے کے لئے کبھی کبھی پہنچ جاتے تھے کسی کو کوئی میموریل لکھنا ہوتا تو میرے پاس آتا۔ کبھی کبھی اخباروں کے نامہ نگاروں اور پبلشروں کے ایجنٹ بھی سر پر سوار ہو جاتے تھے۔ ان کے پاس خاطر سے کچھ نہ کچھ لکھنا ہی پڑتا تھا۔ دلبستگی کے لئے میں نے ایک چھوٹا سا مدرسہ کھول لیا تھا۔ ایک

درخت کے نیچے گاؤں کے لڑکوں کو جمع کر کے کچھ پڑھا یا کرتا تھا۔ اس کا یہاں اتنا شہرہ ہوا کہ آس پاس کے مواضعات کے نوجوان بھی آنے لگے۔

ایک روز میں اپنی کلاس پڑھا رہا تھا کہ موٹر آکر رُکی۔ حلقہ کا سب انسپکٹر تحصیلدار گھوڑوں پر سوار پیچھے پیچھے دوڑے چلے آتے ہیں۔ معلوم ہوا کہ یہ اس ضلع کے ڈپٹی کمشنر ہیں۔ میں اس وقت محض ایک کرتہ اور دھوتی پہنے ہوئے تھا۔ اس ہیئت میں ایک حاکم سے ملتے ہوئے شرم آ رہی تھی۔ مگر کپڑے منگانے کا موقع نہ تھا۔ ڈپٹی کمشنر صاحب اپنی موٹر سے اُتر پڑے۔ اور میری طرف بڑھے۔ میں نے جھینپتے ہوئے ہاتھ بڑھایا۔ مگر مجھ سے ہاتھ ملانے کے بدلے میرے پیروں کی طرف جھکے۔ اور ان پر سر رکھ دیا۔ میں کچھ ایسا سٹ پٹا گیا کہ میرے مُنہ سے ایک لفظ بھی نہ نکلا۔ میں انگریزی اچھی لکھتا ہوں۔ ولایت ہو آیا ہوں۔ فلسفہ میں مجھے اچھا دخل ہے۔ تقریر بھی خوب کر لیتا ہوں۔ مگر ان میں سے کوئی بات بھی تقدس کے قابل نہیں۔ وہ درجہ تو عارف اور کامل کو ہی ہے۔ اگر میں برہمن ہوتا تو بھی ایک بات تھی۔ حالانکہ ایک سویلین کا کسی برہمن کے پیروں پر سر رکھنا خیال میں بھی نہیں آتا۔ میں ابھی اسی حیرت میں پڑا ہوا تھا کہ اس نے سر اُٹھایا۔ اور میری طرف دیکھ کر بولا "آپ نے شاید مجھے پہچانا نہیں؟"

اب میں نے اس کے چہرہ کی طرف غور سے دیکھا۔ صورت مانوس معلوم ہوئی اُسے ضرور کہیں دیکھا ہے۔

دفعتہً حافظہ کی آنکھیں کھل گئیں۔ بولا آپ کا نام پرکاش تو نہیں ہے؟"

"جی ہاں! میں آپ کا وہی نالائق شاگرد ہوں، مگر آپ نے خوب پہچانا مجھے اُمید نہ تھی۔

میں ۱۹۱۰ء میں اس سکول میں تھا۔ بارہ تیرہ سال ہو گئے!"

سورج پرکاش نے مسکرا کر کہا "ماسٹر لڑکوں کو بھول جاتے ہیں۔ مگر لڑکے انھیں ہمیشہ یاد رکھتے ہیں۔"

میں نے اسی مذاق کے انداز سے جواب دیا۔ "تم ایسے لڑکوں کو بھولنا مشکل ہے۔"

سورج پرکاش "میں انہیں خطاؤں کی معافی مانگنے کے لئے حاضر ہوا ہوں۔ میں ہمیشہ آپ کا سراغ لگاتا رہتا تھا۔ جب آپ انگلینڈ گئے تب میں نے آپ کے لئے مبارکباد لکھی۔ مگر اُسے بھیجنے کی ہمت نہ پڑی۔ جب آپ پرنسپل ہوئے، اس وقت میں انگلینڈ جانے کو تیار تھا ورنہ ضرور حاضر ہوتا۔ وہاں میں آپ کے مضامین اخباروں میں پڑھتا تھا۔ جب لوٹا تو معلوم ہُوا کہ آپ نے استعفا دے دیا۔ اور کہیں دیہات میں چلے گئے ہیں۔ اس ضلع میں آئے مجھے ایک سال سے زیادہ ہُوا، مگر اس کا مطلق گمان نہ تھا کہ آپ اس ویرانے میں پڑے ہوئے ہیں۔ آج باتوں ہی باتوں میں کسی زمیندار نے آپ کا ذکر۔ آپ کا نام تو اُسے معلوم نہ تھا مگر اس نے جو حلیہ بیان کیا اس سے مجھے معاً آپ کا خیال آیا۔ ڈاکخانہ میں دریافت کیا تو آپ کے نام کی بھی تحقیق ہو گئی۔ دوڑا چلا آ رہا ہوں۔ آپ تو بالکل تارک الدنیا ہو گئے۔ اس کورویہ میں آپ کی طبیعت کیسے لگتی ہے۔ ابھی تو آپ کی عمر ۲۶ سال سے زیادہ نہ ہو گی۔ بان پرست کا زمانہ تو ۶۰ کے بعد آتا ہے۔"

میں نہیں کہہ سکتا کہ سورج پرکاش کا عروج دیکھ کر مجھے کتنی استعجاب آمیز مسرت حاصل ہوئی۔ اگر وہ میرا بیٹا ہوتا تو بھی مجھے اس سے زیادہ خوشی نہ ہوتی میں اُسے اپنے جھونپڑے میں لایا۔ اور اس سے چند لفظوں میں اپنی رام کہانی سنائی۔

سورج پرکاش نے کہا "تو یہ کہیے کہ آپ اپنے ہی ایک بھائی کی بے وفائی کا شکار ہوئے۔ میرا تجربہ تو ابھی بہت ہی مختصر ہے۔ مگر اتنے ہی دنوں میں مجھے معلوم ہو گیا ہے کہ ہم لوگ ابھی اپنی ذمہ داریوں کو پورا کرنا اور اپنے قول کو نبھانا نہیں جانتے۔ جہاں دیکھیے وہاں خود غرضی منسٹر صاحب سے ملاقات ہوئی تو پوچھوں گا۔ یہی انسانیت اور ہمدردی کا تقاضا تھا؟"

میں نے جواب دیا "بھئی ان کی کوئی خطا نہیں۔ ممکن ہے۔ اس حالت میں بھی وہی کرتا جو انہوں نے کیا۔ مجھے اپنی ہوس پروری کی سزا مل گئی اور اس کیلئے میں اُن کا مشکور ہوں۔ تصنع نہیں۔ میں دل سے کہتا ہوں کہ یہاں مجھے جتنا سکون اور اطمینان ہے۔ اتنا کبھی نہ تھا۔ اس گوشۂ قناعت میں مجھے حقائقِ زندگی کا وہ علم ہوا۔ جو ثروت اور جاہ کی دوڑ میں کسی طرح ممکن نہ تھا۔ فلسفہ اور تاریخ کے دفتر چاٹ کر اور یورپ کی یونیورسٹیوں کی خوشہ چینی کر کے بھی میں اپنی خود پرستی کا ازالہ نہ کر سکا۔ بلکہ یہ مرض روز بروز زیادہ سنگین ہوتا جاتا تھا۔ آپ زینوں پر پاؤں رکھے بغیر سقفت کی بلندی تک نہیں پہنچ سکتے۔ ثروت کی دوڑ میں دوسرے انسانوں کی زندگیاں ہی زینوں کا کام دیتی ہیں۔ آپ انہیں کچلے بغیر منزلِ مقصود تک نہیں پہنچ سکتے۔ وہاں انسانیت، شرافت اور ہمدردی کا ذکر

ہی کیا۔ مجھے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اُس وقت میں درندوں کے بیچ میں تھا۔ اور میری ساری قوتیں اپنی حفاظت کرنے میں صرف ہو جاتی تھیں۔ یہاں میں اپنے چاروں طرف خلوص اور سادگی دیکھتا ہوں۔ میرے پاس جو لوگ آتے ہیں۔ کوئی کمینہ غرض لے کر نہیں آتے اور نہ میری خدمات میں صلہ یا ستائش کی تمنا ہے۔ میں بھی کسی کے پاس جاتا ہوں تو کوئی غرض لے کر نہیں جاتا۔ مجھے یہاں کے در و دیوار اور برگ و بار بھی خلوص کی جھلک نظر آتی ہے۔"

یہ کہہ کر میں نے سورج پرکاش کے چہرہ کی طرف غور سے دیکھا۔ مگر شرارت آمیز تبسّم کی جگہ پشیمانی کا رنگ تھا۔ مجھ سے قناعت کا سبق لینے وہ میرے پاس نہ آیا تھا۔ شاید یہ دکھانے آیا تھا کہ آپ نے جسے اتنا حقیر سمجھا تھا وہ اب اس درجہ پر ہے۔ وہ مجھ سے اپنے سعیٔ جمیل کی داد چاہتا تھا۔ مجھے بھی اپنی غلطی کا احساس ہوا۔ ایک صاحب ثروت کے روبرو ثروت و جاہ کی مذمت زیبا نہیں۔ میں نے فوراً سلسلۂ تقریر بدل کر کہا "مگر تم اپنا حال تو کہو تمہاری یہ کایا پلٹ کیوں کر ہوئی۔ تمہاری شرارتوں کو یاد کرتا ہوں تو اب بھی رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں۔ یکایک یہ انقلاب کیسے ہوا؟ کسی فقیر کے سوا اور تو کوئی طاقت یہ معجزہ نہ دکھا سکتی تھی۔"

سورج پرکاش نے مسکرا کر کہا "آپ کی دُعا تھی۔"

"دُعا نہیں بددُعا ہو سکتی تھی۔"

"ابھی اس حد تک دُنیا سے بیزار نہیں ہُوا ہوں۔"

آخر میرے بار بار اصرار کرنے پر سورج پرکاش نے اپنا قصّہ کہنا

شروع کیا:۔

"آپ کے چلے آنے کے کئی روز بعد میرا ماموں زاد بھائی سکول میں داخل ہوا۔ اس کی عمر آٹھ نو سال سے زائد نہ تھی۔ پرنسپل صاحب اُسے ہوسٹل میں نہ لیتے تھے۔ اور نہ ماموں صاحب اِس کے رہنے کا کوئی دوسرا انتظام کر سکتے تھے۔ انہیں اس پریشانی میں دیکھ کر میں نے پرنسپل صاحب سے کہا اسے میرے کمرے میں ٹھہرا دیجئے۔ پرنسپل اِس پر راضی نہ ہوئے کہنے لگے یہ قاعدہ کے خلاف ہے۔ میں بھلا ان کی حکومت کب برداشت کر سکتا تھا۔ میں نے اسی دن ہوسٹل چھوڑ دیا۔ اور اپنے ماموں زاد بھائی کو لے کر ایک دوسرے مکان میں رہنے لگا۔ زائد خرچ کا بار ماموں صاحب نے لیا۔ لڑکے کا نام موہن تھا۔ اس کی ماں کئی سال پہلے ہی مر چکی تھی۔ اتنا دبلا پتلا کمزور اور عجیب لڑکا تھا کہ پہلے ہی دن سے مجھے اس پر رحم آنے لگا۔ کبھی اس کے سر میں درد ہوتا کبھی بخار آتا۔ آئے دن کوئی نہ کوئی شکائت ہوتی رہتی تھی۔ سر شام سو جاتا اور اُسے کھانا کھانے کے لئے مجھے اس کی منتیں کرنی پڑتیں۔ دن چڑھے تک سویا۔ اور جب تک میں گود میں اُٹھا کر بٹھا نہ دیتا اُٹھنے کا نام نہ لیتا۔ رات کو چونک پڑتا ——— اپنی چارپائی سے اُٹھ کر میری چارپائی پر آجاتا۔ اور میرے گلے سے لپٹ کر سوتا۔ مجھے اُس پر کبھی غصہ نہ آتا۔ کہہ نہیں سکتا۔ کیوں مجھے اس سے اتنا اُنس ہوگیا۔ میں جو نو بجے سو کر اُٹھا کرتا تھا تڑکے اُٹھ بیٹھتا۔ اور اس کے لئے دودھ گرم کرتا۔ پھر اُسے اُٹھا کر ہاتھ منہ دھلاتا۔ اور اس کی صحت کا خیال کر کے ساتھ سیر کرانے لے جاتا۔ میں جو کبھی کتاب لے کر نہ بیٹھتا تھا اُسے گھنٹوں پڑھایا کرتا۔ مجھے اپنی

ذمہ داری کا احساس کیونکر ہوگیا۔ اس کا اب تک مجھے تعجب ہے اُسے کوئی شکایت پیدا ہو جاتی تو میری جان ناخن میں سما جاتی تھی۔ ڈاکٹر کے پاس دوڑتا۔ دوائیں لاتا۔ رو موہن کی خوشامد کر کے اُسے دوا پلاتا۔ ہمیشہ یہ فکر لگی رہتی کہ کوئی بات اس کی مرضی کے خلاف نہ ہو جائے۔ اس غریب کا یہاں میرے سوا دوسرا کون ہے ماموں صاحب اُسے میرے بھروسے چھوڑ کر چلے گئے ہیں۔ بیچارا بے ماں کا لڑکا ہے میرے بدمعاش دوستوں میں کوئی اُسے چڑاتا یا چھیڑتا۔ تو میری تیوریاں بدل جاتی تھیں۔ کئی لڑکے تو مجھے بوڑھی دایہ کہہ کر چڑاتے تھے۔ پر میں ہنس کر ٹال دیتا تھا۔ میں اس کے سامنے کوئی بے ہودہ حرکت نہ کرتا تھا۔ ایک بھی ناشائستہ لفظ منہ سے نہ نکالتا۔ یہ خیال ہوتا تھا کہ میری دیکھا دیکھی یہ بھی خراب ہو جائے میں اُس کے سامنے اس طرح رہنا چاہتا تھا کہ وہ مجھے اپنا نمونہ سمجھے اور اس کے لیے لازمی تھا کہ پہلے میں اپنی اصلاح کروں۔ وہ نو بجے سو کر اُٹھتا۔ وہ بارہ بارہ بجے تک مٹر گشت کرتا۔ وہ نئی نئی شرارتوں کے منصوبے باندھتا۔ وہ ماسٹروں کی آنکھ بچا کر سکول سے اُڑ جانا آپ ہی آپ جاتا رہا۔ صحت اور اخلاق کے آئین کا میں دشمن تھا۔ پر اب مجھ سے بڑھ کر اُن کا پابند دوسرا نہ تھا۔ میں ایشور کا مذاق اُڑایا کرتا تھا۔ مگر اب پکا خدا پرست ہو گیا تھا۔ وہ بڑی سادگی سے پوچھتا تھا "پرماتما سب جگہ رہتے ہیں تو میرے پاس بھی رہتے ہوں گے" اس سوال کا مذاق اُڑانا میرے لیے غیر ممکن تھا۔ میں کہتا "ہاں پرماتما تمہارے ہمارے سب کے پاس رہتے ہیں۔ اور ہماری حفاظت کرتے ہیں" اس کا چہرہ نورانی مسرت سے چمک اُٹھتا تھا۔ شاید وہ پرماتما کے وجود کو محسوس کرنے لگتا تھا۔ ماسٹر صاحب یقین مانیئے۔

سال بھر میں ہی موہن کچھ سے کچھ ہو گیا ——— وہ منحنی غریب صورت کاہل بیخبر لڑکا اب توانا، شگفتہ رو، چاق و چست اور ایشاس ہو گیا، ماموں صاحب دوبارہ آئے تو اُسے دیکھ کر حیرت میں آ گئے۔ آنکھوں میں آنسو بھر کر بولے۔

"بیٹا تم نے اُسے بنا لیا۔ ورنہ میں تو مایوس ہو چکا تھا۔ اس کا صلہ تمہیں ایشور دیں گے۔ اس کی ماں جنت میں بیٹھی ہوئی تمہیں دعائیں دے رہی ہے۔"

سوریہ پرکاش کی آنکھیں اس وقت بھی آبگوں ہو گئی تھیں۔

میں نے پوچھا "موہن بھی تمہیں بہت پیار کرتا ہو گا؟"

سوریہ پرکاش کی آبگوں آنکھوں میں ایک حسرت ناک مسرت جلوہ افروز ہوئی بولا "جناب وہ مجھے ایک منٹ کے لیئے بھی نہ چھوڑتا تھا۔ میرے ساتھ کھاتا، میرے ساتھ بیٹھتا میرے ساتھ سوتا۔ میں ہی اس کا سب کچھ تھا۔ افسوس آج وہ اس دنیا میں نہیں ہے۔ مگر میں اُسے ہمیشہ زندہ محسوس کرتا ہوں۔ میں جو کچھ ہوں اسی کا بنایا ہوا ہوں۔ اگر وہ فرشتہ غیب کی طرح میرا رہنما نہ ہو جاتا۔ تو شاید آج میں کسی جیل میں پڑا ہوتا۔ ایک دن میں نے کہہ دیا تھا" اگر تم روز نہانہ لیا کرو گے تو میں تم سے نہ بولوں گا۔ نہانے سے وہ نہ جانے کیوں جی چراتا تھا۔ میری اس دھمکی کا یہ اثر ہوا کہ وہ روزانہ علی الصباح نہانے لگا۔ کتنی ہی سردی کیوں نہ ہو۔ کتنی ہی ٹھنڈی ہوا چلے۔ لیکن وہ نہانے میں غفلت نہ کرتا۔ دیکھتا رہتا تھا کہ میں کس بات سے خوش ہوتا ہوں۔ ایک روز میں چند احباب

کے ساتھ تھیٹر دیکھنے چلا گیا۔ تاکید کر گیا تھا کہ تم کھانا کھا کر سو رہنا۔ تین بجے رات کو لوٹا تو دیکھا وہ بیٹھا ہوا ہے۔ میں نے پوچھا " تم سوئے نہیں؟" بولا " نیند نہیں آئی۔" اُس دن سے میں نے تھیٹر جانے کا نام نہ لیا۔ بچوں میں پیار کی جو ایک بھوک ہوتی ہے، دودھ اور مٹھائی اور کھلونوں سے بھی زیادہ مرعوب۔ جو ماں کی گود کے سامنے دنیا کی کسی چیز کی ہستی کو خیال میں نہیں لاتی موہن میں اس بھوک نے کبھی سیری کا منہ نہیں دیکھا تھا۔ پہاڑوں سے ٹکرانے والی سارس کی صدا کی طرح وہ ہمیشہ اس کی ایک ایک رگ میں گونجا کرتی تھی۔ جیسے زمین پر پھیلی ہوئی لتا کوئی سہارا پاتے ہی اس سے چمٹ جاتی ہے۔ وہی حال موہن کا تھا۔ وہ مجھ سے ایسا چمٹ گیا کہ اس کی نازک بیلوں نے مجھ پر بندسوں کا کام کیا۔ اور مجھے استوار کر دیا۔ اس کی وفات کا قصّہ نہایت دردناک ہے۔ میرے دل پر اس کا غم اس وقت بھی تازہ ہے اور مجھ میں اتنا ضبط نہیں کہ میں اس کا ذکر کروں۔ وہ میرے ساتھ تین سال رہا شاید غیب سے میری ہدایت کے لئے جو مشعل عطا ہوا تھا۔ وہ مقصد پورا ہو جانے کے بعد مجھ سے چھین لیا گیا۔ اس ننھے سے دل میں کیا کیا ارمان بھرے ہوئے تھے۔ بی۔ اے پاس کرنا۔ ایم۔ اے پاس کرنا۔ وظیفہ پانا۔ ولایت جانا۔ وہاں سے سول سروس کا امتحان پاس کر کے لوٹنا ——— یہی اس کے زندگی کے خواب تھے۔ جو مرگ بے ہنگام نے پریشان کر دیئے۔

•

گرمیوں کی تعطیل تھی۔ دو تعطیلوں میں موہن میرے ساتھ رہا تھا۔ ماموں صاحب کے اصرار کرنے پر بھی گھر نہ گیا۔ تیسری تعطیل میں میری کالج پارٹی نے کشمیر کی سیاحت

کا فیصلہ کیا۔ اور مجھے اس کا کپتان بنایا۔ کشمیر کی سیر کی تمنا مدت سے تھی۔ اس موقع کو غنیمت سمجھا۔ موہن کو مادن صاحب کے پاس بھیج کر میں کشمیر چلا گیا دو مہینے کے بعد لوٹا تو معلوم ہوا موہن بیمار ہے۔ کشمیر میں مجھے بار بار موہن کی یاد آتی تھی۔ اور جی چاہتا تھا لوٹ جاؤں۔ مجھے اس سے اتنی محبت ہے۔ اس کا اندازہ مجھے کشمیر جا کر ہوا۔ مگر احباب سے پیچھا چھڑانا مشکل تھا۔ اس کی بیماری کی خبر پاتے ہی میں اس کے پاس گیا۔ مجھے دیکھتے ہی اس کے زرد چہرے پر مسرت کی تازگی کی جھلک پڑی میں دوڑ کر اس کے گلے سے لپٹ گیا۔ اس کی آنکھوں میں کچھ وہ دور نظری اور چہرے پر وہ روحانیت تھی۔ جو منڈلاتی ہوئی موت کی خبر دیتی تھی۔ میں نے لڑکھڑاتی ہوئی آواز سے پوچھا۔ "تمہاری کیا حالت ہے موہن ——— ! دو ہی مہینہ میں یہ نوبت پہنچ گئی۔

موہن نے معصوم تبسّم کے ساتھ کہا " آپ کشمیر کی سیر کرنے گئے تھے۔ میں آسمان کی سیر کرنے جا رہا ہوں "

مگر اس قصّۂ غم کو بیان کر کے میں رونا اور رُلانا نہیں چاہتا۔ میرے چلے جانے کے بعد موہن اس طرح پڑھنے لگا جیسے تپسیا کر رہا ہو۔ اسے یہ خبط پیدا ہو گیا کہ سال بھر کا کورس دو مہینہ میں ختم کرے اور جب مجھ سے ملاقات ہو تو اپنی کارگذاری کی داد وصول کرے۔ اس اشتیاق نے محویت کی صورت اختیار کر لی۔ میں کس طرح اس کی پیٹھ ٹھونکوں گا۔ شاباشی دوں گا۔ اپنے دوستوں سے اس کی تعریف کروں گا۔ یہ خیالات اپنی ساری طفلانہ سرگرمی اور انہماک کے ساتھ

اس پر غالب آ گئے۔ ماموں صاحب دفتر کے کام سے اتنی فرصت کہاں کہ اس کی تفریح کی فکر کریں۔ شاید اُسے ہر وقت کچھ نہ کچھ پڑھتے دیکھ کر دل میں وہ خوش ہوتے تھے۔ ایسا کون باپ ہے جو لڑکے کے شوقِ طلب میں مخل ہو؟ موہن کو کھیلتے دیکھ کر وہ ضرور ڈانٹتے "کتاب لے کر کیوں نہیں بیٹھتے۔" پڑھتے دیکھ کر بھلا کیا کہتے۔ کسی باپ نے بھلا لڑکے کو پڑھنے کے لیے نہیں ڈانٹا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ موہن کی نازک صحت یہ ریاضتِ شاقہ برداشت نہ کر سکی)۔ اُسے ہلکا بخار آنے لگا۔ مگر اس حالت میں بھی اس نے پڑھنا نہ چھوڑا۔ یہاں تک کہ کئی اور پیچیدگیاں پیدا ہو گئیں۔ مگر اس وقت بھی جب بخار کچھ ہلکا ہو جاتا۔ تو وہ کتابیں دیکھنے لگتا تھا۔ اکثر بخار کے عالم میں بھی نوکروں سے پوچھتا "بھیا کا خط آیا؟" وہ کب آئیں گے؟ اس وقت اس کے سوا اُسے کوئی دوسری تمنا نہ تھی۔ اگر مجھے معلوم ہوتا کہ میری سیرِ کشمیر اتنی مہنگی پڑے گی۔ تو میں اس کا نام بھی نہ لیتا۔ میں نے اسے سنبھالنے کی حتی الامکان بڑی کوشش کی۔ مگر بخار شاید فاتح تھا اس کی جان لے کر ہی اترا۔ پہلی بار میں نے موت کی صورت دیکھی اور ہمیشہ یاد رہے گی۔ اس کی زندگی کے خواب ایک جان سے پیارے عزیز کی وصیت بن کر مجھے تحریکِ عمل کرنے لگے۔ اور یہ اُسی کا اثر ہے کہ آج آپ مجھے اس حالت میں دیکھ رہے ہیں۔ موہن نے زندگی کا جو خیالی معیار قائم کیا تھا۔ اُس پر عمل کر کے مجھے یہ مسرت ہوئی ہے کہ شاید اس کی معصوم رُوح مجھے دیکھ کر خوش ہوتی ہو۔ یہی تحریک تھی جس نے ایمپائر سِول سروس کی آزمائشوں میں مجھے کامیاب بنایا۔ ورنہ میں آج بھی وہی نالائق گستاخ اور

غنی سورج پرکاش ہوں۔ جس کی صورت سے بھی آپ بیزار تھے۔"

اس دن سے میں کئی بار سورج پرکاش سے مل چکا ہوں۔ وہ جب اس گرد و نواح میں آجاتا ہے تو مجھ سے ملے بغیر نہیں جاتا۔ موہن اب بھی اس کے دل و دماغ میں بسا ہوا ہے۔ انسانی فطرت کا یہ ایک ایسا معمّہ ہے۔ جسے میں آج تک نہیں سمجھ سکا۔

تمام شد